تیری دیوار سے سر اپنا سراسر توڑا
نخل الفت سے ثمر ہمنے یہہ دلبر توڑا

دل صد چاک کی پوچھی جو خبر اُستے تو آہ
گل صد برگ مرے سامنے نا کر توڑا

نالہ و آہ بھی ابتو ہین نکلنے سے رہے
خانہ دل پہ لگا تیر ستمگر توڑا

## غزل ممنون

گمان نہ تجھ پہ کرون کیونکہ دل چرانیکا
جھکا کے آنکھ سبب کیا ہی مسکرانیکا

یہہ سینہ ہی یہہ جگر ہی یہہ دل ہی بسم اللہ
اگر خیال ہی تلوار آزمانے کا

کسیکے ہونٹھ کے ملتے ہی یہہ تمام ہوئے
مزا ملا نہ ہمین گالیان بھی کھانے کا

مجھے یہہ ورد ہی معلوم حکم بلبل بن
نہ میری خاک پہ کر قصد پھول لانے کا

کیا فریفتہ کہہ کہہ کے حال دل اسکو
اثر فسون سے نہین کچھ کم اس فسانے کا

غمون کی گریہی بالیدگی ہے تو آخر
دل گرفتہ نہین سینے مین سمانے کا

جھکے نگہہ مین ہے ڈھب پرسش نہانی کا
حنا مین زور دیا رنگ مہربانی کا

ابھی مین گرم نفس سوز سے کہ پہر چراغ
کرے ہے شعلۂ کام آب زندگانی کا

کہان سے روز دل و سینہ و جگر لاؤن
ٹھکین لگا نا ہے یہہ ہاتھ تیغ رانے کا

الٰہی جیب کے دامن سے آستین دھولون
مژہ نے سیکھہ لیا شغل خونفشانی کا

نہین بجا مرض عشق سے کوئی ممنون
ہمین دریغ بہت ہے تیری جوانی کا

## غزل مومن خان

لگے خدنگ جب اس نالۂ سحر کا سا
فلک کا حال نہو کیا میرے جگر کا سا

نہ جاؤنگا کبھی جنت کو مین نجاؤنگا
اگر نہووے گا نقشہ تمھارے گھر کا سا

کرے نہ خانہ خرابی تیری ندامت جور
کہ آب شرم مین ہے جوش چشم تر کا سا

یہہ جوش یاس تو دیکھو کہ اپنے قتل کیوقت
دعائے وصل نہ کی وقت تھا اثر کا سا

لگے ان آنکھون سے ہر وقت اے دل صد چاک
ترا نہ رتبہ ہوا کیون شگاف در کا سا

ذرا ہو گرمی صحبت تو خاک کر دے چرخ
میرا سرور ہے گل خندۂ شرر کا سا

یہہ ناتوان ہون کہ ہون اور نظر نہین آتا
میرا بھی حال ہوا تیری ہی کمر کا سا

جنون کے جوش سے بیگانہ وار ہین احباب
ہمارا حال وطن مین ہوا سفر کا سا

خبر نہین کہ اسے کیا ہوا پر اس در پر
نشان پا نظر آتا ہے نامہ بر کا سا

دل ایسے شوخ کو مومن نے دیدیا کہ وہ ہے
محب حسین کا اور دل رکھے شمر کا سا

## غزل ذوق

پہنچا آب تیغ قاتل تا بسر اچھا ہوا
اے دل مجروح لے تو غسل کر اچھا ہوا

اکدن بالکل نہ مین ای چارہ گر اچھا ہوا
داغ ادہر تازہ ہوا گر زخم ادہر اچھا ہوا

آب خنجر کی ترے ہو جو زیادہ آبرو
آج مدت مین ہمارا حلق گر اچھا ہوا

آ رہیگا دشت مین لیلی ترے ناقے کے کام
ہو گیا مجنون جو کانٹا سوکھہ کر اچھا ہوا

دُور کہتا تھا مزا مجھہ کو چکھا دے عشق کا
بھر دیا یون اُسنے دلکو چیر کر اچھا ہوا

سنکے مجنون نے میرے سوز جنون کو یہہ کہا
واقعی مجھسے بھی یہہ شوریدہ سر اچھا ہوا

بندہ کیا اس مو کمر کا جب کہ مضمون کمر
ہو گئی معنی مین وقت شعر پر اچھا ہوا

مجھہ کو صدقہ کر اگر ہی بدمزہ تیرا مزاج
یہہ ادھر صدقہ دیا تو نے ادھر اچھا ہوا

ہاتھہ تو ہلکا پڑا تھا یار کی شمشیر کا
زخم پر قسمت سے میرے کارگر اچھا ہوا

کھینچ گیا میرے طرف سے اور اس دلبر کا دل
واہ واہ جذب محبت کا اثر اچھا ہوا

قتل کرتا ہی ترا بسمل سے یہہ کہنا کہ لو
ابتو دامن بھی ہوا لوہو سے تر اچھا ہوا

نامہ بر جاتا ہی جا جلدی چلی جان حزین
دیر مت کر ساتھہ ترے ہمسفر اچھا ہوا

آئینہ خانہ مین عالم کے سمجھہ لے یہہ مثال
تا مجھے جانین کہ یہہ صاحب نظر اچھا ہوا

ہی برا تو بھی اگر آیا نظر تجھہ کو برا
تو ہی اچھا ہی تجھے معلوم گر اچھا ہوا

ذوق کے مرنیکی سنکر پہلے وہ کچھہ رک گئے
پھر کہا تو یہہ کہا منہہ پھیر کر اچھا ہوا

## غزل میر تقی

چمن مین گل نے جو کل دعوی جمال کیا
جمال یار نے منہہ اسکا خوب لال کیا

بہار رفتہ پھر آئی ترے تماشے کو
چمن کو یمن قدم نے ترے نہال کیا

فلک نے عشق کی اب رہ مین ہمکو پیدا کر
لبان سبزۂ نورستہ پایمال کیا

رہی تھی دم کی کشاکش گلے مین کچھہ باقی
سو اسکی تیغ نے جھگڑا ہی انفصال کیا

لگا نہ دلکو کہین کیا سنا نہین تو نے
جو کچھہ کہ میر کا اس عاشقی نے حال کیا

## غزل حیدری

برابری کا تیرے گل نے جب خیال کیا ۔۔۔ صبا نے مار طمانچے منہہ اسکا لال کیا
وہیں ہو چین بجبین غصہ سے کہا مت بک ۔۔۔ کبھی جو بوسے کا اس سے میں ٹک سوال کیا
نہ آئی کچھہ بھی مسیحائی تیری کام مرے ۔۔۔ بدن سے روح نے آخر کو انتقال کیا
گرا تھا کٹ کے زمین پر کبھی تیرا ناخن ۔۔۔ فلک نے اسکو اٹھا کر وہیں ہلال کیا
ادا اسکے نہ دیکھا میں حیدری محبوب ۔۔۔ خدا نے اسکو زمانے میں بیمثال کیا

## غزل فدوی

تماشا ہی اگر آئینہ بے زنگار ہو پیدا ۔۔۔ تحیر کے مکان سے عکس روئے یار ہو پیدا
تڑپتی کیوں ارے بلبل کمال اتنا تو پیدا کر ۔۔۔ گرے جس جا پہ اشک اپنا گل گلزار ہو پیدا
تری زیب قبا سے گر کھلے یاقوت کا تکمہ ۔۔۔ گریبان سحر سے مطلع انوار ہو پیدا
اگر اس مصحف رو پر کنار ریحا کھلے انجیل ۔۔۔ طلائی رنگ کی تحریر میں تلوار ہو پیدا
کھلے بالوں میں یوں چمکے تیرے یہہ عارض تاباں ۔۔۔ کہ جوں ابر سیہ میں برق سو سو بار ہو پیدا
میرے اس دل کی وحشت سے کئی منصور ہو جائیں ۔۔۔ کریں دعوی انا الحق کا کہ سو سو دار ہو پیدا
کسی کے نکتہ تحقیق کی ہووے خبر فدوی ۔۔۔ کسی کے عشق میں حیدر کرار ہو پیدا

## غزل انشا

جگر کی آگ بجھے جلد جس سے وہ شی لا ۔۔۔ لگا کے برف میں ساقی صراحی و می لا
قدم کو ہاتھہ لگاتا ہوں اٹھہ کہیں گھر چل ۔۔۔ خدا کے واسطے استے تو پانوں مت پھیلا
نکل کے وادی وحشت سے دیکھہ ای مجنون ۔۔۔ کہ زور دھن میں اب آتا ہی ناقۂ لیلا
گرا جو ہاتھہ سے فرہاد کے کہیں تیشہ ۔۔۔ درون کوہ سے نکلی صدائے وا ویلا
نزاکت اسکے یہہ مکھڑے کی دیکھہ انشا ۔۔۔ نسیم صبح جو چھو جائے رنگ ہو میلا

## غزل سودا

سودا غزل چمن میں تو ایسی ہی جا کے گا ۔۔۔ گل سنکے پھاڑیں جیب کو دیں بلبلیں صلا

جہاں

حکاک کا پسر بھی مسیحا سے کم نہیں — فیروزہ بھی ہو مردہ تو دیتا ہے وہ جلا

نہیں چھوڑتا ہے اشک مرا دامن و کنار — یہہ طفل بد سرشت نہ گہوارے سے ہلا

شاکی نہیں خدا سے گر یہہ شکل زشت — ممکن نہیں کمہار کا ماٹی کرے گلا

غم سے خزان کے خون جگر چٹ اہی نسیم — غنچے گلوں کے کچھہ نہیں کھاتے ہیں کھلا

دبکے ہے اسقدر تو مجھے دیکھکر رقیب — چوہے کی بھانت جائے ہے نظروں سے وہ بلا

اسلوب شعر کہنے کا میرے نہیں ہے یہہ — مضمون آبرو کا ہے سودا یہہ سلسلا

## غزل نظیر

ملا آج مجھہ کو وہ چنچل چھبیلا — ہوا رنگ سنکر رقیبوں کا نیلا

کیا جسنے مجھسے عداوت کا پنجہ — سنلقی علیہم عذابا ثقیلا

نکل اسکے زلفوں کے کوچے سے اے دل — تو پڑھتا قم اللیل الا قلیلا

کہا تا نہیں ماروں اگر آہ کا دم — فکانت جبالا کثیبا مہیلا

نظیر اسکے فضل و کرم پر نظر رکھ — فقل حسبی اللہ نعم الوکیلا

## غزل خواجہ میر درد علیہ الرحمہ

مدرسہ یا دیر تھا یا کعبہ یا بتخانہ تھا — ہم سبھی مہمان تھے واں تو ہی صاحبخانہ تھا

وائے نادانی کہ وقت مرگ یہہ ثابت ہوا — خواب تھا جو کچھہ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

حیف کہتے ہیں ہوا گلزار تاراج خزان — آشنا بھی آپنا یک سبزۂ بیگانہ تھا

ہوا مہمان سرائے کثرت موہوم آہ — وہ دل خالی کہ تیرا خاص خلوتخانہ تھا

بھول جا خوش رہ عبث وہ سابقے مت یاد کر — درد یہہ مذکور کیا ہے آشنا تھا یا نہ تھا

## غزل ناسخ

مرغ دل کوچۂ سفاک کو گلشن سمجھا — تیغ کو طائر جان شاخ نشیمن سمجھا

چھوڑنا اسکا گوارا جو نہیں ہے شاید — دامن دشت کو میں یار کا دامن سمجھا

بعد مرگ آیا جو دھیان اپنی سیہ کاری کا
لحد تیرہ کو مین خانۂ روشن سمجھا

خوب دھوکا مجھے مسی کی اداؤن نے دیا
دہن یار کو مین غنچۂ سوسن سمجھا

بگمان مور پہ خط کا اسی سے ہے وفور
مین تیرا چاہ ذقن مور کا روزن سمجھا

کس نے انگلی یہہ رکھی فاتحہ کو فندق بند
شمع معکوس لحد پر جو مین روشن سمجھا

بن گیا جوش تصور سے بتونکا مسکن
معبدہ کو نہ میرے کوئی برہمن سمجھا

کاٹے کھاتی ہی مجھے فکر سخن ای ناسخ
دو زبان قلم اپنے کو مین ناگن سمجھا

## غزل نظیر

مرا دل ہے مشتاق اس گلبدن کا
کہ یہہ باغ یک گل ہی جسکے چمن کا

وہی زلف ہے جسکی نکہت سے اب تک
پڑا خون سوکھے ہی مشک ختن کا

وہی لعل لب ہے کہ حسرت سے جسکے
جگر آج تک خون ہی لعل یمن کا

ق

عجب سے دیکھی نظیر اس چمن کی
ابھی وصل تھا نرگس و نسترن کا

ابھی یکدگر جمع تھے سنبل و گل
ابھی تھا بہم جوش سرو و سمن کا

ابھی چہچہے بلبلونکے عیان تھے
ابھی شور تھا قمری نعرہ زن کا

گھڑی بھر کے پھر بعد دیکھا یہہ عالم
کہ نام و نشان بھی نتھا وہان چمن کا

## غزل امید

ہزار شکر کہ خط صبح یار کا پہنچا
اسی کے ہاتھ ہی دارو مدار کا پہنچا

دل شگفتہ کو پیغام یار کا پہنچا
گل فسردہ کو مژدہ بہار کا پہنچا

اگے یقین ہی وہان سے ہزار لالہ و گل
قدم جہان پہ میرے گلعذار کا پہنچا

تم اسکو رنگ حنا خاص مت شمار کرو
ہی قتل عام سے رنگین نگار کا پہنچا

ہمارے دیکھلے اس مرغ دلکو ای صیاد
خیال کیا ترے جی مین شکار کا پہنچا

جہان کو مست کیا یک نگاہ نے تیری
ادھر بھی دیکھ کہ عالم خمار کا پہنچا

امید اپنی طبیعت تو باغ باغ ہوئی — پیام جب کہ بت گلعذار کا پہنچا

## غزل فدوی

دل تڑپتا ہے صبح و شام پڑا — یا الٰہی یہہ کس سے کام پڑا
گو نہ لیوے تو نام عاشق کا — اب تو منہہ مین یہہ سب کے نام پڑا
جان سے ہو گیا بدن خالی — جسم رہجاوے گا تمام پڑا
قابلِ بندگی نہین تو نہین — کب سے گلے آکے یہہ غلام پڑا
یار ایسا نہ پاوے گا فدوی — دیکھہ لینا گر اُس کو کام پڑا

## غزل منصور

دل گرفتار کیا کسنے کیا یار کیا — اب مجھے پیار کیا کسنے کیا یار کیا
ہم جو رہتے تھے سدا گوشۂ تنہائی مین — سر بازار کیا کسنے کیا یار کیا
آپ کثرت مین گیا گوشۂ وحدت سے نکل — عشق اظہار کیا کسنے کیا یار کیا
کسنے لے آگ مین ڈالا تھا خلیل اللہ کو — نار گلزار کیا کسنے کیا یار کیا
کون منصور تھا وہ جسنے انا الحق بولا — بر سرِ دار کیا کسنے کیا یار کیا

## غزل جہانگیر شاہزادہ

گر یار نہو ساقی پیمانہ ہوا تو کیا — معمور شرابون سے میخانہ ہوا تو کیا
ہم عشق کے بندے ہین مذہب سے نہین واقف — گر کعبہ ہوا تو کیا بتخانہ ہوا تو کیا
جب درد نہو دلمین کیا عشق مزا دیوے — کہنے کو بھلا کوئی دیوانہ ہوا تو کیا
اس عشق کی آتش سے جلتے ہین سبھی کوئی — گر شمع ہوئی تو کیا پروانہ ہوا تو کیا
معشوق کے کانون سے اب تک نہین پہنچا مین — یہہ اشک مرا یارو دُردانہ ہوا تو کیا
جہانگیر سا شہزادہ تھا عشق سے وہ غافل — آباد ہوا تو کیا ویرانہ ہوا تو کیا

## غزل میر تقی

غم را جبتک کہ دم مین دم رہا ‌ دم کے جانے کا نہایت غم رہا
حسن تھا تیرا بہت عالم فریب ‌ خط کے آنے پر بھی یک عالم رہا
دل نہ پہنچا گوشۂ داماں تلک ‌ قطرۂ خون تھا مژہ پر جسم رہا
سنتے ہین لیلی کے خیمے کو سیاہ ‌ اسمین مجنون کا مگر ماتم رہا
زلفین کھولین تو تو ٹک آیا نظر ‌ عمر بھر یہان کام دل برہم رہا
اسکے لب سے تلخ ہم سنتے رہے ‌ اپنے حق مین آب حیوان سم رہا
جامۂ احرام زاہد پر نہ جا ‌ تھا حرم مین لیک نامحرم رہا
میرے رونیکی حقیقت جسمین تھی ‌ ایک مدت تک وہ کاغذ نم رہا
دیکھہ میرا رونا اسنے ہنس دیا ‌ برق چمکی ابر باران تھم رہا
صبح پیری شام ہونے آئی میر ‌ تو نہ چیتا یہان بہت دن کم رہا

## غزل رمضان علی

پھر دوبارا عشق کا دل پر اثر پیدا ہوا ‌ باغ مین تیرے محبت کا شجر پیدا ہوا
اشک جاری راتدن ہے چشم گریان سے مرے ‌ اس قدر رویا کہ اشکون سے گہر پیدا ہوا
دیکھکر گلشن مین کہتی بلبلین اس ماہ سے ‌ کیا چمن مین دوسرا رشک قمر پیدا ہوا
اب مجھے تیرے بجز آتا نہین آرام و چین ‌ پھر بچھے کیونکر جدائی سے صبر پیدا ہوا
زخم آرے ہوگئے چھل چھلکے سارے جسم کے ‌ درد دل رمضان علی شام و سحر پیدا ہوا

## غزل کنور

آتش دل کا جو آنکھون سے شرارا چمکا ‌ لوگ سمجھے کہ فلک پر سے ستارا چمکا
درد فرقت مین جو شب دلکو ہوئی بیتابی ‌ رات رو نہین کٹی صبح کا تارا چمکا
چہرہ ازبسکہ بھبھوکا سا نظر آتا ہے ‌ اندنون نام خدا رنگ تمہارا چمکا
صحن خانہ مین جو دلدار ہوا خوش رفتار ‌ آسمان نور سے اس ماہ کے سارا چمکا

زر دردِ عشق کی دولت سے ہوئے ہم ہمدم
زعفران زار یہہ طرفہ ہی ہمارا چمکا

برق چمکے ہی ہوا عاشق بیدل کو سمجھہ
چق کے اندر سے جو انچل کا کنارا چمکا

دل مین آتش جو کینو رغم سے تو بھڑکاتا ھے
خوب چمکی نہین پھر اسکو دوبارا چمکا

## غزل

جا کے گلزار سے صیاد پھر آیا الٹا
کیا نصیبا ہی تیرا بلبل شیدا الٹا

تن عریانی سے بہتر نہین دنیا مین لباس
یہہ وہ جامہ ہی کہ جسکا نہین سیدھا الٹا

گالیان دیتے ہین اسلیے تو خفا ہوتے ہین
میرے یارون سے جو کرتے ہین عوض شکوا الٹا

نام اسنے جو سنا عشق کی بیماری کا
میرے در پر سے جو پھر آیا مسیحا الٹا

یاد آیا جو مجھے کوئے صنم حشر کے دن
در فردوس تلک جا کے پھر آیا الٹا

قیس کیطرح سے ہو جاتے ہزارون مجنون
پردہ محمل کا جو رکھتی کبھی لیلا الٹا

نالہ کرنے سے میرے یار خفا ہوتا ہی
رحم کی جا اسے آجاتا ہی غصا الٹا

## غزل آتش

خدا نے برق تجلی سے تجھے جمال دیا
ہماری آنکھون کو دیدار کا خیال دیا

کسی کو ملک دیا ہی کسی کو مال دیا
فقیر ہون مجھے اللہ نے یہہ حال دیا

چلا تو بتکدہ کی سیر کو موذن ہی
ہلا دیا جو بتون کو پہاڑ ڈال دیا

شراب ابر مین کیونکر پیئین نہ ای ساقی
تیرے کرم سا ہی ہمکو شفیق حال دیا

شرف سے دستخط یار کے پھرا محروم
جواب صاف ملا لکھ کے جب سوال دیا

سرور یار سے حاصل ہوا سرور مجھے
ملال دوست نے دل کو میرے ملال دیا

شب وصال مین اسنے چہرۂ منور سے
ہٹا کے زلف کو آتش بلا کو ٹال دیا

## غزل فرخ

صبح آتا ہی چلا نیند مین سرشار چمکا
نظر آتا ہی مجھے مطلع انوار چمکا

دل جھکا دیکھ جھکا ہاتھ جھکا پیرون پر
کچھ ذرا مین بھی جھکا پھر تو میرا یار جھکا

کوئی تھا پیچ گلے مین کوئی تھا سر کے اوپر
یکبیک آنکے وہ لپٹے دستار جھکا

مچگئی دھوم چمن مین جو پکارے بلبل
آج گلشن کیطرف وہ گل گلزار جھکا

جب چلا جھکتا ہوا حسن کے بازار کے بیچ
ایک یوسف کے لئے لاکھ خریدار جھکا

تیغ ابرو کے لئے شوخ اکڑتا ہی کھڑا
دیکھئے کسکو کرے قتل ستمگار جھکا

حسن تو بہت سے دیکھے پہ کہین دل نہ لگا
دیکھ صورت کو تیرے فرخ لاچار جھکا

## غزل فقیہ

شوخ کے پان سے جب لال ہین دندان دیکھا
اسطرح کان مین نہین لعل بدخشان دیکھا

قوس ابرو سے جو گردونپہ گیا تیر مژہ
ای میان گاو فلک کو وہین قربان دیکھا

بہر روزی کے تو دنیا مین نہ مضطر ہو کبھی
مین نے دانہ کا گہر آب مین غلطان دیکھا

کیا کرون یار کے مین رنگ حنا کی تعریف
ہمنے ایسا نہ کہین پنجۂ مرجان دیکھا

ای فقیہ باغ مین جانے کی نہین کچھ حاجت
ہمنے لڑکون کی بغل مین ہی گلستان دیکھا

## غزل میر تقی

صحرا مین سیل اشک میرا جابجا پھرا
مجنون بھی اسکی موج مین مدت بہا پھرا

طالع جو خوب تھے نہوا جاہ کچھ نصیب
سر پر میرے کروڑ برس تک ہما پھرا

آنکھین برنگ نقش قدم ہوگئین سفید
نامے کے انتظار مین قاصد بھلا پھرا

ٹک بھی نہ مڑکے میری طرف تونے کی نگاہ
یک عمر تیرے پیچھے مین ظالم لگا پھرا

دیر و حرم مین کیونکہ قدم رکھ سکیگا میر
ایدھر تو اس سے بت پھرے اودھر خدا پھرا

## غزل صادق

فرط شوق اس بت کے کوچے دل لگا لیجائیگا
کعبۂ مقصود تک مجھکو خدا لیجائیگا

بازو میرا توڑ کے صیاد تو قابو نچھوڑ
ناتوان ہون باد کا جھوکا اڑا لیجائیگا

بعد مرنیکے مری کچھ خاک بھی بچتی نہیں
پھر چہانے کو مری ہڈیاں ہما لیجائیگا

روتے روتے جان جاوے گی فراق یار میں
اشک کا دریا مرا مردہ بہا لیجائیگا

اس سحر کو دیکھتے ہی دل میرا اٹھا گیا
چھوڑ دے دنیا کو بھی میرا سفر ہو جائیگا

اے میرے مشکلکشا مشکلکشائی کیجئے
تم بغیر از کون میری التجا لیجائیگا

وعدۂ صادق ہی عزرائیل سے اب دیکھ لو
بس سرے اس سرا تک کب خدا لیجائیگا

## غزل مستان

آہ وہ گل جب تلک میرے گلے کا ہار تھا
رات دن چشموں میں غیروں کے کھٹکتا خار تھا

کب خوش آتا تھا نگہ میں اسکے ہر ایک گلبدن
نرگسی آنکھوں کا تیرے جو کوئی بیمار تھا

آج گلگارسن کا جامہ دیکھ کر اس شوخ کا
ہر چمن میں گل پہ گل کھانے کو گل تیار تھا

یاد کر کل شب کو پروانیکا رونا بزم میں
شمع نے تا صبح تک رونیکا باندھا تار تھا

منتظر قوس و قزح تھی آسمانپر دیر تک
کس نے کل اسکو دکھایا ابرو خمدار تھا

انگلیاں دانتوں میں دیتے تھے سبھی سرو چمن
کل جو دیوانہ تیرا رسوا سر بازار تھا

کب اسے پڑتی تھی کل جون مرغ بسمل روز و شب
تیر مژگان جسکے سینے میں سعم سوفار تھا

زلف کے چھٹتے ہی غل چاروں طرف تھا مار مار
رخ تلک تو نے کیا خط کھینچنا دشوار تھا

کل کسو نے جا کہا اس سے کہ مستان مر گیا
رو دیا سنکر کہا افسوس کیا آزار تھا

## غزل واحد علی

کر کے تنہا مجھے اید وستو گلفام گیا
غم الم سونپ گیا طاقت و آرام گیا

کیا اسے خط میں لکھوں کیا منہہ زبانی بولوں
قاصد اتنک نہ پھرا لیکے وہ پیغام گیا

وعدہ کر کر جو گیا شب کو نہ آیا ہرگز
انتظاری میں تیرے مجھکو صبح و شام گیا

کب خوش آتا ہی مجھے باغ و بہار گلشن
گل تو سب خار ہوئے جسکا گل اندام گیا

جسم لاغر کو مرے دیکھکے کہتے ہیں طبیب
زندگی اسکی کہاں جس کا دلارام گیا

میں نے دیکھا جو کہیں رشک قمر کو چھپے پر
میں دو بارا وہیں فی الفور لب بام لیا

نعرہ کھینچوں ہوں تصور میں شب و روز مدام
رونا ان چشموں کا ہرگز نہ صبح و شام گیا

ذکر واجد علی کر رب کی ملا و نگاہ وہی
دام میں لیکے مجھے وہ بت خود کام گیا

## غزل تبسم

جھپک تپاک سے مجھے دلربا نے لوٹ لیا
بچا نگہ سے تو شرم و حیا نے لوٹ لیا

ہزاروں ہیں صف مژگان تیر کے گھایل
مجھے تو ابرو کمان کی ادا نے لوٹ لیا

خدا کے واسطے کر رحم ای بت سنگدل
تیرے تو رو رنگ کے جور و جفا نے لوٹ لیا

نگاہ شوخ نے کئی خانمان کئے برباد
مجھے بھی کافر زلف دوتا نے لوٹ لیا

جہان میں جیتے ہیں معشوق بیوفائی سے
پھر عاشقوں کو تو یار وفا نے لوٹ لیا

نہیں ہے شکوہ رقیبوں سے کچھ مجھے ہمدم
کہ دل لگا کے ہی اس آشنا نے لوٹ لیا

روان تھا قافلہ اشکوں کا جو مرے یارو
سو اس تبسم غارت ربا نے لوٹ لیا

## غزل آصف

آہ جبتک مرے پہلو میں وہ دلدار رہا
آہ بھرنا یہہ مرا خالی ز اسرار نہ تھا

رات کیا بات تھی تنہا تو مجھے ای ظالم
ایسا اقرار بھی کرنا مجھے درکار نہ تھا

کر کے وہ تیغ زنی چھپ ہوا چین بہ جبین
یعنی وہ قتل بھی کرنیکا سزاوار نہ تھا

کل جو دیکھا ترے بستر پہ وہ بیمار پڑا
آج بستر ہی فقط اور وہ بیمار نہ تھا

اسکے جانیسے تجھے موت نہ آئی آصف
ایسی رسوائی کا جینا تجھے درکار نہ تھا

## غزل علی

کہو بلبل کو لیجاوے چمن سے آشیان اپنا
پڑھے گر صد ہزار افسوں نہوگا باغبان اپنا

اٹھا کر لیچلی بلبل چمن سے آشیان اپنا
کہا گل سے کہ لے یہہ ہو چکا ہے مکان اپنا

ہوئی جب باغ سے رخصت کہا رو رو کے یا قسمت
لکھا تھا یوں کہ فصل گل میں چھوڑیں خانمان اپنا

ارے صیاد یون چاہے تو جی اور جان حاضر ہون
ولیکن طوق قمری کی طرح کر کے نشان اپنا

مرا جلتا ہی جی اس بلبل بیکس کی غربت پر
کہ گل کے آسرے پر یون لٹا یا خانمان اپنا

چلی جب باغ سے بلبل لٹا کر خانمان اپنا
بچھوڑا ہائے بلبل نے چمن مین کچھ نشان اپنا

نہ تو نے گل کیا اپنا نہ بلبل باغبان اپنا
چمن مین کس بھروسے پر بنایا آشیان اپنا

یہہ حسرت رہگئی کس کس مزے سے زندگی کرتے
اگر ہوتا چمن اپنا گل اپنا باغبان اپنا

الم کر اسطرح روئی کہ رسوا ہوگئی بلبل
ڈبایا ہائے آنکھون نے تمامی خانمان اپنا

مگر دل سے بتا رکھتا علی گوہر سے پیار یکو
وہ حکم شاہی رکھتا تھا وسلے تھا مہربان اپنا

## غزل انشا

کیا خدا سے عشق کی مین رونمائی مانگتا
مانگتا جو اُس سے تو ساری خدائی مانگتا

گرچہ لیکر آہ کی کہتا ہی یون دل چرخ سے
تم سے دل تو گر پڑا صاحب لڑائی مانگتا

اس سے خلوت کی بھہر جاتی تو مین اے اسد سے
واسطے دودن کے عرش کبریائی مانگتا

یون کہا رندون نے جھٹ پٹ شیخ کی پگڑی اتار
دو بڑائی ہی یہہ سر اسکا بڑائی مانگتا

داُرس کوئی جو ملجاتا تو انشا عشق سے
الامان مین بادشاہ کی دسے ہائی مانگتا

## غزل قیس

علاج درد کا اپنے بہت کیا نہ گیا
طبیب سے تجھے کیا کیا نہ کچھ بتا نہ گیا

کیا جنون نے بھی کچھہ میری طبع پر غلبہ
اگرچہ خون بھی فصاد سے لیا نہ گیا

بہائے ہوش کے خون ناب چشم سے آخر
تیری جدائی مین خون جگر پیا نہ گیا

ہمارے چاک گریبان کا ناصحا تجھسے
ہزار شکر کہ یکتار بھی سیا نہ گیا

وہ ذایقہ لب لیلی کے بوسے کا ای قیس
مثال شیرین کے لذت کو تو چکھا نہ گیا

## غزل سراج

قد تیرا سرو روان تھا مجھے معلوم تھا
گلشن دل مین عیان تھا مجھے معلوم تھا

دھوپ میں غم کے عبث جسکو جلایا افسوس
چھوپ کے سایہ میں امان تھا مجھے معلوم تھا

خاک تیرے قدم پاک کی ای نور عین
سرمۂ دیدۂ جان تھا مجھے معلوم تھا

شب ہجران کی اندھاری سے بتنگ آیا تھا
رخ تیرا نورفشان تھا مجھے معلوم تھا

یار نے ابرو و مژگان سے مجھے صید کیا
اس کنے تیر و کمان تھا مجھے معلوم تھا

سب جگت ڈھونڈھ پھرا پیو نہ پایا ہرگز
دل کے گوشے مین مکان تھا مجھے معلوم تھا

روزہ داران جدائی کو خم ابروی یار
ماہ عید رمضان تھا مجھے معلوم تھا

مین نے سمجھا تھا کہ اس یار کو ہی نام و نشان
یار بے نام و نشان تھا مجھے معلوم تھا

دل بیدل نے کہا تھا سو ہوا آج سراج
کیا بلا سیف زبان تھا مجھے معلوم تھا

## غزل تراب شیدا

ڈوب کر دلمین مرے تیر کا پیکان رہا
او کماندار تیرا مجھ پہ احسان رہا

نہ کسی دوست نے پوچھا نہ کسی دشمن نے
مدتون شہر مین اپنا یہی سامان رہا

ای جنون ہاتھ سے تیرے تیرے صدقے جاؤن
کوئی باقی نہ میرا تار گریبان رہا

بستر خاک پ اور پیرہن عریانی
لے رفو برسون میرا چاک گریبان رہا

آفرین ہی تیری ہمت کو تراب شیدا
عشق کا فر کا کیا آپ مسلمان رہا

## غزل نثار

اسکے قدمون سے لگی رہتی ہی دن رات حنا
خوب دنیا مین بسر کرتی ہی اوقات حنا

دست رس ہمکو نہین جسکے قدم تک پہنچے
تو تری ہاتھ نہین کہئے تیری کیا بات حنا

سر محن کیجو تو ہماری بھی قدمبوسی تک
اسکے قدمون سے لگے اب جو کسی ہات حنا

تو بھی اسطرح لگیگا میری چھاتی سے کبھو
شوخ جسطرح سے لگتی ہی تیرے ہات حنا

ہم تو مایوس ہے اسکی قدمبوسی سے
جا کے قدمون سے لگی یار کے ہیہات حنا

نه قدین یار کی مشاطہ لگاتی ہین نثار
گل مہندی پہ نہ لاوے کبھی آفات حنا

انظر

## غزل نظیر

نظر پڑا ایک بت پری وش نرالی سج دھج نئی ادا کا
جو عمر دیکھو تو دس برس کی یہ قہر و آفت غضب خدا کا

جو شکل دیکھو تو بھولی بھالی جو باتیں سنیے تو میٹھی میٹھی
یہ دل وہ پتھر کہ سر اڑا دے جو نام لیجے کبھی وفا کا

جو گھر سے نکلے تو یہہ قیامت کہ چلتے چلتے قدم قدم پر
کسی کو ٹھوکر کسی کو چھکڑ کسی کو گالی نپٹ لڑاکا

یہہ راہ چلنے میں اچپلاہٹ کہ دل کہیں ہی نظر کہیں ہی
کہاں کا اونچا کہاں کا نیچا خیال کسکو قدم کی جا کا

لڑائے آنکھیں وہ بیحجابی کہ پھر پلک سے پلک نہ مارے
نظر جو نیچے کرے تو گویا کھلا سراپا چمن حیا کا

یہہ چنچلاہٹ یہہ چلبلاہٹ خبر نہ سر کی نہ تن کی سدھ بدھ
جو چیرا بکھرا بلا سے بکھرا نہ بند باندھا کبھو قبا کا

گلے لپٹنے میں یوں شتابی کہ مثل بجلی کے اضطرابی
کہیں جو چمکا چمک کر کہیں جو لپکا تو پھر چھپا کا

نہ وہ سنبھالا کسی کے سنبھلے نہ وہ منایا منے کسی کے
جو قتل عاشق پہ آکے مچلے تو غیر کا پھر نہ آشنا کا

نظر ہٹ جا پرے سرک جا بدل لے صورت چھپا لے منہہ کو
جو دیکھ لیویگا وہ ستمگر تو یار ہوگا ابھی جھگڑا کا

## غزل نیاز

یار کو ہم نے جابجا دیکھا
کہیں ظاہر کہیں چھپا دیکھا

کہین ہو بادشاہ تخت نشین — کہین کاسہ لئے گدا دیکھا
کہین بولا بلی وہ کہکے الست — کہین وہ بندۂ خدا دیکھا
کہین واجب بنا کہین ممکن — کہین فانی کہین بقا دیکھا
کہین زاہد بنا کہین عابد — کہین رندونکا پیشوا دیکھا
کہین عاشق نیاز کی صورت — سینہ بریان و دل جلا دیکھا

## غزل سوز

محبت کو دام بلا جانتا تھا — پھنسا مین جو اے دل یہہ کیا جانتا تھا
چلا مجھسے تو بھی جتا کر بھلا دل — تجھے مین بڑا آشنا جانتا تھا
تیری گرم جوشی سے تھا ہی مجھے ڈر — کہ آخر کریگا دغا جانتا تھا
دغا کھائی آخر دغا کھائی آخر — مین کیا جانتا تھا مین کیا جانتا تھا
دلاسا تو دے سوز کو چلتے چلتے — مگر تو جگر ہی جلا جانتا تھا

## غزل ولی

تجھ لب کی صفت لعل بدخشان سے کہونگا — جادو ہین تیری نین غزالان سے کہونگا
دی حق نے تجھے بادشہی حسن نگر کی — جا کشورِ ایران مین سلیمان سے کہونگا
دیکھا مین جب سے خواب اے مایۂ خوبی — اس خواب کو مین یوسف کنعان سے کہونگا
تعریف تیرے قد کی الف وار اے ساجن — جا سروِ گلستان کو خوش الحان سے کہونگا
مجھ پر نہ کرو ظلم تم اے لیلیٔ آفاق — مجنون ہون تیرے غمکا بیابان سے کہونگا
بیتاب نہو شور سے تو اے ولی ہرگز — اس درد کی دارو کسی درمان سے کہونگا

## غزل ملنگ شاہ

مرا درد و غم تجھ پہ اظہار ہوگا — ادھر منزلِ عشق بسیار ہوگا
ادھر تو جگر میرا اے پارا پارا — ادھر مرہم وصل تیار ہوگا

وہ پل تو ہی چھوٹا جو رستہ ہی باریک
یہہ بندہ گنہگار کیا پار ہوگا

ملنگ شاہ سائین تو روشن ہے جگ مین
ادہر لعل و گوہر کا بازار ہوگا

## غزل سودا

جب وہ گلشن کیطرف یار طرحدار جھکا
محو سب ہوگئے چمن غنچہ گلزار جھکا

نرگس مست تیری آئین جو تل دی گلشن
گل مخمور جھکا بلبل بیمار جھکا

کان نکے نیچے جو نکلے ہی تیری سنبل زلفا
جیسا بانبی سے نکل مار طرحدار جھکا

شب مہتاب مین بیٹھا تھا جو وہ سیمین تن
قرص الماس پہ وہ چہرہ بلدار جھکا

عرق آلودہ وہ بلور جبین اسکی دیکھ
لے ستارونکو زمین پر ہمہ انوار جھکا

بس شرابی کو تیرے دیکھکے میخانے مین
شیشہ پیالے پہ جھکا پیالے پہ وہ یار جھکا

شوخ اس می مین تیرے کیا ہی بلا کی آتش
پیتے ہی می کے ہوا مست و سرشار جھکا

تیر ناوک تیرے مژگانکی ای ابرو کمان
ہدف دل پہ مرے جبکہ وہ سوفار جھکا

حسن کی تیری جو دوکان مین عجب ہے سودا
جو اسی جنس گران پر ہو خریدار جھکا

## غزل اکرم

دم کو سمجھہ غنیمت واقف ہو دم کے دم کا
یہہ کون ہی دمیدہ دم مارتا ہی دم کا

قرآن مین لکھا ہی کل من علیہا فان
ہستی سو چیز کیا ہی نین جسکو ڈر عدم کا

جسکو پیا جو چاہے کہلاوے وہ سہاگن
پھر جستجو مین کیونکر دھرنا کہو قدم کا

کہتے ہین لوگ سارے کچھہ نین اتھا سو کیا تھا
اڑ فاختہ گیا ہی فہمیدہ فہم کا

کن سے ہوا ہی فیکون اس کن کا کون ہے کن
لکھنے کا تاب نہ لا سینہ پھٹا قلم کا

ہے فاعل حقیقی ہر چیز کا وہی رب
کیونکر ہوا ہی جگ مین دوزخ بہشت کا دھم کا

اکرم تو عبدالحق کی رہ بندگی مین دایم
رہو دیگا دور تجھہ سے پردہ جو ہے وہم کا

## غزل اشفاق

دل ہیرا نور تجلی سے جو معمور ہوا　　شعلہ جو آہ کا نکلا شجر طور ہوا
کیا خوشی رہتا تھا گلزار عدم مین آدم　　آکے ہستی مین غم و درد سے رنجور ہوا
کبریا حق کے ہین از بسکہ جہانہین معمور　　جو کہ پیدا ہوا عالم مین سو مغرور ہوا
نحن اقرب جو کہا حق نے بیان کیا کیجے　　آپ کو بھول کے مین اس سے بہت دور ہوا
دم دیا حق نے نفخت کا تن آدم کو　　جس سے ہر پارۂ گل جوہر پر نور ہوا
چونکے جسوقت کہ ہم خواب عدم سے شفاق　　وہی موسیٰ تھا وہی نور وہی طور ہوا

## غزل شیدا

اجل کے کوچے مین تیرا گذار ہووےگا　　تیرا قرار بدار القرار ہووےگا
دھرینگے تجھ کو جنازے مین تخت شاہی سے　　اگر خزانہ و لشکر ہزار ہووےگا
لحد کے گوشے مین تجھ کو زمین پہ سونا ہے　　بدن تیرا خورش مور و مار ہووےگا
نہ کر تو فخر یہان اپنی شہ سواری کا　　عمل سے پیادہ وہان شہسوار ہووےگا
اگرچہ باغ جہان مین تو مثل گل ہوگا　　پہ تیری خاک پہ آخر کو خار ہووےگا
نہ ڈر خدا سے تو ہو کر گناہ کرتا ہے　　نہ جانون کیا تیرا انجام کار ہووےگا
طمع کسی سے نہ رکھ اس جہان فانی مین　　سوا عمل کے تیرے کون یار ہووےگا
نہ کر کسی پہ ستم سوچ یہہ کہ آخر کو　　خدا ہی سے تیرا دار و مدار ہووےگا
اگرچہ چھپائے کسی طرح ہے تو اپنا کیا　　پر ایک دن کو وہ شب آشکار ہووےگا
ہر ایک حلال سے تیرا حساب لیوینگے　　ہر ایک حرام کا تیرے شمار ہووےگا
تو اپنے کو چلی کچھ فکر کر یہان شیدا　　کلام سعدی تیرا یادگار ہووے گا

## غزل معروف

آہ وہ کون تھا خدا مارا　　جس نے اس سے مجھے لگا مارا
ایک سے ہے تو بھی بدبلا ای چشم　　دل کو پھر زلف مین پھنسا مارا

کیا غضب تھی وہ جنبش ابرو — صاف جس نے کہ نیمچہ مارا
مین جو بولا کہ سنگدل ہی تو — اُسنے پتھر مجھے اٹھا مارا
بعد مدت سے ملے تھے کل اُسنے — آج لوگون نے پھر لڑا مارا
وصل کی شب بھی مین نہ سویا آہ — روز ہجران کے خوف کا مارا
دیکھ کر مجھکو جب کہا اس نے — پوچھو کیون چپ ہے یہہ خدا مارا
پاس کے مرضی کھلا جو باتو نمین — یہہ ہنسا یا کہ بس لٹا مارا
جنس صبر و خرد سے لئے معروف — ملکِ دل فوج غم نے آ مارا

## غزل سلیمان

غم سے ہو کر برق وش کڑ کا کڑک کر رہ گیا — بس مرا سینے مین دل دھڑ کا دھڑک کر رہ گیا
ہم نے جانا آپ آئے ہو جو کچھ کڑ کا ہوا — باد سے دیکھا تو در کھڑ کا کھڑک کر رہ گیا
قتل کرنا گر تجھے منظور تھا تو کس لئے — نیمچے کو میان سے سر کا سرک کر رہ گیا
طایر دلکو ہوا کیا اس قفس کے قید سے — چھوڑ کر طفل چمن پھڑ کا پھڑک کر رہ گیا
ای سلیمان عشق کی آتش ہی مجھ دلمین تری — آگ کا شعلہ سا کچھ بھڑ کا بھڑک کر رہ گیا

## غزل طور

کبھو وہ سرو قد آیا تو ہوتا — کوئی دم گور پر سایا تو ہوتا
ید بیضا کو ہوتا داغ حسرت — حنا کا جوڑ دکھلایا تو ہوتا
رخِ مصحف پہ مین قربان ہوا ہون — کوئی قرآن پڑھوایا تو ہوتا
گیا تھا تیرے کشتے کا لاشا — لحد تک اسکو پہنچایا تو ہوتا
کھڑا ہون کب سے تیری زیر دیوار — تو اپنے بام پر آیا تو ہوتا
غرور عاشقی ہی نعرہ بلبل — ہماری طرح گل کھایا تو ہوتا
غش آتا طور کو موسیٰ کے مانند — رخِ پُر نور دکھلایا تو ہوتا

## غزل سکندر

کیا کمان ابرو نے یک تیر نظر را مارا
جب کے لگتے ہی جگر ہو گیا پارا پارا

کیا بجھے اور نتھا ہستی کے جنگل مین شکار
مرغ دل تو نے جو صیاد ہمارا مارا

رات تنہائی مین آیا تھا تصور تیرا
ذکر تیرا ہی کیا آہ کا نعرہ مارا

ہمنے پھینکی تھی کلی اسکے طرف لالہ کی
اسنے شوخی سے ہمین پھول ہزارا مارا

عشق بازی کے لئے ہمنے بچھائی چوسر
پھانسا گرتے ہی گو یا رنگ ہمارا مارا

غیر کیا چیز ہے محفل سے اٹھا دون پلمین
کیا کہون کہہ نہین سکتا مین تمھارا مارا

ہیچ دنیا کے لئے کچھ نہ سکندر نے کیا
آپ کئی روز جیا کسلئے دارا مارا

## غزل نظیر

ہوئی صبح جب گھر سے وہ یار نکلا
کہا خلق نے رشک گلزار نکلا

کئی آ گئے پیچ مین زلف کے وان
میری چشمون سے جو گہربار نکلا

قضا تیری کا فر ادھر آ گئی جو
بھلی لٹ پٹی باندہ دستار نکلا

عجب پھیر قسمت کا ہے میرے یارو
جسے یار سمجھا سو اغیار نکلا

خفا ہمسے شب کو صنم ہو نشستین
سر مجھہ کو لیکر وہ بازار نکلا

بہت چاہا دل بیچ دیجئے صنم کو
میرے دل کا وہ ناخریدار نکلا

صراحی سے ساقی نے مے جو پلایا
نظیر اسقدر ہو کے سرشار نکلا

## غزل نسیم

گر ہم نے دل صنم کو دیا پھر کسیکو کیا
اسلام چھوڑ کفر لیا پھر کسیکو کیا

ہم نے تو اپنا آپ گریبان کیا ہے چاک
آپ ہی سیا سیا نہ سیا پھر کسیکو کیا

آنکھین تمھاری لال صنم کچھ نشہ پیا
آپ ہی پیا پیا نہ پیا پھر کسیکو کیا

اپنی تو زندگی میان مثل حباب ہے
گو خضر لاکھ برس جیا پھر کسیکو کیا

دنیا مین ہم نے آکے بھلا یا برا نسیم | جو کچھ کیا سو ہم نے کیا پھر کسی کو کیا

## غزل سوز

قضا را وہ قاتل ادھر آن نکلا | تو لینے کو اُسکے میرا جان نکلا
کھڑا نعش پر ہوکے بولا کہ یہ ہا | یہہ کشتہ تو کچھ جان پہچان نکلا
چھری لیکے مین بعد سینے کو چیرا | تو دل کی جگہہ خشک پیکان نکلا
ٹک سر کہا ہائے مین نے کیا کیا | مین سمجھا تھا کچھ یہہ میرا جان نکلا
کھڑے رہنے والو مگر سوز ہی ہے | بھلا اُسکے دل کا تو ارمان نکلا
بھلا سوز ایسا بنا جسکی خاطر | یہہ خورشید پھاڑے گریبان نکلا

## غزل مست

آج دلبر کو خواب مین دیکھا | نور حق کا حجاب مین دیکھا
خود فنا ہوکے ذات مین ملنا | یہہ تماشا حباب مین دیکھا
آپ کو سوختہ غیر کو لذت | یہہ مزا ہم کباب مین دیکھا
بیٹھہ کر سیر ملک کی کرنی | یہہ تماشا کتاب مین دیکھا
ایک پیالے مین مست ہو جانا | یہہ تماشا شراب مین دیکھا

## غزل منصور

نہ ملتا گر خون سے دل میرا مشہور کیون ہوتا | نہ دیکھا نرگس بیمار وہ رنجور کیون ہوتا
خدا پیدا نہ کرتا جگ مین گر ذات محمد کو | تو موسی کے تئین معراج وہ کوہ طور کیون ہوتا
لکھا تھا طوق لعنت کا اُپر دیکھا فرشتون نے | اگر وہ جانتا شیطان تو وہ مغرور کیون ہوتا
کیا دعوی انا الحق کا ہوا سردار عالم کا | اگر سولی پہ نہ چڑھتا تو وہ منصور کیون ہوتا

## غزل سودا

مین دشمن جان ڈھونڈھکے اپنا جو نکالا | سو حضرت دل سلمہ اللہ تعالا

جب مست چمن سے ہو چلا گھر کو وہ لالا — غنچے نے صراحی لی اٹھا گل نے پیالا

کہتا ہی انکھہ سے یہہ تیرا گوشۂ ابرو — دیکھے جو کوئی خون گرفتہ تو لگا لا

مانگا جو مین دلکو تو کہا بس ہی یکدل — جتنے ہی تو چاہے میرے کوچے اٹھا لا

ای غنچہ سبب کیا ہی کہ آتے ہی چمن مین — گل جھاڑے ہی دامن تو نے بچے کو سنبھالا

اتنا ہی حریف یوسف سے مشابہ کہ عدم سے — پردے مین چھپا اسکے تئین تجھہ کو نکالا

اس آنکھہ لڑانے سے یہہ دل کیونکہ برآوے — نی تیغ ہی اس پاس نہ خنجر ہی نہ بھالا

فتنے ہی اُٹھاتے ہو گئی پشت فلک خم — ہرگز نہ کسی گرتے کو ظالم نے سنبھالا

سودا تجھے کہتا ہون نہ خوبون سے مل اتنا — تو اپنا غریب عاجز و دل بیچنے والا

## غزل

جب حسن ازل پردہ امکان مین آیا — ہر رنگ بہر رنگ ہر ایک شان مین آیا

حرمت سے ملایک نے جسے سجدہ کیا ہی — جس وقت کہ وہ صورت انسان مین آیا

گل ہی وہی سنبل ہی وہی نرگس حیران — اپنے ہی تماشے کو گلستان مین آیا

اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن — مذکور یہی آیت قرآن مین آیا

قانون وہی ساز وہی طبلہ وہی ہے — ہر تار مین بولا کہ ہر ایک تان مین آیا

## غزل عمر

عشق نے تیرے مجھہ کو دل کیا کیا ستم دکھا دیا — عیش و خوشی و زندگی سارا جہان بھلا دیا

موت سے آگے مر چکا نیکی بدی سے کیا غرض — ہستی سے لیکے تا عدم جام بقا پلا دیا

ڈھونڈھو ہون مین یار کو اپنے فکر مین جو طرف — آپ ہی آپ مین مل گیا پردہ جو مین اٹھا دیا

میرے سخن کو سمجھو تم اسمین نہین ہی کچھہ غلط — آپ ہی خدا ہوا یہہ دم جب کہ خودی مٹا دیا

عمر ہین اپنے آپ مین آپ ہی سمجھہ کر چپ رہا — جب کہ ملا وہ مجھہ سے ہنسکے مجھے رلا دیا

## غزل خورشید

مطرب

مطرب سے کہہ شروع کرے گانا بسنت کا
فرخندہ سا قیا ہی یہہ آنا بسنت کا

تیغ بہار چلگئی ملک خزان پہ جب
بیٹھا ہی شاخسار پہ تھانہ بسنت کا

گل کھولے کان سنتا ہی دیتا ہی غنچہ تال
گاتی ہی عندلیب ترانا بسنت کا

خورشید نے لباس کیا کچھ بغیر زرد
اکرتا ہی جس سبب سے ترانا بسنت کا

## غزل حیدری

وہ چاند سا مکھڑا نام خدا وہ رنگ سنہرا صل علی
وہ گول ہی سا نچے مین ڈھلا وہ ہیگا سراپا صل علی
وہ گھنگروالے بال سیہ وہ زلفین اسکی چین گرہ
وہ سحر مجسم چشم نگہ وہ دیدا جوڑا صل علی
تھی ہونٹھون پہ یون مسی دھڑی وہ جیسی ہین مین شام پڑی
تھے دانت کہ یون موتی کی لڑی ہیرا اُس کا چمکتا صل علی
وہ ابھری سخت کچین جو دیکھے اُن کو ہاتھ ملے
وہ بیٹھے حورین رشک کرین وہ ناف کا نقشہ صل علی
گو ہر بُن مو ہو جائے زبان تو بھی نہو مجھسے اُسکا بیان
ای حیدری وہ محبوب جہان وہ دلبر رعنا صل علی

## غزل مومن خان

کسیکا ہوا آج کل تھا کسیکا
نہ ہی تو کسیکا نہو گا کسیکا

کیا تم نے قتل جہان یک نظر مین
کسی نے نہ دیکھا تماشا کسیکا

نہ میری سنی وہ نہ مین ناصحونکی
نہین مانتا کوئی کہنا کسیکا

مجھے مارڈالا ہی انکار نے پھر
نہ کہنا کہ کیا مجھہ پہ دعوی کسیکا

جو پھر جائے اس بیوفا سے تو جانون
کہ دلپر نہین زور چلتا کسیکا

صبا نکہت یار لائی کہان سے
اُسے دخل کیا گو مین ہونگا کسیکا

دہ کرتے ہین بیباک عاشق کشی تون
نہین کوئی دنیا مین گویا کسیکا

دم الحذر اور عشق بتان سے
مجھے ڈر ہی ای مومن ایسا کسیکا

## غزل شاہ ظفر علیہ الرحمہ

کسی نے اسکو سمجھایا تو ہوتا
کوئی یہان تک اُسے لایا تو ہوتا

مزہ رکھتا ہی زخم خنجر عشق
کبھی ای بوالہوس کھایا تو ہوتا

نہ بھیجا تونے لکھ کے ایک پرچہ
ہمارے دل کو پرچایا تو ہوتا

کہا عیسی نے قم کشتے کو تیرے
کچھ اب تونے بھی فرمایا تو ہوتا

نہ بولا ہم نے کھڑکایا بہت در
ذرا دربان کو کھڑکایا تو ہوتا

یہہ نخل آہ ہوتا بید ہی کاش
نہ ہوتا گو ثمر سایہ تو ہوتا

جو کچھ ہوتا سو ہوتا تونے تقدیر
وہان تک مجھکو پہنچایا تو ہوتا

کیا کس جرم پر تونے مجھے قتل
ذرا تو دل مین شرمایا تو ہوتا

کیا جیسا مریض عشق مجھکو
عیادت کو کبھی آیا تو ہوتا

دل اسکی زلف مین الجھا ہی کب سے
ظفر یک دور سلجھایا تو ہوتا

## غزل وارا

سحاب پارۂ دامن ہی آبدیدون کا
نمود برق طپیدہ ہی دل طپیدونکا

چراغ صبح کے مانند کوئی دم کے ہین
بیان حال ہوا جان بلب رسیدونکا

جہان ہوئے ہین گل سرخ خاک سے پیدا
وہی زمین مین ہی مدفن ترے شہیدونکا

اثر رکھے ہی یہہ فریاد دردمندونکی
ثمر اس صبر ستمگر ستم رسیدونکا

عجب شجر ہین ثمر جنکے پارۂ یاقوت
یہہ رنگ دیکھ لے مژگان خون چکیدونکا

کھلا کسی پہ نہ آسودگان خاک کا حال
ہجوم عہد زمین مین ہی آرمیدونکا

کوئی بھی ساتھ کسی کے گیا آی دارا | عدم کو جاتا ہی گیا قافلہ جریدون کا

## غزل خواجہ میر درد علیہ الرحمہ

جگ مین کوئی نہ ٹک ہنسا ہوگا
کہ نہ ہنستے ہی رو دیا ہوگا

اسنے قصداً بھی میری بات نکو
نہ سنا ہوگا گر سنا ہوگا

دیکھئے غم سے اب کے جی میرا
نہ بچے گا نبچے گا کیا ہوگا

دل زمانے کے ہاتھ سے سالم
کوئی ہوگا کہ رہ گیا ہوگا

حال مجھ غمزدہ کا جس تس نے
جب سنا ہوگا رو دیا ہوگا

قتل سے میرے وہ جو باز رہا
کسی بدخواہ نے کہا ہوگا

دل بھی ای درد قطرۂ خون تھا
آنسوؤن مین کہین گرا ہوگا

## غزل میر تقی

اس عہد مین الٰہی محبت کو کیا ہوا
چھوڑا وفا کو انسے مروت کو کیا ہوا

امیدوار وعدۂ دیدار مر چلے
آتے ہی آتے میر قیامت کو کیا ہوا

جاتا ہی یار تیغ بکف غیر کی طرف
ای کشتۂ ستم تیری غیرت کو کیا ہوا

بخشش نے مجھ کو ابر کرم کے کیا خجل
ای چشم جوش اشک ندامت کو کیا ہوا

تھی صعب عاشقی کی ہدایت ہی میر پر
کیا جانئے کہ حال نہایت کو کیا ہوا

## غزل جرأت

جو دم لب پہ گھبرا کے آنے لگا
تو شاید میرا دل ٹھکانے لگا

نہ آنے کا جب بیوج سنانے لگا
وہ آئینہ مجھ کو دکھانے لگا

وہ دلبر کسی سے ہوا ہمکنار
کہ دل بر مین کچھ تلملانے لگا

کیا اسنے جو سیر دریا کا عزم
مین آنکھون سے دریا بہانے لگا

کہا طبع نے اور لکھ یک غزل
قلم جب مین جرات اٹھانے لگا

اسے رحم جب مجھپہ آنے لگا
تو صحبت یہہ گردون چھڑانے لگا

کسی سے جو پوچھا خفا کس سے ہو — اشارے سے مجھکو بتانے لگا
مزاج آیا ہنسنے پہ تو غیر سے — لڑا آنکھ مجھکو لڑانے لگا
منانا پڑا اور اُلٹا مجھے — محبت جو میں آزمانے لگا
غرض دے لگے لگجانے ہی عشق آہ — عجایب تماشا دکھانے لگا
دیا اسکے در پر جو جرات نے جی — تو الحمد للہ ٹھکانے لگا

## غزل ناسخ

ساتھ اپنے جو مجھے یار نے سونے نہ دیا — رات بھر مجھکو دلِ زار نے سونے نہ دیا
خواب ہی میں نظر آیا وہ شب ہجر کہیں — سو مجھے حسرتِ دیدار نے سونے نہ دیا
خفتگی بخت کی کیا کہئے کہ جز خواب عدم — عمر بھر دیدۂ بیدار نے سونے نہ دیا
مرگ یکسو ہی تھی جذبہ یہہ کڑا پا شب کو — کہ جہان کو تیرے بیمار نے سونے نہ دیا
یاد اس زلف کی دو رہکے مجھے دلوائی — ہجر میں مجھکو شب تار نے سونے نہ دیا
یہی صیاد گلہ کرتا ہی میرا ہر صبح — نالۂ مرغ گرفتار نے سونے نہ دیا
سمجھے تھے بعد فنا پائیں گے راحت ناسخ — حشر تک وعدۂ دیدار نے سونے نہ دیا

## غزل لطیف

شب ایک رویا میں میں نے یار وجمال فخر عرب کو دیکھا — اٹھایا پردہ کو عین نے جب تو عین انوار رب کو دیکھا
عجب تھی احمد کی میم روشن وہ صرف آدم صفی کے نظر — وگرنہ نور احد میں میں نے نہ کوئی حسب و نسب کو دیکھا
سرے تحت الثریٰ سے لیکر مقام محمود لامکاں تک — میں اپنا رنگ دوئی جدا کر جمال احمد میں سب کو دیکھا
بیان شکر اسکا کیا رقم ہو شمار انعام کیا بہم ہو — کہ جسکے رحم و کرم کے اوپر کبھی نہ غالب غضب کو دیکھا
جہاں میں عقبیٰ میں یا الٰہی ہمیشہ رویت ہو مصطفیٰ کی — ہر ایک مومن کو کر تو روزی لطیف نے ہے جو سب کو دیکھا

## غزل سودا ملک الشعرا

زخم کا دل کے ترو تازہ ہی انگور سدا | جاری رہتا ہی میری چشم سے ناسور سدا
جسکی ہم تیغ نگہ سے ہوئے گھایل یارب | چشم زخم اس سے زمانے مین رہے دور سدا
ہی انھین شوق کسو دے لکے لہو پینے کا | دیکھتا ہون تیری آنکھون کو مین مخمور سدا
گو نہ دے شیشۂ گردون مے گلرنگ مجھے | خون دل سے تو میرا جام ہی معمور سدا
یار کی دیکھے تجلی جو تو موسی کی طرح | سنگ رہ سے تیرے نکلے شرر طور سدا
ایک شب آ کوئی دلسوز نہ رویا اسیر | شمع بھی گور ہمارے سے جلی دور سدا
دوستو سنتے ہو سودا کا خدا حافظ ہی | عشق کے ہاتھ سے رہتا ہی یہہ رنجور سدا

## غزل ہدایت

دشت سے قیس گیا کوہ سے فرہاد گیا | کارخانہ ہی وہ سب عشق کا برباد گیا
چشم الفت تھی مجھے تجھسے تو ای طفل سرشک | ہائے دنیا سے تو لڑکے یونہین ناشاد گیا
یاد کر سبزہ خط اشک جگر سے نکلا | روٹھ کر گھر سے وہ لڑکا خضر آباد گیا
یہہ ہدایت سے بنا ریختہ کی تھی قایم | حیف صد حیف کہ دنیا سے وہ استاد گیا

## غزل انشا

ای عشق جلوہ گر ہی تجھہ مین یہہ ذات مولا | والسابحات سبحا فالسابقات سبقا
تم نے سکھا دیا کیا جبریل کو نجانے | چھت زیر سدرہ اُسنے جو بستر اجمایا
جو شخص جھہ سا ہو خدمت مین یہان تمھارے | کیونکر نہ پھر وہ دیکھے لاہوت کا تماشا
فرماوین آپ جو کچھہ تھا وہی ہی سچ ہی | ای میرے پیر مرشد ہان بادشاہ دانا
اگر حکم ہو تو سائین سلفے کا دم لگا کر | پھنکاؤن اور مین بھی سبزیکا ایک کوڑا
ہی یاد مین تمھارے بیٹھا ہوا مراقب | چارم فلک پہ عیسی کھینچے ہوئے ادا سا
کتر و بیان تمھین سب کیون پیشوا نہ سمجھین | روح القدس ہی ادنی یک بالکا تمھارا
سبز اگر چڑھانا منظور صبح دم ہو | تو لیجے برگ کوئی والناشطات نشطا

آشیانہ بہکے پہر سے تشریف لائے بھی ۔ حضرت سلامت انشا ہی آپ کا یہہ چیلا

## غزل ذوق

بعد مردن بھی خیال چشم فتان ہی رہا ۔ سبزۂ تربت میرا وقف غزالان ہی رہا
مین ہمیشہ عاشق پیچیدہ مویان ہی رہا ۔ خاک پر رونیدہ میرا عشق پیچان ہی رہا
نبدہ سکا ہمسے نہ مضمون اس دہان تنگ کا ۔ ہاتھ اپنا فکر مین زیر زنخدان ہی رہا
جاہل منکر نہ آئے راہ پر معجز سے بھی ۔ جہل سے بوجہل اپنے نامسلمان ہی رہا
پانون کب نکلا رکاب حلقۂ زنجیر سے ۔ توسن وحشت ہمارا گرم جولان ہی رہا
کب لباس دنیوی مین چہپتے ہین روشن ضمیر ۔ جامۂ فانوس مین بھی شعلہ عریان ہی رہا
آدمیت اور شی ہی علم ہی کچھہ اور چیز ۔ کتنا طوطے کو پڑھایا پر وہ حیوان ہی رہا
حلقۂ گیسو مین دیکھی کسکے رخسار کی تاب ۔ شب مہ حال نشین سر در گریبان ہی رہا
مدتون دل اور پیکان دونو سینے مین رہے ۔ آخرش دل بہ گیا خون ہوکے پیکان ہی رہا
سب کو دیکھا اسنے اور اسکو نہ دیکھا جون نگاہ ۔ وہ رہا آنکھو نمین اور آنکھون سے پنہان ہی رہا
دین و ایمان ڈھونڈھتا ہی ذوق کیا اسوقت مین ۔ اب نہ کچھہ دین ہی رہا باقی نہ ایمان ہی رہا

یہہ تیرا عشق کب کا آشنا تھا ۔ کہان کا جان کو میرے دھرا تھا
وہ ساعت کونسی تھی یا الٰہی ۔ کہ جس ساعت دوچار اس سے ہوا تھا
مین کاش اسوقت آنکھین موند لیتا ۔ کہ میرا دیکھنا مجھہ پر بلا تھا
و لے کیا آن تھی اللہ اللہ ۔ کہ جس غمزے سے چہاتی پر چڑھا تھا
وہ مجھہ کو ذبح کرتا تھا چھری سے ۔ مین اسکی تیز دستی تک رہا تھا
مین اپنے ہاتھہ اپنے دلکو کھویا ۔ خدا وندا مین کیون عاشق ہوا تھا
نہ تھا اسوقت جز اللہ کوئی ۔ و لے یہہ سوز پہلو مین کھڑا تھا

غزل عشق

یہہ کیا غضب ہے یہہ کیا ستم ہی کہ ہاے تنگ ہی یار آیا
ادھر وہ ساقی شراب لایا ادھر وہ ابر بہار آیا

مین اسکی تیغ نگہ کی برش کا کیا کرون اب بیان تمسے
کہ ایک پلمین ہزار ہمسے ستم رسیدہ وہ مار آیا

کسو کو جھڑکی کسو کو گالی کسو کو غصہ ہو مار بیٹھا
غضب ہوا یہہ جب اسکو یارو نشے کا اپنے خمار آیا

خدا سے اے ذرّہ تک مجھے بتا دے کیسے کریگا تو قتل ظالم
جو آج باندھے کٹار آیا جو آج باندھے کمر پر تلوار آیا

تیری محبت مین اتنے دن ہم لہو ہی رویا کئے پر یکدم
ہمارے رونے پہ تجھکو ظالم نہ رحم آیا نہ پیار آیا

مین دین و ایمان و جان و دل کو کرونگا یارو تصدق اسپر
اگر وہ رشک بہار آیا اگر وہ رشک بہار آیا

غزل پڑھو مین اب عشق ایسی ہر ایک مصرع ہو جسکا موزون
کہ اس غزل مین تو طبع اپنی سے کر مین ار وہ مدار آیا

## غزل مومن خان کی

مین نے تمکو دل دیا تم نے مجھے رسوا کیا
مین نے تمسے کیا کیا اور تم نے مجھسے کیا کیا

کشتۂ ناز بتان روز ازل سے ہون مجھے
جان کھونیکے لئے اللہ نے پیدا کیا

روز کہتا تھا کہین مرتا نہین ہم مر گئے
اب تو خوش ہو بیوفا تیرا ہی یہ کہنا کیا

سر سے شعلے اٹھتے ہین آنکھون سے دریا جاری ہے
شمع سے یہہ کس نے ذکر اس محفل آرا کا کیا

رو دیے کیا بخت خفتہ کو کہ آدھی رات سے
مین یہان رویا کیا اور وہ وہان سویا کیا

آتش الفت بجھا دی داغہاے رشک نے
مدعی کی گرمی صحبت نے دل ٹھنڈا کیا

آنکھ عاشق کی کوئی پھرتی ہے اے وعدہ خلاف
دیکھئے مین مرتے مرتے تو نے در دیکھا کیا

دشمنون مین بیوفا میری وفا کی دھوم ہے
بوالہوس سے کیون کہا تھا راز جو افشا کیا

کیا خلش تھی رات دلمین آرزوے قتل کی
ناخن شمشیر سے مین سینہ کھجلایا کیا

کیا خجل ہون اب علاج بیقراری کیا کرون
دھر دیا ہاتھ اسنے دل پر تو بھی دل دھڑکا کیا

نقد ایمان ہے ضد اسکی غارتگر دین کو بڑی
تجھسے اے مومن خدا سمجھے یہہ تو نے کیا کیا

## غزل ذوقی شاہ

نگر سے ناقۂ لیلی کو لے جب ساربان نکلا
نواے عشق سے مجنون کے غم کا کاروان نکلا

یہہ دل سے آہ گل سے رنگ بلبل سے فغان نکلا
چمن سے جمع ہو حسرت زدہ نکا کاروان نکلا

خبر کر دیجیو غماز خسرو سے کہ ای ناداں
یہاں فرہاد کا مرنا وہاں شیرین کا جان نکلا

توانائی نہ ایک ساعت نہ سیر ضعف مستی کی
حباب آسا جو ہمسا ایک چشم ناتوان نکلا

عصا موسیٰ کا بس ہی صوفی دجال مذہب کو
صنم خانے سے مہدی ہادی صاحب زبان نکلا

## غزل جرات

عزیزو کیا کہوں رونا میں اپنی چشم گریاں کا
بہین کتنے ہی دریا کر نچوڑوں پاٹ داماں کا

جنوں سے دیکھیو تب مرے حال پریشاں کا
قدمبوسی کو آیا چاک تا دامن گریباں کا

دل پر داغ کی حالت خرابی سے یہہ پہنچی ہے
نشاں رہجائے جوں باقی کسی اجڑے گلستاں کا

نہ آیا اس فلک کو اور کچھہ آیا تو یہہ آیا
گھٹانا وصل کی شب کا بڑھانا روز ہجراں کا

تنگ آئے ہیں ہم وحشی کہاں دل کھولکر روئیں
کہ وحشت پر ہمارے تنگ ہے عرصہ بیاباں کا

ہوا وہ خوش تو اب لوگوں نے اسکی یہہ بنا دی کی
نہ وہاں جاوے کوئی یہاں کا نہ یہاں آوے کوئی وہاں کا

کیا اس عشق کی وحشت نے کیا دیوانہ جرأت کو
عجب احوال دیکھا ہم نے کل اس خانہ ویران کا

## غزل لطیف

شکر اللہ کو جسنے کہ مسلمان کیا
دین احمد کا ہمیں تابع فرمان کیا

کونسا شکر کریں ہم تیرا ای رب شکور
تو نے امت پہ محمد کے جو احسان کیا

غیر عیسیٰ نہ کوئی حاوی انجیل ہوا
تو نے ہر فرد کو یہاں حافظ قرآن کیا

گرچہ ہی خلقت عالم میں سگ و خوک و شغال
میں نہ حیوان ہوا تو نے مجھے انسان کیا

جستجو رزق کی کرتا ہی عبث اے رازق
جتنے مرزوق ہیں تو نے انھیں مہمان کیا

جب نہ تھے دانت ہمیں آپ نے تب یا رزاق
خون مادر کے تئیں قوت رگ جان کیا

بندگی پر نہیں موقوف تیرا لطف لطیف
تو نے جب چاہا تو درویش کو سلطان کیا

## غزل میر تقی

ای دوست کوئی مجھسا رسوا نہ ہوا ہوگا — دشمن کے بھی دشمن پر ایسا نہ ہوا ہوگا
ٹک گور غریبان کی کر سیر کہ دنیا مین — ان ظلم رسیدون پر کیا کیا نہ ہوا ہوگا
آنکھون سے تیرے سیکھو ہی چشم کہ اب ہووے — جو فتنہ کہ دنیا مین برپا نہ ہوا ہوگا
صد نشتر مژگان خوبان سے نہ نکلا خون — آگے تجھے میرا سا سودا نہ ہوا ہوگا

## غزل شاہ ظفر علیہ الرحمہ

دیکھ مجھکو بت بے پیر نے منہہ پھیر لیا — آج مجھسے میری تقدیر نے منہہ پھیر لیا
عقل نے ہوش نے تقریر نے منہہ پھیر لیا — بس میری آہ سے تاثیر نے منہہ پھیر لیا
مین تو تڑپا بھی دم قتل نہین ای قاتل — کیا سبب جو تیری شمشیر نے منہہ پھیر لیا
اسکا نقشہ جو نہین چھاتی سے لگایا مین نے — کسمسا شرم سے تصویر نے منہہ پھیر لیا
ای ظفر چہرۂ تابان صنم دیکھتے ہی — مہ و خور سے فلک پیر نے منہہ پھیر لیا

## غزل ذوق

وہ کون ہی جو مجھپہ تاسف نہین کرتا — پر میرا جگر دیکھ کہ مین اف نہین کرتا
کیا قہر ہی وقفہ ہی ابھی آنیمین اسکے — اور دم میرا جانیمین توقف نہین کرتا
کچھہ اور گمان گذرے نہ دلمین ترے کافر — یاد اسلئے مین سورۂ یوسف نہین کرتا
پڑھتا نہین خط غیر مرا واہان کسی عنوان — جبتک کہ وہ مضمون مین تصرف نہین کرتا
دل فقر کی دولت سے میرا اتنا غنی ہی — دنیا کے زر و مال پہ مین تف نہین کرتا
تا دل نکرے صاف صفائی صاف سے ہو نے — کچھہ سود و صفا علم تصوف نہین کرتا
ای ذوق تکلف مین ہی تکلیف سراسر — آرام مین وہ ہی جو تکلف نہین کرتا

## غزل معروف

عشق سا کبھی آزار نہ دیکھا نہ سنا — اُس کا جیتا کوئی بیمار نہ دیکھا نہ سنا
تجھہ کو جس بزم مین زنہار نہ دیکھا نہ سنا — ناچ اور راگ وہان یار نہ دیکھا نہ سنا

ہمدم مومن نے کبھی رد کلام واعظ
اسکے جز مصحف رخسار نہ دیکھا نہ سنا

عشق کی راہ مین نقش قدم و شور جرس
گاہ ہم نے دم رفتار نہ دیکھا نہ سنا

نرگس و گل نے نہ اس باغ جہان مین بخدا
چشم اور گوش سے اے یار نہ دیکھا نہ سنا

چشم وا رہتی ہین اور گوش بر آواز قدم
عاشقون کو کبھی بیکار نہ دیکھا نہ سنا

یہہ غزل جسنے سنی دیکھکے بولا معروف
کہین اسمین نہین بیکار نہ دیکھا نہ سنا

## غزل رنگ

انس و جن کی تھی خلقت سب جہان آباد تھا
کوئی تھا اسوقت پر مین جب ترا دیوانہ تھا

ماسوا اللہ بن تھا کچھہ کام میری ذات کو
مین تھا اسمین وہ تھا مجھہ مین مرا ہی جا نہ تھا

آنکھ لاگی آپ سے پہ نام مجھہ ناحق کرے
اس کی کیا تقصیر کہنا دل مرا بیگانہ تھا

جو کیا مجھہ ساتھہ میرے دل نے سو مین کیا کہون
کچھہ کہا جاتا نہین دشمن میرا ہمخانہ تھا

مصرع سودا یہہ شاید رنگ کیا برجا ہوا
سنگ مین آتش نہ تھی جب شمع کا پروانہ تھا

## غزل ممنون

تجھے نقش ہستی مٹا یا تو دیکھا
جو پردہ تھا حایل اٹھا یا تو دیکھا

یہہ سب تیرے ہی حسن کا پرتو ہے
نہ دیکھا تجھے تیرا سا یا تو دیکھا

برا مانئے مت مرے دیکھنے سے
تمھین حق نے ایسا بنا یا تو دیکھا

نہون کیون کہ ممنون پیر مغان کا
یہہ عالم جو ساغر پلا یا تو دیکھا

## غزل انشا

اچھا جو خفا ہم سے ہو تو اے صنم اچھا
لو ہم بھی نہ بولینگے خدا کی قسم اچھا

مشغول کیا چاہئے اس دل کو کسی طور
لے لیوینگے ڈھونڈ اور کوئی یار ہم اچھا

گرمی نے کچھہ آگ اور ہی سینے مین لگائی
ہر طور غرض آپ سے ملنا ہی کم اچھا

اغیار سے کرتے ہو مرے سامنے باتین
مجھہ پر یہہ لگے کرنے نیا تم ستم اچھا

ہم معتکف خلوتِ بتخانہ ہیں اے شیخ
جاتا ہے تو جا تو بھی طواف حرم اچھا

جو شخص مقیم رہِ دلدار ہیں زاہد
فردوس لگے انکو نہ باغ ارم اچھا

کہکر گئے آتا ہوں کوئی دم میں میں ہم پاس
پھر دے چلے کل کی سی طرح مجھکو دم اچھا

اس ہستی موہوم سے میں تنگ ہوں انشا
واللہ کہ اس سے ہے بمراتب عدم اچھا

## غزل حسن

وہ جب تک کہ زلفیں سنوارا کیا
کھڑا اسپہ میں جان وارا کیا

ابھی دل کو لے کر گیا میرے آہ
وہ چلتا رہا میں پکارا کیا

قمارِ محبت میں بازی سدا
وہ جیتا کیا اور میں ہارا کیا

کیا قتل اور جان بخشی بھی کی
حسن اسنے احسان دو بارا کیا

## غزل ظفر

گلزار ہے داغوں سے یہاں تن بدن اپنا
کچھ خوف خزاں کا نہیں رکھتا چمن اپنا

اشکوں کے تسلسل نے چھپایا تن عریاں
یہہ آب رواں کا ہے بنا پیرہن اپنا

کسطرح بنے ایسے سے انصاف تو ہے شرط
یہہ وضع مری دیکھو وہ دیکھو چلن اپنا

انکار نہیں آپکے گھر چلنے سے مجھکو
میں چلنے کو موجود ہوں چھوڑو چلن اپنا

مسکن کا پتا خانہ بدوشوں سے نہ پوچھو
جس جا پہ کہ بس گر رہے وہ ہے وطن اپنا

## غزل میر

ہر گھڑی رہتا ہے مجھکو ڈر تیری تلوار کا
روز ہوتا ہے تصدق جسپہ سر دو چار کا

ہاتھ بھی اسکو لگاتا ہے کوئی اب یا نصیب
دن بدن احوال بدتر ہے ترے بیمار کا

موتیوں کا ہار تو پہنا کرے تو ہے سدا
دیکھ یہاں آکر تماشا آنسوؤں کے تار کا

دیکھ کر صورت مری حسرت زدہ اے دوستو
یک تحیر کا سا عالم ہے در و دیوار کا

اشک کے بدلے لہو آنکھوں سے آتا ہے مرے
روتے روتے حال ہے یہہ دیدۂ خونبار کا

## غزل انشا

ہی بندھا مہ کے تار کا جھولا — کیون لئے چھوٹے یار کا جھولا
ہوگی کسدن کو قطرہ افشانی — منتظر ہے بہار کا جھولا
گا نہ ای مطرب آکے ہی مشتاق — مینھہ کا اور ملار کا جھولا
ای صبا باغ مین جھولا یا کر — تو میرے گلعذار کا جھولا
رونق افزائے عکس سے تیرے — نہر اور آبشار کا جھولا
تیرے ہاتھون مین یہہ کہین نگڑے — رسن تابدار کا جھولا
تجھسے نازک ہے چاہیئے گو ہو — صرف پھولونکے ہار کا جھولا
نگہت گل کے جھولنے کیلئے — ہی نسیم بہار کا جھولا
چاہیئے طفل اشک کو انشا — مژۂ قطرہ بار کا جھولا

## غزل حضرت عشق

لیا جو ایک مین بوسہ تو کیا ای یار ہوا — خفا ہو تیرے صدقے گیا نثار ہوا
جنون ضرور ہی اب مجھسے دست برداری — کہ ایک جیب رہا تھا سو تار تار ہوا
تمام قصۂ غم تجھکو مین سناؤن گا — کبھو جو ٹک دل بیتاب کو قرار ہوا
تیری گلی سے تو رہتا لگا ہوا گلرو — مجھے یہہ غم ہی کہ پھولونکا کیون نہ ہار ہوا
اب ایک بوسکے دینے پہ منہہ بناتے ہو — ادھر تو دیکھو وہ کیا رات کا قرار ہوا
ہمارے سینے پہ داغون سے ہے وہ گلکاری — کہ داغ داغ جسے دیکھہ لالہ زار ہوا
مین تیرے عشق مین صبر و قرار کھو بیٹھا — ہزار حیف تو جسپر نہ دوستدار ہوا

## غزل عاجز

سجن کا آنا — سجن کا جانا — سجن کا مڑھنا — سجن کا ہنسنا
بہار گلشن — نپٹ قیامت — غضب خدا کا — گل کا کھلنا

سجن کی انکھین | سجن کی پلکھین
سدا ہین کیفی | سدا ہین برچھی
تیری کمر کو | تیرے دہن کو
وہم سا سمجھا | عدم ہو دیکھا
سخن ورو نمین | قلندرو مین
مین ہون سخن ور | مین ہون قلندر
میری رباعی | میرا مخمس
ہی ربع مسکون | ہی غم کا پنجہ

سجن کی زلفین | سجن کی باتین
سدا ہین خونی | سدا ہین برچھا
تیرے لبونکو | تیرے سخن کو
عقیق پایا | مین خوب سمجھا
مدبرون مین | جنونتون مین
مین ہون سیانا | مین ہون دیوانا
میرا تخلص | خیال میرا
ہی زور عاجز | ہی نقش دریا

## غزل اثیم

پھر ہمارے آہ و نالہ مین اثر پیدا ہوا
پھر نہال سرو سے گویا ثمر پیدا ہوا

پھر کسیکے کان کے موتی ہمین یاد آگئے
پھر ہمارا اشک مانند گہر پیدا ہوا

بن کے اختر آسمان پر جلوہ آرا ہو گیا
سینۂ سوزان سے میرے جو شرر پیدا ہوا

ہو گا دل مایل کسی کے صندلی پوشاک پر
بے طرح پھر اندنون کچھ درد سر پیدا ہوا

بے پری مین بھاگتا تھا دیکھکر صیاد کو
طایر دل پھنس گیا جب بال و پر پیدا ہوا

پھر در دندان کان آنکھون مین عکس آنے لگا
قطرۂ اشکون سے پھر سلک گہر پیدا ہوا

سرو نے دعوی تیرے قد سے کیا کیا ہل ملا
گلشن ہستی مین آخر بے ثمر پیدا ہوا

کان لگنے کو اثیم اب اس در نایاب کے
اندنون پھر اک رقیب بد گہر پیدا ہوا

## غزل سوم

کچھ قید سے دل ہو کر آزاد بہت رویا
لذت کو اسیری کے کر یاد بہت رویا

تصویر تیری کچھ بن مانی نے جو کھینچی تھی
انداز سمجھ اُس کا بہزاد بہت رویا

نالے نے تیرے بلبل ہم چشم نکی گل کی
فریاد مری سنکر صیاد بہت رویا

یہانتک مری مشہد سے ہی تشنہ لبی پیدا | اس طرف جو ہو گذرا جلاد بہت رُویا
جو پڑین پڑی ہتی ہین جا دیکھ گلستان مین | تجھ قد سے خجل ہو کر شمشاد بہت رویا
آئینہ جو پانی مین ہی غرق یہہ کیا باعث | تجھ سنگدلی آگے فولاد بہت رویا
سودا سے مین یہہ پوچھا دل مین بھی کسیکو دن | وہ کر کے بیان اپنا روداد بہت رُویا

## غزل احسان

کہینگی خاک تو پیغام ای صبا میرا | ہوائے یار مین دم ہی ہوا ہوا میرا
جو مرہی جاؤن نہ کیجو مری وفات کا ذکر | وفا کے نام سے چڑتا ہی بیوفا میرا
غم دو کون کھلایا تو کیا ہوا ای عشق | ذرا تو اور کہ پورا ہو ناشتا میرا
یہہ سیل گریہ ہی ہرگز نہ ہوگی بند سے بند | بکا جو ناصح تو دوگنا ہ بکا میرا
جو بوسہ دیجے مزیکا مزا بدل جاوے | کہ اندنون مین بہت منہہ ہی بیمزا میرا
اندہیری رات کو مین روز عیش سمجھا تھا | چراغ تو جلایا تو دل بجھا میرا
کہین نہو خفگی تیرے دلمین فکر ہی یہہ | کہ خود بخود ہی کچھ اسوقت جی خفا میرا
دوچند حسن تیرا فرط خشم سے چمکا | بگڑگے کام سن ای مہ سنور گیا میرا
نہ درد سر دو دوا سے مدام بیدرد و | دوا پذیر نہین درد بیدوا میرا
تمہارے زلف کا شامت زدہ ہے یکو سودا | بلائے عشق مین دل ناگہان پھنسا میرا
نہ کیونکہ رؤن کہ ہی حال جانکنی مین آہ | رفیق میرا جگر میرا لاڈلا میرا
کسی نے پوچھا کہ احسان غلام کسکا ہی | لبون پہ لاکے تبسم کو یہہ کہا میرا

## غزل حضرت سلیمی

اسقدر وہ حسن مین اب فخر مہ پر لیچلا | بدر بھی داغ غلامی یا صبیہ پر لیچلا
بال اس ماہ نے موتی پروئے جسگھڑی | ہر سرمو فخر سیلا چاردہ پر لیچلا
اس چمن کی سیر کو آئے جو ہم سو مثل گل | پارۂ دل ہر سر نوک مژہ پر لیچلا

چولیا

جو گیا تھا چور ہو گل صید آئے قاتل تیرا
شوق تیرا پھر اسے اب قتل گہ پر لیچلا

توسن طبع رسا کو بھی سلیمی شاعرو
جون صبا کیا اس زمین و قافیہ پر لیچلا

## غزل خواجہ میر درد علیہ الرحمہ

دنیا مین کون کون نہ یکبار ہو گیا
پھر منہہ کو اس طرف نہ کیا اسنے جو گیا

پھرتی ہے میری خاک صبا در بدر لئے
اے چشم اشکبار یہہ کیا تجھہ کو ہو گیا

آگاہ اس جہان مین نہین غیر بیخود ان
جاگا وہی ادھر سے جو مونداآنکھہ سو گیا

طوفان نوح نے تو ڈبائی زمین فقط
مین ننگ خلق ساری خدائی ڈبو گیا

برہم نہو کہین گل و بلبل کی راستی
ڈرتا ہون آج باغ مین وہ تند خو گیا

واعظ کسے ڈراتا ہے یوم الحساب سے
گریان میرا تو نامہ اعمال دہو گیا

پھولینگی اس زبان مین گلزار معرفت
یہان بھی زمین شعر مین یہہ تخم بو گیا

آیا نہ اعتدال پہ ہرگز مزاج دہر
دی گرچہ گرم و سرد زمانہ سمو گیا

اے درد جسکی آنکھہ کھلی اس جہان مین
شبنم کی طرح جان کو اپنے وہ رو گیا

## غزل ناسخ

سمجھہ کے حسن نہ مجھی کو جہان سے پاک کیا
ہزار طور کو اسنے جلا کے خاک کیا

ہوئی جو صبح شب وصل جان ڈوب گئی
قضا نے چشمہ خورشید کو ہلاک کیا

گلہ نہ یار کا باقی رہا نہ شکوۂ غیر
اجل نے خوب مرے مجھلے کو پاک کیا

عوض شراب کے انگور سے لہو ٹپکا
جو بعد مرگ مجھے دفن زیر تاک کیا

نہ خط جادہ سمجھہ اسکو مین نے وحشت مین
برنگ جیب یہہ دامان دوست چاک کیا

تیرے جلانیکو اے سنگدل صنم ہمنے
ایک اور صاعقہ مسطور سے تپاک کیا

خبر کلال کو سرگشتگی کی تھی ناسخ
جو میری خاک سے تیار اسنے خاک کیا

## غزل سودا

ٹوٹے تیری نگہ سے اگر دل حباب کا
پانی بھی پھر پئین تو مزا ہی شراب کا

دوزخ مجھے قبول ہی ای منکر و نکیر
لیکن نہین دماغ سوال و جواب کا

زاہد سبھی ہی نعمت حق جو ہی اکل و شرب
لیکن عجب مزا ہی شراب و کباب کا

غافل غضب سے ہو کے کرم پر نظر نہ رکھ
پر ہی شرار برق سے دامن سحاب کا

قطرہ اگر اتھا جو کہ مرے اشک گرم سے
دریا مین ہی ہنوز پھپھولا حباب کا

ای برق کس طرح سے مین حیران ہون تجھہ کنے
نقشہ ہے ٹھیک دکے مرے اضطراب کا

سودا نگاہ دیدۂ تحقیق کے حضور
جلوہ ہر ایک ذرہ مین ہی آفتاب کا

## غزل آتش

ہر حال مین ہی اپنے مرا یار دلفریب
گفتار دلفریب ہی رفتار دلفریب

مژگان کی طرح گرد ہون دیکھین اگر طبیب
آتی تو ہی وہ نرگس بیمار دلفریب

مژگان و چشم یار کی تعریف کیا کرون
جانکاہ جان خراش دل آزار دلفریب

انداز حسن یار مین ایک ایک خوشنما
رکھتا ہی ہر شگوفہ یہہ گلزار دلفریب

مشتاق زخم کے رہین ای ترک کشتنی
ابرو سے تیرے ہو تیری تلوار دلفریب

دیوانہ گرد رہتے ہین گھر مین ہین یار کے
چشم پری سے روزن دیوار دلفریب

دنیا مین آکے جی نہین جانے کو چاہتا
دلکش ہر ایک دکان ہی بازار دلفریب

سودائے عشق کے لئے ہی خوش جمال شرط
یہہ جنس چاہتی ہی خریدار دلفریب

عالم مین مجھ کو قاتل خوشرو کی ہی تلاش
جلاد ڈھونڈھتا ہی گنہگار دلفریب

دیوان حسن مین سے ہے یک بیت انتخاب
کیونکر نہو وہ ابروئے خمدار دلفریب

اس گل نے گوش دل سے سنا ایکدن نہ حیف
آتش یہہ کیسے ہین تیرے اشعار دلفریب

## غزل سودا

کھولی گرہ جو غنچے کی تو نے تو کیا عجب
یہہ دل کھلے جو تجھہ سے تو ہوای صبا عجب

گل داد عندلیب کو بھیجا تو کیا ہوا / فریاد کو میری ہی تیرا بھیجنا عجب
اسلام چھوڑ ہمنے کیا کفر اختیار / تو بھی وہ بت نہ رام ہوا اے خدا عجب
بیگانہ وار آکے نہ پوچھا کبھی ہمین / تم بھی تو ہو کوئی میری جان آشنا عجب
کی سیر ملک ملک کی سودا نے بھی ولے / ای شیخ میکدے کی ہی آب و ہوا عجب

## غزل سودا

نالہ سینے سے کرے عزم سفر آخر شب / راہ رو چلنے پہ باندھے ہے کمر آخر شب
سانس ٹھنڈی سی کسی مایوس کی ہی ورنہ نسیم / کر سکے ہی تیرے کوچے مین گذر آخر شب
مژدۂ وصل تیرا یار مجھے یون بھیجا / جون مہ عید کے صایم کو خبر آخر شب
دوست ہرچند ہمارا ہی موذن لیکن / دشمن خواب ہی جون مرغ سحر آخر شب
اس قدر شیفتہ ہی شکل کا اپنی کہ سدا / آئینہ ہاتھ مین مشرق کو نظر آخر شب
انتہا عیش جہان کی جو تو دیکھا چاہے / بزم مستان پہ نظر غور سے کر آخر شب
صورت ماہ شب بیست و پنجم سودا / کچھ ڈھلا جلوے سے آیا وہ نظر آخر شب

## غزل سوز

ہمارے پاس بھی گاہے بگاہے آئیے صاحب / نہین کچھ راہ ملنے کی مجھے بتلائیے صاحب
کسی کے لینے دینے مین نہین کو ہمین بیٹھے ہین / تمھارا غم ستاتا ہی اسے سمجھائیے صاحب
پڑے بیٹھے دکھے جیتے سو تو اسکو لیچکے اب کیا / اگر یہہ جان بھی درکار ہی ستائیے صاحب
یہہ لیجئے جان بھی اللہ اکبر ہم ہوئے رخصت / تمھارا کام پورا ہو چکا اب جائیے صاحب
قیامت تک رہیگی کہنے سننے کو وفا تیری / گھر سے رہکر بھلا اس سوز کو گر دیجئے صاحب

## غزل تابان

متکر فغان تو باغ مین رہنا عندلیب / صیاد ہو مبادا خبردار عندلیب
سیر چمن کو چھوڑ مرے گلبدن کو دیکھ / تو کس بلا مین ہیگی گرفتار عندلیب

آتا ہے رحم مجھکو کہ گلچین کے ہاتھ سے
تو کھینچتی ہے تخت پہ آزار عندلیب

تنہا تو ہی خراب نہین گلرخون کے ہاتھ
تابان بھی ہے اسیطرح سن خوار عندلیب

## غزل نور

کہتے ہین تو تو کسیکو صنم عجیب و غریب
وہ بولے ہے تو بھی خدا کی قسم عجیب و غریب

ہلال عید مین ہے خم یہہ غیرت خورشید
یہہ تیغ ہے تیری ابرو کا خم عجیب و غریب

جفائے چشم مین ہو جسکو مہربانی عین
نہووے کیونکہ پھر اسکا ستم عجیب و غریب

بیاض کیون نہ جلے میرے سوز نالے سے
مین نور سوز کرون ہون رقم عجیب و غریب

## غزل

دربان نے وہان بند رکھے پٹ تمام شب
یہان سر تھا اور تھی تیری چوکھٹ تمام شب

خانہ خراب جب سے زلفون مین تیرے دل
روح اپنی گھٹ سے رہتی ہے پرگھٹ تمام شب

چھاتی پہ مثل مار سیہ لوٹتی رہی
اس زلف عنبرین کی ہر لٹ تمام شب

محفل مین ڈر کے ضبط سے ساقی کے روبرو
آنسو پیا کیا جو مین غٹ غٹ تمام شب

قطرے سے تھے یا تھے ریزہ الماس جیسے یہ آہ
لخت جگر بہا کئے کٹ کٹ تمام شب

پلک سے لگنے بھی دیا نہ مجھے عزم وصل مین
مچلا ہون سے اسنے کہا ہٹ تمام شب

## غزل میر

کیسی مسجد کیسے میخانے کہانکے شیخ و شاب
ایک گردش مین تیری چشم سیہ کے سب خراب

تو کہان اسکی کمر کیدھر نہ کر یو اضطراب
ای رگ گل دیکھیے کھائی ہے جو تو پیچ و تاب

موند رکھنا چشم کا ہستی مین عین دید ہے
کچھ نہین آتا نظر جب آنکھ کھولے ہے حباب

تو ہوا ور دنیا ہو ساقی مین ہون مستی مدام
پر بط صہبا نکالے اڑ چلے رنگ شراب

ہے ملامت تیرے باعث شور پر تجھسے نمک
ٹک تو رہ پیری چلی آتی ہے ای عہد شباب

کب بھی یہہ بے جرائی شایان آہوئے حرم
ذبح ہوتا تیغ سے یا آگ مین ہوتے کباب

کیا ہو رنگ رفتہ کیا قاصد ہو جسکو خط دیا — جز جواب صاف اسے کب کوئی لایا جواب
وائے اس جینے پر ای مستی وو دور چرخ نے — جام مے پر گردش آوے اور میخانہ خراب
چوب حرفی بن الف بے تا نہین پہچانتا — ہون مین ابجد خوان تنہا سائی کا مجھے کیا حساب
مت ڈھلک مژگان اتہو ای سرشک آبدار — منفعت مین جانی رہیگی تیری ہوتی کیسی آب
کچھ نہین بحر جہان کی موج پر مت بھول میر — دور سے دریا نظر آتا ہے لیکن ہے سراب

## غزل سراج

یا الٰہی گر نظر آوے میرا محبوب خوب — ہوش کے لشکر کو گر وا گر کرے مغلوب خوب
بلبل گلشن غزل خوان ہے فراق گل ستی — کر ملین آپس مین دو نو طالب و مطلوب خوب
از رہ غم گر چلے سر پر مثال زکریا — یار کے جور و جفا پر صبر جون ایوب خوب
آزمایا ہون کہ درد سر ہے فکر دنیوی — سب سے بے پروا ہوا ہے عالم مجذوب خوب
دلکو سیپارہ کو ہیکل کر رکھے ہین برمن ہم — جدول زخم جفا سے ہے اسے اسلوب خوب
سبزۂ خط خوشنما ہے تجھ لبون کے آس پاس — جونکہ پانی کے کنارے پر لگے ہے دوب خوب
[illegible] مصری کب آویگا میرے پاس اے سراج — از سر نو ہووے نور دیدۂ یعقوب خوب

## غزل فاضل

اس خوبرو کے آگے اگر آئے آفتاب — خجلت سے پھر زمین مین سما جائے آفتاب
گر وقت شام اس مہ تابان کو دیکھ لے — تا صبح پیچ و تاب پڑا کھائے آفتاب
اس شمع رو کے روبرو کب تاب لا سکے — سو سو طرح سے بن کے اگر آئے آفتاب
کب سرخ رو ہو روبرو اس سرخ رنگ کے — رنگ شفق ہزار بنا لائے آفتاب
اس مہ جبین کے جلوۂ پر نور کو اگر — ذرہ بھی دیکھ لیوے تو گھبرائے آفتاب
فاضل تو اسکی آتش ہجران سے جل بجھا — ڈرتا ہون اسطرح سے نہ جل جائے آفتاب

## غزل آتش

روشنی اس رخ کی کر جاتی ہی کار آفتاب
حسن نے پیدا کیا ہی اعتبار آفتاب

سامنا اس آتشین رخسار کا اندھیر ہی
رات بھر رہتی ہین آنکھین انتظار آفتاب

ہجر کی شب مین زبس ہی اشتیاق روز صبا
ہم کیے رکھتے ہین آگے اختیار آفتاب

نقش کس دل مین نہین رخسار روشن کا ترے
کو نسا گھر ہی نہین جسمین گذار آفتاب

منہہ ملاتا ہی تمھارے چہرۂ پرنور سے
کیجیے اپنی کف پا کو دوچار آفتاب

حسن مخلوقات سے اشرف جمال یار ہے
بیحساب ان عارضون مین ہی شمار آفتاب

یہہ دعا کرتے ہین اس رخکو ترقی خواہ حسن
روشنی طور دے پروردگار آفتاب

کیف مے سے سرخ جو وہ چہرۂ روشن ہوا
ہم بہار باغ لوٹے ہم بہار آفتاب

خانۂ دل مین جگہہ دیجے خیال یار کو
دیکھیے برج شرف مین اقتدار آفتاب

دم فنا اس روے روشن کے نظارے سے کیا
طایر جان ہو گیا اپنا شکار آفتاب

روتے روتے پہلوے گل مین گذر جاتی ہی رات
یاد آتا ہی جو شبنم کو کنار آفتاب

پانوٴن تیرے اسمین اے محبوب ہم دھویا کرین
ہاتھ آجاے جو طشت زرنگار آفتاب

صبح محشر کا ہی آنکھونکو انھونکے اشتیاق
ہجر کی شب مین ہین جو امیدوار آفتاب

غور رہتے ہین تصور سے شب سرما مین گرم
روے روشن یار کا ہی یادگار آفتاب

مر گئے پر بھی نہ بھولیگا رخ زیباے یار
ذرے اپنی خاک کے ہونگے نثار آفتاب

دل جلا ہی گرمیون سے اسلیے بے یار اب
بھاگ جاؤن وہان نہو جسجا گذار آفتاب

روے یار اپنی طرف سے پھرنے دی آتش نہین
ہو جو ہاتھ اپنے عنان اختیار آفتاب

## غزل شادان

بہار آئی ہی اب دلمین ہی ہوس شراب
صنم کے ساتھ مزا ہی نہین سواے شراب

عجب مزا ہی کہ اُسنے قبول کر کے لیا
جو اپنے ہاتھون سے ہم نے دیا اسے پلاے شراب

سبو سبو جو یہہ چاہتا ہے دل ہو پینگے
بہار عیش مین ساقی اگر لے آئے شراب

جو اس کی لذت مین آتی ہی یاد دلبر کی
تو صاف کہتا ہی ساقی نہین بہائے شراب

کہان شراب حقیقی مین درد رہتی ہی
نہین ہی درد یہان دیکھ اب صفائے شراب

نہین سماتے ہین پھولے ہوئے جو شادان ہم
گلاب پیتے ہین اس گل سے ہم بجائے شراب

## غزل ناسخ

گر دہان تنگ تیرا دیکھ پائے عندلیب
غنچہ و گل سے چمن مین تنگ آ جائے عندلیب

گر تیرے دست حنائی دیکھ پائے عندلیب
شاخ گل کو آہ سوزان سے جلائے عندلیب

پیرہن کے مین نے کیا پرزے کئے تو بھی وہ گل
نوچکر سب بال و پر اپنے اڑائے عندلیب

ذبح کر اس غیرت گلشن پہ مجھ کو وار کر
بس یہی صیاد سے ہی التجائے عندلیب

عاشقونکی قدر معشوقون سے ہوتی ہی سوا
دیکھ لو گل سے زیادہ ہے بہائے عندلیب

شمع کے شعلے کو گر تشبیہ دون گلگیر سے
بزم مین گلگیر سے نکلے صدائے عندلیب

کب قفس مین صحن گلشن یاد آتا ہی اسے
عارض صیاد ہی حاجت روائے عندلیب

جام مے لبریز ہین ساقی فقط مطرب نہین
گل کھلے ہین باغ مین خالی ہی جائے عندلیب

جائے گل دیکھون الہی منہہ اسی محبوب کا
ہی یہی ہر صبح گلشن مین دعائے عندلیب

نقش پا تیرا جو ہی یک گل ہی وہ اے خوش خرام
ہر صدائے پا ہی رشک نغمہائے عندلیب

موسم گل ہو چکا آئی خزان مرجائینگے
کھینچ گلشن مین شبیہ اپنی برائے عندلیب

نالہ موزون یہہ کہتے ہین بآواز بلند
آج ہم باطل کرینگے دعوہائے عندلیب

بعد مردن اڑتے پھرتے ہین چمن مین بال و پر
عشق گل مین دیکھ اے ناسخ وفائے عندلیب

## غزل ذوق

پی بھی جا ذوق نہ کر پیش و پس جام شراب
لب پہ توبہ تیرے دل مین ہوس جام شراب

باز گشت اپنی ہی یون جانب قسام ازل
جیسے ساقی کے طرف باز پس جام شراب

جوش مستی ہی عجب قافلہ جسمین کہ نہین
نہ شکست ایک صدائے جرس جام شراب

محتسب شعلۂ آواز سے جل جاوے گا — گرچہ تو ناد ل آتش نفس جام شراب

رات میخانہ مین ساقی جو نشے مین بہکا — خس کے شیشے کو لگا کہنے خس جام شراب

مرغ دل نرگس میگون کے ہی مژگان مین اسیر — تازہ مضمون ہی جو باندھون نفس جام شراب

دل شکستہ ہو نہین وہ ٹوٹے کے ہو شیشہ ٹکڑے — نام لکھدے جو کوئی میرا پس جام شراب

ساقی اس دور مین کب آنکھ چرا سکتا ہے — رات بھر گشت کرے ہے عسس جام شراب

نوش دارو سے بھی بہتر ہی دم ذبح خمار — ساقیا شربت فریاد رس جام شراب

بیخبر قافلۂ عیش گذر جاتا ہے — بے زبان ہی جو دہان جرس جام شراب

ابلق چشم سیہ مست کو تیرے دیکھا — ورنہ اشک تو ترستا فرس جام شراب

نخل مینا سے خدا جانے کہ ساقی کبکو — پہلے پہنچائے ثمر پیش رس جام شراب

بادۂ صاف مین آیا ہی کہان سے رتن کا — عکس مژگان تیرا مکس ہی خس جام شراب

مجھکو اس بوسۂ دندان پس از بوسۂ لب — نقل نمکین ہی دلی چند پس جام شراب

ذوق جلدی کی گلرنگ سے ہی ساغر گل — لب نازک کو ہی اسکے ہوس جام شراب

## غزل سلیمی

ای مرے رشک قمر ناز سے آنا کیا خوب — دل عشاق کو غمزہ مین لبھانا کیا خوب

تونے بیگانہ سمجھ مجھکو بٹھایا ہے دور — اپنی خلوت مین رقیبونکا بلانا کیا خوب

دام کاکل مین مرا دل تو ہوا ہی نخچیر — تسپہ ای رشک پری مجھکو ستانا کیا خوب

شکل پروانہ کے اس دلکو جلاتا ہون سدا — شمع رو تیرے لئے جان کا جانا کیا خوب

جا بنا یان کا مسی کی دھڑی پر آفت — لعل لب کھولکے انتونکا دکھانا کیا خوب

ناگنی زلف کی جب مانگ نکالو ہو صنم — دل زخمی کا مرے شانہ بنانا کیا خوب

اس سلیمی کو صنم مہر و وفا سے ہر دم — رات بھر اپنے چھپر کھٹ پہ سلانا کیا خوب

## غزل ناسخ

ہی

ہی مری مستی کو عشقِ ساقیِ کوثر شراب<br>راتدن پیتا ہون مین بے شیشہ و پیمانہ شراب

ہی تصور کسکی چشمِ مست کا جو اندنون<br>جائے اشک آنکھون سے جاری ہوتی ہی اکثر شراب

ہی دلِ مجروح کی ہی چشمِ میگون پر شفا<br>کام مرہم کا کرے کیونکر نہ زخمونپر شراب

گرچہ ہون میکش پہ ای زاہد نہ کر غیبت مری<br>گوشت کھانیسے برادر کے تو ہی بہتر شراب

کانپتے ہین اہلِ عصیان وحشتِ تقدیر سے<br>رعشہ دار انسان کو کردیتی ہی اکثر شراب

گرمیِ خورشیدِ محشر سے نہ کیجیے تاگریز<br>اسلیئے کرتا ہی واعظ مجھکو دمِ تر شراب

لذتِ عشرت ہوئی بے تلخکامی کب حصول<br>ذائقے مین دیکھہ تو رکھتی ہی تلخی تر شراب

میکشی سے زاہدونکو اسلیئے انکار ہی<br>تا نہ ان بدطینتونکے کھولدے جوہر شراب

ہین جو عالی ہمت انکو میکشی سے عشق ہی<br>آدمی کے عرش پرواز یکو ہی شہپر شراب

ہون نجس ہرچند لیکن پاک کردیگا وہی<br>جسکی نزدیکی سے ناسخ ہوتی ہی اطہر شراب

۳ خون نظر آتا ہی صاف اسکے تنِ نازک سے یون<br>جسطرح مینای بلورین مین ہو احمر شراب

## غزل سودا

گرچہ ہو زیرِ فلک نالہ شبگیر نصیب<br>پر اسے کیا کرون یارو نہین تاثیر نصیب

جبتک اسکو ہی تیری زلف گرہگیر سے کام<br>کس قدر یہہ دلِ دیوانہ ہی زنجیر نصیب

ٹوٹے دلکو نہ بناتے مین کسیکو دیکھا<br>ظاہرا دہر مین یہہ گھر نہین تعمیر نصیب

جرم گو غیر کرے تو بھی معاتب ہون مین<br>بیگنہ مجھسا کوئی دیکھا ہی تعذیر نصیب

کوئی تو کشتۂ ابرو ہی کوئی مژگان کا<br>تیغ قسمت مین کسی کے ہی کوئی تیر نصیب

کیمیا خاک درِ شاہ نجف ہی سودا<br>حق تعالی کرے اسطرح کی اکسیر نصیب

## غزل شاہ ظفر

کیا ہوا مجھسے کشیدہ وہ ہے گر آپ سے آپ<br>کششِ دل اسے کھینچیگی ادھر آپ سے آپ

اس دلِ آزار کا کیا جانے ہی کیا خوف مجھے<br>دل دھڑکتا ہی مرا دو دو پہر آپ سے آپ

ہی ابھی رات کہان جاؤ ہے ای ماہ لقا<br>بول اٹھا ہی یہہ یونہین مرغِ سحر آپ سے آپ

بخت برگشتہ جو ہو جائینگے میرے سیدھے — وہ چلے آئینگے سیدھے مرے گھر آپ سے آپ

گل بھی دیوانے ہین تیرے کہ جو آتی ہی بہار — ٹکڑے کرڈالتے ہین جیب و جگر آپ سے آپ

آتش شوق سے اڑتا ہی برنگ سیماب — لگ گئے ہین دل بیتاب کو پر آپ سے آپ

دل سے ہی راہ اگر دل کو تو ہو جاویگی — بیخبر تجھہ کو محبت کی خبر آپ سے آپ

جبکہ ہو جاویگا اس زلف سے دلکا سودا — ہمپہ کھل جائیگا اب سود و ضرر آپ سے آپ

دلکے آئینے کو تو صاف تو کر دیکھہ ذرا — اسکی صورت تجھے آویگی نظر آپ سے آپ

ای پری وش تیری آنکھین وہ بلا ہین جنکو — دیکھہ کر ہوتا ہی دیوانہ بشر آپ سے آپ

فکر و تدبیر سے کیا ہوگا کہ جو ہوتا ہی — ہو رہیگا تیری قسمت کا ظفر آپ سے آپ

## غزل ناسخ

تیرے کوچہ مین کھڑا رہتا ہون کب یار چپ — رات دن جس شکل سے ہو صورت دیوار چپ

کاروان شہر خاموشون کے ہین ہمسر خدنگ — اسلئے رہتے ہین ای قاتل لب سوفار چپ

قیمت اس شیرین زبانی سے بیان یوسف نے کی — رہگیا حیرت سے سارے مصر کا بازار چپ

خامش ہوتے ہین کمال عشق مین اسرار عشق — جوش مستی مین نہین ممکن کہ ہون میخوار چپ

ہین یہہ بت واللہ بیدرد انکو ہی کسکا خیال — سمجھین صحت مرکے ہو جاوے اگر بیمار چپ

تیرے کوچہ مین جو کرتا ہون فغان معذور ہون — کسطرح گلزار مین ہو بلبل گلزار چپ

ہی قیامت صحبت ارباب غفلت کا اثر — پاس سوتا ہی جو کوئی رہتے ہین بیدار چپ

خواب مین بھی یار کے شکویگا گر آیا خیال — بول اٹھا پاس ادب ہان ای لب اظہار چپ

روندنیوالے نہ ہرگز درد سے ہون نعرہ زن — صبر سے گر پائمالی مین نہو ہر خار چپ

خوش کلامی اسکی ہو جس بزم مین حیرت فزا — ہون دہن انسان کے مثل روزن دیوار چپ

کیون نہین دیتا کسیکو تو جواب ای سنگدل — سنکے جب آواز کو رہتے نہین کہسار چپ

لال ہوتی ہین زبانین ناسخ اپنے سامنے — بغض سے دشمن رہین بس سنکے یہہ اشعار چپ

## غزل آتش

بل کھا سکے نہ صورت گیسوئے یار سانپ
توڑے سے مروڑ کے اپنے بدن کو ہزار سانپ

احول کی آنکھ سے ہو نہین سودائی دیکھتا
دو زلفین یار کی نظر آتی ہین چار سانپ

کیونکر نہ پھاڑ پھاڑ کے پھینکو نہین پیرہن
سودائے زلف یار مین ہے تار تار سانپ

افشان چھڑک کے یار نے زلف سیاہ پر
دکھلا دیا وہ سنتے تھے جو مالدار سانپ

موذی بھی متفق اثر حسن سے ہوئے
کرتے ہین گنج یار کے اوپر نثار سانپ

ہر عقدہ گانٹھ زہر کی موذی ہے بال بال
کاکل ہے ایک یار کی کالے ہزار سانپ

اس زلف مین ہے جیسے مراد اغدار دل
طاؤس کو سمجھتے ہین اپنا شکار سانپ

سودائے زلف مین ہے جو کچھ حال کیا کہون
رہتا ہے رات دن مرے سر پر سوار سانپ

روئے صبیح پر نہین لہرا رہی وہ زلف
بو پا کے یاسمین کی ہے بے اختیار سانپ

موذی کو چاہتا ہے قوی آسمان دون
یوحا بنایا کرتا ہے یہہ بد شعار سانپ

آتش یہہ شاعرونکا فقط اختراع ہے
رخسار گنج ہین نہ تو گیسوئے یار سانپ

## غزل انشا

پھرا جو آنکھ مین اس زلف عنبرین کا سانپ
کہ موج اشک ہوا اپنی آستین کا سانپ

کھجوری چوٹی یہہ کسکی تھی جسکے دھوکے مین
جگر کو کاٹ گیا شوخ یاسمین کا سانپ

لٹا سکے بالونکی غصے مین تا جبین پر دیکھ
نہ ایسا ہو ویگا صحرائے ملک چین کا سانپ

مگر دو زلف مددگار چشم تھے کہ مرے
ڈسے ہے دل نگہ سحر آفرین کا سانپ

عمامہ والون سے اے دل تو بچکے نکلا کر
کہ ہے یہہ شملۂ زاہد راہ دین کا سانپ

شب فراق تو یک ہی تھی اژدہا تمثال
کہ تھا خیال مین اس جعد عنبرین کا سانپ

صباح کفچۂ زرین آفتاب کو دیکھ
کہا یہہ مین نے یہہ کافر نہین زمین کا سانپ

نگل ہی لینے کو نکلا ہے غار مشرق سے
وہ پھن نکالے ہوئے چرخ چارمین کا سانپ

عصائے حضرت موسیٰ ہوا ہے اے آتش
کبھی کہیں جو کرے قصد میرے گیسو کا سانپ

## غزل آتش

دکھلاتی ہے رنگینی رخسار عجب روپ
رکھتا ہے تیرے حسن کا گلزار عجب روپ

کہتا ہے گل و لالہ کوئی کوئی مہ و مہر
لایا ہے تیرا جلوۂ رخسار عجب روپ

نظارۂ یوسف ہو زلیخا کو مبارک
بدلے ہوئے ہے مصر کا بازار عجب روپ

مشتاق نہ کیونکر ہوں تری دید کی آنکھیں
دیکھا نہیں سنتے ہیں مگر یار عجب روپ

دلالوں کی قیمت کا یقین آتا ہے کسکو
پاتے ہیں تیرا تیرے خریدار عجب روپ

اس رشک مسیحا کا جو کرتا ہے کوئی ذکر
ہوتا ہے میرا صورت بیمار عجب روپ

جب دیکھئے کچھ اور ہی عالم ہے تمھارا
ہر بار عجب رنگ ہے ہر بار عجب روپ

چلتے ہو جو تم ناز سے اٹھکیلی کی چالیں
ہر گام دکھا دیتی ہے رفتار عجب روپ

کھل جائیں تجھے معنیِ توحید گر آتش
پھر دیکھیے تو دکھلائیں گل و خار عجب روپ

## غزل ناسخ

اس چمن میں ہیں بیشمار درخت
پر کہاں مثل قد یار درخت

وہ تیرا سرو قد ہے بے سایہ
صدقے ہیں لاکھ سایہ دار درخت

میری سوز دروں سے کیا نسبت
میں ہوں انسان اور چنار درخت

ہر روش پہ تیرے ہیں مجرے کو
ہیں کھڑے باندھ کر قطار درخت

آنکھیں بادام ہیں زنخدان سیب
قد جانان ہے میوہ دار درخت

سرو و شمشاد و سدرہ و طوبیٰ
صدقے اس قد پہ ہیں یہ چار درخت

ہیں وہ دیوانے جو ہیں اہل متاع
سنگ کھاتے ہیں بار دار درخت

سوز دل سے زمین جلتی ہے
سبز کیا ہو سر مزار درخت

فندقی میوہ ہاتھ ہیں شاخیں
گل ہیں رخسار و قد یار درخت

لیکہ مجھ دل جلے کی تربت پر / سبز ہوگا نہ جز چنار درخت
آدمی کیا کہ تیرے مجرے کو / دوڑنے آئے ہین لاکھ بار ور درخت
ہو نہین عاشق انار پستان کا / ہو نہ تربت پہ جز انار درخت
تا قیامت خلل نہین نا سنخ / نخل غم کیا ہی پایدار درخت

## غزل نصیر

چل دل اس کو چمن فوج اشک چشم تر سمیت / بادشاہ ملک تن ہی تو نکل لشکر سمیت
کیون نہ ہم شیشے کو ٹپکین باغ مین ساغر سمیت / توڑتا گلچین ہی غنچے کو گل احمر سمیت
دیکھی آدھی رات کو مانگ اسکی جب جھومر سمیت / لٹ گئی تب کہکشان دنبالہ دار اختر سمیت
چشم وہ کیا ہی کہ جس مین ایک ہی افسون نہین / آبرو تب ہی صدف کی جبکہ ہو گہر سمیت
قشقہ اس بت کی جبین پر جون الف بازو نہین / دیکھ لو شق القمر انگشت پیغمبر سمیت
آنسوؤن کے بوجھ کی لائی نہ مژگان تاب ہائے / عاقبت ٹوٹی رسن طفلان بازیگر سمیت
ابروے پرخم کے پہلو مین بنا کاکل کا خال / ای قمر طلعت نکلتا ہی ہلال اختر سمیت
ناف کے حلقے سے بچ اس بحر خوبی کے دلا / ڈوبتی کشتی ہی اس گرداب کی لنگر سمیت
حسن سے آگاہ گر مغرور خوبان کو کیا / گاڑ ہی دیتا تھا آئینہ کو اسکندر سمیت
ہی نمود خط ترے رخ سے اٹھا دے رخ سے زلف / رات کو خوبی ہی ہالہ کی مہ انور سمیت
گو ہین یارو پیر ہم پر عشق سے خالی نہین / رکھتے ہین خاکستر افسردہ کو اخگر سمیت
ذکر کس کی جامہ زیبی کا چمن مین ای صبا / کی جو سو ٹکڑے قبا ہر گل نے بالا بر سمیت
مین خط پشت لب دلبر کے ہون تو سے خوش / زہر ہی اسنے دیا یارو تو ہان شکر سمیت
تو نے کیون صیاد پھینکا لاشۂ بلبل کو آہ / داب دینا تھا کہین گلشن مین بال و پر سمیت
موج ہائے بحر کی ہو مشق بیتابی دو چند / گر نہاؤن تا بسینہ مین دل مضطر سمیت
ابروئے پرچین پہ اسکے دل نظر کر جوہر سے / دیکھتے ہین اصفہانی تیغ کو جوہر سمیت

حشر کو چاہینگے تجھسے خونبہائے دل صنم — ساتھ اپنے تجھکو لیکر تیغ اور خنجر سمیت

مہرہائے داغ سے معمور ہی سینہ تمام — روبرو اللہ کے جائینگے ہم محضر سمیت

شوق گر قلیان کشیکا ہی تو مہتابی پہ بیٹھ — ای مرے سلطان خوبان شبکو کر و فر سمیت

بیچوان نیچہ ہی ہالہ حقہ سیمین ہی ماہ — عقد پروین کی چلم گردون کی ہی اختر سمیت

ہی تپ ہجران نہ لکھ نسخہ مین میرے اے طبیب — خرفہ و کشنیز تو رب انار تر سمیت

یار کے خال لب و رنگ مسی کا ہی خیال — تخم ریحان دے مجھے عناب و نیلوفر سمیت

ہمکو ترغیب طواف کعبہ مت کر زاہدا — زاد رہ تولے کے جا احرام کی چادر سمیت

ابرو و بینی سے اپنے رخ پہ دکھلاتا ہی یار — نقشۂ محراب بیت اللہ کو منبر سمیت

پان کی سرخی دکھامت کر مسی سے لب سیاہ — لعل کو رکھتا ہی ہان کوئی بھی خاکستر سمیت

پڑھ بہ تبدیل قوافی اس زمین مین اے نصیر — دوسری بھی وہ غزل مضمون تازہ تر سمیت

## غزل آتش

قامت سے دکھا یار تماشائے قیامت — ہو آج ہی ہوتا ہی سو فردائے قیامت

واعظ سے تیری جلوہ نمائی جو سنی ہی — دیدار کے بھوکونکو ہی سودائے قیامت

دونون سے علاقہ نہ رہا چاہ کے تمکو — جنت کے نہ دوزخ کے ہوئے وائے قیامت

اس مرحلے مین خون جگر کھانا پڑے گا — بے دانہ و بے آب ہی صحرائے قیامت

شاعر ہون یہی عرصۂ محشر مین کہونگا — کیا مصرعہ برجستہ ہی بالائے قیامت

رحمت سے تیرے ڈر نہین ہرچند کہ ہووے — فردائے قیامت پس فردائے قیامت

کشتے تیری خلخال کے آواز کے ہین ہم — ہمسے نہ سنا جائیگا غوغائے قیامت

دو گام جو محشر مین چلے تم روش ناز — پامال ہوئے فتنۂ صحرائے قیامت

اس قد کشیدہ کا نہ مشتاق ہوا دل — اللہ نہ دکھلائے تماشائے قیامت

اے داغ جنون حشر کا خورشید ہی تو بھی — گرمی سے تیرے ہوتی ہی ایذائے قیامت

آتش نہین نچ رہنے کے ہمکو بھی کریگا
صحبت کا شریک انجمن آرائے قیامت

## غزل سودا

ہندو ہین بت پرست مسلمان خدا پرست
ہم پوجتے ہین اسکو جو ہو آشنا پرست

اس دور مین گئی ہی مروت کی آنکھ پھوٹ
معدوم ہی جہان مین چشم حیا پرست

دیکھا ہی جب سے رنگ کفک تیرا پانو مین
آتش کو چھوڑ گبر ہوئے ہین حنا پرست

چاہے ہے کہ عکس دوست رہے تجھ مین جلوہ گر
آئینہ وار دلکو رکھ اپنے صفا پرست

آوارگی سے خوش ہون مین اتنا کہ بعد مرگ
ہر ذرہ میری خاک کا ہووے ہوا پرست

سودا سے شخص کے تئین آزردہ کیجیے
اےخود پرست حیف نہین تو وفا پرست

## غزل میر

وصل دلبر نہ ملک ہوا قسمت
مر چلے ہجر مین بھی یا قسمت

ایک بوسے پہ بھی نہ صلح ہوئی
ہمنے دیکھی بہت لڑا قسمت

شیخ جنت مجھے تجھے دیدار
وان بھی ہر ایک کو ہی جدا قسمت

پھول چین ہاتھون سے سبھو نکو دے
زخم تیغ اُنسے اپنی تھا قسمت

کیا ازل مین ملا نہ لوگون کو
تھی ہماری بھی میر کیا قسمت

## غزل آتش

مہندی سے لال ہوئے دست و پائے دوست
خون شہید ناز ہوا ہی حنائے دوست

حصے مین دوستونکے ہی جور و جفائے دوست
دشمن خدانخواستہ ہون خاک پائے دوست

دلکو ہوئے ہین معنی توحید منکشف
آنکھونکو کچھ نظر نہین آتا سوائے دوست

لاتین چلین گی سینے پہ اپنے شب وصال
کیا کیا نہ غل مچائے گی خلخال پائے دوست

کیا مال ہی ہزار کوئی مالدار ہو
ہم بھی ہین سایل در دولت سرائے دوست

زندہ سنے تو مردہ ہو جائے دم فنا
مردہ کو زندہ کرتی ہی آواز پائے دوست

نہ پیے کیونکہ خزان رشک سے بہار پہ دانت
جو مو نیا سے کھلے دیکھے روئے یار پہ دانت

نہیں ہے خار مغیلان مزار مجنون پر
زمین نے کھولے ہیں لیلی کے خاکسار پہ دانت

بھڑک گیا وہیں شب بے تکلفی کے سبب
لگے جو عالم مستی میں گلعذار پہ دانت

نہ ہو خفائی قسمت سے خلق عالم کی
تمام عمر سے ہیں جانب مزار پہ دانت

یہہ بخت الٹ گئے ایکدن بھی کچھ اثر نہوا
میں پیستا رہا رات اپنی تیرہ تار پہ دانت

مراد دل کی خدا پر ہی تو ملے گی ہی
ہی کو ہکن نے لگایا یہہ کوہسار پہ دانت

شب وصال سلیمی کی جو نہ دیکھہ سکے
الٰہی اسکے لگیں وصل اور بہار پہ دانت

## غزل سلیمی

یہہ وہ فلک ہی کہ ہیں جسکے ہر بہار پہ دانت
مدام پیستا رہتا ہی لالہ زار پہ دانت

فلک پہ چاندنی حسرت سے پیستی ہی سدا
ہمارے رشک قمر کے گلے کے ہار پہ دانت

شب وصال پہ اسکے خدنگ آہ لگے
رکھے جو اپنے کوئی روز انتظار پہ دانت

غضب سے ہر گھڑی جراح ہو خفا ظالم
رکھے ہی نشتر و سوزن کے دلفگار پہ دانت

الٰہی کیونکہ ہون بوس و کنار اس لب سے
رکھوں ہون عمر سے جس شوخ کی بہار پہ دانت

مساس خون شہیدان سے شکل نشتر کے
یہہ دیکھہ لو جو نہ دیکھیں ہون تیغ یار پہ دانت

سحر کو افعی نالہ رقیب کا ایجان
لگاتا ہی تیری زلف تابدار پہ دانت

یہہ وہ فلک ہے کہ حاسد ہی ہر مجسم کا
مدام کھولے ہی رہتا ہی نور و نار پہ دانت

سلیمی غم کے پیالے پڑے ہیں آ ہمدم
ہمارے جان و دل و عجز و انکسار پہ دانت

## غزل جرأت

بلائیں ہاتھون نے میرے جو لیں تمہاری رات
بلائیں زلفون کی لیتا رہا میں ساری رات

پڑے تڑپتے ہیں بستر پہ آہیں بھر بھر کے
جو یاد آتی ہی صورت پیاری پیاری رات

پلک ذرا نہ جھپکتی تھی دل دھڑکتا تھا
کسی کے وعدہ پہ حالت تھی یہ ہماری رات

اگرچہ دن بھی کٹے ہے بری طرح سے ولے
ترے مریض پہ لائی ہے سخت خواری رات

سحر کو پارۂ بستر نظر پڑا نہ کہین
تڑپ تڑپ کے پھر کی ہمنے بیقراری رات

اب اسکے وعدے پہ یون روز و شب کٹے ہے ہمین
قدم شماری ہے دن کو تو دم شماری رات

صدائے شب نہین ہے بوجہ تیرے عاشق کی
کرے ہے حال زبونی پہ آہ و زاری رات

تیرے مریض پہ کیا جانے کیا ہوا تا صبح
کہ لوگ کرتے تھے گرد اسکے اشکباری رات

الٰہی پہلے ہی میرے تن سے جی روانہ ہو
کہ تا کہے نہ کوئی وصل کی سدھاری رات

جدا ہوئے ہے ہون جو اس لب سے لب نہ تا دم صبح
میسر آئی ہے ایسی بھی لاکھ باری رات

پھر ہائے اب تو وہ صحبت نہین ہے خوابمین بھی
اسی خیال مین ہم جاگتے ہین ساری رات

شب فراق کٹے کسطرح سے ای جرأت
پہہ رات وہ ہے کہ کہتے ہین جسکو بھاری رات

## غزل مسافر

ہائے کس سے کہون مین دل کی بات
روتے روتے کٹی ہے ساری رات

پر نہ آیا رحم تجھے ہر چند
سنکے احوال کو مرے ہیہات

تجھسے گالی و جھڑکیان کھائین
الغرض لے گیا بسر اوقات

کیا بھلا ہو گیا تیرے دل کو
چھوڑ دی ہمسے تو نے رمز و نکات

نہ کبھی خط نہ گاہ پیغامے
کب تلک اسطرح ہمارے سات

ابتو آ مجھہ طرف ارے قاتل
جان جاتی ہے وقت ہے سکرات

پر دو عالم سے کچھ نہین مطلب
بس مسافر کو ایک تیری رات

## غزل اختر

عجب اب کے آئی بہار بسنت
جدھر دیکھو وان ہے نگار بسنت

نشے مین ہے سرمست آئی بسنت
کھلا اس سبب لالہ زار بسنت

پلا ہمکو ساقی بسنتی صبوح
ہے آنکھون مین ابتک خمار بسنت

میان قطب دین کو مبارک ہو یہہ / کہ اس سے ہی ہیگا وفا ر بسنت
تماشا بھلا دیکھ لے تو یہہ اختر / کہین ہم کہان پھر بہار بسنت

## غزل سودا

نگار سطر ابرو یار بسم اللہ کی صورت / قد رعنا سراپا ہی الف اللہ کی صورت
وہ مو والیل رخ والفجر نرگس چشمہ کوثر / نمایان ہی سواد خط کلام اللہ کی صورت
زلیخا کی نمط کر ورد دلمین سورہ یوسف / جو تجھہ کو چاہ سے آکر ملے دلخواہ کی صورت
ہی شکر الحمد للہ بعد مدت میر منزل نے / دکھائی عشق کے صحرا مین ہمکو راہ کی صورت
الم نشرح ہوا عالم مین تیرا عشق ای سودا / نہ تنہا ہو سکے دریا جنون مین ماہ کی صورت

## غزل سراج

ادائے دلفریب سرو قامت / قیامت ہی قیامت ہے قیامت
شہید خنجر الفت ہوا ہون / سلامت ہی سلامت ہے سلامت
نہ کرنا جی کو قربان تجھہ قدم پر / ندامت ہی ندامت ہے ندامت
جماعت مین پریرویون کے تجھکو / امامت ہی امامت ہے امامت
سراج اب عشق کے درپن کا صیقل / ملامت ہی ملامت ہے ملامت

## غزل آتش

وصل کی شب نہین عاشق سے سزاوار لپیٹ / نیند کا حیلہ نہ کر منہہ کو نہ ای یار لپیٹ
مثل گل تونے جو پہنی ہی قبا ای محبوب / لالہ کیطرح سے بھی لٹ پٹی دستار لپیٹ
جان پر بنتی ہی ہو جاتا ہی ایک سودا سا / دلکو لیتے ہین تیرے گیسوئے خمدار لپیٹ
قتل پر میرے اٹھایا ہی جو بیڑا تم نے / خوب سا کر کمر ای ترک جفا کار لپیٹ
داغ عشق آپ ہی کھا اسکو نہ کھلوا للہ / ساتھہ اپنے بھی جگر کو نہ دل آزار لپیٹ
چاند سے منہہ کو دکھا ابر سیہ سی زلفین / کبک و طاؤس کو بھی اپنی طرف یار لپیٹ

پھیر سے پھیر رہا کرتی ہی در و ار سے پر
رکھے کس کس کو تیر سے قصر کی دیوار لپیٹ

خط مشکین سے رخ یار کے او پر یہہ کھلا
روز روشن کو بھی لیتی ہی شب تار لپیٹ

شان مریخ بھی دکھلا چکے قاتل مجھہ کو
اس خوش اندام کو اِی جامۂ گلنار لپیٹ

آمد آمد کی اطبا کی جو سنتے ہین خبر
منہہ کو لیتے ہین کفن سے تیرے بیمار لپیٹ

کافی ابرو کا اشارہ ہی مجھے ای قاتل
خون ناحق مین میرے اپنی نہ تلوار لپیٹ

یہی بازار جہان مین ہی تمنا آتش
جنس دل لے کوئی خوش رو سا خریدار لپیٹ

## غزل میر

نہ پایا دل ہوا روز سیہ سے جسکا جا لپٹ
کسو کی زلف ڈھونڈھی مو بمو کاکل کو سب لٹ لٹ

تو کن نیندون پڑا سوتا تھا دروازیکو موندے شب
ہلین جو کھٹ پٹ تیری کرتا رہا سر کو پٹک کھٹ کھٹ

چٹین لگتی ہین دل پر بلبلون کے باغبان تو جو
چمن مین توڑتا ہی ہر سحر کلیون کتین چٹ چٹ

ترے ہجران کی بیماری مین میرزا تو انکو شب
ہوا ہے خواب سونا آہ اس کروٹ سے اس کروٹ

## غزل سلیمی

بوسے کا خیال آیا جو دلمین مرے جھٹ پٹ
تو آکے صبا نے لین بلائین مری چٹ پٹ

ہنستے ہوئے بوسے کچھ نیر جو گرا تھا
جھنجھلا کے لگی کہنے کہ چل دور ہو نٹ کھٹ

کل تیرے رقیبون نے جھڑک کر کہا مجھسے
آنے سے لگی رہتی ہی ہر روز کی کھٹ پٹ

ہر چند کہ مین عجز و تملق سے رکھا یا
بولا ہمین بھاتی نہین یہہ آپ کی کھٹ کھٹ

کھینچا جو غم ہجر سلیمی نے بیک عمر
تو خوب ہوئی وصل کی شب یار لٹ پٹ

## غزل انشا

آج کیا ٹھہر گئی ہان یا کہ نہین منہہ سے تو پھوٹ
ہوگی وہ بات کہان ہان کہ نہین منہہ سے تو پھوٹ

کوٹھے پر ٹھہرو نہین یا آگے منڈیر سے ادھر
صحن تین بوڑھی ہین یا اور کہین منہہ سے تو پھوٹ

سر ملانے سے بھروسا نہین پڑتا کس وقت
کس جگہہ کب وہ کدھر یہان کہ وہین منہہ سے تو پھوٹ

لوگون کے چرچے کا اتنا جو تجھے ڈر ہوتا
تیری کیون آنکھین بھلا پھوٹ بہین منہہ سے تو پھوٹ

## غزل آتش

دولتِ حسن کی بھی ہے کیا لوٹ
آنکھوں کو پڑگئی ہے لوٹا لوٹ

چل رہی ہے دلا ہوائے بہار
لالہ پھولا ہے داغِ سودا لوٹ

سامنے تیرے جو پڑے ای ترک
اسمین کعبہ ہو یا کلیسا لوٹ

چار دن ہے بہار ای بلبل
زرِ گل کا ہزار توڑا لوٹ

صفِ مژگان سے کہہ رہی ہے چشم
دل ملین جتنے بے تحاشا لوٹ

صرف للہ مال دنیا کر
مرد ہے کچھ تو بہر عقبیٰ لوٹ

صاف دل ہو تو جلوہ گر ہو یار
آئینہ ہو تو ہو تماشا لوٹ

نعمتِ خوان حسن جو ملجائے
یہہ سمجھ لے ہے من و سلویٰ لوٹ

کیا عجب جو وہ گیسوئے سرہنگ
لین متاعِ دلِ احبّا لوٹ

جانتے ہین کہ فوجِ جنگی سے
نہین سردار پھر لیتا لوٹ

کام مردونکا ہے یہہ اے آتش
رکھتے ہین جانکا بھی کھٹکا لوٹ

## غزل سلیمی

پہونچے جو کانمین میرے تیری کہین آہٹ
تو فرش چشم نظر تک کرون زمین کو سمٹ

ہمارے دل پہ جو کالی بلا سی پھر آئی
ڈسے نہ ناگنی زلف اسکی کیون لٹا اپنی لٹ

دمیدہ سبزہ سے ہے رشک باغ چہرۂ یار
وہ خط حسن ہے جسکے رہی بہار لپٹ

غم فراق مین کھائے جو ہم ہزارون داغ
ہوا ہے رشک بہار چمن جگر بھی پھٹ

کوئی بقبلہ کوئی بت کے سامنے مسجود
بجائے کعبہ سلیمی کو بس تیری چوکھٹ

## غزل سلیمی

پینے لگے جب ہم مئی توحید غٹاغٹ
تب رمز معانی کے کھلے راز جھٹا جھٹ

کل دیکھ شب وصل مین رندو کی بڑائی / ٹکرانے لگے سر کو بھی زاہد دھٹا دھٹ
جب تیغِ نگہ تیری دے اسلام کو قوت / افواج مین کفار کے پڑ جائے ہٹا ہٹ
وارا جو مین سر پر دُرِ نایاب سخن کو / گردن مین لپٹ لینے لگے تو سے چٹا چٹ
طفلی ہی سے مکتب مین تیرے دھیان مین اگر / کھاتا رہا آخونجی کے بید سٹا سٹ
ٹک دیکھ خزان مرگ کی غافل نہو ہشیار / جھڑتے ہین برو برگ شجر پر سے چٹا چٹ
دعوائے سخن کا نہو شاگرد سلیمی / استادون سے جو باندھے مضامین جھٹا جھٹ

## غزل سودا

جسکے خط اُترے تو اس سے دل لگانا ہی عبث / سیر کو وقت خزان گلشن مین جانا ہی عبث
ابر مین اے یار رہ سکتا ہی کہنا آفتاب / چہرہ کو ہم سے نقاب اندر چھپانا ہی عبث
پوچھتے کیا ہو کہ شب کسطرح گذری مجھ بغیر / گذری سو گذری جو کچھ اسکا فسانا ہی عبث
تا صبح داغِ جگر جون شمع پہنچا تا قدم / جل چکا جب سب کچھ آتش کو بجھانا ہی عبث
غیرت آئی سودا نہین ہی مقتضی انسبات کی / جی ہی دوریمین پھر اسکو منہ دکھانا ہی عبث

## غزل تمنا

زلفونکا دام پھینکنا ہم پر عبث عبث / بل کھائے اپنے گیسوئے ہم پر عبث عبث
ہر طرح جھوٹھی کرنا میری سچی بات کو / سوگند کھانا میری قسم پر عبث عبث
اصلاح پر مزاج نہین ہی خفا وہ شوخ / خط پر عبث عبث ہی قلم پر عبث عبث
پلکونکی آستین اُسے کافی ہی شیخ تو / رکھتا ہی ہاتھ دیدۂ نم پر عبث عبث
ای اشک چشم یار کا شہرہ نہ کر ذرا / بدنامی ہی میرے شور و ستم پر عبث عبث
نقشہ گلی کا اسکے تمنا ہی دلپہ نقش / تہمت ہی صرف باغ ارم پر عبث عبث

## غزل سلیمی

رات جانان نے کیا ہم سے یہہ پیغام عبث / آئے کل رات مرے گھر مین سر شام عبث

ذکر کرتا ہون اگر آغاز محبت مین کہ ہے
آخر الامر کو ہے عشق کا انجام عبث
ہاتھ سے اس بت پُرفن کے بامید وصال
رات صہبا کے لئے ہمنے کئے جام عبث
اہل گلشن کا یہی طور تھا کل گلشن مین
گالیان دیتا ہے بلبل کو گل اندام عبث
راتدن سر پہ سلیمی کے ایظالم خونخوار
کھینچتا ہیگا سدا خنجر و صمصام عبث

## غزل آتش

بنین گے کسکا زیور چاند و سورج
ٹھہرا کرتے ہین زرگر چاند و سورج
چڑھین کیا تیرے منہہ پر چاند و سورج
جوان ہے تو معمر چاند و سورج
قسم ہے تیرے سر کی ای رخ یار
نہین تیرے برابر چاند و سورج
جبین سا ہوتے ہین جب دیکھتے ہین
سرائے یار کا در چاند و سورج
وہ رخسارے جو ہوتے ہین مقابل
نکل جاتے ہین دب کر چاند و سورج
چراغون مین جو تیرے راستے کے
رہین روشن نہ کیون کر چاند و سورج
تمھارے روبرو ہو کر ہوئے ہین
سفید و زرد اکثر چاند و سورج
وہ بکّا نور کا ہے تو جو دیکھے
رہین حیران ہو کر چاند و سورج
چڑھے میری طرح جو تپ عشق
ہلال آسا ہون لاغر چاند و سورج
وہ بالو کین اگر رکھین نہ باندھے
اُڑین پیدا کرین پر چاند و سورج
ہم اس میخانہ کے ہین مست آتش
کہ جسکے ہین دو ساغر چاند و سورج

## غزل شجاعت

نہین مجھسا ہے کوئی دلستان آج
غلام آسا ترے پیر و جوان آج
یہہ قد سرو سہی پر چشم نرگس
چمن بس کر گیا ہے باغبان آج
بہار بوستان گلرو ہے بر مین
نکل چل جا یہان سے ای خزان آج
مصور کھینچ لے تصویر اسکی
کہ یکتا حسن مین ہے ہو میان آج

وہین بولا ترش ہو حسین جبین ہو
ہوسی دشوار تجھپر کیا زبان آج

مری طوطی طبع باشندہ بستان
ذرا ہو جا نواب شکرفشان آج

شجاعت کیا چلے اسجاد لیری
دلاور ہے وہی شوکت نشان آج

## غزل حاتم

سرو اسکے قد سے گر دعوی کرے گلستان آج
چیر ڈالے فاختہ ارّہ بنا شہپر سے آج

خال دانہ زلف دام ابرو کمان مژگان ہے تیر
دل ہمارا سہم اب کھاتا ہے کار آبتر سے آج

زلف و چشم و خال و خط چارون ہین دشمن دین کے
حق رکھے ایمان سلامت ایسے کفر و شر سے آج

ہاتھ مت کھینچ ای جنون تجھکو مرے سر کی قسم
ایک جبتک بھی رہے تار گریبان سر سے آج

رات دن جاری ہے عالم مین مرا فیض سخن
گو کہ ہون محتاج پر حاتم ہون اس جوہر سے آج

## غزل میر

حال برا ہے ہمکو ہمسے اتنی غفلت کیا ہے آج
کوئی گھڑی تو پاس رہو یہان پھر فرصت کیا ہے آج

سامنے ہے وہ آئینہ پر آنکھ نہین کھل سکتی ہے
دل تنگی سے رکے ہے دم کیا کہئے صورت کیا ہے آج

فرق و تیغ چلے رہتے ہین جب سے دلکی لاگ لگی
اس ظالم بے رحم کی ہمسے ایسی صحبت کیا ہے آج

شیشہ صراحی ساغر و مینا سب کل تک بھی حاضر تھے
کوئے بادہ فروشان مین یہ میری حرمت کیا ہے آج

سر کھڑے یکساعت ہی مین غش تم کرنے لگتے ہو
تاب نہین کیا ضعف سے دلمین جی بے طاقت کیا ہے آج

## غزل سراج

اپنا جمال مجھ کو دکھانا رسول آج
عاجز کی التماس کو کرنا قبول آج

ای مہربان طبیب شتابی علاج کر
تیر برہ کے درد سے ہے دلمین سول آج

مرہم تیرے وصال کا لازم ہے ای صنم
دلمین لگی ہے ہجر کے برچھی کی ہول آج

بیو باج بزم بلبل نالان خراب ہے
مرجھا رہا ہے صحن گلستان مین پھول آج

بے فکر ہون عذاب قیامت سے ای سراج
دین محمدی کو کیا ہون قبول آج

## غزل ترقی

ہی عجب لذّت تسکا را فلکن تیر تیروں کے بیچ
جسکا چرچا ہو رہا ہی سارے نخچیروں کے بیچ

گل جو دیکھی شکل مجنون ہمنے تصویروں کے بیچ
ایک مشت استخوان تھی لاکھوں زنجیروں کے بیچ

خون کے قطروں کا عالم تو مرے اشکوں میں دیکھ
لعل کے ٹکڑے چمکتے ہین پڑے ہیروں کے بیچ

بلبلو تمکو مبارک ہو یہہ گلگشت چمن
لالہ و گل کا نہ کچھ ذکر دلگیروں کے بیچ

گر مرقع بین کھینچی ہو اس مسیحا کی شبیہ
جان پڑ جائے مصوّر ساری تصویروں کے بیچ

وہ خماری انکھڑیاں بکھرے ہوے بالوں ٹوٹ
جسطرح دو مست جکڑے ہوویں زنجیروں کے بیچ

قاصدا کیا خط لکھوں اسکو میں فرط شوق سے
فوت ہو جاتا ہی مطلب مجھسے تحریروں کے بیچ

گفتگوئے یار کی کیا بات ہے کیا گھات ہے
ساری محفل کو لگا لیتا ہی تقریروں کے بیچ

اور تو صورت ترقی کوئی بخشش کی نہین
ہان مگر باعث ہو یہہ تقصیر تقصیروں کے بیچ

[illegible]

## غزل سودا

سودا گرفتہ دلکو نہ لاؤ سخن کے بیچ
جوں غنچہ سو زبان ہی اسکے دہن کے بیچ

پانی ہو بہہ گئے مرے اعضا نین کی راہ
باقی ہی جون حباب بس اب نفس پیرہن کے بیچ

جسنے نہ دیکھی ہو شفق حسن کی بہار
آکر ترے شہید کو دیکھے کفن کے بیچ

وہ خار سرخ رو نہین اہل جنون کے پاس
پابوس کو مرے جو نہ پہنچا ہو بن کے بیچ

گل خصبت بہار تھی شبنم کی صفت زور
رو یا ہر ایک گل کے گلے لگ چمن کے بیچ

آتشکدہ میں دیکھہ تو شعلہ ہی بیقرار
آرام دل جلون کو نہین ہی وطن کے بیچ

بعد از شباب ہون تیری آنکھین زیادہ مست
ہوتی ہی زور کیف شراب کہن کے بیچ

سودا نے اپنے یار سے چاہا کہ کچھ کہے
ایسی کئی نگاہ رہی من کی من کے بیچ

## غزل آتش

بیگمان چاہ کے دریا کے بڑے پاٹکو سوچ
ندھڑک پاؤں نہ رکھہ پہلے تو گھر گھاٹکو سوچ

بہے جاتے ہین پہاڑ اسمین کہان تھل بیڑا
دہار تلوار سے بھی تیز ہی اس گھاٹ کو سوچ

ای دوا یہان سے چلی جا تو دبے پانون ابھی
دیکھ کمبخت کھٹولے کو نہ کچھ کھاٹ کو سوچ

ٹاٹ کے ٹکڑے پہ کھینچا جو اٹھین تو بولین
میرے کپڑونکی طرف دیکھ اور اس ٹاٹ کو سوچ

ہو تو نہین اٹھین آنکھونکی ترازو مین تول
ارے انشا نہ تو بنیون کیطرح باٹ کو سوچ

## غزل آتش

ہلا اس زلف پیچان کا ہی ہر پیچ
خم اندر خم ہی ہر مو پیچ در پیچ

الہی خیر کیجیو کھا رہی ہی
ادھر وہ زلف ادھر نازک کمر پیچ

ہوئے ہین زلف پیچان سے بھی طرے
تیری دستار کے بیداد گر پیچ

نہ ہو اس زلف پیچان کا جو سودا
سمجھ لے اپنی قسمت کا بشر پیچ

جواب خط خبرداری سے لانا
نہ پڑنے پائے کچھ ای نامہ بر پیچ

تیری زلفونکا دہوکھا ہمکو دے گا
سراسر خم ہی سنبل سر بسر پیچ

نہین دم باز ہم ہمکو نہ دم دے
کرے جو پیچ ای یار اس سے کر پیچ

فراق یار سے کشتی پڑی ہی
پچھاڑا چل گیا آتش اگر پیچ

## غزل میر

عشق مین ای طبیب ہان ٹک سوچ
پائے جان درمیان ہے یہان ٹک سوچ

بے تامل ادائے کین مت کر
قتل مین میر مہربان ٹک سوچ

سرسری مت جہان سے جا غافل
پانون تیرا پڑے جہان ٹک سوچ

پھیل اتنا پڑا ہی کیون یہان تو
یار اگلے گئے کہان ٹک سوچ

ہونٹھ اپنا ہلا نہ سمجھے بن
یعنے جب کھولے تو زبان ٹک سوچ

گل و رنگ و بہار پردے مین
ہر عیان مین ہے وہ نہان ٹک سوچ

فایدہ سر جھکے کا شیب مین میر
پیری سے آگے ای جوان ٹک سوچ

## غزل حسرت

کل جو پہنچی تیری آواز میرے کانکے بیچ
آ گئی سنتے ہی بس جان میری جانکے بیچ

سخت ہی خوف مرے دلکا خدا خیر کرے
آگ بھڑکی ہی اسی سینۂ سوزانکے بیچ

یہان تلک روئے ترے غم مین کہ رو رو دئیے
نام نم کا نہ رہا دیدۂ گریانکے بیچ

ساربان محمل لیلے کو ادہر تک لے چل
خاک مجنون کی بھٹکتی ہی بیابانکے بیچ

وائے ای فصل خزان سیر نہ دیکھا گل کو
اور ہی رنگ ہوا باغ کا ایک آنکے بیچ

رُو رُو کے شاخ پہ گل بیٹھی ہوئی بلبل زار
حسرت اس شعر کو پڑھتی تھی گلستانکے بیچ

## غزل آتش

رہِ الفت مین نقد عمر کر خرچ
کہین ہرچند ممسک تجھ کو در خرچ

کہان اب طاقت صبر و تحمل
یہہ دولت ہو چکی ہی بیشتر خرچ

وہ کالے سانپ وہ گیسو ہین جنکے
تماشے مین ہوئے ہین گنج زر خرچ

نہین یہہ بار گیسو سے لچکتے
نزاکت کرتی ہی انکی کمر خرچ

خدا دے دولت قارون تو کیجے
نہ حاتم نے کیا ہو اس قدر خرچ

وہی دیگا لب شیرین کا بوسہ
منون کرتا ہی جو رازق شکر خرچ

ہم اپنے نقد جان پر کھیلتے ہین
تیرا ہوتا ہی کیا ای سیمبر خرچ

جنونِ عشق ہی غارتگرِ ہوش
کرے کیا عقلمندی یہان بشر خرچ

رہا کرتی ہی فکر شعر گوئی
کیا کرتے ہین ہم خون جگر خرچ

چلے دنیا سے داغِ عشق لے کر
یہی توشہ ہی بہر سفر خرچ

ملا جو اسکو سمجھے منّ و سلویٰ
توکل پر رہا شام و سحر خرچ

حسینون نے بھی خوب آتش کو لوٹا
رہا فرمایشون سے خرچ پر خرچ

## غزل سودا

سیر چمن عمر جو کی ہم نے تو کیا ہیچ
رنگین ہی جوانی کا گل اسمین تو بقا ہیچ

شیشے کو بھی توڑو تو نکلتی ہے یک آواز
عاشق کا یہہ دل ہی کہ جو ٹوٹے تو صدا ہیچ

اسباب جہان دل نے کیا جب نظر انداز
پوچھا جو مین کیا دیکھے ہی دیوانہ کہا ہیچ

ناصح تو نہین چاشنی درد سے آگاہ
بے عشق بتان جینے کی لذت بخدا ہیچ

مانی نہ بندھیگا کبھی نقش اسکے کمر کا
فرسودہ نہ کر خامہ کو اب فایدہ کیا ہیچ

ہم شیخ کی سنتے تھے مریدون سے بزرگی
دیکھا جو انہین جا کے سو عمامہ سوا ہیچ

سودا نے کہا مین جو تیرے شہر سے کو سنگ
جو دیکھا تجھے آکے تو ہی بیسروپا ہیچ

بولا کہ تجھے یاد ہی وہ مصرع بیدل
عالم ہمہ افسانۂ ما دارد و ما ہیچ

## غزل آتش

بہار آئی چمن مین چلی ہوائے قدح
پڑے ہے وہ مست جسے یاد ہو دعائے قدح

دکھا رہی ہی عجب آئینہ صفائے قدح
سرور رہے ہی جو ہی صورت آشنائے قدح

زمانہ مین کوئی مجھسا نہین ہی دریا نوش
حباب وار ہے سر مین بھری ہوائے قدح

شراب خوار کرے گی بہار صوفی کو
دکھائیگی لب بیگانہ آشنائے قدح

صراحی وار ہی گردن نہین فقط ان کی
دو چشم مست کی گردش بھی ہی ادائے قدح

منہ انکے ساتھ ہو غم ہو کہ اسمین شادی ہو
مثال گریۂ مینا و خندہائے قدح

شرابخانہ مین کرتا ہون سیر دریا کی
دکھایا کرتا ہی لہر آب باصفائے قدح

بلند بعد فنا ہو گی قدر مستون کی
بنے گی خشت سر خم کی خاکپائے قدح

سبو و شیشہ و خم کسکی کی نہ پابوسی
کسی نے منہہ نہ لگایا مجھے سوائے قدح

جہان کی سیر دکھاتا ہی نشۂ صہبا
دماغ رکھتے ہین جمشید کا گدائے قدح

ان انکھڑیون مین جو کندنے سے سرخ ہو وینگے
کہونگا نشہ کے ڈورونکو مین طلائے قدح

حجاب دور کیا کیف مے نے اس بت کا
جزائے خیر دے ساقی تجھے خدائے قدح

وہ چشم مست کا ساقی کے وصف ہی مقصود
کنایہ ہی یہہ جو کرتے ہین ہم ثنائے قدح

شراب عشق کے پینے ہی ہوش اڑتے ہیں ایسے
کہ ابتدا مین ہوا حال انتہائے قدح

فراق یار مین دوران سر سے دور شراب
لڑا کے شیشے سے توڑون یہہ ہی سزائے قدح

یہہ جلوۂ مہ و خورشید سے کھلا آتش
ہنوز باقی ہی دور فلک مین جائے قدح

## غزل ناسخ

کیون دکھائی ای فلک بے یار صبح
ہی شفق سی مجھہ پہ آتش بار صبح

یہان کسی خورشید رو کی یاد مین
ہوتی ہی ہر رات سو سو بار صبح

زلف سے رخسار کو ہوتا ہی ربط
کیون شب فرقت سے ہی بیزار صبح

کھینچکر فرقت مین تیغ آفتاب
ہی ہماری جان کو خونخوار صبح

وصل کا سامان ہے آج ای فلک
شام سے کر پیشتر تیار صبح

حسن کا عالم بھی کیا عالم ہی واہ
زلف جانان شام ہی رخسار صبح

سینۂ پر داغ و چاک پیرہن
ہی وصال یار مین گلزار صبح

وصل مین تھا صبح سے بیزار مین
ہجر کی شب مجھسے ہی بیزار صبح

پھر سو گر شملۂ پر زر ترا
دیکھہ پائے ای پری رخسار صبح

چاک کرتی ہی گریبان دیکھہ کر
کارچوبی مہر کی دستار صبح

شام کیا ہو تیرے گھر مین باریاب
نور سے ہین سایۂ دیوار صبح

وصل مین حاضر تو غایب ہجر مین
دیتی ہی ہر شب نیا آزار صبح

ہی یہان کسکو شب فرقت مین ہوش
ہو چکی ہوگی ہزارون بار صبح

وصل کی شب کب ہوئی ہمکو نصیب
شام کو کرتا ہی نور یار صبح

ہی دعا ای خالق لیل و نہار
ہو یہہ شام کاکل دلدار صبح

## غزل تابان

ابرو تیری نے مجھہ پہ کیا وار بیطرح
دلمین میرے لگی ہی یہہ تلوار بیطرح

ممکن نہین کہ عشق کے ہاتھونسے جی بچے
پیدا ہوا ہے مجھہ کو یہہ آزار بیطرح

عالم تمھارے بیچ مین آویگا آج جان
تم نے سجا ہی چیرۂ بلدار بیطرح

بگڑی کو بیچ اُس کی پڑے گا شراب آج
زاہد کی فکر مین ہی وہ میخوار بیطرح

کیا جانئے کہ آج کس عاشق کی ہی اجل
کیفی ہوا ہی ابتو میرا یار بیطرح

ممکن نہین قفس سے کہ گل تک پہنچ سکے
بلبل ہوئی ہی اب کے گرفتار بیطرح

غارت خدا کرے یہہ سپہ ملک حسن کو
ہی فوج خط کے گرد نمودار بیطرح

ناباں بناکہ یار کو کیون کر منائیے
اب کے ہوا ہی مجھسے وہ بیزار بیطرح

## غزل ضیا

دل کو پسند ہی بت عیار کی طرح
اقرار وصل کرتا ہی انکار کی طرح

بارش ابھی ہی دور پر آنکھون نے اسقدر
باندھا ہی تار رونے کا بیمار کی طرح

چیریکو بل جو دیکے دئے بیچ اسنے چھوڑ
جیسے غضب ہے یہہ تیرے رفتار کی طرح

گرچہ فراق یار مین دل دو نیم ہون
سنتا ہی کب وہ ایسے ستمگار کی طرح

دو دن کی زندگی پہ مناسب ہے کب غرور
بھاتی ہی اپنے دلکو طرحدار کی طرح

تجھہ کو یہہ کیا ہوا ہی ضیا کچھہ تو حال کہہ
کل پوچھتا تھا تجھہ کو وہ غمخوار کی طرح

ردیف خ

## غزل ناسخ

ہی نازکی سے قامت جانان سمن کی شاخ
مین سوز عشق سے ہون چنار کہن کی شاخ

دیکھی جو اُسکی سلسلۂ پُرشکن کی شاخ
کھاتی ہی پیچ و تاب غزال ختن کی شاخ

ظالم کو بعد مرگ بھی ہی ظالمون سے ربط
خنجر کا دستہ کیون نہ بنے کرگدن کی شاخ

ہم وحشیونکے بخت جو برگشتہ ہین سو ہین
سیدھی کسیطرح نہو جیسی ہرن کی شاخ

رکھی چھڑی جو ناز سے اُسنے تہِ ذقن
سبکو گمان ہوا کہ ہی سیب ذقن کی شاخ

دیکھے جو یہہ حنیلی کی کلیونسی انگلیان
وہ تیرے دست و پا کو کہے یاسمن کی شاخ

دکھلانے اپنے فندق پا کی جو تو بہار
پابوس کو چمن مین جھکے نارونکی شاخ

مرتا ہون مین کسی کی نزاکت پہ دوستو
پھر جریدہ تین ہو نازک بدن کی شاخ

وصفِ صباحت رخ جانان اگر لکھون
درکار ہو برائے قلم نسترن کی شاخ

ای عندلیب جھڑتے ہین کیا تیرے منہہ سے پھول
گویا ہر ایک نالہ ہی نخلِ چمن کی شاخ

معنی ثمر حروف ورق صنعتین ہین گل
ناسخ ہی کلک فکر نہال سخن کی شاخ

## غزل آتش

ہوا نہ حسن سے خالِ سیاہِ جانان سرخ
نہ کر سکا رخ کافر کو نور ایمان سرخ

حلال ہو نیکو سب سے ہین پہلے ہم موجود
وہ پان کھا کے کرین تو لب او دندان سرخ

یہہ اشتیاق شہادت مین خون روتا ہون
بریدہ حلق سے ہے حلقۂ گریبان سرخ

ہوئی ہین غصے سے کیا لال لال وہ آنکھین
نظر پڑا ہی کبھی جو لباس ترکان سرخ

عجب عداوتِ اخوانِ دہر سے یہہ نہین
کرے جو خون سے یوسف کے گرگ دندان سرخ

ترا وصال ہی اے سیمبر عجب دولت
خوشی سے ہوتا ہی کندن سا رنگ انسان سرخ

ہمیشہ کرتی ہی اس بحرِ حسن سے پنجہ
حنا کا رنگ ہو کیونکر نہ مثل مرجان سرخ

ترے شہید کے آگے نہ رنگ بگڑےگا
ہزار رنگ سے ہو لالہ گلستان سرخ

سفید کپڑے نہین پہنتا وہ خسرو حسن
سنی ہی جب سے کہ تاج و قبائے سلطان سرخ

چمن مین لالہ و گل رہتے ہین گریبان چاک
دکھا دیا کسی رنگین ادا نے دامان سرخ

شراب دینے مین وقفہ نہ کیجو ای ساقی
ہوا نہین ابھی رخسار یار خندان سرخ

اثر پذیر طبیعت بھی شرط ہی آتش
نہ کیف می سے ہون آنکھونکی طرح مژگان سرخ

## غزل سودا

یہہ ہاتھ ہو سکے زلف انکی سے کہان گستاخ
نسیم شانہ مگر ہو تو ہووے وہان گستاخ

چمن کی سیر مین اسکو اگر سنے دم صبح
چلے نہ جائے صبا سوئے بوستان گستاخ

سمجھ کے کوچۂ میخانہ سے گذر زاہد
کہ رند ہوتے ہین اکثر بزاہدان گستاخ

کچھ اسکی بے ادبی کا گلہ نہین مجھکو
نظارہ باز نہے ہوتے ہین مہوشان گستاخ

نہ جایئو کبھو ای شیخ بزم خوبان مین
کہ تو وقار طلب اُنکی ہی زبان گستاخ

نہین میرا سخن طبع زاد ای سودا
کسی بزرگ کی خدمت مین در جہان گستاخ

## غزل آتش

کرتا ہی زندگی کو تمھارا حجاب تلخ
اٹھو نہین تو ہمسے سنیگا نقاب تلخ

آغاز سے عشق کا انجام ہی بخیر
کیفیت شراب ہے شیرین شراب تلخ

شربت کے گھونٹ کا مزہ لے لیکے پیجئے
ہرچند تیغ کا ہو تمھارے لعاب تلخ

سایل ہون بوسۂ لب شیرین کا یار سے
شان کریم ہی نہ اگر دے جواب تلخ

عاشق ہی ہین جو سنتے ہین ای نونہال حسن
حنظل سے ہین برے سخن ناصواب تلخ

بیمار کا مذاق ہوں مین ہجر یار مین
سم ہی طعام میرے لیئے اور آب تلخ

سودائے زلف یار سے نیند اڑ گئی مری
اس درد سر نے کردیا آنکھونکو خواب تلخ

شیرین لبون کی کیون نہ گوارا ہو گالیان
ملنے سے قند کے نہین رہتا گلاب تلخ

بھنتا ہی جبکہ عشق کی آتش سے دل مرا
ٹپکے ہین اشک صورت اشک کباب تلخ

شیرین ادائیون سے جو محظوظ تو کرے
شکر کو مور شہد کو سمجھے ذباب تلخ

وصلت کی شب مین ہوتا ہی ہر بات پر فرہ
عیش و نشاط کرتا ہی انکا عتاب تلخ

غافل نہو مزے سے محبت کے آشنا
یہہ چاشنی ہی آتش خانہ خراب تلخ

## غزل کنور

غمزۂ یار سے ہی سیر جگر مین سوراخ
جیسے کرتا ہو کوئی لعل و گہر مین سوراخ

تیر مژگان سے ہوا میری نظر مین سوراخ
جیسے ہون سوزن فولاد سے زر مین سوراخ

اس دل تفتہ سے برلاؤن اگر آہ الم
چرخ پر ہووے وہین شمس و قمر مین سوراخ

قہر سے کشتۂ تیرِ نگہِ مہوش سے کے
روز دیکھون ہون نئے راہگذر مین سوراخ

بن گیا نیش سے مژگان کے مرا سینہ یون
ہو وے جسطرح سے زنبور کے گھر مین سوراخ

کثرتِ گریہ سے ڈرتا ہون مبادا ہو وے
روتے روتے نہ کہین دیدۂ تر مین سوراخ

ہے کسی غمزدہ کی آہ کا شاید یہہ اثر
دیکھتا ہون جو عیان گھر کے ہین در مین سوراخ

دل مشبک ہے مرا خارِ غمِ ہجر سے یون
جسطرح تیر ولے پڑ جائین سپر مین سوراخ

دل مرا یون ہے کنوز تیر نگاہون سے فگار
بہر سمرن کرے کوئی تخم ثمر مین سوراخ

## غزل ضیا

دلربا ہے مرا بڑا گستاخ
مین نے اتنا نہ سمجھا تھا گستاخ

ابتو وہ شوخیان لگا کرنے
یک بیک ایسا ہوگیا گستاخ

ناز بیجا کبھی نہ کرتا تھا
کیا رقیبون نے کر دیا گستاخ

جانفشانی ہم اسپہ کرتے رہے
رام ہرگز نہ وہ ہوا گستاخ

اے ضیا کیجیو سمجھ کے کلام
وہ صنم تو ہے بیوفا گستاخ

ردیف دال

## غزل آتش

پری پسند طبیعت پہ ہے نہ حور پسند
تمھارے بندے ہین ہمکو تو ہین حضور پسند

ہر ایک شہر خریدار ہے دل و جان سے
وہ جنس حسن ہے تو جو ہے دور دور پسند

اتارے پرزے اڑا کر بہار مین اسکے
برہنگی کی قبا ہے جنون عور پسند

نگاہ اپنی ہے دلبستگی کے سود یہین
مبصرون کی کچھ اسمین نہین ضرور پسند

نگہ مین اپنے سماتا نہین ہر ایک حسین
پری سے چہرے کے اوپر ہے چشمِ حور پسند

ہوا ہے جیسے کہ ساقین یار کا سودا
زیادہ تر مجھے ہیرے سے ہے بلور پسند

ہوئی ہے خانۂ دلمین جو روشنی منظور
کیا ہے آنکھون نے اپنے چراغ طور پسند

گناہِ عشق کا جب سے کہ مرتکب دل ہے
زبان کو ہے مرے ذکرِ یا غفور پسند

خیال

خیال یار کا رہنے لگا ہی اسمین بھی
ہوا ہی دل کو بھی آنکھونکی طرح تو سینہ

نہ طفل بن نہ دلا محوِ حسنِ صورت ہو
کھلونے مٹی کے کرتے ہین بتشیعو سینہ

دل یک نگاہ کے اوپر ہی بیچتا آتش
کرین جواب سے اسبے صرف و بتقصو سینہ

## غزل ناسخ

یار آیا تو ہوئے دیدۂ ناکام سفید
جیسے ہون امدِ سلطان مین در و بام سفید

پڑے عکس اُسکے لبِ سرخ کا گر ساغر مین
ہو خجالت سے وہین بادۂ گلفام سفید

دیدۂ اُس چشمِ سیہ کی نہ میسر ہوا سے
دیدۂ غرہ ہون مثلِ گلِ بادام سفید

سوجھے مضمونِ بیاضِ رخِ جانان جو مجھے
ہو گیا رنگِ مرکبِ دمِ ارقام سفید

سرخ پوش آئے نظر شوخ تہِ رنگ بدن
پہنے پوشاک جو وہ سرو گل اندام سفید

گو پہنتا نہین جز جامۂ رنگین تو آج
کفن یک روز ملے گا تجھے خود کام سفید

غرہ گر حسنِ دو روزہ پہ نہ ای سیم اندام
رنگ سب رنگو نمین ہوتا ہی بہت خام سفید

اپنے رخسار پہ چھوڑے نہ کبھی تو جو نقاب
ہو وے صبحِ امید ابلق ایام سفید

حرف مطلب جو لکھون صاف وہ دیتا ہی جواب
بھیجتا ہی مجھے کاغذ وہ دلآرام سفید

تیرے محبوب کے قاصد نے کہا کیا ناسخ
ہو گیا منہہ جو ترا سنتے ہی پیغام سفید

## غزل میر

زمین پر مین جو پھینکا خط تو کر بند
بہت تڑپا کیا جون مرغ پر بند

گرفتِ دل سے ناچاری ہی یعنی
رہا ہون بیٹھہ مین بھی کر کے گھر بند

پھنسا دل زلف و کاکل مین نہ پوچھو
پڑا ہی ناگہ آ کر بند پر بند

سب اسکی چشمِ پر نیرنگ کے محو
مگر کی اُسنے عالم کی نظر بند

چمن مین کیون کہ ہم پر بستہ جاوین
بلند از بسکہ ہی دیوار و در بند

بہت پیکانِ تیرِ یار ٹوٹے
تمام آہن ہی اب میرا جگر بند

ہوئین رونے کی مانع میری پلکین
بندھا خاشاک سے سیلاب پر بند

کہا کیا جائے ان ہونٹون کے آگے
ہماری لب گزی ہی یہہ شکر بند

کھلے بندون نہ آیا یہان وہ اوباش
پھرا ہو ڈھونڈھے پہ ڈالے بستر بند

یہی اوقات ہیگی دید کی میان
رکھا اپنی چشم کو شام و سحر بند

بچا رہتا تھا چہرہ جس سے سو اب
گریبان مین ہی وہ دست ہنر بند

فن اشعار مین ہون پہلوان میر
مجھے ہی یاد اس کشتی کا سر بند

## غزل انشا

نہ لگی مجھہ کو جب اس یار طرحدار کی گیند
ان نے محرم کو سنبھال اور بھی تیار کی گیند

دسترس ہو تو ترے سینۂ فن پر مارون
قرص خورشید کی اور لمعۂ انوار کی گیند

جھٹ پلٹ آکے لگی تیج مین چھاتی کے مرے
تھی یہہ روکی ہوئی کس محرم اسرار کی گیند

رکھے ہی ماہ شب چار دہم دلمین ہوس
کہ وہ قالب بنے اور ہووے تیرے دستار کی گیند

لیجئے اس کے بدل آپ جو ہریا نے مین
گم ہوئی مجھہ سے جو کل رات کو سرکار کی گیند

گرد مقیش طلائی کی کرن ٹکوا کر
مین یہہ لایا ہون بنا اطلس گلنار کی گیند

گوکھرو لہر بنت ڈانک ستارونکے سمیت
اور ایک ہیچگی زربفت نمودار کی گیند

تشالی رومال کی تو چوٹ مجھے کچھ نہ لگی
اب بنا پھینکے ہی کمخواب کے شلوار کی گیند

لگے فرمانے وہ پڑھ پڑھ غزل انشا کو
واہ کیا خوب بنی کاغذ اشعار کی گیند

## غزل نظیر

چھوٹا بڑا نہ کم نہ مجھولا ازار بند
ہی اس پری کا سب سے اَمولا ازار بند

ہر ایک قدم پہ شوخ جھکے زانو کے درمیان
کھاتا ہی کس جھلک سے جھکولا ازار بند

گوٹا کناری بادلہ مقیش کے سوا
ستے چار سٹلے تو ہوتی جو تولا ازار بند

سینے مین ہاتھ میرا کہین لگ گیا تو وہ
لونڈی کی سے بولی جا مرا ڈھولا ازار بند

اور

اور وهو هین تو پهینکدے ناپاک هوگیا
وه دوسرا جو هی سو پرولا ازار بند

اکدن کها یهه مین نے که ای جان آپ کا
همنے کبهو مزے سے مین نه کهولا ازار بند

سنکر لگی یهه کهنے که ای واه چهیڑ سے چه خوش
ایسا بهی کیا مین رکهتی هون پولا ازار بند

یکرات میرے ساتهه وه عیار مکر باز
لیٹی چهپا کے اپنا ممولا ازار بند

جب سو گئی تو مین نے بهی همت سے اسکی آه
پہلے تو چپ کے چپ کے ٹٹولا ازار بند

آخر بڑی تلاش سے اس شوخ کا نظیر
جب آدهی رات گذری تو کهولا ازار بند

## غزل خاشاک

کاکل یار کی دیکهی جو نهین تنویر سفید
هو گیا سکتا مجهے بنگئی تصویر سفید

کالا منهه کرتے هین مجرم کا یهه هی رسم بلاد
منهه کیا یار نے میرا دم تعزیر سفید

ساده کاغذ عوض نامه دیا قاصد نے
هوئی شاید میری تقدیر سے تحریر سفید

دونون رخسار و نیه یهه عکس نهین موتیونکا
گرد خورشید کے یهه کهینچی هی تحریر سفید

داغ فرقت نهین جاتا کسیصورت دلسے
زنگی هوتا نهین هرگز کسی تدبیر سفید

لاکهه تدبیر کی کچهه بس نهین چلتا میرا
کرون کسطرح سے یار و خط تقدیر سفید

کوئے جانان کا تجسس کیا مین نے یهانتک
کوچه گردی سے هوئی پانو کی زنجیر سفید

سنکے آواز میری هوتا هی بیخود ایسا
جسطرح هوتا هی کافر دم تکبیر سفید

بوسه لیتے تو لیا پهر جو نهین تیوری بدلے
رنگ رو میرا هوا باعث تقصیر سفید

رنگ مکهڑے کا مرے دیکهکے فق هوتا هی
پیدا کی آه نے شاید میری تاثیر سفید

آسمان پر یهه نمایان نهین هین سیارے
دیکهه خاشاک کے هین نالهٔ شبگیر سفید

## غزل جان

آ کے سجاده نشین قیس هوا میرے بعد
نه رهی دشت مین خالی کوئی جا میرے بعد

کیا عجب هی جو اٹهے مرقد لیلیٰ سے صدا
میرے مجنون تیرا کیا حال هوا میرے بعد

تیز رکهیو سر هر خار کو ای دشت جنون
شاید آجاوے کوئی آبله پا میرے بعد

وہ ہوا خواہِ چمن ہون کہ چمن مین ہر صبح
پہلے مین جاتا ہون اور بادِ صبا میرے بعد

منہہ پہ رکھدہ امن گل رووینگے مرغانِ چمن
ہر روش خاک اڑاوے گی صبا میرے بعد

اسلئے کرتا ہون نہین چاک کفن کو اپنے
کون کھولیگا میری بند قبا میرے بعد

جیتے جی قدر بشر کی نہین ہوتی پیارے
یاد آوے گی تجھے میری وفا میرے بعد

لاش مجھ کشتہ کا کل کی کوئی لٹکا دو
تا نہووے کوئی محبوس بلا میرے بعد

دل پہ یک سانپ سا لہراتا ہے مرقد پہ صنم
کون سونگھیگا تیری زلف دوتا میرے بعد

جا کے کہدیوے کوئی خانگی زبانی انکی
اب نہین آتے ہو پھر آوگے کیا میرے بعد

## غزل سودا

اشک کوکب ھے تنا سائے کہر سے پیوند
صاحب درد کی ہے اسکو نظر سے پیوند

دلکو میرے نہ جدا دلسے کر اپنے ظالم
مین کیا ہے یہہ بہت خونِ جگر سے پیوند

دامنِ ابر پچوٹلتے ہے جو اتنا شاید
کسی عاشق کے ہوا دیدۂ تر سے پیوند

کون ایسا ہے جسے دست ہو دلسازی مین
شیشہ ٹوٹے تو کرین ہم بھی ہنر سے پیوند

کھینچتا کیون ہے عبث ناز طبیبِ سودا
درد کو دلکے نہین دردِ جگر سے پیوند

## غزل آتش

رتبہ رکھتے ہین تیرے ابرو خمدار بلند
طاق کعبہ سے ہین یہہ طاقِ خوش آثار بلند

کیا کیون کہتے ہین مضمونِ قدِ یار بلند
سرو و شمشاد سے ہین مصرعۂ اشعار بلند

دیکھئے کسکو شرف ہو تیری پابوسی کا
رکھتے ہین دستِ دعا کافر و دیندار بلند

گوشِ گل تک ہو قفس مین سے رسائی ایسی
تیری آواز ہوا ئی مرغِ گرفتار بلند

تیری درگاہ کی اللہ رے رفعت اید وست
آستان سے کسی گھر کی نہین دیوار بلند

گوشِ عارف سے سنے تو تو ہر ایک قبر سے
نعرۂ فاعتبروا یا اولو الابصار بلند

سیکڑون مصرِ محبت مین مہ کنعان سے
چاہئے اخترِ اقبالِ خریدار بلند

تخت پر بیٹھکے کر سیر چمن ای محبوب
پایہ رکھتا ہی تیرے حسن کا گلزار بلند

شمع رو یار شب ہجر مین جو یاد آیا
شعلہ کیطرح ہوئی آہ شرربار بلند

تشنۂ زخم ہی دل دیکھئے کب کرتی ہی
پانی اپنا میرے سر سے تیری تلوار بلند

## غزل میر

لڑکے پھر آئے ڈر گئے شاید
بگڑے تھے کچھ سنور گئے شاید

سب پریشان دلی مین شب گذری
بال اسکے بکھر گئے شاید

ہین مکان و سرا و جا خالی
یار سب کوچ کر گئے شاید

کچھ خبر ہوتی تو نہ ہوتی خبر
صوفیان بیخبر گئے شاید

آنکھ آئینہ رو چھپاتے ہین
دلکو لے کر مکر گئے شاید

لوہو آنکھون مین اب نہین آتا
زخم اب دلکے بھر گئے شاید

اب کہین جنگلون مین ملتے نہین
حضرت خضر مر گئے شاید

بیکلی ہی قفس مین بھی دشوار
کام سے بال و پر گئے شاید

شور بازار سے نہین اٹھتا
رات کو میر گھر گئے شاید

## غزل آتش

فروغ مہر کا پیدا کرے ہمارا چاند
ہلال سامنے سے اسکے ہو ستارا چاند

تمام رات ہوئی کر گیا کنارا چاند
اتر گئے بام سے تم جیتے اور ہارا چاند

نقاب الٹ کے رخ رشک ماہ دکھلا دو
اندھیری رات مین ہی ایک ایک تارا چاند

وہ ماہ آج جو آیا توکل کیا غرا
نشاط و عیش مین گذرا کبھی نہ سارا چاند

وہی ہے خوب جسے جو پسند خاطر ہی
نگاہ کبک مین سورج سے ہی پیارا چاند

ہلال بدر سے ہر چاند مین ہوا ہر چند
نہ کر سکا تیری ابرو کا یار اتارا چاند

شراب پیکے کرو گے رخ صبیح کو سرخ
حرارہ اڑیگا خورشید کا تمہارا چاند

فراق یار مین کوئی حسین نہین بھاتا
گران ہی مہر جہاں تاب و ناگوار اچاند

مقابلہ جو رخِ آتشینِ یار سے ہو
یہہ بیقرار ہوا اڑ جائے نکلے تارا چاند

تیری غلامی کا دعویٰ ہی یار اسکو بھی
جبین کے داغ کو رکھتا ہی آشکار اچاند

زمانہ یار کا آیا گذر گیا یوسف
طلوع نیر اعظم ہوا اسد ھار اچاند

ہمارے دلمین نہین نقشِ روئے روشنِ یار
پری کے بدلے ہی اس شیشہ مین اتار اچاند

ملا ویگا تیری پاپوش کے ستارو ںسے
کبھی ادھر سے کریگا نہ کیا گذار اچاند

رُخِ حبیب سے ممکن نہین فروغ آتش
اگر وہ حسن سے شعلہ ہی تو شرار اچاند

## غزل سودا

لے آئے در پہ تیرے جو ستم کشان فریاد
ہوئی کسیکی نہ ائین سے رایگان فریاد

کیا ہی قد کو میرے شاخِ ارغوانکا رشک
تمھارے ہاتھ سے اے چشم خونفشان فریاد

مین دیکھتا ہون جسے ہی وہ آپہی نالان
تمھاری کیجئے کس پاس اے بتان فریاد

تم اپنے جور سے مت سمجھیو کہ نالان ہون
یہہ دوستون کی ہی دور لیے دشمنان فریاد

نہ میرے دلکی خموشی ہی موجبِ آرام
کبھو ہوا ہی کہ سے مرغ نیمجان فریاد

قسم ہی گل کی تجھے عندلیب سودا سے
جو تو کیا نہ کرے ملکے ہر زمان فریاد

## غزل سجاد

وارثِ تختِ یقین قیس ہوا میرے بعد
صید کس کسکو کیا دام بلا میرے بعد

دشتِ کربت مین مرا حال سنا جو فرہاد
تیشہ سر اپنے پہ مارا سو پھر امیر بے بعد

خار صحرائے جنون پھینکدے چن چنکے صبا
تا کوئی آتا نہو آبلہ پا میرے بعد

اسلئے سرخ مین رکھتا ہون گریبان کفن
یہہ شہادت کی گواہی ہو بھلا میرے بعد

جیتے جی اتنا نہ ترساؤ کروگے پھر یاد
گرچہ یاد آئی وفا میری تو کیا میرے بعد

یاد اُس کاکلِ زیبا کی میرے سینے مین
سانپ سا کاٹے گی مرقد پہ بھی آ میرے بعد

ردیف ڈال

طاق ابرو مین پڑھو میرے جنازے کی نماز
تا کوئی دیر و حرم بھول نہ جا میرے بعد

اسکی دہلیز پہ سجاد کا کریو مدفن
تا کوئی کھاوے نہ ٹھوکر سے غبار میرے بعد

## غزل آتش

نہ دے سکے ہی زمستان مین مجھکو ایذا ٹھنڈ
لپٹ کے سوویگا وہ گل ہے پیا ٹھنڈ

پڑا ہے جب سے دم سرد سے مجھے پالا
بدن کو دیتی ہے لرزے کی تپ کی ایذا ٹھنڈ

برہنہ پھرتے ہین جاڑے مین تیرے دیوانے
کھٹکنے دیتی نہین گرد داغ سودا ٹھنڈ

دکھاتی ہے سمے دگر رنگ و سبزہ و مینا
شراب خوار کو ہے باعث تماشا ٹھنڈ

فراق یار مین لی ہے جو مین نے ٹھنڈی سانس
ہوئی ہے گرمی مین جاڑے کی طرح پیدا ٹھنڈ

غضب خدا کا صنم تیری سرد مہری سے
نہ کر سکیگا گزند ایسی کر سکے پالا ٹھنڈ

کرونگا سوز درون سے جو اف مین سرما مین
پھریگی ڈھونڈھتی آتش کنار دریا ٹھنڈ

## غزل نظیر

ہو کچھ آسیب تو وہان چاہیے گنڈا تعویذ
اور جو ہو عشق کا سایہ تو کرے کیا تعویذ

دلکو جس وقت یہہ جن عشق کا لپٹا پھر تو
کیا کرین وہان وہ جو لکھتے ہین پلیتا تعویذ

ہمتو جب ہوش مین آوین جو کہین سے پاوین
یار کے ہاتھ کا بازو کا گلے کا تعویذ

زور تعویذ کا چلتا تو عرب مین یارو
کیا کوئی ایک بھی مجنون کو نہ دیتا تعویذ

کوہکن کوہ کو کس واسطے کاٹا کرتا
دیتے غمخوار نہ کیا اسکے تئین لا تعویذ

آخر اسکے بھی گیا دلکا دھڑکنا اس روز
قبر کا تیشے نے جب اسکے تراشا تعویذ

ہم کو بھی کتنے ہی لوگون نے دئے آہ نظیر
پر کسیکا کوئی کچھ کام نہ آیا تعویذ

## غزل سودا

دفتر دہر کا ہے پیش نظر ہر کا خد
لکھے اپنے کا نہین علم ہے کیونکر کا خد

لکھ رکھا ہے نہ ملے گو تیرے یہان ظلم کی داد
دونگا حاکم کو بہنگامہ محشر کا خد

لکھنے سے وصف بناگوش کے تیرے اے یار
پاوے ہر ملک مین اب قیمت گوہر کاغذ

اسکی مین راستی قد کی ثنا لکھتے وقت
نہین پایا کبھو محتاج مسطر کاغذ

نامے اس شوخ کو مین کرکے رقم ای یارو
آنسو رویا ہون کہ لیجائے شناور کاغذ

وہ تو مجمر مین طرح عود کے دیتے ہے آتش
جب سے بھیجا ہون مین کرکے معطر کاغذ

بسکہ رنگینی معنی مین ہے میرے دیوان کی
ہر ورق کا ہے گلستان کے برابر کاغذ

## غزل آتش

مرغوب طبع کیون ہو ایسی حشک لذیذ
چکھا تو حسن کا ہے تمھارے نمک لذیذ

ای حور اپنے سیب ذقن کا مزہ نپوچھہ
جنت کا میوہ مغز سے ہے پوست تک لذیذ

مستی مین بوسے اس لب لعلین کے لیجئے
کیفیت شراب مین ہے یہہ گزک لذیذ

کس طرح کے ذایقۂ دلپذیر ہین
کیا کیا طعام رکھتا ہے خوان نمک لذیذ

شیرین کلام کا بھی مزا بھولتا نہین
شیر و شکر سے ہے یہہ بلاشبہ و شک لذیذ

شیرین وہ لب ہے یا نمکین جو ہو خوب ہے
شکر نمک سے ہو تو شکر سے نمک لذیذ

بریان ہو سوز غم سے محبت کے ساتھہ دل
آتش کباب کرتا ہے دخل نمک لذیذ

## غزل انشا

لکھہ دو آخوبجی صاحب کوئی ایسا تعویذ
کہ مرے منہہ سے لگے اسکے گلے کا تعویذ

کچھہ تو دے اپنی نشانی مجھے بندا یا لا
توڑا زنجیر کڑا قول کا چھلا تعویذ

دل دھڑکنا ترے عاشق کا نجاوے ہرگز
گرچہ سو لاکھہ طرح لکھدے مسیحا تعویذ

غش ہوئے ہم تو اجی قہر تھا اس کافر کا
لال نارے مین بندھا ہائے وہ نیلا تعویذ

سر کے بالونسے ٹک جھٹکے سے الجھا تو کہی
اب لگا مجھہ کو ستانے یہہ نگوڑا تعویذ

خیر انشا کی جو چاہو تو پلا دو دھو کر
اسکے بازو کا وہ ننہا سا روپہلا تعویذ

## غزل مسیح

قند

قند و شہد و شکر ہین کہان لذیذ
شیرین لبون کی جیسی کہ ہون گالیان لذیذ

ہین سوز غم سے بسکہ یہہ جلتے برنگ شمع
کام ہما مین مہر نہین استخوان لذیذ

ساقی ہو سیر باغ ہو اور گلعذار بھی
مشرب مین اپنے تب ہوئے ارغوان لذیذ

ہو کیون نہ موج شربت عیسی مری زبان
نام اسکا لیتے ہی ہوا میرا دہان لذیذ

ہر میوہ و مٹھائی کی لذت سے دل بھرے
پر ہی مدام بوسہ شیرین زبان لذیذ

جب ہاتھہ مین نہووے وہ سیب ذقن مسیح
کیونکر لگے ہمین ثمر بوستان لذیذ

## غزل شاہ ظفر علیہ الرحمہ

تیری جو پازیب سر کا جھومر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر
ہوئے ہین جلوہ نما چمک کر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

وہ نور اشکون کا ہی ہمارے نکلتے بالون ہین شرارے
نہ کیون کہ ہون عرش پر چھاور زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

پھپھولے پانؤن مین ہمین نمایان تو سر پہ داغ جنون فراوان
نہ دیکھین دیوانے تیرے کیون کر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

ذرا جبین عرق فشان پر تو اپنی افشان دکھادے چنکر
کہ تا نظر آوین ماہ سیکر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

نہ سیر وہ گل نہ جوش شبنم نہ چمکے جگنو ہوا پہ ہر دم
نظر شب آتے تھے مجھکو یکسر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

ادھر تو فوارے چھوٹتے ہین ادہر ہین اشجار پر چراغان
نئی ہی سیر یک چمن کے اندر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

زمین نہایت ہی تھی یہہ مشکل ظفر ہی استاد پر وہ کامل
غرض دکھاوے وہی بنا کر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

## غزل عزیز الدّین

چوسر کیون نہین کھیلون پیا کے سنگ اری نار
اس اوسر کی بیت سار جانو یہہ دن ہین دو تین چار

سات پانچکی کچی پکّی پا تو نسے ہووہی ہار
دا ؤ رکھے سو رنگ ہی واکو وہی جیتے سو بار

جو جیتے سو پیا کو جیتے جو ہارے سو رہے پیا لار
تیری تو سب طرح جیت جیت ہے مت کر سوچ بچار

اٹھواری کھابند چلے ہی کرتے ہے ڈھاندل زار
جب چھکے چھوٹ جاوینگے تیرے تب کیا کریگی گھلا

آنٹھہ جام انکی سدھ راکھو یہہ جو کھلے دس دو ار
تو نند باہ سدھ ہون تب ہے جون تون انکو شمار

گری کھمرت مین پیاسن کھیاؤن دس پہ لگاؤن بال
تیرا بھلا اسی مین ہے پیارے کام کے لئے نرد مار

دس مین دو ارا اور پانچ تت ہین ان پندرہ کو تھار
چودہ بھون تب ہی کھلین تو کو جو تو تجھے ہنکار

ان تو دو رنگ سے یکرنگ ہو جا او رنکمر نکرار
جا کوست رہے سو پیا کو اور کرے پیا پیار

بارہ مین باٹین اٹھارہ مین پیندے او چالین مین ہیر آ
تو چل گرو کی تبائین چالین پا تیہہ اتریگے پار

گھڑی گھڑی پل پل چھن چھن نسدن سر پی پر پکار
لال ہر کی ملا جو تو چاہے شام مورت جیت ہار

سب کچھ پانسو مین پائے ہاتھہ مین پھینکن کے مختار
چاہے کچّا اور آوین کچّا اور پا تیہہ مین لاچار

او پروا نے کو خوب سوجھے ہے اسکا کہا مت ٹار
جگ جگ جیو عزیز الدین پر اٹھنا ہی یکبار

## غزل درد

اسقدر تھا یا کرم یا ظلم ارانی اسقدر
مہربانی اسقدر نا مہربانی اسقدر

جان کو آنے دے لب تک نزع مین کیتک رہون
دشمنی مجھسے نہ کر اے ناتوانی اسقدر

کیا کہون دلکا کسی سے قصہ آوارگی
کوئی بھی بیربط ہوتی ہے کہانی اسقدر

درد تو کتنا ہی معنی کے تئین صورت پذیر
دست رس رکھتے تھے کب بہزاد و مانی اسقدر

## غزل آتش

دکھائے حسن کی اپنی جسے کہ یار بہار
یہہ عشق ہو کے پکارا کرے بہار بہار

ظہور داغ محبت ہی یون مرے دل سے
چمن کی جیسی ہو پروردہ کنار بہار

فراق یار مبدل وصال سے ہووے
نکالے دل سے خزان کا یہہ خار خار بہار

چمن کی سیر مین مجھہ مست کو دلاتی ہی یاد
دکھا کے آتش گل آب خوشگوار بہار

شباب کا تیرے ای یار رنگ لا کے ہوئی
بلائے عالم آشوب روزگار بہار

شگفتہ غنچے سے اس گل کو آتی ہی یہہ صدا
تیرے فدا تیرے صدقے تیرے نثار بہار

پیادہ پا ہون پری کی تلاش مین پھرتا
جنون کو رکھتی ہی سر پر مرے سوار بہار

نمود کی خط مشکین نے لالہ رخ پر
یہہ داغ چھوڑ چلی اپنا یادگار بہار

کنار جوئے چمن جھومتے ہین مست شجر
بط شراب کو کھلواتی ہی شکار بہار

وہ رنگ و بوی بدن یار مین جو ہی سو کہان
شگوفے ویسے کھلایا کرے ہزار بہار

کرم سے ابر کرم کے تیرے یہہ فیض ہی عام
تیرا دیا ہوا رکھتی ہی اعتبار بہار

تصور رخ رنگین مین نید رکھتا ہون
چہار فصل مین آنکھون سے ہی دوچار بہار

شگفتہ ہو کے نسیم سحر سے غنچے ہون گل
اٹھائے پردہ دری نقاب دار بہار

نظارۂ دیدۂ بلبل اسے کیجئے اب کے
خدا جو چاہے تو آتش ہو سازدار بہار

## غزل نظیر

ہرگز نہ پلاتی مجھے تو آنکھ بدل کر
ساقی تیرے کوچے سے نجاؤنگا سنبھل کر

مین کشتۂ ابرو ہون تیرا ای مرے قاتل
آئے ہو لئے ہاتھہ مین کیون تیغ مچل کر

تم نے تو دل اپنے سے کیا قتل ہی مجھہ کو
بیٹھے ہو لبین باندہ کے باہر جو نکل کر

جب ہمسے خفا ہو کے وہ جاتا ہی شمعرو
خاموش ہو رہجاتا ہون پروانہ ساجل کر

مین عاشق بیدل ہون تیرا ای مرے جانی
مت آنکھ چرا ہمسے تو ایسا نہ چلل کر

کہتا ہی نظیر اسکو ذرا پیار سے سوجا
تب اٹھکے کھڑا ہوتا ہی وہ شوخ اچھل کر

## غزل میر تقی

دیکھ اسکو سنتے سب کے دم سے گئے اکھڑ کر
ٹھہرے ہی آرسی بھی دانتون زمین پکڑ کر

کیا کیا نیاز طینت ای ناز پیشہ تجھ بن
مرتے ہین خاک رہ سے گوڑے رگڑ رگڑ کر

قدکش چمن کی اپنی خوبی کو نیو چلے ہین
پایا پھل اس سے آخر کیا سرو نے اکڑ کر

وہ سرچڑھا ہی اتنا اپنی فروتنی سے
کھویا ہمین نے اسکو ہر لحظہ پانون پڑ کر

پائے ثبات بھی ہی نام آوریکو لازم
مشہور ہی نگین جو بیٹھا ہی گھر مین گڑ کر

دور ہمین دلبرونکی کٹتی ہی کیونکہ سبکی
آدھا نہین رہا ہون تجھسے تو مین بچھڑ کر

اب کیسا زہد و تقوی داروے اور ہم ہین
بنت العنب کے اپنا سب کچھ گیا گھسڑ کر

دیکھو نہ چشم کم سے معمورۂ جہان کو
بنتا ہی ایک گھر یہان سو صورتین بگڑ کر

اس پشت لب کے اوپر دانے عرق کے یون ہین
یاقوت سے رکھے ہین جون موتیونکو جڑ کر

ناسازگاری اپنے طالع کی کیا کہین ہم
آیا کبھو نہ یہانتک غیرونسے یار لڑ کر

اپنے مزاج مین بھی ہی میر ضد نہایت
پھر مر ہی کے اٹھینگے بیٹھینگے ہم جو اڑ کر

## غزل سودا

اٹھ جا نہین ہی سادر رہنا یار سے لڑ کر
ملتے ہین تو پھر چھاتی کو چھاتی سے رگڑ کر

پوجون ہون مین جس بت کو خدا کا ہی تراشا
آذر نہین لایا وہ مرے واسطے گھڑ کر

خون کردہ کا درمان کہو اب کیا کرون یارو
دل اسنے لیا مجھسے نہ لڑ کر نہ جھگڑ کر

کہتا تھا یہہ سودا وہ نہ جاویگا کہانتک
جا بیٹھون گا دروازے پہ اب اسکے مین گڑ کر

دانا ہو سو سمجھے کہ محبت نہین وہ شی
در پر کسی کے بیٹھے جو جسکے لئے اڑ کر

## غزل ناسخ

جیتے جی جاؤن مین کیون کر کوچۂ جانان چھوڑ کر
بلبل نالان کہان جاوے گلستان چھوڑ کر

چاہیئے وحشت مین جامہ چاک ہونا روح کا
دامن قاتل کو یون اپنا گریبان چھوڑ کر

وصل جانان مین نظر آیا مہ شعبان مجھے
سبزہ کیا دیکھون خط رخسار جانان چھوڑ کر

کادن

کاوش غم دور ہو سیر دل ویرانے کیا
روح لیلیٰ کا عبث ہے تجھ کو مجنوں انتظار
وصل جانان کسکی قسمت میں ہمیشہ ہے دلا
مین نے جب آنکھوں کے مضمونکا پڑھا وحشت شعر
حور ہے ساقی مرا کیونکر ہے مے مجھپر حرام
ہو الٰہی وصل جنت میں بھی مجھ کو یار کا
سانپ کو قابو مین لا کر چھوڑ دینا جہل ہے
سر پٹکتے پھرتے ہیں ارواح سنگ و خشت سے
اختیار اصلا نہین گر ہے جہان زیر نگین
زاہدا کیونکر کرون مین ترک یہہ دنیا وہ ہے
آج تو پوشاک پر مرتا ہے کل تو دیکھیو
روشنی کی سیر جب مین نے شب فرقت مین کی
دیکھ لو فرقت نہ دیکھی ہو جو برق و ابر کی
عیش تنہائی ہوا مردونکی کثرت سے محال
ہو وطن مین خاک ہیر گوہر مضمون کی قدر
کوئی قاتل کو چلے وحشت مین یون صحرا سے ہم
ہولی ہے غربت مین ثروت پر بڑی ایذا کے بعد
اہل جوہر کو وطن مین رہنے دیتا گر فلک
مر گیا کیا ناسخ میکش جو سارے میفروش

خار جاتے ہین کہین صحرا کا دامان چھوڑ کر
بوئے گل کب دور کرتی ہے گلستان چھوڑ کر
جاتی ہے یک روز آخر جسم کو جان چھوڑ کر
کوئے جانا نکو چلے آہو بیابان چھوڑ کر
واعظا کرتا ہے کیا باتین تو ایمان چھوڑ کر
کب وہ انسان ہے جو مانگے حور انسان چھوڑ کر
جان سے مایوس ہو نہین زلف جانان چھوڑ کر
چل بسے ہین جسم کیا کیا قصر و ایوان چھوڑ کر
اٹھ گیا دنیا سے حاتم کو سلیمان چھوڑ کر
سیر کو آئے تھے آدم باغ رضوان چھوڑ کر
جائیگا نباش تیری لاش عریان چھوڑ کر
شعلے آ لپٹے مجھے سرو چراغان چھوڑ کر
خندہ زن جاتا ہے ظالم مجھ کو گریان چھوڑ کر
جاؤن یارب اب کہان شہر خموشان چھوڑ کر
لعل قیمت کو پہنچتا ہے بدخشان چھوڑ کر
بھاگتے ہین جسطرح سے تیر میدان چھوڑ کر
رنج اٹھائے کسقدر یوسف نے کنعان چھوڑ کر
لعل کیون اس رنگ سے آتا بدخشان چھوڑ کر
مسجد و نہین بیٹھے ہین وہ اپنی دکان چھوڑ کر

## غزل نصیر

دست انداز نہ گلچین ہو کہ مرغان چمن
رکھتے ہین پہلو مین شاخ گل تر سے تلوار

گذری شب وصل کی کہ قتل مجھے تو نیکر / پنجۂ مہر گریبان سحر سے تلوار
کیا اسی تحفے کے قابل یہہ گنہگار تھا آہ / تم مرے قتل کو لائے جو سفر سے تلوار
لطف بن اسکے ہی کیا بادہ کشی کا ساقی / لب ساغر کی نہین کم یہہ تبر سے تلوار
قتل ہونے کو نہ باندھے اگر عشاق کمر / قطرۂ خونکو ستمگر تیری تر سے تلوار
دیکھتا کیا ہی کہ ہی معرکہ آرائی آج / برق چمکائے ہی انداز دگر سے تلوار
چاہتا ہون مین کہ ہی ابر مژہ تجھسے بھی / موج ہر اشک کے تلوار پہ برسے تلوار
امتحان کی ہوس ابتک بھی ہی اس ظالم کو / مر گیا تابکمر کھاکے مین سر سے تلوار
دم چرانے کا گمان ہی یہہ کہ کرتا ہی تیز / میری تربت کی سدا لوح حجر سے تلوار
لخت دل یہہ نہین تار مژہ پر طفل سرشک / پاؤن مین باندھکے پھرتا ہی سپر سے تلوار
قیس و فرہاد کہان جائین تیرے ہاتھ سے عشق / کاش لین راہ عدم یار کے سر سے تلوار
خار صحرائے جنون خیز لئے ہی برچھی / کمر کوہ مین ہے سبزۂ تر سے تلوار

## غزل بادشاہ

بلبل شیدا نے پوچھا گل سے یون روز بہار / ای گل رعنا ترے دامن سے کیون لپٹے ہین خار
کیا نزاکت سے گران سرمہ ہی چشم یار کا / بار کاجل سے کمر کیونکر نہ لچکے بار بار
مطرب و مینا و ساقی نغمہ و چنگ و رباب / سب مہیا ہی و لے تیرا فقط ہی انتظار
جو گل رخسار جانان کی نہ آئی دیکھو تاب / چھپ رہا غنچہ و گل غیرت سے ہو کر شرمسار
گل نے کر چاک گریبان یون کہا رو رو کے زار / چشم گل کو نوک مژگان کی جگہہ ہی نوک خار
تیرے مقدم کے لئے ای سیمبر گلزار مین / گل گریبان چاک کر آیا نکل بے اختیار
تیغ ابرو دیکھ کر آئی ندا ای بادشاہ / لا فتا الا علی لا سیف الا ذوالفقار

## غزل سودا

پھینکے جو کلہا ندار مرا تیر ہوا پر / سیمرغ نہ بچے پھر نہ عصافیر ہوا پر

مرقد پہ میری موج نسیم آ و تو یون جان — دیوانہ پہ خاک ہے زنجیر ہوا پر
کر خانۂ گردون پہ نظر چشم فنا سے — ہی شکل حباب اسکی بھی تعمیر ہوا پر
تو سن پہ تجھے دیکھ کے مانی و بہزاد — اللہ نے یہہ کھینچی ہی تصویر ہوا پر
سودا کی دردوست جو یارب نہ رکھے جان — اس جرم کی تو کیجیو تعذیر ہوا پر

## غزل ذوق

جب چلا وہ مجھ کو بسمل خون مین غلطان چھوڑ کر — کیا ہی بچتا یا تھا مین قاتل کا دامان چھوڑ کر
کیونکہ نکلے تیر اسکا دل مین پیکان چھوڑ کر — پھر نہ اٹھا کوچہ چاک گریبان چھوڑ کر
طفل اشک ایسا گرا دامان مژگان چھوڑ کر — جائے بیضہ کو کہان یہہ مرغ پران چھوڑ کر
کام یہہ تیرا ہی تھا رحمت سے ای ابر کرم — ورنہ جاتے داغ عصیان میرا دامان چھوڑ کر
جسکو لذت ہو اٹھائے زخم تیغ عشق کی — کب وہ مرہم دان کو ڈھونڈھے ہی نمکدان چھوڑ کر
صید دلکو کیون نہ چھوڑے جبکہ دکھلائے نہ تو — مچھلیان دست حنائی مین ہمیری جان چھوڑ کر
سرد مہری سے کسی کے آگے ہی جی سرد ہے — یہان سے ہٹ جا دھوپ اے ابر بہاران چھوڑ کر
دیکھئے کیا ہو کہ ہی اب جان کے پیچھے پڑی — دلکو ای کافر تیری زلف پریشان چھوڑ کر
ای دل اسکے تیر کے ہمراہ سینے سے نکل — ورنہ بچتا ئیگا تو یہہ ساتھ نادان چھوڑ کر
کیون نہ رم کر جائین آہو ایسے وحشی سے ترے — شیر بھاگین جسکے نالون سے نیستان چھوڑ کر
سر جھکا یان دیکھ لے زاہد جو دندان پر ترے — اٹھ کھڑا ہو ہاتھ سے تسبیح مرجان چھوڑ کر
پیش خیمہ لیکے نکلا گرد باد دور رو — ہی جو سر گرم سفر تن کو میری جان چھوڑ کر
اٹھ گیا وہ آج سب ہستی کا سامان چھوڑ کر — تم گئے تھے کل جسے بیمار ہجران چھوڑ کر
گر خدا دے تو قناعت ماہ نکھفتہ کی طرح — دوڑے ساری کو کبھی آدھی نہ انسان چھوڑ کر
ساغر دل ہم تیا آیا ہون گھومت ہاتھ سے — جو کتا ہی کیون یہہ جنس ست گردان چھوڑ کر
پڑھ غزل ای ذوق کوئی گرم سی اتنو تجا — جانب مضمون طرز گفتہ جانان چھوڑ کر

## غزل آتش

پڑ گئی آنکھ جو اُن چاند سے رخسارون پر / لوٹتے کبک نظر آگئے انگارون پر
ابروے یار کا جن کے ہی جھونکے سودا / رقص وہ لوگ کیا کرتے ہین تلوارون پر
روز و شب رہتے ہین بلبل کیطرح سے نالان / ٹوٹے پھولونکی چھڑی ہمسے گنہگارون پر
باد کے جھونکے کے لگنے سے ہین میلے ہوتے / ناز کی ختم ہی اُن پھولونسے رخسارون پر
موسم گل مین جو ہوتا ہی زیادہ سودا / دوڑتے پھرتے ہین ہم باغ کی دیوارون پر
جگر و دل ہین کبابون کی طرحسے بھنتے / کثرتِ داغ جنون رکھتے ہین انگارون پر
عشق بازونکو دکھاؤ رخ رنگین تم بھی / مست بلبل ہوئے ہین رنگ ہے رخسارون پر
سن جو پاتی ہین تیری ابرِ سیہ سی زلفین / رقص طاؤس کیا کرتے ہین کہسارون پر
کر رہی ہی شب ہجر انکی سیاہی اندھیر / چاند پر ہی نہ وہ رونق نہ چمک تارون پر
بزم خوبان مین تکلف نہین کسکو ہی پسند / طرہ ہی طرہ نظر آتے ہین دستارون پر
مردنی چھائی ہوئی دیکھینگے منہہ پر جو طبیب / خشمگین ہونگے تیرے چشم کے بیمارون پر
جا نکلتا ہی جو بازار مین وہ شوخ مزاج / پھبتیان ہوتی ہین یوسف کے خریدارون پر
خاک چھنواتی ہی سودائے گلستان نے بہت / ایڑیان برسون ہی رگڑا کئے ہم خارون پر
دل احباب کا دم بند ہی اُن زلفون مین / کیا تعدی ہی شکنجے کے گرفتارون پر
شور نالے کا مرے جب سے سنا ہی آتش / قفل مرغان چمن رکھتے ہین منقارون پر

## غزل سوز

صبا حریف لے آتی ہی تو میرے دلبر / لگی ہی تیر سی یہہ گل کی بو میرے دلبر
بتون کا دید مین کرتا ہون شیخ جب سے / حلال تب سے ہی جام سبو میرے دلبر
کسی ہی چیز کو ڈھونڈھا نہین مین دنیا مین / مگر رہی یہہ تیری جستجو میرے دلبر
یہہ چاک جیب نہین جسکو یار سی دینگے / نہ کرسکیگا تو ناصح رفو میرے دلبر

خدا کے واسطے ہی سوز لے نہ اسکا نام ۔ غضب کرے ہے تیری گفتگو میرے لیے

## غزل سودا

دل نہ کر منت زراہ بیقراری بیشتر ۔ نازکو کرتی ہے یہان الحاح وزاری بیشتر

ناصحا اس عشق سے ہوتا ہے لذت یاب دل ۔ جسمین حرمت کم ہو رسوائی وخواری کا بیشتر

یارو کیون ہوتے ہو مستفسر مرے احوال کے ۔ غم کو کھاتی ہے تمہاری غمگساری بیشتر

کیون نہ لاگو ترک چشم یار اسکے رہین ۔ صید چیتا لیکے در پے ہون شکاری بیشتر

کشت پر تخم عمل کے اپنے جتنا چاہے رہ ۔ نفع یہان رکھتی ہے سودا آبیاری بیشتر

## غزل تحسین

کس مزے کے رنگ سے بن بنکے آتی ہے بہار ۔ حسن کو اپنے عجب سج سے دکھاتی ہے بہار

چاندنی ہے سیر ہے اور بادۂ گلرنگ ہے ۔ گر نہین ساقی تو کس کافر کو بھاتی ہے بہار

ماہتابی کے مزے مین ہائے وہ مہتاب بین ۔ حیف اسکے ہجر مین کیا مفت جاتی ہے بہار

جھومتی جھکتی جھمکتی جھنجھلاتی چاندسی ۔ جو وہ گلرو پاس نہین کسکو خوش آتی ہے بہار

واہ وا تحسین بیت یہہ مصرع موزون ہوا ۔ چاندنی کے رنگ مین کیا دل لبھاتی ہے بہار

## غزل انشا

جا سکتے تھے جسکے چھپر کھٹ کے برابر ۔ شب اسنے سلایا ہمین کروٹ کے برابر

اس ململی پوشاک پہ مسکی ہوئی چولی ۔ ہے بگڑی ادا لاکھ بناوٹ کے برابر

اس موسم برسات مین کیون گھر نہ رہین ہم ۔ آنکھین بھی برستی ہین جہاوٹ کے برابر

وہ پردہ اٹھا گھر سے جو باہر نکل آیا ۔ غش کھا کے گرا ہٹ سے مین چوکھٹ کے برابر

لب اسکو اثر کرتی ہین انشا کی دعائین ۔ تعویذ لٹکتا ہے پڑا لٹ کے برابر

## غزل عیوض

تحسین بھی نہ کی شیرین نے کچھہ تیشہ زنی پر ۔ پھر بیرین فرہاد کی اس کوہکنی پر

اس لب نے نہ یک لعل کا بازار کیا سرد
کچھ آگ سی ہے ایک عقیق یمنی پر
ان زلفون کا عنبر کے نین دیکھہ ہوا خوار
سرپوش دھرا نافہ نے مشک ختنی پر
اب رامجی کے نام کی جپتا ہون مین سمرن
دل جب سے گرفتار ہے اک برہمنی پر
کیون سینہ و سر اپنا مین پتھر سے نہ ٹھوون
وہ وعدہ شکن ہے مری اب دلشکنی پر
کیون غنچہ کے مانند گریبان نہ کرون چاک
گل کھاوے ہے جو ہاتھو نپہ وہ اس گلبدنی پر
شاباش غیور آفرین صد مرحبا تم کو
کیا خوب غزل کہتے ہو اس کم سخنی پر

## غزل انشا

ای دل سمجھ کے اسکی تو زلف دوتا کو چھیڑ
کمبخت کیا کرے ہے سانپ کالی بلا کو چھیڑ
غنچون کو روند گل کو مسل اور صبا کو چھیڑ
لیکن نہ اسکے عقدۂ بند قبا کو چھیڑ
ہین فندقین جو اُن کی رچانے لگا تو وہ
بولی کہ چل پرے ہو نہ میری حنا کو چھیڑ
نالون سے میر بجتے جو بلبل لو بولے اب
واہ ای اجڑ گئے نہ مرے آشنا کو چھیڑ
ای ہمنشین یہہ موسم ہولی ہے اندلون
منظور ہے جو سیر تو اس خوش ادا کو چھیڑ
لیکن کچھ اور سانگ نہ لا سر پہ اپنے ایک
نیلا قصابہ باندھ کے انکی دوا کو چھیڑ
شوریدگان عشق سے باتون مین مت الجھ
ای بے ادب پرے نہ گروہ خدا کو چھیڑ
چمکا نہ میرے سامنے ای مہر آتشینہ
کہتا ہون بات مان نہ اہل صفا کو چھیڑ
اک بوالہوس نے اُن کی جو آنا سے کچھ کہا
رستے مین اپنے توسن حرص و ہوا کو چھیڑ
برقع الٹ کے منہہ سے وہ کہنے لگی چخی
بیٹا کو اپنے چھیڑ اور اپنی بوا کو چھیڑ
دیکھی بھی ہے کسیکو دوانہ تو کچھ نہین
بیٹا کسی جوان سے ساز و نوا کو چھیڑ
انشا جو ہونی ہووے سو ہو دل کہے ہے یون
تا چند ضبط آج تو اس دلربا کو چھیڑ
لیجا کے چپکے چپکے دوشالے کے نیچے ہاتھ
ناخن گڑو کی چٹکیان لے انگشت پا کو چھیڑ

## غزل سودا

ہی دیکھ تحمل و اذی امین ہر ایک جھاڑ
روڑا ہی کون جو نہین طور کا پہاڑ

تیر نگہ نے تیرے دلون کو الٹ دیا
مژگان تیری نے دی ہین صفونکی صفین پچھاڑ

کتنا شگفتہ رو ہی کہ مانند آرسی
چھاتی کے جسکے سامنے کھلجاتے ہین کواڑ

منعم نہ مر بنائے عمارت کی فکر مین
یہہ سب حویلیان تھین جھانک سے اب اجاڑ

بد تر ہی مے کے پینے سے رشوت کلال کی
کہہ محتسب سے دختر رز کی نہ کھائے بھاڑ

تنہا نہ شمع روتی ہی سودا کی خاک پر
گل بھی تو لوٹتے ہین گریبان کو پھاڑ

## غزل میر

آشوب دیکھ چشم تیری سر رہے ہین جوڑ
پلکونکی صف سے پھر گئین منہہ کو موڑ موڑ

لاکھون جتن کئے نہ ہوا ضبط گریہ لیک
سنتے ہی نام آنکھ سے آنسو گرے کروڑ

زخم درون سینے میرے نہ ٹک بے خبر رہو
اب ضبط گریہ سے ہی ادہر ہی کو سب نچوڑ

گرمی سے برشکال کی پروا ہی کیا ہمین
برسون رہی ہی جانکے رکنے کی یہان مروڑ

بلبل کی اور چشم مروت سے دیکھ ٹک
بیدرد یو چمن مین کسو پھول کو نہ توڑ

کچھ کوہکن ہی سے نہین تازہ ہوا یہہ کام
بہتیرے عاشقی مین موئے سر کو پھوڑ پھوڑ

بیطاقتی سے میر لگے چھوٹنے پران
ظالم خیال دیکھنے کا اسکے اتو چھوڑ

## غزل کنور

دایم ہی غمزدونسے تیرے یار چھیڑ چھاڑ
اچھا نہین سدا ای دل آزار چھیڑ چھاڑ

رکھتا ہون شمع وار دل اپنا گداز سے
روشن دلونسے کر نہ ستمگار چھیڑ چھاڑ

ہر آن عاشقون سے کرو ہو ٹھٹھولیان
ہم غمزدے نہین ہین سزاوار چھیڑ چھاڑ

پانوٴن سے تا نہ کوئی دل افگار چل سکے
رکھتا ہی تیرے کوچے مین ہر خار چھیڑ چھاڑ

پیکر شراب کہتے ہین کل شیخ مست تھا
کرتے تھے لونڈے بر سر بازار چھیڑ چھاڑ

دلدار تیرا عاشق دل باختہ ہون مین
ناخوش ہی جان نثار سے ہر بار چھیڑ چھاڑ

ہی جان و دل سے طالب صادق تیرا کنور | اس طرح کرنا اس سے تو نہ بہار چھوڑ چھاڑ

## غزل سودا

منزل کو پہنچنے سے ورے قافلہ دے چھوڑ | ایدل سمجھ ان ہمسفروں کا گلہ دے چھوڑ
ہو صاعقہ اس خار پہ صحرا میں الہی | اس دل کا رہِ عشق میں جو آبلہ دے چھوڑ
تکلیف مریدی مجھے کر شیخ سمجھ کر | اس زلف کا کسطرح کوئی سلسلہ دے چھوڑ
ممکن نہیں ہی روح مقدس سے حزین کی | ایسی جو غزل ہووے تو سودا صلہ دے چھوڑ

## غزل آتش

دکھلا نیگے گیا یار کا شمس و قمر انداز | ایجاد نئے ہوتے ہیں شام و سحر انداز
موسیٰ کو غش آجائیگا جلوے سے تمہارے | دم دو گے مسیحا کو یہی ہی اگر انداز
دیوانہ ہوا جسنے رخ یار کو دیکھا | رکھتا ہی پری کا بھی جمال بشر انداز
دل صید گہِ عشق میں کب سے ہی نشانہ | لِلّٰہ اڑا دے اسے کوئی قدر انداز
پا بوس کو ہر روز گیا یار کے گھر میں | ٹپکا کئے سر کو پس دیوار در انداز
منہہ پھیر نہ بوسے کے طلبگار سے ظالم | دل توڑ کے کعبہ کو نڈھا خانہ بر انداز
دکھلائی ہی دانتوں کی صفا یار نے جب سے | موتی وہی آنکھوں کے گئے ہیں نظر انداز
جانبر کوئی ہووےگا نہ دل تم سے لگا کر | جو ناز ہی آفت ہی قیامت ہی ہر انداز
واپس دل احباب کو لے کے ہو کرنے | یہہ غمزہ نیا ہی یہہ نتھا پیشتر انداز
گل سنے کو نالے ہمہ تن گوش ہیں آتش | بلبل نے اڑایا ہی تمہارا مگر انداز

## غزل سودا

یار کے حسن سے ہیں بیخبر اغیار ہنوز | نہیں اس شعلے سے آگاہ خس و خار ہنوز
بال و پر ہونے نیا ئے سے تھے نمود ار ہنوز | تب سے ہم کنج قفس میں ہیں گرفتار ہنوز
ہونے کے پامال نہ کر ہم کو رہا ای صیاد | مشق پرواز نہیں تا سر دیوار ہنوز

زخم شمشیر ستمگر نے کیا اپنا کام
یار و تم ڈھونڈھتے ہو مرہم زنگار ہنوز

حق تعالی اسے جیتا رکھے اس دنیا مین
اس قباحت سے نہین ہی تو خبردار ہنوز

قیس و فرہاد کے ماتم سے تو جگ مین اب تک
دشت مین خاک بسر روتے ہین کہسار ہنوز

تیری دوری سے عجب حال ہی اب سودا کا
مین تو دیکھا نہین ایسا کوئی بیمار ہنوز

## غزل انشا

خط تیرا نورستہ دیکھا ای یار شوخ و شنگ سبز
زہر کھا اپنا زمرد نے کیا ہی رنگ سبز

اپنی آنکھونکی جھڑی بھی کم نہین برسات سے
فیض سے جسکے ہوئے ہین سیکڑون فرسنگ سبز

اشک کا قطرہ جو ٹپکا ریزۂ الماس تھا
کیا تعجب گر اثر سے اسکے ہو ہر سنگ سبز

عشق مین ہونے نہین پاتے کسی عنوان سے
غیرت و عار و حیا و شرم و عار و ننگ سبز

کیون نہو سرسبز انشا مثل سرو سبز آج
سبزۂ نوخیز ساقی سبز شیر بنگ سبز

## غزل غالب

لب رہا ہی اب ہمین حور و بشر کا امتیاز
دیکھ کر جاتا رہا تجھ کو نظر کا امتیاز

اسکا کوچہ چھوڑ کر جاوے ہے گلشن کیطرف
ہو گیا معلوم بس باد سحر کا امتیاز

نازکی جسنے رگ گل کی نہ دیکھی ہو کبھی
ہو میان کیونکر اسے تیری کمر کا امتیاز

ہی یہہ سودائے محبت ہی کہ یہان اسبا تکو
کچھ نہین رہتا جہان نفع و ضرر کا امتیاز

جب نشست اغیار کے پہلو مین ٹھہری یار کی
تب ہمارا رہگیا پھر وہان کدھر کا امتیاز

اہل ہمت بوجھتے ہین خاک جب اکسیر کو
ان کو کب ہوتا ہی صرف سیم و زر کا امتیاز

آگے اپنے یار کے غالب ہمین معیوب ہین
ورنہ ہی کسکی اسے عیب و ہنر کا امتیاز

## غزل میر

ہوتا نہین ہی باب اجابت کا وا ہنوز
بسمل پڑی ہی چرخ پہ میری دعا ہنوز

دن رات کو کھنچا ہی قیامت کا اور مین
پھرتا ہون منہہ پہ خاک ملے جا بجا ہنوز

خط کا ڈھولا کے تم تو منڈا بھی چلے وے
غنچے چمن چمن کھلے اس باغ دہر مین
احوال نامہ بر سے مرا سنکے کہہ اُٹھا
غنچہ نہ بوجھہ دل ہی کسی مجھسے زار کا
توڑا تھا کسکا شیشۂ دل تو نے سنگدل
چلو مین اس کا میرا لہو تھا سو پی چکا
بے بال و پر اسیر ہون کنج قفس مین میر

ہوتی نہین ہمارے تمھارے صفا ہنوز
دل ہی مرا ہی جو نہین ہوتا ہی وا ہنوز
جیتا ہی وہ ستمزدہ مہجور کیا ہنوز
کھلتا نہین جو سعی سے تیرے صبا ہنوز
ہی دل خراش کوچے مین تیرے صدا ہنوز
اڑتا نہین ہی طائر رنگ حنا ہنوز
جاتی نہین ہی سر سے چمن کی ہوا ہنوز

غزل شہید

تیرے پر سے جھڑنے سے لگے شرر نہ تڑپ تو بلبل زار بس
جلیگا قفس جلیگا قفس جلیگا قفس جلیگا قفس
اُٹھین گو کہ بار ہوان سال ہی امیرے ساتھہ پر مقال ہی
ابھی تو ترس ابھی تو ترس ابھی تو ترس ابھی تو ترس
کوئی کاروان بھی گیا اگر سوئے نجد قیس یون بول اُٹھا
وہ بجا جرس وہ بجا جرس وہ بجا جرس وہ بجا جرس
تیرے غمزے کا ہون بریدہ سر ارے جنگ جو میرے قتل پر
نہ کمر کو کس نہ کمر کو کس نہ کمر کو کس نہ کمر کو کس
نہ چلی کسو کی فسون گری کہ وہ زلف سانپ سی جس گھڑی
گئی دلکو ڈس گئی دلکو ڈس گئی دلکو ڈس گئی دلکو ڈس
تجھے دیکھا جسنے ہی اے پری بخدا کسو کو نظارہ کی
نہ رہی ہوس نہ رہی ہوس نہ رہی ہوس نہ رہی ہوس
تو شہید ابر سیہ سے کہہ وہ شراب پیتے ہون جسجگہہ

وہین جا برس وہین جا برس وہین جا برس وہین جا برس

غزل محکم

مجھے حیف ہی تیرا ای صنم کہون جا کے آہ یہہ کس سے کس
نہ ملا درس نہ ملا درس نہ ملا درس نہ ملا درس
یون پکار اُٹھا تیرے در پہ شب مجھے چور کہکے وہ بدلقب
تیرا آج عس تیرا آج عس تیرا آج عس تیرا آج عس
تیرے ہجر مین مجھے ای صنم یہان ہوئے رونے دو ماہ کم
ہوئے دو برس ہوئے دو برس ہوئے دو برس ہوئے دو برس
تپ غم کے آتے اٹھا بھڑک بخدا صنم یہہ جگر میرا
نہ بیا چرس نہ بیا چرس نہ بیا چرس نہ بیا چرس
مجھے بر مین محکم گہر با وہین جان کر جو لپٹ گیا
ہر خار و خس ہر خار و خس ہر خار و خس ہر خار و خس

غزل انشا

قفس کی عندلیب ہو بیکس
قیس لیلی سے مل گیا شاید
شب جو مین اسے راہ مین لپٹا
ہاتھہ پائی ہوئی کچھہ ایسی کہ بس
لگی کہنے کہ میرے دامن کو
مفت جل جائے گا پر بھی ہرکس
جب یہہ سمجھی کہ چھوڑتا ہی نہین
گن کے دس لے گیا رہوان تم سہی

وائے تنہائی اور کنج قفس
نہین آتی ہی آج بانگ جرس
خوف حاکم رہا نہ بیم عس
انکے انگلی کی چڑھگئی جھٹ نس
نہین ابتک کیا کسو نے مس
ارے مین آگ اور تو ہی خس
تب تو ٹھہری کہ دینے بوسے دس
ہمکو بیٹھے کرے جو زیادہ ہوس

ایک دو تین چار پانچ چھہ سات / آٹھہ نو دس ہوئے بس الشابس

## غزل میر

مر گیا مین نہ ملا یار افسوس / آہ افسوس صد ہزار افسوس
ہم تو ملتے تھے جب اہا ہا ہا / نہ رہا وہ ہی روزگار افسوس
یون گنواتا ہے دل کوئی مجھہ کو / یہی آتا ہے بار بار افسوس
قتل کر تو ہمین کرے گا خوشی / یہہ توقع تھی تجھسے یار افسوس
رخصت سیر باغ تک نہ ہوئی / یون ہی جاتی رہی بہار افسوس
خوب بد عہد تو نہ مل لیکن / میر سے تیرے تھا یہہ قرار افسوس
خاک پر میر تیرے ہوتا وسلے / نہ ہوا اتنا اقتدار افسوس

## غزل معروف

لیجاؤ یارو مجھے آئینہ رخسار کے پاس / زندگی کا ہے مزا یار جو ہو یار کے پاس
نرگسی چشم کا مست رکھہ دل بیمار خیال / یعنی بیمار کو رکھتے نہین بیمار کے پاس
ذبح کرتا ہے تو کر پر ذرا اتنا کیجو / رکھیو قاتل مجھے تو اپنی ہی دیوار کے پاس
جیمین آتا ہے کہ اب بھیس بدل جوگی کا / دھونی دے بیٹھئے جا زلف دھوان دھار کے پاس
اب خیال اسکا سرافراز کرے ہے معروف / شہ قدم رنجہ کرے جا کسی نادار کے پاس

## غزل رضا

تم نے کچھہ قدر میری آہ نجانی افسوس / قدردانی سے کوئی بات نمانی افسوس
داستان درد کی اپنی مین کہون کس آگے / کوئی سنتا ہی نہین میری کہانی افسوس
دل اگر کہنے مین ہوتا تو یہہ دکھہ کیون ہوتا / ہے بغل مین بھی مرا دشمن جانی افسوس
چشم تر ضعف بدن خشکی لب زردی رنگ / یہہ ملی درد محبت کی نشانی افسوس
رحم آتا ہے رضا دیکھہ تیرا حال مجھے / مفت برباد گئی تیری جوانی افسوس

## غزل

ای ابر تر تو اور کسی سمت کو برس
اس ملک مین ہمارے تو ہی چشم تر ہی بس

حیران تو دیکھ پھول بکھیرتے ہے گل صبا
اک برگ گل گرا نہ جہان تھا میرا قفس

مژگان بھی بہ گئین مرے رونے سے چشم کے
سیلاب موج مارنے تو ٹھہرے ہے کوئی خس

مجنون کا دل ہون محمل لیلا سے ہون جدا
تنہا پھرون ہون دشت مین جون نالہ جرس

ای گریہ اسکے دلمین اثر خوب ہی کیا
روتا ہون جب مین سامنے اسکے تو دے ہی ہنس

اسکی زبان سے عہد ہے کیونکر نکل سکون
کہتا ہون ایک مین تو سناتا ہے مجھکو دس

حیران ہون میر نزع مین اب کیا کرون بھلا
احوال دل بہت ہے مجھے فرصت یک نفس

## غزل انشا

پھر تو کیہ بھر کے دم سرد مرے ہونٹھ نچوس
ہان وہ کسطرح کہ بیدرد مرے ہونٹھ نچوس

قہر ہے لعل مسی زیب ہے تیرا کہنا
رنگ یاقوت ہے یہان گرد مرے ہونٹھ نچوس

رہ فضیحت نہو چلون تو ہے مجھے چھوڑ نہ دے
دیکھ جاگہ ہے یہہ پردہ مرے ہونٹھ نچوس

مجھکو حیران نہ کر چھوڑ تیری دہشت سے
دیکھ رخسار ہوئے زرد مرے ہونٹھ نچوس

صدقے اس نازکے انشا سے یہہ کہنا چلنے
چوٹ لگتی ہے ہوا درد مرے ہونٹھ نچوس

## غزل شہید

نہوگا مجھسا دنیا مین کوئی ناکام سوسو کوس
کہ مطلب بھاگتا ہے سنکے میرا نام سوسو کوس

ہماری شکل سے بیزار ہین اب یا کہ ای ہمدم
بلاتے تھے ہمین جو بھیجکر پیغام سوسو کوس

مبارک ہو تمھین ای ہمصفیر و سیر گلشن کی
ہماری راہ مین پھیلے ہوئے ہین دام سوسو کوس

نکالا آسمان نے جسگھڑی کوچے سے جانان کے
ہوا تھا ناتوان غم کو ہر ہر گام سوسو کوس

مریض عشق کی اپنے خبر لے جلد ای ظالم
ہوئی ہین دور اس سے طاقت و آرام سوسو کوس

نہ یک دن خضر نے بھی آکے میری رہنمائی کی
بھٹکتا ہی رہا مین صبح سے تا شام سوسو کوس

غضب ہے حال سے اپنے نہین واقف ہے وہ ابتک
شہید اب جسکی خاطر سے ہوئے بدنام سوسو کوس

## غزل حاجی

تم خفا ہو مجھسے تو مین بھی علی ہذا القیاس
آپ کی خو ہے وہی میری علی ہذا القیاس

تم جو کہتے ہو کہ تجھسے کچھہ غرض مجھہ کو نہین
ہمکو کب پروا ہے اب تیری علی ہذا القیاس

کون تو میرا مین تیرا کون جو تم کہتے ہو
کچھہ میرے دلمین بھی اب سوجھی علی ہذا القیاس

کوئی امید وفا پر مت لگاؤ اس سے دل
ہو گئی ایک مجھسے نادانی علی ہذا القیاس

بیٹھتے ہین جسطرح نزدیک تیرے آکے غیر
ہوگا میرے پاس بھی کوئی علی ہذا القیاس

کیجئے بدنام مجھہ کو خوب لیکن میرے ساتھہ
ہو گی صاحب کی بھی رسوائی علی ہذا القیاس

پوچھتے کیا ہو کہ اس حاجی نے دلکو جسطرح
کھو دیا تھا جان بھی کھوئی علی ہذا القیاس

## غزل شاہ ظفر علیہ الرحمہ

جو کہ سینے مین ہے داغ دل سوزاں کی طپش
وہ نہ ہو حشر کے دن مہر درخشان کی طپش

خاک پر میرے خس و خار نہ کیونکر جل جائین
اتنلک دلمین ہے سوز غم پنہان کی طپش

بہنے گو آنکھون سے رو رو کے بہائے دریا
نہ بجھی پر نہ بجھی ہان غم جانان کی طپش

نبض پر رکھتے ہی انگشت پھپھولا پڑ جائے
ای طبیبو وہ بلا ہے تب ہجران کی طپش

نہین معلوم یہہ کیا عشق نے بھڑکائی آگ
پھونکے دیتی ہے مجھے میرے دل و جانکی طپش

لکھہ تبدیل ردیف اور غزل گرم ظفر
جسکو ہو سنکے زیادہ دل یارانکی طپش

## غزل میر

اسکا خیال آوے ہے عیار کی روش
کچھہ اسکی ہمنے پائی نہ رفتار کی روش

کیا چال ہیگی زہر بھری روزگار کی
سب اس گزندگی ہے سیہ مار کی روش

وہ رفت و خیز گرم تو مدت سے ہو چکی
رہتے ہین اب گرے سے پڑے بیمار کی روش

جاتے ہین یان رنگ و بوے گل و آبجو چلے
آئی نہ خوش ہمین تو یہہ گلزار کی روش

مایل ہوا ہے سرو گلستان کا دل بہت
کچھہ آگئی تھی اسمین قد یار کی روش

زنداں میں جہاں کے بہت ہیں خراب حال | کرتے ہیں ہم معاش گنہگار کی روش
یوں سر بکھیرے عشق میں پھرتے نہیں ہیں میر | اظہار بھی کریں ہیں تو اظہار کی روش

## غزل شاہ ظفر علیہ الرحمہ

ساقی نہ دکھا بزم میں تو جام کی گردش | یاد آتی ہے چشم بت خودکام کی گردش
پھرتی ہے مری خاک بگولے میں ہمیشہ | اب تک بھی میرے ساتھ ہے ایام کی گردش
ایکشب نہ مرے پاس وہ آیا مہ تاباں | گردوں نے نہ کی ایک مرے کام کی گردش
آنکھوں کے تصور میں تیرے صاف ہی لکھا | خامہ نے ظفر کی جب دم ارقام کی گردش
مے بھرتے ہی ساقی کے ظفر ٹوٹ گیا جام | قسمت ہی میں تھی رند مے آشام کی گردش

## غزل سودا

دیں شیخ و برہمن نے کیا یار فراموش | یہہ سبحہ فراموش وہ زنار فراموش
دیکھا جو حرم کو تو نہیں دیر کی وسعت | اس گھر کی فضا کر گیا معمار فراموش
بھولے نہ میرے دل سے میرا مصرع جانکاہ | نالہ نہ کرے مرغ گرفتار فراموش
دل سے نہ گئی آہ ہوس سیر چمن کی | اور ہمنے کیا رخنۂ دیوار فراموش
یا نالہ ہی کر منع تو یا گریہ کو ناصح | دو چیز نہ عاشق سے ہو یکبار فراموش
بھولا پھروں ہوں آپکو یک عمر سے لیکن | تجھکو نہ کیا دل سے میں زنہار فراموش
دل درد سے کسطرح میرا خالی ہو سودا | وہ ناشنو حرف میں گفتار فراموش

## غزل سودا

کسکی صحبت میں تو ہوا او باش | آفریں میرے من چلے شاباش
میں اگر جانتا کہ بانکا ہے | دل نہ دیتا تجھے میں پہلے کاش
کوئی منصف نہیں کہوں کس سے | کیونکہ گذرے گی میری اس سے معاش
ناخن پا نظر پڑا تھا کہیں | ابتلک میرے دل میں ہے وہ خراش

جسکو دیکھا سو ہی اوہ رشک پری
سوز تو دیکھ صنعت نقاش

## غزل انشا

کیون ساقیا نہ لعل ہوا اپنا یہہ رنگ فرش
شیشے شراب سرخ کے ہین جا بجائے سنگ فرش

جون آئینہ ہی اسکے جہان چاندنی بچھے
وہان عرشیونکے بالونکا سایہ ہی زنگ فرش

تمنے پلنگ دور بچھایا تو کب ہوا
تم جانتے ہو مجھہ کو کہ مین ہون پلنگ فرش

شیخ دراز قدنے جو مجلس مین ڈکر دہری
پھبتی کہی سبھونے کہ آیا کلنگ فرش

ٹک فربہی کو شیخ کے دیکھو کہ ہی زیاد
دریا کے بھی نہنگ سے ہے یہہ نہنگ فرش

جو مجھہ مین اور اُن مین دھما چوکری مچی
فراش بولے زور ہوئے یہہ تو جنگ فرش

دھبا پڑا جو پانون سے انشا کے بولے آپ
کیا سخت بے لحاظ بھی ہجا ہی یہہ ننگ فرش

## غزل یقین

راتدن خوبان کو ہی دلہائے مفتونکا تلاش
روز و شب لیلی کو تھا در پیش مجنونکا تلاش

اشک رنگین سے گلی تیری کو مشہد کر دیا
مر گئے ہین دیکھ کر اس چشم پر خونکا تلاش

جسطرح سے ڈھونڈھتے ہین لوگ خاطر ہائی شاد
اسطرح رہتا ہی مجھہ کو جان محزونکا تلاش

جیسے میری لگ رہی ہی سانورونکی جستجو
جسطرح ہوتا ہی افیونی کو افیونکا تلاش

شاعری ہی لفظ و معنی سے پرے لیکن یقین
کون سمجھے یہان تو ہی ابہام مضمونکا تلاش

## غزل سراج

کیا شراب محبت نے دل کے خم مین جوش
عجب نہین جو قیامت تلک رہون مدہوش

صنم کے حسن کے خورشید کی خجالت سے
ہوا ہی چاند نقاب سحاب مین روپوش

نہین علاج بجز مرہم نوازش و لطف
جفا کے زخم سے کرتا ہی دل فغان و خروش

نہووے صور قیامت کے شور سے بیدا
جو کوئی خیال مین اس چشم کے ہوا بیہوش

تیرے دو ابرو کے ہمسر کو دیکھ حیران ہون
سنا نہین ہون کہین دو ہلال دوش بدوش

فسردہ دل ہون زمانے کی سرد مہری سے
عجب نہین ہی اگر مثل شمع ہون خاموش

کمند عقل سے آزاد ہی مثال سراج
جو اسکی زلف کے زنار کا ہی حلقہ بگوش

## غزل ناسخ

اسقدر زیر فلک ای سرو گل اندام رقص
کر رہا ہی تو لئے گردونکو بے آرام رقص

سیکڑون مردے نکل پڑتے ہین ہر ٹھوکر کے ساتھ
فتنۂ محشر وہ ہی جسکا رکھا ہی نام رقص

مرغ خوش خوان اس چمن کا ہون کہ جسکی صحن مین
آسمان طاؤس سا کرتا ہی صبح و شام رقص

لگتی ہین مینائے گردونکو ہزارون ٹھوکرین
کرتے ہین مستی مین جب ہم رند مے آشام رقص

مچگیا بھونچال تیرے رقص سے محفل مین رات
سب لگے کرنے در و دیوار و سقف و بام رقص

ہوگیا پیری مین عیش اپنا جوانی سے دوچند
ہاتھ مین رعشہ سے کرتا ہی جو مے کا جام رقص

حال مین صوفی اگر ناچے ہی خامی کی دلیل
کرتے ہین گلخن پہ جیسے دانہائے خام رقص

دور دامن ہوگیا ہی مجھکو مثل آسیا
پیستا ہی دلکو تیرا ای بت گلفام رقص

گر عوض ناقوس کے جاکر مین یک نالہ کرون
بتکدے مین ہر طرف کرتے پھرین اصنام رقص

تو ہی او صیاد او ظالم کہ تجھکو دیکھکر
کرتے ہین بدلے تڑپنے کے اسیر دام رقص

جی اٹھے مردے ہزارون سنکے گھنگرو کی صدا
واسطے رندونکے لایا موت کا پیغام رقص

ناچنے گانیکا کیا رتبہ ہی اسکے سامنے
ہر سخن اسکا ہی ای ناسخ عناصر کام رقص

## غزل سودا

آرام پھر کہان ہی جو ہو دلمین جاے حرص
آسودہ زیر چرخ نہین آشنائے حرص

ممکن نہین ہی یہہ کہ بھرے کاسۂ طمع
دن مین کڑوڑ گھر جو پھر آئے گدائے حرص

انسان نہو ذلیل زمانے کے ہاتھ سے
ذلت کوئی کسی کو نہ دیوے سوائے حرص

نادان تلاش طرۂ زر سے تو باز آ
جون شمع یہہ نہو کہ تیرا سر کٹائے حرص

اپنے سوا کسیکو نہ پایا حریص مین
کی قطع روزگار نے مجھپر قبائے حرص

سودا بسر ہو خوبی سے اوقات ہر طرح ۔ پر درمیان نہووے بشرطیکہ پائے حرص

## غزل میر تقی

شاعری شیوہ ہی شعار اخلاص ۔ دین و مذہب میرا ہی پیارا اخلاص
اب کہان وہ مودّتِ قلبی ۔ ہووے ظاہر مین یون ہزار اخلاص
صورت اخلاص کی پڑھی برسون ۔ میر رکھتا نہین ہی یارا اخلاص

## غزل رنگ

مرتبہ حق دیا ہی تمکو خاص ۔ تم سے رکھتا ہی دل میرا اخلاص
غیر کی بو میرے دماغ نہین ۔ الفت دل عجب ہی خاص الخاص
حال تقلید طالب دنیا ۔ جس طرح سے بنا ہوا رقّاص
آپ انّا فتحنا ہووے پناہ ۔ مصحف رو ہی سورۂ اخلاص
بحر معنی مین غرق ہوگا رنگ ۔ ہاتھ آیا سخن کا ہو غوّاص

## غزل کنور

مین بنیت دل سے ہون تیرا مخلص ۔ جذب باطن سے با صفا مخلص
دلکو فرقت مین کیا ہی بیتابی ۔ عرض ہمت سے کرے وہ کیا مخلص
منتظر تیرے دید کے ہین سب ۔ برقع منہہ سے کہین اُٹھا مخلص
بے سبب رہتے ہو خفا مجھسے ۔ آپ کا مین ہون بے ریا مخلص
شکر حق اب کنور وہ بر آیا ۔ جس دعا مین ہمیشہ تھا مخلص

## غزل اشک

ردیف ض

زہے بسائیم فیضان مبدۂ فیاض ۔ نمود جس سے ہوئے سب جواہر و اعراض
مدام ناصیہ سا ہین حضور مین جسکے ۔ سواد چشم شب و گردن سحر کی بیاض
بدیع فطرت و خیاط و خلعۂ تنویر ۔ ہو جسکے ہاتھ گریبان صبح کی مقراض

حکیم و حاکم و حکام دہر جس سے ہین — ہمیشہ خلق جہان کو ہزار ہا اغراض
ریاضی اور طبیعی سے ما حصل یہہ ہے — الٰہیات سے تا فہم کو نہ ہو اعراض
کہ تیری ذات کو مخلوق بے مواد کیا — سیاست بدنی سیکھہ جاوین تام ناقض
شفا اب اُسنے تصدق سے اپنے دی مجھکو — ہزار شکر کہ سب دفع ہو گئے امراض
وگرنہ دیکھکے انشا کی نبض ہوتا تھا — غریق بحر تحیر مسیح سا نباض

## غزل سودا

چشم بینا ہو تو لبریز گل سے ہے تا خار فیض — بخشے یارون کو بہر صورت جمال یار فیض
فیض ہے وابستۂ تار عقیدت ورنہ یار — نفع کب تسبیح بخشے ہی نہ کچھہ زنار فیض
بخشے ہے یون تقویت دلکو مرے دشنام یار — جون دوائے تلخ سے پاوے کوئی بیمار فیض
مہر سے جون مہ کو پہنچے ہے ضیا جو خوبرو — تیرے سنمکھہ ہو تو پہنچاوے ہے تیرا رخسار فیض
جی نہ کیجے دو دن ہمتون سے تو غنیمت جانیو — کسکو گنج اپنے سے پہنچاوے ہے یارو مار فیض
گر کے صاف آئینۂ دل اسمین تو دیکھہ آپکو — بخشیگا ای یار تیرا ہی تجھے دیدار فیض
تو نے وہ سودا زبان ریختہ ایجاد کی — پڑھکے ایک عالم اٹھاتا ہے ترے اشعار فیض

## غزل سراج

مایل ہون گلبدن کا مجھے گل سے کیا غرض — کاکل مین اسکے بند ہون سنبل سے کیا غرض
خونی دلون کے قتل کو سیدھی نگاہ بس — اس تیغ کو فسان تغافل سے کیا غرض
رسوائی جہان سے مجھے فکر کچھہ نہین — دیوانۂ جنون کو تامل سے کیا غرض
بس ہے غبار راہ لباسِ شہنشہی — سلطان بیخودی کو تجمل سے کیا غرض
جام مے الست سے بیخود ہون اے سراج — دور شراب شیشۂ پر مل سے کیا غرض

## غزل یقین

کب سنے زنجیر مجھہ مجروح دیوانے کی غرض — نہین پہنچی کان تک اس زلف کے شانے کی غرض

گرمی اہل بزم سے منکر کہ مین ہوتا ہون داغ | شمع کی خدمت مین ہے اتنی ہی پروانیکی عرض

شیشۂ مجھ دل سا بناوے اور تیری آنکھون سا جام | کی اگر ساقی ہزارون سال میخانے کی عرض

فصل جاتی ہی یقین اور باغبان سے ایکبار | کوئی کرتا نہین بیمار باغ مین جانیکی عرض

## ہذا متبرک غزل مولوی عبداللہ صاحب مدظلہ تعالیٰ

جو کرے تیر زلف سیہ پہ نظر ہووے ایک ہی دم مین وہ دم بغلط
جسے مار سیہ کا زہر اثر کرے کیون نہ وہ ہوش و قدم بغلط
نہین تجھ کو غرض کبھو تیر و کمان یونہین مفت مین ہے تو ہزارونکی جان
ترا تیر نگہ ہے اور ابرو کمان جو کرے صف ترک عجم بغلط
نہین اسمین ہی تیرا گناہ ذرا ذرا مارے کوئی دم چون و چرا
کہان اس کا قصاص دیت ہی بھلا جو ہو آپ ہی آپ عدم بغلط
دیکھو بلبل و گل کا نباہ صنم کیسے کرتے ہین ملکے یہ چاہ بہم
نہین کوئی ہی ان مین سے چشم بنم جو ہو قول و قرار و قسم بغلط
ذرا چشم کرم سے تو دیکھ ادھر ترے ہجر مین تڑپون ہون ہنوز یہ
جیسے بسمل مرغ ادھر سے ادھر نہ کر اسپہ تو اتنا ستم بغلط

## غزل انشا

کیا دخل تیرے غم مین رہی تن مین جان غلط | حاشا غلط غلط غلط اے مہربان غلط

دو چار دن جو ہمسے نہ بولے تو کیا ہوا | پرچاہئے ہمیشہ نبے یہہ کہان غلط

مین اور ترک عشق بھلا کچھ بھی ربط ہی | اے مہربان غلط غلط اے قدردان غلط

تصمیم عزم کعبہ ہو تو بھی زاہدا | گو ہمنے کی ہی ہو رہ کوئے بتان غلط

اے میر حاج چپ ہو خدا کا بھی نام لے | مجھسے ہو ترک صحبت پیر مغان غلط

آوارہ دشت شوق مین مانند گرد باد | بھٹکا پھرون ہون کرکے رہ کاروان غلط

انشا سے اب خیال ہے افشائے راز کا / ہے وہ جو کچھ کہ آپ کی خاطر نشان غلط

## غزل میر تقی

جسکو ہوا ہے اس صنم بے وفا سے ربط / اسکو خدا ہی ہووے تو ہو کچھ خدا سے ربط
گل ہو کے برگ برگ ہوئے پھر ہوا ہوئے / رکھتے ہیں اس چمن کے جو غنچے ہوا سے ربط
زنہار پشت پا سے نہیں اٹھتی اسکی آنکھ / اس چشم سرمگین کو بہت ہے حیا سے ربط
شاید اسی کے ہاتھ میں دامن ہو یار کا / ہو جس ستم رسیدہ کو دست دعا سے ربط
کرتی ہے آدمی کو دنی صحبت فقیر / اچھا نہیں ہے میر تجھے بس گدا سے ربط

## غزل سودا

تو جو ہو پاس تو ہے صبح طرب شام نشاط / دیکھنا تجھ کو ہے ایجان و دل آرام نشاط
فضل حق جسکی طرف ہو تو اسے بخشتے ہے / دور ساغر کی طرح گردش ایام نشاط
دل جنھون کا ہے اسیری کے مزے سے آگاہ / ہے قفس بیچ انھیں عیش و تہ دام نشاط
عکس تا اسکی نگہ کا نہ پڑے جام کے بیچ / ہو سکے نشۂ می سے نہ سرانجام نشاط
دیکھ ہوتے ہیں تجھے قمری و بلبل شاد ان / تو ہے اس باغ میں اے سرو گل اندام نشاط
شیشہ ہے زیر بغل آئینۂ دل سودا / می سے ہمکو نہیں بے ساقی گلفام نشاط

## غزل سوز

اب ضرر کرنے لگا دلکو بتان کا اختلاط / سیج تو ہے ان بیوفایوں سے کہان کا اختلاط
اب کوئی دم کو مچاویگی خزان یہان آکے دھوم / عندلیبو چھوڑ دو تم گلستان کا اختلاط
ناکسون کی دوستی دے دین و ایمان کو جاڑ / پوچھ لو جا کر گلستان سے خزان کا اختلاط
خاک سے جسنے بنایا حضرت انسان کو / فیض گر چاہے تو کر اس باغبان کا اختلاط
سوز سے مت دل لگاؤ منتفقو پچتاوگے / کاہش جان ہے عزیز و میہمان کا اختلاط

## غزل رضا

ستم ہی تجھسے تھا ای بیوفا شرط
مرے دلکی تو کیا لایا بجا شرط

بھلا اب تجھسے کیا بازی لگاؤن
دیا مین ہار پہلے دل لگا شرط

نگہبانی سے کیا ہوتا ہی یارو
غرض ہی خوبرو کو کچھہ بجا شرط

اگر باور نہین جانبازی دل
تماشا یہہ دکھاوین بھی بھلا شرط

لگا کہنے یہہ باتین غیر سے کر
اگر ہے تجھسے جا میری بلا شرط

رضا اسکی رضا پر رہ تو راضی
کہ راہِ عاشقی مین ہی رضا شرط

ردیف ظ

## غزل سودا

زہے وہ معنیِ قرآن کہے جو تو واعظ
پھٹے دہن کے تئین اپنے کر رفو واعظ

بتون کی حسن پرستی سے کیا خلل دین مین
خدانے دوست رکھا ہی رخ نکو واعظ

ثبوت حق کی کریمی سبھو نپہ ہی لیکن
تیری تو نفی کرم پر ہی گفتگو واعظ

ڈرون ہون مین نہ کرین رند تیری داڑھی کا
تبرکات مین داخل ہر ایک مو واعظ

سخن ہی وہ کہ موثر دلون کا ہو نادان
یہہ پوچ گوئی ہی جس سے ہے تجھکو خو واعظ

کہا تو مان لے سودا کا توبہ کر اس سے
لب و دہن کے تئین کرکے شست و شو واعظ

## غزل میر تقی

لطف جوانی کے ساتھہ گئے پیری نے کیا ہی کیا محظوظ
کیونکہ جئین یارب حیرت ہی بے مزہ ایسے نا محظوظ
رونے کڑھنے کو عیش کہو ہو ہم تو تمھارے دعاگو ہین
یونہین ہمیشہ عشق مین اسکے رکھے ایسا خدا محظوظ
زردی منہہ کی اشک کی سرخی دونون ابتو رنگ پہ ہین
شاید میر بہت رہتے ہین اس سے ہو کے جدا محظوظ

## غزل انشا

کس کو سنا کر کہا آپ نے او بے لحاظ
مجھسے نہ اتنے اجی ہوتے رہو بے لحاظ

گریہ کنان دیکھکر مجھکو کہا شوخ نے
تاڑتے ہین لوگ سب چپ ہو نرو بے لحاظ

ہونٹھ ہی مل ڈالئے ہی یہہ ٹھنی دلمین خیر
اسکو مجھے اب کے تم کہنے تو دو بے لحاظ

آج جو کچھ دلمین ہو یار سے کہہ بیٹھئے
ایک گھڑی کے لئے ہو جئے گو بے لحاظ

پانوں لگا دابنے مین تو وہ غصہ ہو رات
کہنے لگا چونک کر چھوڑ یہہ خو بے لحاظ

سیکھہ ادب لاکھہ بار ہم نے کہا بات مان
پھر وہی کرنے لگا کرتے ہین جو بے لحاظ

چھوڑ سے اب انشا کو سی آپ کو کیا دخل ہی
اور بھی دو گالیان اور کہو سب بے لحاظ

## غزل سراج

عمل سے ہی پرستونکے تجھے کیا کام اے واعظ
شراب شوق کا تو نے پیا نہین جام اے واعظ

گلا لگا سنگ خجلت شیشۂ ناموس پر تیرے
عبث ہم ہوگیا ہون کو نہ کر بدنام اے واعظ

نہین ہی امتیاز نیک و بد چشم حقیقت مین
مجھے یکسان ہوا ہی کفر اور اسلام اے واعظ

نیاز بیخودی بہتر نماز خود نمائی سے
نہ کر ہم پختہ مغزو نکو خیال خام اے واعظ

پرت مکتب کے علم مختصر مین سب معانی ہی
نہین ہی زہد کے طومار کو انجام اے واعظ

وہ شیرین لب کے کڑوے بول امرت ہین مرے حق مین
تجھے معلوم کیا ہی لذت دشنام اے واعظ

سراج اس کعبۂ جان تصور کو کیا سمرن
یہی ورد سحر ہی اور دعائے شام اے واعظ

## غزل حاجی

سرخ جوڑا سج کے نکلا گھر سے دلبر الحفیظ
آگ رہ کھتا ہی یہہ کس کس کے جگر پر الحفیظ

دیکھئے ہوتا ہی کیا رہتی ہی یا جاتی ہی جان
اندنون بگڑا ہی ہمسے کینہ پرور الحفیظ

تیری ٹیڑھی مژہ اور تیغ ابرو دیکھہ کر
اچھے اچھے بول اٹھتے ہین بہادر الحفیظ

اسکے کوچے تک گرا یدل سکونت اختیار
ساکن کوئے صنم کہتے ہین اکثر الحفیظ

حاجی اس نا آشنا سے دیکھئے کیسی بنے
آج کہتے ہین پکارینگے پیمبر الحفیظ

## غزل کنور

جاتا ہی میرے بر سے دلبر کا خدا حافظ
دل بسکہ مشوش ہی مضطر کا خدا حافظ

کوچے مین ستمگر کے سر تک بھی تو ہم کھوئے
وادی طلب مین اب بے سر کا خدا حافظ

یک عمر قفس مین ہون بے بال و پری آئی
زندان مین عزیزو اب بے پر کا خدا حافظ

صحرائے پرآفت مین ہی عشق کے ٹہرا ان
کیا کیجیے اس دل کو بے ڈر کا خدا حافظ

ہی ڈر یہہ کنور ہمکو فورًا نہ کہین ٹوٹے
ان تیر نگاہون کی خنجر کا خدا حافظ

## غزل ناسخ

ایسا پروانہ زمانے مین کبھی دیکھا نہ شمع
طور کا شعلہ ہی پروانہ رخ جانانہ شمع

جل رہے ہین جوہر آئینہ پروانون کیطرح
آئینہ فانوس عکس عارض جانانہ شمع

مجھسے نفرت غیر سے اس شعلہ رو کو ہی تپاک
ہی الکس سے آشنا پروانے سے بیگانہ شمع

بیٹھتے دیکھا نہین اسکو کسی نے ایکدم
کہتی ہی اس بزم کو ایسا مسافرخانہ شمع

گر نقاب اُلٹے وہ روئے آتشین سے باغ مین
ہی یقین بنجائے بلبل شاخ گل پروانہ شمع

سر پہ سوزان داغ سودا پانو مین زنجیر اشک
تیری محفل مین کھڑی ہی صورت دیوانہ شمع

لنگ ہے اسکو بتاتے ہین کہ تجھکو دیکھ کر
پھر پابوسی نہ دوڑے آئے بیتابانہ شمع

منہہ دکھا دیتا ہی پروانون کو گر وہ شعلہ رو
بھول جاتی ہی ابھی سب ناز معشوقانہ شمع

شاہ ملک عشق ہون مرنے پہ بھی لیتا ہون باج
گل چڑھا جاتی ہی بلبل قبر پر پروانہ شمع

ہی بجا دشمن اگر جلتے ہین پروانونکی طرح
جسمین ہی ہر ایک رشک عارض جانانہ شمع

کچھ فقط تو ہی نہین ناسخ دل و جان سے نثار
بزم مین پروانہ ہین سب اور صاحبخانہ شمع

## غزل سودا

گو اب نہ مجھ غریب کے بالین پہ آئے شمع
دل بے کسی کا مجھ پہ جلے ہی بجائے شمع

پروانہ کے ہو نمین اثر عشق سے خجل
کیون منفعل تجھے نہین کرتی وفائے شمع

آتا ہی جی مین یہہ کہ قدم تیرے چھوڑ کر — گڑ رہئے جون پتنگ ہم ہو کے پاے شمع
ٹپکا نہ تیری چشم سے مجھپر تو اشک گرم — جلنے سے اسکے آپکو آگے جلاے شمع

## غزل میر تقی

لئے داغ سر پر جو آئی تھی شمع — سحر تک سب اس نے ہی کھائی تھی شمع
پتنگے کے حق مین تو پتھر ہوئی — اگر موم کی بھی بنائی تھی شمع
نہ اس مہ سے روشن تھی شب بزم مین — نکالا تھا اسکو چھپائی تھی شمع
وہی ساتھ تھا میرے شبگیر مین — کہ تاب اسکے رخ کی نہ لائی تھی شمع
پتنگ اور وہ کیون نہ باہم جلین — کہین سے مگر ایک لگ آئی تھی شمع
فروغ اسکے چہرے کا تھا پردہ در — ہوا کیا جو ہم نے بجھائی تھی شمع
تف دل سے میر یک کف خاک سے — میرے خاک پر کیون جلائی تھی شمع

## غزل انشا

بوقت صبح ہو یون نشۂ شراب طلوع — کہ جیسے شرق سے کرتا ہی آفتاب طلوع
یکایک ابر سے شیشے کے ہو گیا ساقی — وفور نور سے خورشید جام ناب طلوع
جو دیکھے اشعۂ لمعات کی جھلک اسکی — شعاع شمس کی ٹک لا سکے نہ تاب طلوع
افق سے نیّر طفلی کے ناگہان وہان تو — لسان نیر اعظم ہوا شتاب طلوع
شب فراق کی ظلمت سے ہی پتنگ انشا — خدا کے واسطے ای مہر کر شتاب طلوع

ردیف غ

## غزل ناسخ

عریانی جنون مین میرے کام آئے داغ — طاؤس کی طرح ہین بدن پر قبائے داغ
سوداگران مشک کا ملتا نہین دماغ — مرہم کی ہی تلاش جو ہم کو برائے داغ
جلتا ہون سر سے پانون تلک مثل آفتاب — حاصل ہوا فلک سے نہ مجھکو سوائے داغ
ہوتا ہی کرم خورد گل لالہ جس طرح — ناسور یون ہین میرے جگر مین بجائے داغ

سیداغ آسمان نے نہ رکھا کسیکو یہان — ہر ایک مہ جبین نے بھی چیچک کے پائے داغ
شکوہ نہین ہی جوشش سودائے عشق کا — مانند شمع سر ہی ہمارا برائے داغ
سودائی ہم ہین ایسے کہ ہر سال لالہ سان — ہوگا ہماری خاک سے نشو نمائے داغ
جراح اپنے پنبہ و مرہم کو دور رکھ — بھر کینگے اس سے اور میرے شعلہائے داغ
کیونکر گلون کی خاطرِ نازک کو توڑیے — گلشن مین عندلیب سے مین نے چھپائے داغ
مرنیکا غم نہین یہہ مگر داغ ہی مجھے — دامن سے میرے اسنے لہو کے چھڑائے داغ
جنت کو جائینگے لئے دوزخ بغل مین ہم — ناسخ یونہین جو بعد فنائے بقائے داغ

## غزل میر تقی

ہم اور تیری گلی سے سفر دروغ دروغ — کہان دماغ ہمین اسقدر دروغ دروغ
تم اور ہم سے محبت تمھین خلاف خلاف — ہم اور الفتِ خوب دگر دروغ دروغ
غلط غلط کہ رہین تم سے ہم تنک غافل — تم اور پوچھو ہماری خبر دروغ دروغ
فروغ کچھ نہین دعویکو صبح صادق کے — شب فراق کو کب ہے سحر دروغ دروغ
کسو کے کہنے سے مت بدگمان ہو میر تو — وہ اور اسکو کسو پر نظر دروغ دروغ

## غزل انشا

ای آتش فراق میرا ابل بے سوز داغ — جھلکے ہی دلمین دور سے جون دیر کا چراغ
آنکھو نمین تا کہ نشۂ وحدت کا ہو طلوع — ساقی مئی مغانہ سے بھر دے مرا ایاغ
بیٹھا ہی آج مجلس رندان مین شیخ یون — طوطیکے پاس جیسے کوئی ہم قفس ہو زاغ
پیدا لگاوٹ آہ کسی ساتھ کیجئے — لیکن دل و دماغ کہان کسکو یہہ فراغ
پہنچون مین کسکی کنہ حقیقت کو آجتک — انشا مجھے ملا نہین اپنا ہی کچھ سراغ

## غزل سودا

سرد مہری سے بتان کے مٹ گیا ہی سوز داغ — کردیا ان ظالمون نے ملک دل کا بیچراغ

١٥١

واے اس پیشہ پہ ای بلبل کہ جسکی ہو یہہ قدر
خوار مین کوچہ بکوچہ تو ہی رسوا باغ باغ

مملکت سارے مین باور کر سلیمانکو نہ تھا
گوشہ خاطر مین اپنے ہی مجھے جو کچھ فراغ

بلبل خوش نغمہ ہون لیک اس گلستان مین جہان
نالہ مرغ چمن سے کم نہین فریاد زاغ

خوش کبھی اس بزم مین وہ دل نہ دیکھے ایکجا
دم بدم مینا ہی روتا ہی تو ہنستا ہی ایاغ

حیف اس گلشن مین عاشق ہر طرف ہین ناقبول
گل سدا بلبل سے ناخوش مجھسے نت تو بدماغ

دل اگر کھویا ہی سودا چھوڑ مت دنبال شک
شاید اس دیوانیکا طفلان سے تو پاوے سراغ

## غزل میر تقی

میلان دل ہی زلف سیہ فام کیطرف
جاتا ہی صید آپسے اس دام کیطرف

دل اپنا عدل داور محشر سے جمع ہے
کرتا ہی کون عاشق بدنام کیطرف

اس پہلوے فگار کو بستر سے کام کیا
مدت ہوئی کہ چھوٹی ہی آرام کیطرف

یک شب نظر پڑا تھا کہین تو سواب مدام
رہتی ہی کون چشم تیرے بام کیطرف

آنکھین جنھون کی زلف رخ یار سے لگین
وہ دیکھتے نہین سحر و شام کیطرف

جون چشم یار بزم مین اکلا پڑے ہے آج
ٹک دیکھہ شیخ می کے بھرے جام کیطرف

خار اشکاف سینہ خراش ایک سے نہین
لیکن نظر نہین ہی تجھے کام کیطرف

دل یک رہے ہین جنکے انھین سے ہمین ہی شوق
میلان طبع کب ہے کسو خام کیطرف

دیکھی ہی جب سے اس بت کافر کی شکل میر
جاتا نہین ہی جی تنک اسلام کیطرف

## غزل سوز

زندگی آخر ہوئی آیا نہ وہ دلدار حیف
مرتے مرتے بھی نہ دکھلایا مجھے دیدار حیف

مین بھی بندہ تھا اگر ملتے تو کیا آتا خلل
پر تیرے دلمین نہ آیا حیف میرے یار حیف

لیچلے دنیا سے ہم ارمان تیرے وصل کا
گور مین نکلیگی یہہ آواز ای عیار حیف

حسن صورت کو ہی لازم میرے پیارے حسن خلق
یہہ تیری صورت فلانی اور یہہ اطوار حیف

شعر پڑھنا بات کرنا ہمسرا انا اب کہان
سوز کے منہہ سے یہی سنتے ہین لاکھون بار حیف

## غزل سودا

دیکھون ہون یون مین اس ستم ایجاد کیطرف
جون صید وقت ذبح کے صیاد کیطرف

بے مشورت نگہ کی تیری طبع روزگار
آوے نہ تازہ جور کے ایجاد کیطرف

تھی دانہ ہم قیاس کیا نہ لحاظ دام
دہنس گئے قفس مین دیکھکے صیاد کیطرف

غیرون کی بات پر نہ کبھون کان مت رکھو
لیکن کبھو تو میری بھی فریاد کیطرف

طرہ لگے تیرے واسطے صد چوب شانہ دار
قمری گئی ہے کاٹنے شمشاد کیطرف

جور و ستم تعدی و اندوہ و درد و غم
مایل ہوئے ہین اس دل ناشاد کیطرف

سامان نالہ سب ہین مہیا پہ ای اثر
مین دیکھتا ہون تیری ہی امداد کیطرف

ثابت ہووے خون میرا روز باز پرس
بولینگے اہل حشر سو جلاد کیطرف

خون کر رہا ہے جوش رگ جان مین تیری
سودا نہ دیکھ نشتر فصاد کیطرف

## غزل انشا

لکھ میرے قتل کے محضر پہ تو شنجرف کے حرف
تا وہ سب یاد رہین تو ہو بھر حرف کے حرف

یا علی سوزن مژگان مین بڑھا دلبر تو
بن گئے رشتہ تار نگہ ژرف سے حرف

نوش جان ہے جو تیرے جام بلورین پہ کھدا
ایسے لگے گویا کہ تراشیدہ ہین سب برف کے حرف

پنجتن پاک کے جو نام ہین سب گرد اگرد
زیب دہ تیرے کلہ کے ہین دو ہر طرف کے حرف

قتل یقتل قتلا ہی پڑے ہے قاتل
کبھو دو چار وہ سنتا ہے جو کم ظرف کے حرف

تیس حرفون مین سبھی کچھ ہے پر انشا ہے یہی
بس ہین تجھسے نکلے ہین حرف یہی صرف کے حرف

## غزل نصیر

دیکھا جو سیمتن تیری تصویر کا ورق
سمجھا دل اسکو نسخۂ اکسیر کا ورق

مضمون سراپے چہرۂ جانان رقم کرون
گر ہاتھ آئے کاغذ کشمیر کا ورق

کیون

کیون سطر کہکشان سے مزین ہو فلک
ہی یہہ کتاب کاتب تقدیر کا ورق

دیکھے وہ لب کو جسنے نہ دیکھا ہو اے صبا
برگ گل رخ بت بے پیر کا ورق

تعریف تیرے روئے مخطط کی کس سے ہو
ہی مصحف مجید کی تفسیر کا ورق

لیلی نے خط کو کھول کے قاصد سے یون کہا
ہی یہہ کسی کے عاشق دلگیر کا ورق

تب اُسنے عرض کی کہ اسے دیکھئے یہہ ہے
احوال قیس پائے بزنجیر کا ورق

تم گنجفے کے کھیل مین خنجر تلف نہ ہو
رکھتا ہی یہہ غلام بھی شمشیر کا ورق

تو وہ ہی آج دیکھے جو چاہے یہہ رخ تیرا
دھولائے آب شرم سے تصویر کا ورق

خط پر نظر پڑے تو زمرد رقم کرے
سو ٹکڑے اپنے ہاتھ کی تحریر کا ورق

لیلا نے جب مرقع عالم کی سیر کی
دیکھا ہی ایک عالم دلگیر کا ورق

پہچان کر لگا لیا چھاتی پہ اُسنے پھر
مجنون پائے بستۂ زنجیر کا ورق

سودا نے دیکھ کر تیری دیوانگی تصویر
پھاڑا بیاض و منتخب میر کا ورق

## غزل حافظ

نہ کوئی ہو جیو یہان مجھسا مبتلائے فراق
گذر گئی ہی مری عمر در بلائے فراق

غریب و عاشق و بیدل فقیر و سرگردان
اُٹھا چکے ہین سبھی رنج و داغہائے فراق

ملے فراق مجھے گر تو جان سے مارون
سرشک دیدہ سے بھر دونمین خونبہائے فراق

فراق تیرے کو فرقت کا مبتلا یہہ کرون
کہ صرف خون جگر رووین دیدہائے فراق

کدھر فراق کہان مین کدہر کے رنج و تعب
فلک کے ہاتھ سے اب ٹوٹ جائے پائے فراق

مین اد پاؤن کہان کیا کرون کہون کس سے
فراق کو کوئی ہیگا جو دے سزائے فراق

یہہ بیدلی ہی کہ حافظ کے اور منہہ سے
برنگ مرغ سحر نکلے ہی صدائے فراق

## غزل سودا

رنگ سے چھپ گئے رسوا ہو وہی بیمار عشق
عشق کو یارو چھپا سکتا نہین انکار عشق

گاہ اشک گہ خون گاہ ہے لخت جگر — اسطرح جاری ہے آنکھوں سے کاروبار عشق

کیا کہوں اُن نے مجھے جوں کر دیا بے خانمان — سر پہ کافر کے نہ پڑیو سایۂ دیوار عشق

تھے سکندر طالع اسدم تک کہ دل تھا اپنے پاس — کھا گیا افسوس اس آئینہ کو زنگار عشق

اس چمن مین طرح بلبل کے وہ نالان کیون نہو — روز و شب کھٹکا کرے سینے مین جسکے خار عشق

## غزل میر تقی

گر باد دے مین مجھ کو صبا لیکے جائے شوق — مجنون کو میری اور سے کہیو دعائے شوق

وصل و جدائی سے ہے مبرّا وہ کام جان — معلوم کچھ ہوا نہ ہمین یہان سوائے شوق

ہر چار اوڑ اڑتی پھرے ہے ہماری خاک — سر سے گئی نہ جی ہی گئے پر ہوائے شوق

دیر و حرم مین ہمکو پھراتا ہے دیر تک — پھر بھی ہمارے ساتھ وہی ہے ادائے شوق

افسوس ایسے کوچے سے تم آشنا نہین — کیا دردناک سی بھی کوئی ہے نوائے شوق

درد اور آہ نالہ کرے ہے دم سحر — یکمشت پر ہے مرغ گلستانہائے شوق

کیا پوچھتے ہو شوق کہان تک ہے ہمکو میر — مرنا ہے اہل درد کا ہے انتہائے شوق

## غزل مومن خان

وہ جو زندگی مین نصیب تھا وہی بعد مرگ رہا قلق
یہہ قلق ہے کیا کہ ہے ستم گئی جان پر نہ گیا قلق
کسی کے خرام کے یاد مین تہ خاک بھی یہہ رہا قلق
کہ زمین کو زلزلہ آئے ہے جو لٹائے مجھکو ذرا قلق
برہم ہے حالت جان کی غرض ابتو جان پہ آ بنی
یہہ عذاب مرگ ہے یا طپش یہہ خدا کا قہر ہے یا قلق
یہہ کہان کی جی کو بلا لگی میری ہائے کیونکہ ہو زندگی

توی

لو ہی کیا جئے جو ہو ایک سا شب و روز صبح و مسا قلق
شب ہجر تیری وصال کی تیری شوخیان جو نظر مین تھین
کہون کیا تغیر حال دل کبھو تھا سکون کبھو تھا قلق
نہین چاہ میری اگر اُنھین نہین راہ دلمین تو کس لئے
مجھے روتے دیکھکے رو دیا میرا حال سنکے ہوا قلق
غم ہجر یار کے ہاتھ سے شب و روز ہو نمین عذاب مین
یہہ ہمیشہ ایک نئی ہی طپش ہی مدام ایک نیا قلق
شب وعدہ جذبۂ شوق سے ہوئی کشمکش یہہ ستم ہوا
کہ وہ آتے آتے جو تھم گئے تو کسیطرح نہ تھنبا قلق
کہا جان بلب ہون جو آئے تو میری زندگی ہو تو یہہ کہا
ترے جینے کی مجھے کیا خوشی ترے مرنیکا مجھے کیا قلق
یہہ شرارتون کی شکایتین یہہ جلانا غیر کا دیکھیو
کبھی مجھسے وہ ترے ہاتھ سے نہین چین مجھکو سوا قلق
نظر ابر پر جو کبھی پڑی تو خیال رونے کا آبندھے
یہہ طپش کو برق کے دیکھون تو مجھے یاد آئے ترا قلق

## غزل انشا

عشق سچ ہو تو نہ معشوق ہو کیونکر عاشق
جس پہ غش ہم ہین اجی وہ بھی ہی تمپر عاشق
مجھے روکا جو کسی نے تو وہ بولے اوواہ
ایک میرا ہی وہ لاکھونکے برابر عاشق
تیری تصویر کے بدلے تجھے دیتا ہی تمام
شیخ سعدی کی گلستان مصور عاشق
حیف دروازیکی کنڈی نہ کھلی اور تیرا
مرگیا رات کو چوکھٹ سے پٹک سر عاشق

دیکھ تو عشق کے دھڑکے کو تب وصل میں آہ ۔۔۔ گرچہ ہی پاس ترے تو بھی ہی تشنہ عاشق
آنسو بھر لائے جو ہم آنکھوں میں تو کہنے لگے ۔۔۔ آپ اس شکل پہ ہیں میرے مقرر عاشق
دیکھ کر اُن کی طرف شیخ رہا تو بولے ۔۔۔ خوبی قسمت کی ہوا مجھ پہ مچھندر عاشق
سنگ و خاکِ درِ معشوقِ حقیقی کے سوا ۔۔۔ خو گرفتہ نہیں با بالش و بستر عاشق
بادشاہت ہی اگر عہدۂ دربانی میں ۔۔۔ ہووے معشوق کے دروازے پہ نوکر عاشق
ادب آموز ہو مانند ارسطاطالیس ۔۔۔ تا جبلت پہ ترے ہووے سکندر عاشق
سیکھ تقریر تو وہ شستہ و رفتہ جس سے ۔۔۔ قلزمِ علم کے ہوں بحثہ شناور عاشق
فارسی پر ترے آوے شہ ایران کو غش ۔۔۔ عربی بولے تو ہو روم میں قیصر عاشق
نہ کہ صحبت ہو غزالوں کی جو یوں تجھکو کہیں ۔۔۔ دمونکی خیر رہے دولہ بہادر عاشق
دیکھا تجھ کو نہیں ہائے تو کن آنکھوں سے ۔۔۔ تک رہے ہی طرفِ غرفہ و منظر عاشق
شرط تھا عشق کو گر حسن تو پھر کیوں ہوتے ۔۔۔ چھوڑ کر گل کو بھلا ور نہ صنوبر عاشق
کہہ یہ تبدیل قوافی غزل اور ایسی گرم ۔۔۔ جسکے مطلع پہ ہوا نشاۂ خاور عاشق

## غزل ناسخ

برنگ گل مجھے کیا چاہیے گریباں چاک ۔۔۔ کہ مثلِ غنچہ ہزاروں ہیں دل میں پنہاں چاک
تصور اس دلِ صد چاک میں ہی اُس مہ کا ۔۔۔ ہوا ہی جسکے اشارے سے ماہ تاباں چاک
ہر ایک لالۂ صحرا ہی تیرا داغ بدل ۔۔۔ ہر ایک گل ہی چمن میں ترا گریباں چاک
تو ایسا ماہ لقا ہی کہ تیرے سامنے ہو ۔۔۔ کتاں کی طرح گریبان ماہِ کنعاں چاک
یہی دعا ہی خدا سے رہوں بیاباں میں ۔۔۔ نہ میرے غم سے ہو پیراہن عزیزاں چاک
جو زیست چاہے کرے مال سے تہی پہلو ۔۔۔ صدف کے سینے کو کرتے ہیں دیکھ باراں چاک
نہیں ہے جادہ میں وحشی پھنسا جو زنداں میں ۔۔۔ مرے فراق میں ہی سینۂ بیاباں چاک

کیا کلال قضا نے خمیر خاک بتان — یہہ مہر و ماہ پیالے ہین چرخ گردان خاک
لکھو نہین دشت جنون کا اگر کوئی مضمون — تو ہووے ناسخ ابھی فرد فرد دیوان خاک

## غزل میر تقی

عزت اپنی اب نہین ہی یار کو منظور تک — پاس جاتا ہون تو کہتا ہی کہ بیٹھو دور تک
حال میرا شہر مین کتنے رہینگے لوگ دیر — اس فسانے کے نہین ہونے تو دو مشہور تک
پشت پا مارے ہین شاہی پر گدائے کوی عشق — دیکھو تم یہان کا خدا کیواسطے دستور تک
چاہنے کا مجھسے بیقدرت لگا کیا ہی اعتبار — عشق کرنیکو کسی کے چاہئے مقدور تک
حق تو سب کچھ تھا ہی ناحق چاندی کسواسطے — حوصلے سے بات کرتا کاش کے منصور تک
منکر حسن بتان کیونکر نہووے شیخ شہر — حق ہی اسکی اور وہ آنکھون سے ہے معذور تک
پھر کہین کیا دل لگا یا میر جو ہی آرزو — منہہ پہ آیا تھا ترے دو چار دن سے نور تک

## غزل اتا

گر ہون افلاک و عقول اور نظر بیسون ایک — مدرکات اور مقولات عشر بیسون ایک
رعد برق و شفق و ژالہ و اسکے پل در — چار سمت اور فلق شام و سحر بیسون ایک
اسطفات اور موالید جواہر خمسہ — ہفت اقلیم جہان معدن زر بیسون ایک
سبعہ سیارہ ارا کین وجہات و ابعاد — ہووین گو مل سکے یہہ جون شیر و شکر بیسون ایک
چودہ علم اور سب اطلاع و ذکاوت دانش — فی المثل ہووین ہم یہہ بھی اگر بیسون ایک
جسکے بن اذن یہہ نو مرجہ و پانچ حواس — کب ہون پابستہ ملزوم بشر بیسون ایک
حامل وحی خضر چار کسب بارہون راس — مدح مین انکے ہین با شمس و قمر بیسون ایک
والشفیع آپ ہوا اور گیارہ امام آٹھہ بہشت — جسپر اشفاق کرین منہہ ہادھر بیسون ایک
سات دن اور شب جمعہ مہینے بارہ — رکھتے ہین اسکی اطاعت کا ہنر بیسون ایک
پنجتن چودہ ہون معصوم حق انشا اللہ — رکھین الطاف کی سب تجھ پہ نظر بیسون ایک

## غزل سودا

شمع اس عارض کی سب کہتے ہین پہنچی نور تک
ہمسے جو پوچھے کوئی ہی حرف شمع طور تک

بس چلے تو دیکھنے ہرگز تجھے تجھکو نہ دون
آئینہ گھر مین تیرے رہنے نہ دون مقدور تک

آن کر اس میکدے کے بیچ جز چشم پر آب
قسمت اپنی ہم نہ پائے ساغر معمور تک

رہیو مت غافل نگاہ حسرت آرا اسکی سے
پہنچے وقت جان کنی گر لینے تو رنجور تک

کو لئے عارف کو یہان دعوی انا الحق کا نہین
یہہ ترانہ ختم لیکن ہو چکا منصور تک

ہجو ہی اس زلف کی تشبیہ دینا مشک سے
شاعرو یہہ بات پہنچے گی دراز و دور تک

یہہ غزل سودا کہی ہی تو نے اس انداز کی
ہند سے پہنچیگی ہاتھون ہاتھ نیشاپور تک

## غزل سوز

مجھہ کو تہمت مت لگا بہر خدا تو ای فلک
ہاتھ بھی پہنچا نہین ابتک میرا دامن تلک

ہان مگر تقصیر یہہ کہئے کہ ایکشب باغ مین
رخنۂ دیوار سے دیکھی تھی قاتل کی جھلک

اس گنہ پر جو ترے دلمین ہو سو تو کر سلوک
لے گیا تھا اس شرابی کیلئے مین دل گزک

اور بھی یک یاد آئی ہی کہ مین چھوٹا نہین
جون گیا مین پاس اسکے اٹھہ گیا دامن جھٹک

دیکھ کر مجھہ کو نہایت طیش سے بولا کہ وہ
اپنے رتبے سے نہ رکھہ تو پانون آگے چل سرک

رہگیا اپنا سا منہہ لے کر قدم پیچھے پھرا
ہر قدم پر مارے خجلت کے مین رہتا تھا جھجک

اس گنہ پر جو ترے دلمین ہوا ای چرخ کہن
اپنے اس دلسوز کو تو ہاتھہ مین رکھہ یا پٹک

## غزل سلمی

ایک تو آفت تھی اس مژگان کے ہر بھالیکی چھونک
تسپہ قیامت اور ہوئی سر میلے دنبالیکی چھونک

سوزش فرقت مین جان ناتوان گردش مین آ
کب اٹھا سکتی ہی داغ دلکے جوالے کی چھونک

شوق مین اس شعلہ رو کے خانمان اندرون
پھونک ہی ڈالے ہی اپنے آتشین نالیکی چھونک

مت لگا جامے پہ ای رشک قمر سنجاف زر
بس قیامت ہے ترے دامن ہی ہالیکی چھونک

بجتے ہین ساز محبت بزم مین اس شوخ کے
آگیا ہی غش مین عالم سنکے جو پایلکی جھونک

پڑگیا نا سور سا شاید کہ دل مین عشق کا
روز و شب جاری ہی جو یک خونیر پایلکی جھونک

آہین بھر بھر سوز غم سے اف کلیجہ جل گیا
پر نہ سمجھا مین کہ کیا ہی دلکے تبخالے کی جھونک

مر ہی جاتا ہون جو یاد آتی ہی روز ہجر مین
وصل کے شب کی جو اپنے مست و متوالے کی جھونک

ناز کی اتنی کہ جھک جاتی ہی گردن ناز سے
جسکی گھڑی پڑتی ہی اسکے کان کے بالے کی جھونک

ہار پھولون کے سلیمی جسکو لاتی ہی صبا
وہ اُٹھا سکتا نہین یک غنچۂ لالیکی جھونک

ردیف گ

## غزل ناسخ

ایسی تپ غم سے دل نالان مین لگی آگ
جب نالہ کیا عالم امکان مین لگی آگ

یہہ سوزش غم ہی کہ پس مردن بھی کہ مین نے
جب سانس بھری روضۂ رضوان مین لگی آگ

ساتھ اشک کے آنے لگے لخت دل سوزان
دیکھو گے کہ خمخانۂ مژگان مین لگی آگ

ہی صبح شب وصل ہوئے گرم فغان ہم
سمجھو نہ شفق گنبد گردان مین لگی آگ

یہہ آتش رنگ لب جانان نے جلایا
اخگر ہوئے یاقوت بدخشان مین لگی آگ

پہلو کی جلین ہڈیان نالان جو ہوا دل
یہان شیر کے نالون سے نیستان مین لگی آگ

تیرے لب جان بخش ہوئے پان سے جب سرخ
عالم نے کہا چشمۂ حیوان مین لگی آگ

آیا ہی نظر ہجر مین جب رنگ گلون کا
سمجھا ہون یہی صحن گلستان مین لگی آگ

دریا مین لگا دھونے جو تو دست حنائی
مشعل کی طرح پنجۂ مرجان مین لگی آگ

بدنام ہوئی آہ شرر بار ہماری
ناسخ جو کبھی کوچۂ جانان مین لگی آگ

## غزل میر تقی

غافل ہین ایسے سوتے ہین گویا جہانکے لوگ
حالانکہ رفتنی ہین سب اس کاروانکے لوگ

مجنون و کوہ کن نہ تلف عشق مین ہوئے
مرنے پہ جی ہی دیتے ہین اس خاندانکے لوگ

کیونکر کہین کہ شہر وفا مین جنون نہین
اس خصم جانکے سارے دیوانے ہین یہانکے لوگ

رونق تھی دلمین جب تئین بستے تھے دلبران
اب کیا رہا ہی اٹھ گئے سب اس مکانکے لوگ

تو ہم مین اور آپ مین مت دے کسیکو دخل
ہوتے ہین فتنہ ساز یہی درمیانکے لوگ

مرتے ہین اسکے واسطے یون تو بہت ولے
کم آشنا ہین طور سے اس کام جانکے لوگ

پتی کو اس چمن کے نہین دیکھتے ہین گرم
جو محرم روش ہین کچھ اس بدگمانکے لوگ

بت چیز کیا کہ جسکو خدا مانتے ہین سب
خوش اعتقاد کتنے ہین ہندوستانکے لوگ

فردوس کو بھی آنکھ اٹھا دیکھتے نہین
کس درجہ سیر چشم ہین کوئے بتانکے لوگ

کیا سہل جی سے ہاتھ اٹھا بیٹھتے ہین ہائے
یہ عشق پیشگان ہین آلہی کہانکے لوگ

منہہ تکتے ہی رہے ہین سدا مجلسونکے بیچ
گویا کہ میر محو ہین میری زبانکے لوگ

## غزل آتش

ایک سے ایک ہے تماشا رنگ
دیدنی ہے جہان رنگا رنگ

سامنے تیرے روئے رنگین کے
لالہ و گل نے بھی نہ پکڑا رنگ

آنکھین ہین اور زلف یار کا دھیان
کچھ نہ کچھ لائیگا یہ سودا رنگ

تم جو خمخانے مین نہین آتے
مے گلرنگ کا ہی پتلا رنگ

زلف و رخ سے تیرے کھلا کہ نہین
ایسا کالا نہ ایسا گورا رنگ

مست تیرے نہین جو نذر بھی دے
مے سرخ آسمان مینا رنگ

حسن نے گیسوؤنکو تیرے دیا
مشک کی بو کے ساتھ کالا رنگ

فکر رنگین نے تیرے اے آتش
کیسے کیسے کئے ہین پیدا رنگ

## غزل اٹ

جھونکدی عشق نے جب اس دل بیتاب مین آگ
غل مچا یہ کہ پڑی معدن سیماب مین آگ

جب سے وہ شعلۂ برق آنکھونمین پھرتا ہی میرے
چونک چونک اٹھون ہون مین دیکھ اچھی خواب مین آگ

تجھ بن اے ماہ شب چاردہم ہر لب جو
پڑ رہی ہی میرے اس دیدۂ پرآب مین آگ

جی ہم

جی یہہ چاہے ہے ابھی نشہ صہبا کو الینڈ — شمع سے دیکھے لگا چادر مہتاب مین اگ
یاد مسی مین جو آیا خم ابرو تیرا — لگی انشا کے دم گرم سے محراب مین اگ

## غزل سودا

دل مسخر کر نہین سکتے بہ تیغ و تیر جنگ — ملک تو کچھ یہہ نہین جسکو کرے تسخیر جنگ
یہہ نگر مہر و محبت سے جو ہاتھ آوے تو آوے — اسکے ہاتھ آنیکی ای پیارے نہین تدبیر جنگ
جنبش ابرو نے مارا لشکر صبر و قرار — ہووے ہی فیصل کہ جب پہنچے ہی تا شمشیر جنگ
سامنے چہرے کے تیرے مہر و مہ کا ہی یہہ حال — رنگ رو نامرد کا کرتی ہی جون تغییر جنگ
کب سپاہی کام پر آقا کے دیوے اپنا جی — بھوک سے کرتا ہی ہوکر زندگی سے سیر جنگ
یہہ نہین ممکن کہ وہ وحشی کسیکا ہووے رام — کرتے ہین اسپر عبث باہم جوان و پیر جنگ
در پر آتحریر پر سودا کی قسمت کا لکھا — کر چکی اسکی قلم با خامہ تقدیر جنگ

## غزل شیدا

جی نکل جاوے گا سن او گلبدن ... جو ہوا ہمسے تو ایک آن الگ
عاشق زار کا طور ... ... ... اندنون ہی کچھ اور
مثل گل غم سے تیرے غنچہ دہن ... چاک دامن ہی گریبان الگ
مے کشی کا جو مزا ... ... ... ہی یہی نام خدا
یار ہو ساقی ہو اور سیر چمن ... پیوین خلوت مین میری جان الگ
خوب رویون کی دلا ... ... ... میٹھی باتون پہ نجا
دلکو لے لیتے ہین کر سیکڑون فن ... انسے رہنا تو کہا مان الگ
زیست عاشق کی بتا ... ... ... ہووے کسطرح بھلا
مار ہی ڈالے ہی مسی کی پھبن ... خون کرتا ہی ادھر پان الگ
دیکھے کس کسکو یہہ دل ... ... ... ماجرا ہی مشکل

تسیدا مانگے تیرے بالونکی پھبن
بکھری ہین زلف پریشان الگ

## غزل ذوق

ازل سے یون دل عاشق ہی نور کی قندیل
کہ جیسے عرشِ خدائے غفور کی قندیل

سمجھ وہ دُرِّ بناگوش نور کی قندیل
خجل ہی اخترِ صبحِ نشور کی قندیل

ہمارے کعبہ دل مین ہمیشہ روشن ہی
کسیکے باب کمال و ظہور کی قندیل

جہان ہو خانۂ عشرت جسے ہوا سکا فراغ
کہ لٹکے اُس مین سرِ پُرغرور کی قندیل

رہے ہی جون قمر منخسف سدا بے نور
سیاہ بختون کے بالین گور کی قندیل

پڑے جو عکس تیرا جام مین تو ہو روشن
حباب بادۂ تجلی سے طور کی قندیل

عیان ہی یون میرے سوز سینہ مین اخترِ دل
کہ جیسے شب کو نظر آوے دور کی قندیل

سوائے دیکھے ہو تاریخ باغ خلد سے بھی
کبھی پسند نہ اس رشک حور کی قندیل

اُڑے جو آہ کے ہمرہ نکل کے پارۂ دل
ہوئی ہوا مین بصورت طیور کی قندیل

وہ تیز ہین یہہ میرے نالۂ قیامت زا
کہ اُنکو رکھنے کو لازم ہی صور کی قندیل

نسیم کیا ہی کہ روضہ مین تفتہ جانونکے
نہ گل ہو یاد سے آواز صور کی قندیل

سمجھتا قدر ہی ناقص کب اس غزل کی ذوق
یہہ روشن آپنے کیون پیش کور کی قندیل

## غزل عارف

فلک جو دیکھے میرے رشک حور کی قندیل
نہ آفتاب کو پھر سمجھے نور کی قندیل

حباب بحر مین گر عکس رخ پڑے تیرا
اثر سے اسکے وہ ہو جائے نور کی قندیل

سوا نہ حد سے کہین شعلہ زن ہو آتش غم
بھڑک اٹھیگی دل ناصبور کی قندیل

وہی تو ہی درِ دارالعدالتِ یزدان
جہان کہ لٹکے سرِ پُرغرور کی قندیل

تمھارے تیر رہا کرتے تھے میرے دل مین
پھر اسکو توڑ کے کیون چور چور کی قندیل

فروغ حسن سے روشن ہوا اسکے لٹکا دے
وہ بے چراغ جو گھر مین بلور کی قندیل

ہوا کو دخل کہان ازدحام رحمت مین
بجھیگی کب مرے بالین گور کی قندیل

یہہ شیخ جی کا عمامہ تو دیکھیے گو یا
منڈھی ہوئی ہی کسی بے شعور کی قندیل

جہان عیش کا یک آسمان مجھے کہنے
لگے ہی یہہ ترے بزم سرور کی قندیل

ہمارا گھر ہی بہت تنگ بہر آرایش
ہمین جو بھیجیے تو چشم مور کی قندیل

ستارہ سا جو چمکتا ہی اُنکے کوٹھے پر
اُنھین نے رات کو روشن حضور کی قندیل

ہزار تیر نگہ چلتے ہین جو یک پل مین
نہان ہین چشم مین کیا رشک حور کی قندیل

ہمارے آئینۂ دلکو پاس سے دیکھو
دکھائی دیوے ہی چھوٹی سی دور کی قندیل

بچاؤ کچھہ تو ہی پروانیکا نکالے ہوئے
قدیم سے ہی کسی باشعور کی قندیل

سبوے می نظر آئی جو نشہ مین عارف
تو سمجھے ہم کہ یہہ ہی بزم سور کی قندیل

## غزل آتش

کانون مین تیرے دیکھکے سوسنکے کرن پھول
ایسرو روان بھول گئے مرغ چمن بھول

پیدا کرے سو رنگ کے گو خاک چمن پھول
ممکن نہین رخسار ترے غنچہ دہن پھول

ساقی یہہ بہار چمنستان ہی دو ہفتہ
پانی بھی جو مانگون تو پلا مشفق من پھول

دم سادگی یار کے اوپر ہی نکلتا
جھمکا ہی نہ مد نظر اپنا نہ کرن پھول

زلفون کی لٹک دیکھکے سودائی ہو سنبل
نازک بدنی پر ترے گل کھائے سمن پھول

سنتے ہین جو شہرت ترے ناوک فگنی کی
ہوتے ہین خوشی ایسے کہ جاتے ہین تن پھول

دکھلائیگی کیا شام غریبان کے شگوفے
ہرچند کہ غنچون کو کرے صبح وطن پھول

عشرت کدۂ عاشق و معشوق نہین باغ
دولہ بنے بلبل نہ تو یکشب نہ دلہن پھول

تلوؤن کے تلے رکھکے ملے یار نے سمجھا
سونگھے ہوئے بلبل کے جو وہ غنچہ دہن پھول

بے فایدہ قمری کا ہی یہہ درد سر عشق
پھل ہی نہین کچھہ رکھتے نہ کچھہ سرو چمن پھول

قرآن کے عوض جلکے پڑھو مطلع رنگین
آتش سے سخن گو کہ ہین اے اہل سخن پھول

غزل ثانی

فروغ مے سے ہو وے کیونکر ایاغ روشن مراد حاصل
مثل یہہ مشہور ہے جہان مین چراغ روشن مراد حاصل
ہمارے پانون مین آبلہ ہین ببان گوہر کچھہ ایسے رخشان
کہ جسکے پرتو سے عکس کے ہے سراغ روشن مراد حاصل
چراغ روشن مراد حاصل مزار پر دل جلونکے مت رکھہ
یہان یہہ لازم ہے تجھہ کو رکھنا کہ داغ روشن مراد حاصل
خوشی سے گت کیون بھرے نہ صوفی کہ دیکھتا ہے لکھہ ہوا اللہ
بجے ہے ڈھولک ادہر ادھر سے اجاغ روشن مراد حاصل
نشہ ہے انشا کو آج ایسا طلوع سے جسکے ساقیا ہے
سرور بیحد مزاج خاطر دماغ روشن مراد حاصل

## غزل میر تقی

دل دل لوگ کہا کرتے ہین تم نے جانا کیا ہے دل
چشم بصیرت وا ہووے تو عجائب دید کی جا ہے دل
اوج و موج کا آشوب اسکے نیکے زمین سے تا بفلک
صورت مین تو قطرۂ خون ہے معنی مین دریا ہے دل
جیسے صحرا کو کشادہ دامن ہم تم سنتے آئے ہین
مند کر آنکھین ٹک دیکھو تو ویسا ہی صحرا ہے دل
کوہکن و مجنون وامق تم جسے پوچھو بتا دیوے
عشق جنون کے شہرون مین ہر چار طرف رسوا ہے دل
ہائے غیوری دل کی اپنی داغ کیا ہے خود سرنے
جی ہی جسکے لئے جاتا ہے اس سے بے پروا ہے دل

مت پوچھو کیون زیست کرو ہو مردہ سے افسردہ تم
ہاہجر مین اسکے ہم لوگون نے برسون تک مارا ہی دل
میر پریشان دل کے غم مین کیا کیا خاطرداری کی
خاک مین ملتے کیون نہ پھرین اب خون ہو بہہ بھی گیا دل

## غزل کمتر شاہ

لے گیا وہ دلربا دل آہ دل افسوس دل — بہہ گیا دل وہ گیا دل آہ دل افسوس دل
مین نہ کہتا تھا پریشان ہوگا در سودائے زلف — ای گرفتار بلا دل آہ دل افسوس دل
نقد کو دل کے سمجھ کر قلب اس لبرنے آج — بیدرم ستا لیا دل آہ دل افسوس دل
لگ گئی کسکی نظر جو ہو گیا یون مضمحل — تھا بھلا چنگا میرا دل آہ دل افسوس دل
مین نہ کہتا تھا بتون سے ای دل کمتر نہ مل — پھر خدا کی جو رضا دل آہ دل افسوس دل

## غزل شہید

اسی گل اندام چمن مین تو نہ تل بر سر گل — ڈھیر ہونے ہین ابھی ٹوٹکے گل بر سر گل
کچھ تو شبنم کو محبت ہی کہ ہر رات نثار — ادھر اودھر ستی آرہتی ہی ڈھل بر سر گل
کان تو پھوٹ گئے شور و فغان سے بلبل — ایسا بیہودہ تو کیون کرتی ہی غل بر سر گل
عرق اس چہرہ گلرنگ پہ یون لہرایا — جیسے شبنم رہے بیتابی سے ڈھل بر سر گل
ہو رہے آمد گلشن کی تمنا مین شہید — عندلیبون کو پڑھا چاہیے قل بر سر گل

## غزل سودا

اس چمن کی سیر مین آیار ہوین مل کے مل — کیا بنائے صانع قدرت نے رنگین گل کے گل
بہہ وہ دریا کہ جس سے گذرے پل باندھکر — موج چشم عاشقان نے توڑ ڈالین پل کے پل
قتل کا کسکے کیا ہی آج ان آنکھون نے عزم — کھینچکر تیغے رہے ہین ابرو اس قاتل کے تل
عہد مین تجھ حسن کے جسکو ہوئے ہا شغل عشق — مچ رہی ہی شرق سے لے غرب اس شاغل کے غل

حل مشکل کسی سے ہو سودا کی تم بن یا علیؑ | کھولدو مشکلکشا عقدے مری مشکل کے کل

## غزل علیم اللہ

پیتم کے دیکھنے کے تماشے کو جائین چل | اپنے پیا کے عشق سے آپہی رچھائین چل
دونون جہان ہین جسکی تجلی سے تابدار | وہ آفتاب حسن نظر مین بچھائین چل
جلسہ کیا ہی یار نے محل جلی مین آج | خلوت مین اب خفی کے پیا کو بلائین چل
پروا نہین پیا کو کسی کے وصال سے | فن سے اُسی کے اس کو اُسیمین رچائین چل
دم کا سرور کرکے ارادیکا تار باندھ | سدرا کا صور بجا کر سنائین چل
ناسوت سے گذر کے تفرج سے ای علیم | لاہوت کے مکان مین سدا غل مچائین چل

## غزل مومن خان

ٹھانے تھے دلمین اب نہ ملینگے کسی سے ہم | پر کیا کرین کہ ہوگئے ناچار جی سے ہم
ہنستے جو دیکھتے ہین کسیکو کسی سے ہم | منہہ دیکھہ دیکھہ روتے ہین کس بیکسی سے ہم
مجھسے نہ بولو تم اسے کیا کہتے ہین بھلا | انصاف کیجے پوچھتے ہین آپہی سے ہم
بیزار جان سے جو نہوتے تو مانگتے | شاید شکایتون پہ تیرے مدعی سے ہم
اس کو ہین جا مرینگے مدد ای ہجوم شوق | آج اور زور کرتے ہین بیطاقتی سے ہم
صاحبنے کس غلام کو آزاد کر دیا | لو بندگی کہ چھوٹ گئے بندگی سے ہم
بے روئے مثل ابر نہ نکلا غبار دل | کہتے تھے ان کو برق تبسم ہنسی سے ہم
ان ناتوانیونپہ بھی تھے خار راہ غیر | کیون کر نکالے جاتے نہ اسکی گلی سے ہم
کیا گل کھلیگا دیکھئے ہی فصل گل تو دور | اور سوئے دشت بھاگتے ہین کچھہ ابھی سے ہم
ہی چھیر اختلاط بھی غیرونکے سامنے | ہنسنے کے بدلے روئین نہ کیون گدگدی سے ہم
وحشت ہی عشق پردہ نشین مین دم بکا | منہہ ڈھانکتے ہین پردہ چشم پری سے ہم
کیا دلکو لے گیا کوئی بیگانہ آشنا | کیون اپنے جی کو لگتے ہین کچھہ اجنبی سے ہم

لے نام آرزو کا تو دل کو نکال دین
مومن نہون جو ربط رکھین بدعتی سے ہم

## غزل ذوق

شمع نازان ہو نہ کرات بہا آنسو گرم
برسون یہان چشم سے ٹپکا ہی مرا لہو گرم

جلیے ای آتش غم دل کو کرے یہہ تو گرم
کہ زمین پشت سمک تک ہو تیری پہلو گرم

لطف بوسہ نہ رہا ہم پہ ہوا جب تو گرم
شربت قند دیا کرکے پر آتش خو گرم

تن رہا یونہین تب غم سے اگر گرم میرا
سیخ آہن کی طرح ہونگے بدن پر مو گرم

بستر جلکے نہ جون کشتۂ فولاد ہو خاک
نکلے ہی آتش سودا سے میرے لہو گرم

کٹ سکا صید محبت کا نہ قاتل سے گلا
اسے پتھر پہ یہہ رگڑا کہ ہوا چاقو گرم

آتش دل سے پس از مرگ برنگ شعلہ
خاک عاشق سے نکلتا ہی گل خودرو گرم

مہروش بینی تیری حسن جہانتاب کی تاب
رخ گرم آئینہ ہو آئینہ سے زانو گرم

کیا کہون نامۂ جانسوز کی اپنی تاثیر
جل گیا بسکہ کبوتر کا ہوا بازو گرم

سر مجمر وحلکو ٹکرا کے گیا اور وہ مین
چونکا اسوقت کہ جب منہہ پہ بہا لوہو گرم

دست خورشید کے رعشہ سے سپر جاوے چھوٹ
کھینچکر تیغ کو ہو جب وہ ہلال ابرو گرم

دل عاشق کے جلانیکا ہی سارا سامان
بینی شعلہ ہی تیرا رنگ بھبوکا رو گرم

کونسا سوختہ جان صبح سے ہی گرم فغان
کہ ہوا آتے ہی کوچے سے تیرے گلرو گرم

ہمتو سنتے تھے سدا اکل حموضی بارد
ذوق ہوتا ہی وہ کیون ہوکے ترش ابرو گرم

## غزل نصیب

کب دل ہی پھپھولون سے ہمارا ہمہ تن چشم
نظارۂ ساقی کو ہی مینا ہمہ تن چشم

تو وہ چمن آرا ہی کہ ہر دستۂ نرگس
دیکھے ہی تیرا بن کے تماشا ہمہ تن چشم

ای تیر فگن ہم تیرے ہاتھونکے ہین قربان
تودے کی طرح مجھہ کو بنایا ہمہ تن چشم

برقع کو الٹ منہہ سے جو کرتا ہی تو باتین
اب مین ہمہ تن گوش ہنون یا ہمہ تن چشم

کیا خاک ہو صیاد مجھے چشم رہائی
حلقوں سے بنا دام ہی تیرا ہمہ تن چشم

ای رشک قمر شب کو کہاں نکلے ہیں تارے
نظارہ کو تیرے ہی فلک کا ہمہ تن چشم

وہ مے پیے گر جام بلوری میں ہو ساقی
بن جائے حبابوں سے بھی دریا ہمہ تن چشم

آنکھوں کے تصور میں نصیر اسکو شب و روز
دل صورت آئینہ ہے اپنا ہمہ تن چشم

## غزل ناسخ

ساتھ لائے ہیں ازل سے دید کا آزار ہم
گلشن عالم میں کیا ہیں نرگس بیمار ہم

یاد کوئے یار میں ہیں رات دن بیدار ہم
آنکھیں وا رکھتے ہیں مثل روزن دیوار ہم

بہہ گئے ہیں واعظا گرداب دور جام میں
زیست بھر ہونگے نہ اس دریائے مے سے پار ہم

گر نظر آتا نہیں یک لمحہ وہ نور نگاہ
کرتے ہیں تار نظر کو آنسوؤں کا تار ہم

جب چھپا گلبرگ میں کانٹا ہمارا دل دکھا
نرگس بیمار کے غم میں ہوئے بیمار ہم

ہیں جو غافل اُنکو سولی پر بھی آجاتی ہے نیند
پنبہ تو شک پہ ہیں منصور سے ہشیار ہم

عمر گذری یک بت کافر نظر آیا نہیں
حشر میں کیونکر خدا کا پائینگے دیدار ہم

ہو وہ کافر جسکو دیدار خدا کی ہو ہوس
او بت کافر ترے ہیں طالب دیدار ہم

دوڑتے ہیں پیچھے قاتل کے گریبان پھاڑ کر
رکھتے ہیں کیا اشتیاق زخم دامن دار ہم

نفرت ایسی ہو گئی نظارہ بازی سے ہمیں
رکھتے ہیں تار نظر کو رشتہ زنار ہم

داغ سودا ہیں بجائے پوشش کعبہ ہمیں
واعظا اپنے حریم دل کے ہیں زوار ہم

سب رگیں تن پر نظر آتی ہیں مثل تار ساز
کرتے ہیں ناسخ جو اک مطرب پسر کو پیار ہم

## غزل جرات

کوچۂ یار میں جو ہو سو ہوئے بیٹھے ہم
بد کہو دوستو یا نیک کہو بیٹھے ہم

اپنا تو قصد یہہ ہے یہاں سے نہ اٹھینگے ہرگز
آگے تم رہنے دو یا رہنے نہ دو بیٹھے ہم

پھر توقع یہہ نہیں ہے کہ یہاں آوینگے
ایکدن آکے تیری بزم میں گو بیٹھے ہم

آج جیتے تیرے کوچے سے نہ ہم جاوینگے | مستعد مرنے پہ ای عربدہ جو بیٹھے ہم
کبھی رنجش کبھی غصہ کبھی پیار اور اخلاص | نت نئی دیکھتے ہین آپ کی خو بیٹھے ہم
دلکو اس یار ستمگر سے لگا کر جرات | اپنے سب راحت و آرام کو کھو بیٹھے ہم

## غزل میر تقی

ہی تہ دل تو نکلا کیا معلوم | نکلے پردے سے کیا خدا معلوم
یہی جانا کہ کچھ نہ جانا ہائے | سو بھی یک عمر مین ہوا معلوم
علم سب کو ہی یہہ کہ سب تو ہی | پر ہی اللہ کیا نا معلوم
گرچہ تو ہی ہی سب جگہہ لیکن | ہمکو تیری نہین ہی جا معلوم
عشق جانا تھا مار رکھے گا | ابتدا مین تھی انتہا معلوم
ان سیہ چشم دلبرون سے ہمین | تھی وفا چشم سو وفا معلوم
طرز کینے کی کوئی چھپتی ہی | مدعی کا ہی مدعا معلوم
عشق ہی ای طبیب جی کا روگ | لطف کر ہی جو کچھ دوا معلوم
دل بچا ہو تو میر کچھ کھاوے | کڑھنے پچنے مین اشتہا معلوم

## غزل آتش

ہوتا ہی شور عشق سے جل جلکے دل تمام | کرتی ہی روح مرحلۂ آب و گل تمام
حقا کہ عشق رکھتے ہین تجھسے حسین بہ | دم بھرتے ہین تیرا بت چین و چگل تمام
ٹپکاتے زخم ہجر پر ای ترک کیا کرین | خالی ہین تیل سے ترے چہرے کے تل تمام
دیکھا ہی جب تجھے عرق آ گیا ہی یار | غیرت سے ہو گئے ہین حسین منفعل تمام
عشق بتان کا روگ نہ ایدل لگا مجھے | تھکوا کے خون کرتا ہی آزار سل تمام
قد سے بھی کشتہ ہین تیری شمشیر ناز کے | مارے پڑے ہین متصل و منفصل تمام
درد فراق یار سے دکھتا ہی بند بند | اعضا ہمارے ہو گئے ہین مضمحل تمام

ساری عدالت الفت صادق کی ہی گواہ — مہرون سے ہی لپی ہوئی اپنی سجل تمام
کرتے ہین غیر یار سے میرا بیان حال — الفت سے ہو گئے ہین موافق مخل تمام
تیر نگاہِ ناز کا رہتا ہی سامنا — جلتی ہوا ہی سینہ مشبک سے دل تمام
ہوتا ہی پردہ فاش کلام دروغ کا — وعدہ کا دن سمجھ لے وہ پیمان گسل تمام
خلوت مین ساتھ یار کے جانا تھا مجھین — ارباب انجمن ہوئے آتش خجل تمام

## غزل نظیر

کبھو دیکھون نہ سنبل باغ کو مین مجھے اس خم زلف دوتا کی قسم
نہ نگاہ کرون عارض گل کی طرف مجھے اس رخ مہر و فا کی قسم
یون پھرے ہی چمن کی فضا مین صبا وہ ہزار طرح سے ہوا نہ مگر
میرے دلکو نہ ہو کبھی اس کی ہوا مجھے کوئے صنم کے ہوا کی قسم
جو نہین آیا ادھر کو وہ چشم سیہ وہین لیگیا دلکو بہ سیر نگہ
رہی عقل و خرد کو نہ جی مین جگہ مجھے اس بت ہوش ربا کی قسم
بدن اسکا ہی رو کش برگ سمن میرے بر مین جو آوے وہ رشک چمن
کھلے غنچۂ دل میرا گل کی نمن مجھے اس گل بند قبا کی قسم
تیرے عشق نے دلمین یہہ درد دیا تو کچھ اس سے مزہ مین نے ایسا لیا
نہ کرون نہ کرون مین دوا مین نے کھائی ہی اتنی دوا کی قسم
لگی مہندی جو ہاتھون مین اسکے میان تو وہ سرخی کچھ ایسی ہی لالہ فشان
وہ شفق جو کہ صبح کو ہووے عیان سو وہ کھاتی ہے اسکے حنا کی قسم
مین نے دیکھا نظیر جو اسکے تو وہ شرم سے ہوکے سرگون قرین
لیا نیچی نگاہون سے جان دل و دین مین کہون کیا اسکے حیا کی قسم

## غزل سودا

نہ ہم مین

نہ غرض کفر سے رکھتے ہین نہ اسلام سے کام
دل نالان کو میرے کب ہے کسی آرام سے کام
کیون نہ افعی چلے ہر ایک جگہہ مکڑا اگر
ہون اسیر اسکا جسے بعد گرفتاری صید
گر اکیلا کہین مل جائے ہمین تو دل کا
جو ہین آغاز تیرے کام کا دیکھا سودا

مدعا ہمکو تو ہے ساقی سے اور جام سے کام
کوئی بیچین رہو لیپنے اسے کام سے کام
نہ پڑا اسکو تیری زلف سیہ فام سے کام
نہ گرفتار سے مطلب ہے رہائی دام سے کام
لیجے من مانتا اس شوخ گل اندام سے کام
وائے وہ دن کہ تجھے اسکے ہوا انجام سے کام

## غزل وزیری

جون سبزہ رُندے اُگتے ہی پیروں کے تلے ہم
روتے ہین شب و روز اسی فکر سے یا رب
ارمان بہت رکھتے تھے ہم دل کے چمن مین
جس گل پہ نظر کرتے ہین آتا ہے نظر خار
ہم وہ نہ قلم تھے کسی مالی کے لگائے
افسوس کہ اس دل کا کنول کھلنے نہ پایا
اب پہلے ہی آغاز مین پامال ہوئے ہائے
دکھ اپنا عبث کہتے ہین بیدرد کے آگے
زندان مصیبت مین بھلا کسکو بلاوین

اس گردش افلاک سے پھولے نہ پھلے ہم
غنچے کی طرح باغ مین گل ہو نہ کھلے ہم
بیٹھے نہ خوشی سے کبھو سائے کے تلے ہم
گلشن کے تلے جاتے ہی کانٹو مین رلے ہم
نرگس کے نہالون مین تھے آصف کے پلے ہم
کوئی دن کو چلے جاتے ہین مٹی مین ملے ہم
فریاد کرین کس سے قسمت کے جلے ہم
بے بس ہو جہان آگرے ہرگز نہ ٹلے ہم
رہتے ہین وزیری ہی سے دن رات ملے ہم

## غزل رکی

نہین تاب کہ دیکھون جمال صنم مجھے اپنی ہی خوش نظری کی قسم
مجھے حسن کے جلوہ گری کی قسم مجھے عشق کے پردہ دری کی قسم
ترے عاشق زار ہزار یہان تجھے دیکھنے آتی ہے خلق جہان
کوئی دیکھا ہے مجھسا بھی سوختہ جان تجھے میرے ہی دیدہ دری کی قسم

نہ ہو قاصد یار تو چین تجسس ابھی اپنا خیال ہی اور کہین
ابھی ہوش کی اپنے خبر ہی نہین مجھے عالم بیخبری کی قسم

شب وصل کی ہو گئی صبح عیان کہ تڑپنے لگا دل سوختہ جان
مرے دیدہ تر ہوئے شعلہ فشان مجھے اُس شفق سحری کی قسم

نہ کرا نازکی تو جگر کو لہو کہ نہ شوق سخن ہی نہ ذوق سبو
ترے شعر سے آتی ہی خون کی بو مجھے تیری ہی بیجگری کی قسم

## غزل میر تقی

اگر راہ مین اسکی رکھا ہی گام
گئے گذرے ہین خضر علیہ السلام

دہن یار کا دیکھ چپ لگ گئی
سخن یہان ہوا ختم حاصل کلام

مجھے دیکھ منہہ پر پریشانی زلف
غرض یہہ کہ جانو ہوئی ابتو شام

سر شام سے رہتی ہین کاہشین
نہین شوق اس ماہ کا ہی تمام

قیامت ہی یہان چشم دل سے رہی
چلے بس تو وہان جا کے کرئے مقام

نہ دیکھے جہان کوئی آنکھونکی اور
نہ لیوے کوئی جسجگہہ دل کا نام

جہان میر زیر و زبر ہو گیا
خرامان ہوا تھا وہ محشر خرام

## غزل سوز

ای گل صبا کیطرح پھرے اس چمن مین ہم
پائے نہ بو وفا کی ترے پیرہن مین ہم

شبنم کیطرح شام سے رو رو کے تا سحر
خالی کرین ہین دلکو ترے انجمن مین ہم

فانوس بیچ شمع جلے جسطرح ہنوز
جلتے ہین تیرے ہجر سے ظالم کفن مین ہم

شعلہ اٹھا نہ تن سے ہمارے کبھی ای سوز
بھٹی کی طرح جل گئے کچھہ من ہی من مین ہم

## غزل نظیر

دور سے آئے تھے ساقی سنکے میخانیکو ہم
بس ترستے ہی چلے افسوس پیمانیکو ہم

مے بھی ہے مینا بھی ہے ساقی بھی ہے ساقی نہین
دلمین آتا ہے لگا دین آگ میخانیکو ہم

کیون نہین لیتا ہماری تو خبر اے بیخبر
کیا ترے عاشق ہوئے تھے درد و غم کھانیکو ہم

ہمکو پھنسنا تھا قفس مین کیا گلہ صیاد کا
بس ترستے ہی رہے ہین آب اور دانیکو ہم

طاق ابرو صنم مین کے کیا خدائی رہگئی
اب تو پوجینگے اسی کافر کے بتخانے کو ہم

باغ مین لگتا نہین صحرا سے گھبراتا ہے دل
اب کہان لیجا کے بیٹھین ایسے دیوانے کو ہم

کیا ہوئی تقصیر ہمسے تو بتا دے اے نظیر
تا کہ شادی مرگ سمجھین ایسے مرجانیکو ہم

## غزل سودا

کیا مچائی اسنے میرے دلکے کاشانے مین دھوم
شور ہے جسکے لئے کعبے مین بتخانے مین دھوم

زلف کو کھولا تو کر اس دلکی شورش کا علاج
سخت دیوانے نے کی زنجیر کھلجانے مین دھوم

مٹ گئے وہ شور دل کے آہ تب آئی بہار
ورنہ کیا کیا ہم بھی کرتے شہر و ویرانے مین دھوم

تجھ نگاہ گرم کی حسرت سے دل مارے ہے جوش
رات کو دیکھون ہون مین جب شمع پروانے مین دھوم

اسقدر ہین لاغری میری سے خوش ابنائے دہر
جون ہلال عید ہے میرے نظر آنے مین دھوم

دلکو سن کوچہ مین تیرے اب چلی ہے فوج اشک
ہوگئی ہو جیسے وہان اطفال دیوانے مین دھوم

کب سے اے سودا شراب اس بزم مین پیتے ہین یار
تو نے ای کمظرف کی پہلے ہی پیمانے مین دھوم

## غزل ہوس

یہی کہتی تھی لیلی پردہ نشین نہین کھاتی ادب سے خدا کی قسم
غم قیس سوا مجھے کچھ نہین غم اسی کشتۂ ناز و ادا کی قسم

رکا پایا جو لیلی نے مجنون کا جی کہا کیون ہو خفا مرے سرو سہی
نہ تو مین نے کسو سنگ بات بھی کی مجھے میری ہی شرم و حیا کی قسم

مرے گریہ سے جاوے ہی صبر و سکون مرے اشکون سے ٹپکے ہی قطرۂ خون
نہ تو کھائیو قمری زار و زبون مرے سرو کے فندق پا کی قسم

شب ہجر مین اشکونکا خون بہا اُسے دیکھے سے رنگ شفق کا اُڑا
نہین اسمین مبالغہ ایک ذرا مجھے تیرے ہی رنگ حنا کی قسم

ترے کشتۂ غم کا ہی حال بترہی کبھو جو جانا ہو تیرا اِدھر
تجھے قاصدِ موج نسیم سحر مرے ہجر کی شب کے بکا کی قسم

کبھی کہتا تھا قیس غزالون سے جا کبھو ناقہ اِدھر سے کدہر کو گیا
کبھی کہتا تھا تو ہی بتا دے صبا تجھے لیلی کے زلفِ دوتا کی قسم

کبھو ساغرِ وصل نہ مین نے پیا کبھو زخم جگر کو نہ مین نے سیا
غم و رنج و تعب کو عزیز کیا مجھے عشق کے جور و جفا کی قسم

نہ تو پائی ہوس کبھی بھولو نکی نہ تو بیٹھا ہو مین کبھی لب جو
انتو بیکلی دل کی گئی نہ کبھو مجھے جانے کی اپنے وفا کی قسم

## [illegible]

ظلم کے کھینچے الم پر الم
نہ رحم کرہٹ کر ستم پر ستم

علم بازیِ آہ جانکاہ ہی
رہے ٹوٹتے ہی الم پر الم

جو سو سر کے ہو آؤ مانون نہ مین
عبث کھاتے ہو تم قسم پر قسم

کئی بار آیا اِدھر لطف سے
عطا پر عطا ہی کرم پر کرم

خطرناک تھی وادیِ عشق میر
گئے اسپہ بھی ہم قدم پر قدم

## غزل انشا

مل مجھسے اے پری تجھے انسانکی قسم
دیتا ہون تجھہ کو تخت سلیمانکی قسم

کروبیان کی تجھہ کو قسم اور عرش کی
جبریلؑ کی قسم تجھے رضوان کی قسم

طوبیٰ کی سلسبیل کی کوثر کے جام کی
حور و قصورِ جنت و غلمان کی قسم

روح القدس کی تجھہ کو قسم اور مسیح کی
مریم کی تجھہ کو عفتِ دامان کی قسم

تجھ کو محمد عربی کی قسم ہے اور
توریت کی قسم قسم انجیل کی تجھے
دامن کو میرے ہاتھ سے اس رات مت جھٹک
مدت سے تیرے چاہ ذقن مین غریق ہون
قیدی ہون مین تیرا بخداوندی خدا
موسیٰ کی ہے قسم تجھے اور کوہ طور کی
سوگند اب ہنسی کی تجھے کچھ دلائے
تجھ کو قسم ہے غنچہ زنبق کے ناک کی
نرگس کے آنکھ کی قسم اور گل کے کان کی
سو نے کے گاٹے کی قسم اور رود نیل کی
بستر میرا ہے خار مغیلان لسان قنبر
ایسی بڑی قسم بھی نمانی تو ہے تجھے
کو نیمین باغ کے وہ چور رہتا ہے اک خبیث
دیو سفید کی قسم اور کوہ قاف کی
لونا چمار کی قسم اور کلوہ بیر کی
قسمین تو ساری ہو چکی باقی رہی ہے ایک
ہان پھر تو کہیو ہائے وہ کس طرح ہو غضب

مولا علی کی شاہِ خراسان کی قسم
تجھ کو قسم زبور کی فرقان کی قسم
تجھ کو سحر کے چاک گریبان کی قسم
باللہ تجھ کو یوسف کنعان کی قسم
اور اس عزیز مصر کے زندان کی قسم
نور و فروغ جلوۂ لمعان کی قسم
سن تجھ کو اپنے ناز کی اور آن کی قسم
اور شور عندلیب غزلخوان کی قسم
تجھ کو سر عزیز گلستان کی قسم
فرعون کی قسم تجھے ہامان کی قسم
لیلیٰ کے ہے تجھے صف مژگان کی قسم
جنون کے قبلہ گاہ ابو الجان کی قسم
تجھ کو اسی کے شوکت و ذیشان کی قسم
باغ ارم کی اور پرستان کی قسم
کالی بلا کی غول بیابان کی قسم
پیپل تلے کی بھتنی کی شیطان کی قسم
انشا نہ چھیڑ تجھ کو میرے جان کی قسم

## غزل میر تقی

کون کہتا ہے منہ کو کھولو تم — کاشکے پردے ہی مین بولو تم
حکم آب روان رکھے ہے حسن — بہتے دریا مین ہاتھ دھو لو تم
کیا سرائین ہم اپنے حسن کو لیک — دل عجب ہے متاع جو لو تم

جانا آیا ہی اب جہان سے ہمین — تھوڑی تو دور ساتھ ہو لو تم
جب میسر ہو بوسہ اس لب کا — چپکے ہی ہو رہو نہ بولو تم
پنجۂ مرجان کا پھر دھرا ہی رہے — ہاتھ خون مین پھرے ڈبو لو تم
دست دیتے ہی کسی فلک سے سیل — دل جہان پاؤ اب پرو لو تم
آتے ہین متصل چلے آنسو — آہ کب تک یہہ موتی رو لو تم
رات گذری ہی سب تڑپتے میر — آنکھ لگ جائے ٹک تو سو لو تم

## غزل ناسخ

یہان ازل سے داغ سودا ہی دل آگاہ مین — سنگ اسود جسطرح ہی نصب بیت اللہ مین
جا سکے کیا کوئی اس قاتل کی جولانگاہ مین — سایۂ مژگان بچھا دیتا ہی کانٹے راہ مین
حسن جانان ایک عالم پر رہے ممکن نہین — یہان کمی بیشی رہا کرتی ہی نور ماہ مین
دل مین رہتا ہی پر آنکھون سے نظر آتا نہین — کیا تفاوت اب رہا اس بت مین اور اللہ مین
وہ بہشتی رو لگا بھرنے جو پانی ناز سے — دلو مین آیا نظر خورشید یوسف چاہ مین
ہون تیری تاثیر کا قائل جو ای مضمون شوق — یار کو مکتوب پہنچے نامہ بر ہو راہ مین
ہی وہ مجنون جو نظر آتا ہی زیر آسمان — کون لیلی ہی جنون انگیز اس خرگاہ مین
مثل نرگس ایک تن سر تا بپا ہین آنکھین منتظر — کھل گیا ای گل یہہ تیری فرقت جانکاہ مین
بعد مردن اسکو راحت اسکو ہی حسرت نصیب — فرق اتنا ہی نظر آیا گدا و شاہ مین
جسم کاہیدہ ہی غم سے دل ہی سوزان داغ سے — شعلۂ آتش نہان ہی اپنے برگ کاہ مین
رشک نخل وادی ایمن ہی ہر برگ سیاہ — سنگ ریزے طور ہین اسکی تجلی گاہ مین
خوش عبث ہوتے ہین نادان ماہ نو کو دیکھکر — ایک مہینا عمر کا ہوتا ہی کم ہر ماہ مین
سر تبون نکلے آستانے سے نہ اٹھے حشر تک — یہہ دعا ناسخ کی یا رب ہے تیری درگاہ مین

## غزل درد

ہم تجھسے کس ہوس کی فلک جستجو کرین
دل ہی نہین رہا ہی جو کچھ آرزو کرین

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دین تو فرشتے وضو کرین

سر تا قدم زبان ہین جون شمع گو کہ ہم
پر یہہ کہان مجال جو کچھ گفتگو کرین

ہر چند آئینہ ہون پر اتنا ہون ناقبول
منھہ پھیر لے وہ جسکے مجھے روبرو کرین

نہ گل کو ہی ثبات نہ ہمکو ہی اعتبار
کس بات پر چمن مین ہوس رنگ و بو کرین

ہی اپنی یہہ صلاح کہ سب زاہدان شہر
ای درد آکے بیعت دست سبو کرین

## غزل ذوق

بے یار روز عید شب غم سے کم نہین
جام شراب دیدۂ پر نم سے کم نہین

دیتا ہی دور چرخ کسے فرصت نشاط
ہو جسکے پاس جام وہ اب جم سے کم نہین

اس زلف فتنہ زا کے لئے ای مسیح دم
کچھ دست شانہ پنجۂ مریم سے کم نہین

زیبا ہی روئے زرد پہ کیا اشک لالہ گون
اپنی خزان بہار کی موسم سے کم نہین

سرعت ہی نبض کی رگ سنگ مزار مین
دلکی طپش کچھ اب بھی تپ غم سے کم نہین

وحشی کو تیرے چشم کے مژگان ہر غزال
صحرا مین تیز ناخن ضیغم سے کم نہین

ہوتی ہی جمع زر سے پریشانی آخرت
درہم کی شکل صورت درہم سے کم نہین

ساقی سے ملے ہزارون فلاطون خاک مین
جو خم بنے ہین قالب آدم سے کم نہین

اس حور وش کا گھر مجھے جنت سے ہی سوا
لیکن رقیب ہو تو جہنم سے کم نہین

شورابۂ سرشک سے دھوتا ہون زخم دل
تیزاب میرے حق مین یہہ مرہم سے کم نہین

ہاتھون سے تیرے پارۂ الماس زخم دل
مجھکو تو جلوۂ گل و شبنم سے کم نہین

ای ذوق کسکو چشم حقارت سے دیکھئے
سب ہم سے ہین زیادہ کوئی ہم سے کم نہین

## غزل میر تقی

دل عجب جنس گران قدر ہی بازار نہین
وے بہا سہل جو دیتے ہین خریدار نہین

کچھ تمھین ملنے سے بیزار ہو میرے ورنہ
دوستی ننگ نہین عیب نہین عار نہین

ایک دو بات کبھو ہمسے کہو یا نہ کہو
قدر کیا اپنی ہمین اسلئے تکرار نہین

ناز و انداز و ادا عشوہ و اغماض و حیا
آب و گل مین ترے سب کچھ ہے مگر پیار نہین

صورت آئینہ مین ٹک دیکھ تو کیا صورت سے
بدزبانی تجھے اس منہ پہ سزاوار نہین

دل لگے الجھاؤ کو کیا تجھسے کہون اے ناصح
تو کسو زلف کے پھندے مین گرفتار نہین

اسکے کاکل کی پہیلی کہو تم بوجھے میر
کیا ہے زنجیر نہین دام نہین مار نہین

## غزل نصیر

شمیم زلف معنبر جو روئے یار سے لون
تو پھر خطا ہے میری مشک گر تتار سے لون

قدم رکھے مرے سینے پہ آکے گر وہ نگار
حنا کا کام مین خونِ دلِ فگار سے لون

اگر ملے ترے ہاتھون سے ایکجون فرصت
قصاص آبلۂ پا مین نوک خار سے لون

مرے حضور پہر لوٹین ہین تیری چھاتی پر
جو پہنچے ہاتھ تو بدلا گلون کے ہار سے لون

دلانجے کہین گھڑیال تا مین گھڑیون کا
حساب اس شب ہجر سیاہ کار سے لون

عجب ہے سیر کسیدن تو ساتھ باغ مین چل
کہان تلک مین قدم عجز و انکسار سے لون

ٹپاہٹی کا میرے پاس گر نہ ہو خیمہ
تو یار تیرے لئے ابر نو بہار سے لون

جو مے کشیکا ارادہ ہو کچھ ترے دلمین
چمن مین ساغر گل دستِ شاخسار سے لون

اگر صراحیِ غنچے مین ہو نہ بادۂ سرخ
تو شیشۂ مے خس سرو جوئبار سے لون

نہ ہووے مطرب نغمہ سرا تو اسکا کام
قسم ہے مجھکو تیری عندلیب زار سے لون

لگے نہ ہاتھ جو کوئی رباب چنگ نواز
تو اپنی دوش پہ رکھ بین کو کنار سے لون

یہہ جی مین ہو کہ نہ دیکھے کوئی پہر پردیکو
کنار آب روان چادر آبشار سے لون

بلائین لینے سے تیرے اگر خوشی ہو تیری
بلائین مہر سے اخلاص دل سے پیار سے لون

گر اسپہ بھی گل عارض کا تو نہ دے بوسہ
تو پھر مین جبر کرون اپنے اختیار سے لون

نصیر مدرسۂ عشق مین مطول کا | سبق نہ کیون کہ مین زلف درازِ یار سے لون

## غزل آتش

بہار لالہ و گل سے لگی ہی آگ گلشن مین | گریبان پھاڑ کر چل بیٹھے صحرا کے دامن مین

جنون کے جوش مین یکجا نہین دم بھر قرار آیا | کبھی گلشن سے صحرا مین کبھی صحرا سے گلشن مین

عذاب گور کا وہان سامنا یہان رنج دنیا کا | نہ گھر مین چین زندہ کو نہ مردہ کو ہی مدفن مین

کھلا زلفون کے ہر انیسے اس رخسار رنگین پہ | زر گل کی نگہبانی کو دو کالے ہین گلشن مین

شریف کعبہ کو کعبہ مبارک ہم تو ای آتش | بتو نکلے گھورنے کو جاتے ہین دیر برہمن مین

## غزل مومن خان

نہ تن ہی کے تیرے بسمل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین | ہی پاش پاش جگر دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

جنون عشق پری رو سے دل شکن ہی بلا | کہ روز طوق و سلاسل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

اٹھا کے سوتے مین دے ٹپکا رات سر شاید | کہ زیر سر کے ہیری سل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

دراز دستی یہہ کس بے ادب نے کی دم قتل | تمام دامن قاتل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

یہہ کس کی چشم فسونگر نے کی فسون سازی | طلسم جادوے بابل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

یہان ہی چاک گریبان تو وہان بھی چستی سے | قبائے شوخ شمایل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

نہ کیونکہ رشک سے خون ہو سکیگا اس در پر | ہمیشہ یک سنئے بسمل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

غزل سرائی کی مومن نے کیا کہ رشک سے آج | چمن مین سینۂ عنادل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

## غزل معروف

ڈبا دیا نہ مجھے اس چشم تر کو کیا کوسون | جلا دیا نہ مجھے سوز جگر کو کیا کوسون

کہے تھا مجھسے کہ سو کوس روز چلتا ہون | گیا تو مر ہی گیا نامہ بر کو کیا کوسون

یونہین بغل سے میرے مفت لیگیا دل کو | بغل بھی گرم نہ کی مفت بر کو کیا کوسون

رقیب ایکدم اس سے جدا نہین ہوتا | یہہ جب جمکے بیٹھے ہی اس در بسر کو کیا کوسون

شب وصال کے ہوتے ہی چاک جیب کیا
طرب کو کرد یا ماتم سحر کو کیا کوسون

نہ آنکھ بھر کبھی اس مہروش کو دیکھ سکا
وفور اشک قصور نظر کو کیا کوسون

پڑے ہیں سینے مین دل تک ہزارون چھید
غضب کیا فترۂ رخنہ گر کو کیا کوسون

کل ان سے بزم مین بوسہ طلب کیا تو کہا
حیا کسی کی نہین اس بشر کو کیا کوسون

جفائین سب تیری آتی ہین یاد آخر شب
لحاظ آئے ہی پچھلے پہر کو کیا کوسون

دیا ہی اپنے سے ظالم کو اس نے دل معروف
بھلا اب اس بت بیداد گر کو کیا کوسون

## غزل جرات

لگ جا گلے سے طاقت اب اے نازنین نہین
ہے ہے خدا کے واسطے مت کر نہین نہین

کیا رک کے وہ کہے ہے جو ٹک اس سے لگ چلون
بس بس پرے ہو شوق یہ اپنے تئین نہین

پہلو مین کیا کہین جگر و دل کا کیا ہے رنگ
کس روز اشک خونی سے تر آستین نہین

فرصت جو پا کے کہئے کبھو درد دل سو ہائے
وہ بدگمان کہے ہے کہ ہمکو یقین نہین

آتش سی پھک رہی ہے میرے تن بدن مین آہ
جب سے کہ روبرو وہ رخ آتشین نہین

اس بن جہان کچھ نظر آتا ہے اور ہی
گویا وہ آسمان نہین اور وہ زمین نہین

کیا جانے کیا وہ اس مین ہے لوٹے ہے جسپہ جی
یون اور کیا جہان مین کوئی حسین نہین

سنتا ہے کون کس سے کہون درد بیکسی
ہمدم نہین ہے کوئی میرا ہمنشین نہین

ہرچند ہے یہ لطف شب ماہ سیر باغ
اندھیر پر یہی ہے کہ وہ مہ جبین نہین

آنکھون کی راہ نکلے ہی کیا حسرتون سے جی
وہ روبرو جو اپنے دم واپسین نہین

طوفان گریہ کیا کہین کس وقت ہمنشین
موج سرشک تا فلک ہفتمین نہین

حیرت ہے مجھکو کیونکہ ہے جرات وہ چلتے ہین
جس بن قرار جی کو ہمارے کہین نہین

## غزل سودا

گدا دست اہل کرم دیکھتے ہین
ہم اپنا ہی دم اور قدم دیکھتے ہین

نہ دیکھا جو کچھ جام مین جم نے اپنے
سو اک قطرۂ مے مین ہم دیکھتے ہین

یہہ رنجش مین ہی ہمکو بے اختیاری
تجھے تیری کھا کر قسم دیکھتے ہین

غرض کفر سے کچھ نہ دین سے ہی مطلب
تماشاے دیر و حرم دیکھتے ہین

حباب لب جو ہین ہم باغبان ہم
چمن کو تیرے کوئی دم دیکھتے ہین

نوشتے کو میرے مٹاتے ہین رو رو
ملایک جو لوح و قلم دیکھتے ہین

خدا دشمنو نکو نہ وہ کچھ دکھاوے
جو کچھ دوست اپنے سے ہم دیکھتے ہین

مٹا جائے ہی حرف حرف آنسوون سے
جو نامہ اسے کر رقم دیکھتے ہین

اگر ڈسے نہین کام سنبل کے ہم کو
کسی زلف کا پیچ و خم دیکھتے ہین

ستم ہی کیا تو نے ہمکو یہہ خوگر
کرم سے تیرے ہم ستم دیکھتے ہین

مگر تجھ سے رنجیدہ خاطر ہی سودا
اسے تیرے کوچے مین ہم دیکھتے ہین

## غزل احسان

کہئے کیا کیون طفل اشک اپنے گلے کے ہار ہین
اس زمانے مین کے تو کچھ لڑکے ہی ناہموار ہین

جسکی خاطر دشمن جان یار اور اغیار ہین
ہائے رے قسمت کہ وہ بھی ہمسے اب بیزار ہین

چھیڑ تو دیکھو سنا کر مجھ کو غیرون سے کہا
آج عاشق ہمکو صدقے کے لئے درکار ہین

چشم پوشی تیرے مذہب مین ہی کیا عین ثواب
ہمسے یون پرہیز تجھ کو اور ہم بیمار ہین

یا خدا اپنے کرم سے تو کسی موسی کو بھیج
سیکڑون مانند فرعون ابتو دعوی دار ہین

فایدہ اس کج ادائی کا نہ سمجھا مین کبھی
یہہ الف قد راستی کہنے سے کیون بیزار ہین

لاغری کی کچھ نہایت ہی کہ مین تسبیح بھی ہون
اور مجھ کو ڈھونڈھتے پھرتے میرے غمخوار ہین

شیخ جی کے ہم ہین قایل کیا ہی یک دانا ہی یہہ
سبحہ کے پردے مین وہ پہنے ہوئے زنار ہین

آتش دوزخ تلک مجبور ہی ہم سے کہ ہم
خانہ زاد دودمان احمد مختار ہین

مے سے توبہ مین کرون استغفر اللہ سب غلط
نام توبہ سے سدا ہم پڑھتے استغفار ہین

اہل دین ہم جانکر بہر زیارت تھے گئے ‏— حضرت احسان کو دیکھا ایک دنیا دار ہین

## غزل انشا

دھوم اتنی تیرے دیوانے مچا سکتے ہین ‏— کہ ابھی عرش کو چاہین تو ہلا سکتے ہین

مجھ سے اغیار کوئی آنکھ ملا سکتے ہین ‏— منہہ تو دیکھو وہ مِرے سامنے آ سکتے ہین

یہان وہ آتش نفسان ہین کہ بھرین آہ تو جھٹ ‏— آگ دامان شفق کو بھی لگا سکتے ہین

سوچئے تو سہی ہٹ دھرمی نہ کیجے صاحب ‏— چٹکیون مین مجھے کب آپ اڑا سکتے ہین

حضرت دل تو بگاڑ آئے ہین اس سے لیکن ‏— اب بھی ہم چاہین تو پھر بات بنا سکتے ہین

شیخی اتنی نہ کر ای شیخ کہ رندان جہان ‏— انگلیون پر تمھین چاہین تو نچا سکتے ہین

تو گروہ فقرا کو نہ سمجھ بے جبروت ‏— ذات مولائی مین یہہ لوگ سما سکتے ہین

چارہ ساز اپنے تو مصروف بدل ہین لیکن ‏— کوئی تقدیر کے لکھے کو مٹا سکتے ہین

ہے محبت جو تیرے دلمین وہ یکطور پہ ہے ‏— ہم گھٹا سکتے ہین اسکو نہ بڑھا سکتے ہین

کر کے جھوٹھا نہ دیا جام اگر تونے تو چل ‏— مارے غیرت کے تو افیون تو کھا سکتے ہین

ہمنشین تو جو یہہ کہتا ہے کہ قدغن ہے بہت ‏— اب وہ آواز بھی کب تجھکو سنا سکتے ہین

ای نہ آواز سناوین مجھے در تک آ کر ‏— اپنے پانونکے کڑونکو تو بجا سکتے ہین

ایک ڈھب کے جو قوافی ہین ہم انمین انشا ‏— ایک غزل اور بھی چاہین تو سنا سکتے ہین

## غزل غالب

دھوتا ہون جب مین پینے کو اس سیمتن کے پانو ‏— رکھتا ہے ضد سے کھینچکے باہر لگن کے پانو

مرہم کی جستجو مین پھرا ہون جو دور دور ‏— تن سے سوا فگار ہین اس خستہ تن کے پانو

اللہ رے ذوق دشت نوردی کہ بعد مرگ ‏— ہلتے ہین خود بخود مرے اندر کفن کے پانو

ہے جوش گل بہار مین یہانتک کہ ہر طرف ‏— اڑتے ہوئے الجھتے ہین مرغ چمن کے پانو

شب کو کسی کے خواب مین آیا نہو کہین ‏— دکھتے ہین آج اس بت نازک بدن کے پانو

غالب میرے کلام مین کیونکر اثر نہ ہو
پیتا ہون دھو کے خسرو شیرین سخن کے پانو

## غزل نظیر

گل نظر آیا چمن مین یک عجب رشک چمن
گل رخ و گلگون قبا و گلعذار و گلبدن

مہر طلعت حور پیکر مشتری رو مہ جبین
سیمبر سیماب طبع و سیم ساق و سیمتن

نازنین ناز آفرین نازک بدن نازک کمر
غنچہ لب رنگین ادا شکر دہان شیرین سخن

زلف و کاکل خال و ابرو کے ہین ہر رو جان غلام
مشک تبت مشک چین مشک خطا مشک ختن

مبتلا ایسون کے جو ہوتے ہین وہ ہین ای نظیر
بیقرار و دلفگار و خستہ جان و بیوطن

## غزل مضطر

پھیکی اس لب سے ہوئی لعل بدخشانی کی شان
رشک سے خون جگر کھا گئی مرجان کی جان

شاخ گل رقص مین ہی وجد مین آتی ہی نسیم
کف زنان برگ مین سن بلبل بستان کی تان

بت کے پوجے سے جو مقصد نہ بر آوے تیرا
گور کو جا کے کسی پیر مسلمان کی مان

کنہ ذات مین جب فکر کیا انسان کے
ہوش اس جا پہ ہوئے صاحب عرفان کی فان

حادثہ دہر سے اجداد نہو تا مضطر
تیغ ہمت کو چڑھا لیجئے اوسان کی سان

## غزل ناسخ

ماہ نو ہی مثل ابرو لیکن اسکا رو نہین
ماہ کامل صورت رو ہی مگر ابرو نہین

کونسا تن ہی کہ مثل روح اسمین تو نہین
کون گل ہی جو ترا ہمسکن برنگ بو نہین

مشک مین خوشبو ہی پیچ و تاب مثل مو نہین
پیچ ہین سنبل مین مثل مو مگر خوشبو نہین

جام نرگس مین کہان شبنم جو نکلے آفتاب
یار کے آگے میری آنکھو مین یک آنسو نہین

یاد گیسو مین ہوا میرا یہہ دھجی سا بدن
مجھ پہ پیچھے کہتے ہین موباف مین گیسو نہین

جسم ایسا گھل گیا مجھسے مریض عشق کا
دیکھ کر کہتے ہین سب تعویذ ہی بازو نہین

دیکھے ہین مستی مین جب نے سے دُر دندان یار
چین مثل گوہر غلطان کسی پہلو نہین

عشق میں بدمست ہوں میں پر کوئی واقف نہیں
نشہ ہے جام مئی الفت میں لیکن بو نہیں

زلف جانان میں نہیں کوئی دل وحشی اسیر
یہہ عجب تاتار ہے جو ایک بھی آہو نہیں

ہو گیا ہے یہہ فراق آفتاب ماہ نو
یار کے رخسار آتش رنگ پر ابرو نہیں

ہو گیا ہے مثل مو تار نگاہ اپنا سیاہ
آ گئے آنکھوں کے صنم جیسے تیرے گیسو نہیں

رات دن ناقوس کہتے ہیں باآواز بلند
دیر سے بہتر ہے کعبہ گر تو نہیں تو نہیں

قمریاں دیوانہ ہیں کیونکر گلے میں ہے نہ طوق
باغ میں یک سرو مثل قامت دلجو نہیں

## غزل آتش

آرزو ہے تجھے سجدے سحر و شام کریں
ہمہ تن ہو کے زبان ورد تیرا نام کریں

میرے ماتم میں وہ کپڑے نہ سیہ فام کریں
خود بھی رسوا نہ ہوں مجھ کو بھی نہ بدنام کریں

گریۂ شادی مینا سے ہے ظاہر ہوتا
حال پر صوفیوں کے خندہ زنی جام کریں

کوچۂ یار کا ہیں پانوں ارادہ رکھتے
کعبۃ اللہ کے چلنے کا سرانجام کریں

منہہ لیسا رہوئے ہیں ہم بھی مزہ چکھنے کو
پختگی تو کہیں پیدا ثمر خام کریں

مست رکھتی ہے تیری گردش چشم الساقی
وہ نہیں ہم کہ جو تجھ سے طلب جام کریں

رخ روشن میں ہے خورشید قیامت کی چمک
حشر برپا ہو وہ دیدار اگر عام کریں

دلمیں کچھ یاد خدا کفر تو نکا ہے خیال
خلوت خاص کو کیا بارگہ عام کریں

یکطرح حسن و رخ و زلف جنہیں تو دکھلائے
نشۂ عشق سے مستی سحر و شام کریں

شب کو جاتا ہوں تو منہہ پھیر کے وہ کہتے ہیں
نیند آئی ہے ہمیں آپ بھی آرام کریں

بیٹھ کر گوشۂ عزلت میں نہ بول آتنا جھوٹھا
قصد جھٹ پڑنیکا آتش نہ در و بام کریں

## غزل مومن خان

ہو گئی گھر میں خبر ہے منع وہاں جانا ہمیں
وہ بھی رسوا ہو خدا جسنے کیا رسوا ہمیں

دمبدم رونا ہمیں چار و نطرف تکنا ہمیں
یا کہیں عاشق ہوئے یا ہو گیا سودا ہمیں

اگر تم

ہر ستم صیاد کا کیا التفات آمیز تھا
بند کرنیکو قفس مین دام سے چھوڑا ہمین

یار تھے یا دشمن جان تھے الٰہی چارہ گر
لیچلے مرتے ہی زندان سے سوئے صحرا ہمین

طالع برگشتہ بخت خفتہ مت پوچھو کہ ہم
غش پڑے تھے پھر گیا وہ جانکر سوتا ہمین

تو نہ جانے عشق بازی اور ہم نادان ہین
بے سمجھ کہتا ہی ناصح تو نے کیا سمجھا ہمین

یہہ ستم کیا غیر پر کرتا وہ سچ پوچھو تو ہی
یار کے نازِ بیجا سے شکوۂ بیجا ہمین

کیا کہین کیون رہگئے حیران تجھہ کو دیکھکر
آگیا دل یاد ای آئینہ رو اپنا ہمین

اہل ماتم اپنے رونین کسطرح منہہ ڈھانپکر
مرتے مرتے پاس اس پردہ نشین کا تھا ہمین

ہمسے نازک طبع سے کب اٹھہ سکے بیدادِ چرخ
مرگئے مضمون جور یار جو سوجھا ہمین

مومن انکا تو یہہ تھا ملنے سے ہرگز اختیار
یہہ شکایت ہی خدا سے ہی تو نے کیا ہمین

## غزل نصیر

قدم نہ رکھہ مرے چشم پر آب کے گھر مین
بھرا ہی موج کا طوفان حباب کے گھر مین

کبھی ہی دیکھکے وہ عکس رخ بساغر می
نزول ماہ ہوا آفتاب کے گھر مین

مدام رند کرین کیون نہ آستان بوسی
حرم ہی شیخ مشیخت مآب کے گھر مین

ہمارے دل مین کہان آبلے ہین اے ساقی
چھپے ہوئے ہین یہہ شیشے شراب کے گھر مین

تڑپ کو دیکھہ میرے دلکی برق آتشبار
خجل ہو چھپ گئی آخر سحاب کے گھر مین

دلا نہ کیونکہ کرون اختلاط کی باتین
حجاب کیا ہی اب اُس حسن بیحجاب کے گھر مین

نصیر دیکھہ تو کیا جلوۂ خدائی ہی
ہمارے اس بت خانہ خراب کے گھر مین

## غزل معروف

مین رنج محبت کبھی راحت سے نہ بدلون
عیش دو جہان اسکی مصیبت سے نہ بدلون

تجھسے کبھی یوسف کو اگر بدلے زلیخا
زندان مین پڑون پر کسی صورت سے نہ بدلون

یہہ رنگ رخ زرد جواب دیکھو ہو میرا
قارون کی اگر بدلے لئے دولت سے نہ بدلون

کر لاکھ کوئی مجھ پہ قیامت کرے برپا
تو بھی ترے قامت کو قیامت سے نہ بدلون

اس عشق کی رسوائی مین پائی ہی یہ عزت
حرمت سے کوئی بدلے تو حرمت سے نہ بدلون

مالوف ہی دل اس غم الفت سے یہانتک
گر بدلے تو خوشی سے غم الفت سے نہ بدلون

دے خضر اگر چشمۂ حیوان بھی تو ہرگز
واللہ تری چشم عنایت سے نہ بدلون

جنت کو اگر بدلے کوئی اسکی گلی سے
مرجاؤن ولے تو بھی مین جنت سے نہ بدلون

تو چاہے کہ اشعلۂ خواب بدلے یہہ کروٹ
پہر یاد رہے تیری شرارت سے نہ بدلون

ایسی ہی حلاوت ترے تو سنے کی شکر لب
مین نزع مین بھی قند کے شربت سے نہ بدلون

معروف میرے پاس ہے وہ گنج قناعت
اسکندر و دارا کی بھی شوکت سے نہ بدلون

## غزل میر تقی

جنون میرے کی باتین دشت اور گلشن مین جب چلیان
نہ چوب گل نے دم مارا نہ چھڑیان بید کی ہلیان

گریبان شور محشر کا اڑایا دھجیان کر کر گا گا
فغان پر ناز کرتا ہون کہ بل بے تیری ہتھ بلیان

تفاوت کچھ نہین شیرین و شکر اور یوسف مین
سبھی معشوق اگر پوچھو کوئی مصری کی ہین ڈلیان

ترے غمزے نے جور و ظلم سے آنکھین غزالان کو
بیابان مین دکھا مجنون کو پانون کے تلے ملیان

چمن کو آج مارا ہی یہانتک رشک گلرو نے
کہ بلبل سر پٹکتی ہی نہین منہہ کھولتین کلیان

میری آہ سحر کی برچھیان سختی کی تڑ چھون پر
نگاہین کر گئے گر پڑتی ہی بجلی کی بھی اچپلیان

صنم کی زلف مین کوچہ ہی سربستہ ہر ایک مو پر
نہ دیکھی ہونگی تو نے خضر یہہ ظلمات مین گلیان
دیوانہ ہو گیا تو میر آخر ریختہ کہہ کر
نہ کہتا تھا مین ای ظالم کہ یہہ باتین نہین بھلیان

## غزل انشا

حیف ایام جوانی کے چلے جاتے ہین
ہر گھڑی دن کیطرح ہم بھی ڈھلے جاتے ہین

سامنے آنکھونکے دکھتا ہی چمن نرگس کا
کیکے آتا ہون ابھی آپ چلے جاتے ہین

ہاتھہ کیا پھیرو ہو عارض پہ ابھی کیا ہی وہان
خط کا کچھہ دخل نہین گال ملے جاتے ہین

یاد مین اس خط نوخیز کے یہان دانہ نمط
اشک سبز آنکھون سے ہر وقت بہے جاتے ہین

آسیا آپ کی ہی چشم ترا اپنی جس سے
روز چھاتی پہ مرے مونگ دلے جاتے ہین

گرم ہو آپ جو ٹک ملتے ہین انشا سے کبھی
آتش رشک سے اغیار جلے جاتے ہین

## غزل نظیر

صفائی اسکی جھلکتی ہی گورے سینے مین
چمک کہان ہی یہہ الماس کے نگینے مین

نہ موتی ہی نہ کناری نہ گوکھرو تس پر
سجی ہی شوخ کے انگیا بنت کی مینے مین

جو پوچھا مین کہ کہان تھے تو ملتس کے یون بولے
مین لگ رہی تھی اس انگیا مونی کے سینے مین

پڑا جو ہاتھہ میرا سینے پر تو ہاتھہ جھٹک
پکاری آگ لگے آہ اس قرینے مین

جو ایسا ہی ہی تو اب روز ہم نہ آوینگے
کبھو جو آئے تو ہفتے مین یا مہینے مین

کبھو مٹک کبھو بس بس کبھو پیالہ پٹک
دماغ کرتی تھی کیا کیا شراب پینے مین

چڑھی جو دور کے کوٹھے پہ وہ پری یکبار
تو مین نے جا لیا اسکو ادھر کے زینے مین

وہ پہنا کرتی تھی انگیا جو سرخ لاہی کی
لپٹ کے تن سے وہ تر ہو گئی پسینے مین

یہہ سرخ انگیا جو دیکھی ہی اس پری کی نظیر
میرے تو آگ سی کچھ لگ رہی ہی سینے مین

## غزل غالب

ہیگا جو ناز و ادا اس بت لاثانی مین
ایک بھی بات نہ تھی یوسف کنعانی مین

عشق مین دیتا ہون اس لیلی کے کاوشن جانکو
دست رس ہے یہہ کہان قیس بیابانی مین

چرخ نے پنبۂ مہتاب کو کانون مین دیا
سوزش یہانتک ہے میرے اشک کی طغیانی مین

جان مردونکی پھرے لب سے جو نکلے دشنام
کیا مسیحائی ہے اس لعل بدخشانی مین

کار شمشیر کا کرتا ہے خیال ابرو
داغ اسکا ہے ازل سے میرے پیشانی مین

پہنکر ہو ویگا خوش شال دوشالہ کوئی
ہم بھی ہین شاد ایغالب اسی عریانی مین

## غزل رضا

خواہ نزدیک رکھو خواہ رکھو دور ہمین
دیکھنا ایک نظر تمکو ہے منظور ہمین

صورتِ حق تو ہر آئینے مین ہے جلوہ نما
دیدہ حیرانی سے اپنے نہین مقدور ہمین

کسکا دل ہے کہ کرے سیر گل و گلشن کا
اس تکالیف سے یارو رکھو معذور ہمین

ہجر کی رات تو ٹلتی ہی نہین ہے یا رب
کیا دکھاویگی اب آخر شب دیجور ہمین

اب تڑپنے کی بھی طاقت نرہی ہمکو رضا
اس قدر آہ کیا عشق نے رنجور ہمین

## غزل شاہ عالم

عاجز ہون تیرے ہاتھ سے کیا کام کرون مین
کر چاک گریبان تجھے بدنام کرون مین

رم رہتا ہے ای تندخو گواب کے تو مجھسے
پر دیکھ تو کیسا ہی تجھے رام کرون مین

ہے دور جہان مین مجھے سب شکوہ تجھی سے
کیون کچھ گلۂ گردش ایام کرون مین

حیران ہون تیرے ہجر مین کسطرح سے پیارے
شب روز کو اور صبح کیتین شام کرون مین

آوے جو تصرف مین میرے میکدہ ساقی
یکدم مین خمون کے خمین انعام کرون مین

مجھکو شہ عالم کیا اس رب نے نہ کیون کر
اللہ کا شکرانہ اا کرام کرون مین

## غزل درد

مژگان تر ہون یا رگ تاک بریدہ ہون
جو کچھ کہ ہون سو ہون غرض آفت رسیدہ ہون

پہنچے

کھینچے ہی درد آپ کو میرے خروش سے / افتادہ ہون پہ سایۂ قامت کشیدہ ہون
ہر شام مثل شام ہون مین تیرہ روزگار / ہر صبح مثل صبح گریبان دریدہ ہون
کرتی ہی بوئے گل تو تیرے ساتھہ اختلاط / پر آہ مین تو موج نسیم وزیدہ ہون
یہہ چاہتی ہی اب طپش دل کہ بعد مرگ / کنج مزار مین بھی نہ مین آرمیدہ ہون
ای درد جا چکا ہی میرا کام ضبط سے / مین غمزدہ تو قطرۂ اشک چکیدہ ہون

### غزل سمجھو

یون وہ رخ ہی حجاب مین روشن / ماہ ہی جون سحاب مین روشن
اسکی بینی مین یہہ بلاق نہین / شمع ہی آفتاب مین روشن
جام مے مین ہی عکس چہرۂ یار / یا چراغ آفتاب مین روشن
اسکے گورے بدن مین لال لباس / دیکھو آتش ہی آب مین روشن
ساتھہ رہتا ہی فندق پا سے / پنج شاخہ رکاب مین روشن
سوز ہی سے برنگ شمع میرا / نام ہی شیخ و شاب مین روشن
یون سدا روؤگے تو پھر سمجھو / آنکھین دیکھوگے خواب مین روشن

### غزل حسین

مین عشوہ زدہ کوچہ و بازار کھڑا ہون / لالہ کی طرح داغ سا گلزار کھڑا ہون
قاتل تو میرے قتل کا اندیشہ نہ کر آہ / کر قتل مجھے مین بھی تو تیار کھڑا ہون
افسوس تیرے وصل کی شب مجھہ کو تو کب تھی / مین منتظر اس رات کا دلدار کھڑا ہون
مجلس مین تیرے خالی کئے شیشے جو مستان / مین بھی تو تیرے خمونکا خمار کھڑا ہون
ملنے کا حسین اسکے نہ پیغام بھجے ہی / عبدی کے لئے بر سر اقرار کھڑا ہون

### غزل سوز

شہد مین جیسے مگس ہم حرص مین پابند ہین / وائے غفلت اس سیہ زندان مین یون خورسند ہین

رزق کا ضامن خدا شاہد کلام اللہ ہی | تسپر اپنی صورتون کے روز حاجتمند ہین
مقبرون مین دیکھتے ہین اپنی ان انکھون سے روز | یہہ برادر یہہ پدر یہہ خویش یہہ فرزند ہین
تو بھی رعنائی سے ٹھوکر مار کر چلتے ہین یار | سوجھتا اتنا نہین ہم خاک کے پیوند ہین
جبتلک آنکھین کھلین ہین دیکھہ یہ دیکھینگے یار | مند گئین جب انکھڑیان تب سو رسب آنند ہین

## غزل سلطان

گل بستہ تھے نیشتر تجھہ بن ۲ | ایک آفت تھی رات بھر تجھہ بن
میرے حق مین تو وہ ہی دوزخ ہی | جانون مین خلد مین اگر تجھہ بن
کفر کس کا ہی اور کیا اسلام | آپ اپنی نہین خبر تجھہ بن
ہو درخت امید بار آور | عمر کا کچھہ نہین ثمر تجھہ بن
آرہی ہی لبون پہ جان حزین | دم کا دم مین نہین اثر تجھہ بن
تو ہی ای آہ ایک ہمدم ہی | کون لیجاوے وہان خبر تجھہ بن
گر مین سلطان ہفت کشور ہون | لیک مفلس ہون سیمبر تجھہ بن

## غزل حاجی

تکتی ہی تیری آنکھو نکو ای یار چمن مین | کیا چیکی کھڑی نرگس بیمار چمن مین
ہوجاے گی بیزار ہر ایک پھول سے بلبل | تو جائیو مت زینت گلزار چمن مین
بو آج تو لاتی ہی صبا اور طرح کی | شاید کہ وہ پہنچا ہی طرحدار چمن مین
ہم وحشیونکا رہیو بیابان سلامت | اب سیر سے مطلب ہے نہ کچھہ کار چمن مین
تاکید ہی دربانونکو یہہ باغ مین جاکر | آجاے یہہ حاجی نہ خبردار چمن مین

## غزل عاشق

دونون رخسار ماہ پارے ہین | ابرو اور خال چاند تارے ہین
مین نے دو بول کسکے ہارے ہین | تم ہمارے ہو ہم تمھارے ہین

نہین بوندین عرق کی چہرے پر — چاندکے منہہ پہ یہہ ستارے ہین
ایکبارہی توخواب مین آؤ — کب سے مشتاق ہم تمھارے ہین
عین مجلس مین آنکھہ مارو ہو — سچ بتاؤ یہہ کیا اشارے ہین
راتین کاٹین ہین تارے گن گنکر — تنکے چن جنکے دن گذارے ہین
جنکو کہتے ہین غول صحرائی — وہ میری آہ کے شرارے ہین
سچ مین کسکو لاؤگے صاحب — بال کسکے لئے سنوارے ہین
دل بیتاب کو دو نیم کیا — تیری ابرو نہین یہہ آرے ہین
عاشق ہونیسے اس پریرو کے — ہوگئے سب عدو ہمارے ہین

## غزل رونق

تاب کی ضبط فغان آہ مجھے تاب نہین — ناصحا صبر کی واللہ مجھے تاب نہین
دل یہان ٹکڑے ہووین کبھی مانند کتان — بس ترے دید کی ایماہ مجھے تاب نہین
صفحۂ دل سے مٹاؤ مرے تمثال بتان — بت پرستی کی اب اللہ مجھے تاب نہین
حوصلہ تنگ ہے یہان بیہودہ گوئی تا چند — بس زبان کیجئے کوتاہ مجھے تاب نہین
ہمنشین چاہ مین یوسف جو پھنسا ہائے غضب — اڑسے دنیا مے کہین چاہ مجھے تاب نہین
جی ہی کھویا غم پروانہ مین روتے روتے — آہ ای شمع سحرگاہ مجھے تاب نہین
غم ہجران سے ہوئی رونق بیدل کو نجات — آگے غمخواری کی یا شاہ مجھے تاب نہین

## غزل سودا

باتین کدھر گئین وہ تیری بھولی بھولیان — دل لیکے بولتا ہی جواب تو یہ بولیان
ہر بات ہی لطیفہ وہر ایک سخن ہی رمز — ہر آن ہی کنایہ وہر دم ٹھٹھولیان
حیرت نے اسکو بند نہ کرنے دی پھر کبھو — آنکھین جب آرسی نے ترے منہہ پہ کھولیان
اندام گل پہ ہو نہ قبا اس مزیسے چاک — جون خوش چھبون کے تن پہ مسکتی ہین چولیان

ساقی پہنچ کہ تجھ بن اس ابر بہار مین
پڑتے نہین تگرگ برستے ہین گولیان

کسطرح ہووے آنکھونکی کاوش سے دلکو چین
مژگان نہ کرسکین تو نکاہین ٹٹولیان

کیا چاہیے بجھے سر انگشت پر حنا
جس بیگنہ کے خون مین چاہین ڈبولیان

جون برف ہوگئے ہین خنک اب تبان ہند
ان سے تو بلکہ گرم ہین کابل کی لولیان

سودا کے دل سے صاف نہ رہتی تھی زلف یار
شانے نے پیچ پڑ کے گرہ اسکی کھولیان

## غزل صمصام

رات دلبر نے جو آنکھون مین ملائی آنکھین
خانہ چشم مین پھولی نہ سمائی آنکھین

ہم اسیر انکو نہ کچھ گل سے نہ گلشن سے خبر
پھنس گئے دام مین کھلنے بھی نہ پائی آنکھین

نہ ملا دلکو پھنسا دہ رہوئے آخر کار
دکھ مین دیکھا تو کہین کام نہ آئی آنکھین

کس بد آموز کی صحبت کی ہے یارب تاثیر
آج کچھ شوخ کی بے ڈھب نظر آئی آنکھین

اور دنیا مین طرحدار نہ تھا کیا صمصام
ایسے بیمہر ستی تو نے لگائی آنکھین

## غزل احسن

صبح سے شام تلک تا بہ سحر روتے ہین
اشک آنکھونکے ہمارے یہہ گہر ہوتے ہین

جادو کرتا ہے رقیب ہم پہ تو کیا ہوتا ہے
سامری کے کہین موسیٰ پہ سحر ہوتے ہین

بیوفائی کا بتون کے جو کرے ہے شکوہ
کیا جہان مین نہین بے ثمر شجر ہوتے ہین

اسقدر روتے ہین شب کوئے کمین مین جاکر
نالے سے نالے و گریہ سے بحر ہوتے ہین

عدو جلتے ہین تیرے شعر کو سنکر احسن
دوست کہتے ہین کہین ایسے شعر ہوتے ہین

## غزل نظیر

کیون نہو بام پہ وہ جلوہ نما تیرے دن
ماہ بھی چھپکے نکلتا ہے دلا تیرے دن

ہاتھ سے اپنے قلم رشک مسیحا رکھدے
نسخے بدلے ہین جہان کے حکما تیرے دن

غرق دریائے محبت کی نہین ملتی لاش
ورنہ ڈھوبا ہوا نکلے ہے سنا تیرے دن

دل بیمار رہے عشق مین کیونکر سرسبز / خاک سے دانہ کو ہی نشو نما تیسرے دن
چھیڑ مت زلف کے مارے کو تو دریا مین ہنود / سانپ کے کاٹیکو دیتے ہین بہا تیسرے دن
تین دن چشم کے بیمار کا کر اپنے علاج / ہو گی معلوم ہی تاثیر دوا تیسرے دن
لوگ کہتے ہین کہ ہین پھول ترے کشتے کے / مہندی ہاتھونکو تو قاتل نہ لگا تیسرے دن
عمر یکہفتہ نہین باغ مین اےگل مت پھول / رنگ بدلے ہی زمانے کی ہوا تیسرے دن
چار حرف اس بت پر خون کے اوپر بھیج نظیر / آپ سے آپ جو ہو جاتے خفا تیسرے دن

## غزل عبداللہ

شب کٹی ہجر مین اور دن کٹا غمخواری مین / کھو دیا دلکو عبث یار کی عیاری مین
جسے دیکھا اُسے خود مطلب و خود غرض کا یار / آشنا پورا نہ دیکھا مین کہین یاری مین
کم سنا عشق مین ہو گا جو سنا ہو گا کہین / گھر دیا سر دیا اور دل دیا دلداری مین
ذبح کرنے سے مرے فایدہ کیا تجھکو ملا / ہاتھ کیا آیا ترے ایسی ستمگاری مین
قیس و فرہاد سے لاکھون ہین یہان عبداللہ / آخرش مر ہی گئے عشق کی بیماری مین

## غزل ہویدا

شب وصال مین کیا یار سے دوچار ہون مین / رہا فراق مین جیتا تو شرمسار ہون مین
منع نہ کر مجھے رونے سے اےگل خوبی / چمن ہی کوچہ ترا ابر نو بہار ہون مین
تجھے خیال جو نت صید افگنی کا ہی / لگا دے تیر مجھے مفت کا شکار ہون مین
جو دیکھی ہی ترے کنونکے بال کی مچھلی / مثال ماہی کے بے آب و بیقرار ہون مین
جو تیری تیغ جہازی نہ مجھسے منہ موڑے / تو پہلے وار مین دریاے غم سے پار ہون مین

## غزل آصف

تیری تیغ جب ہم علم دیکھتے ہین / وہین سر کو اپنے قلم دیکھتے ہین
جو جلوہ صنم تجھ مین ہم دیکھتے ہین / خدا کی خدائی مین کم دیکھتے ہین

تو جلدی سے آ ورنہ میرے مسیحا
کوئی دم مین راہ عدم دیکھتے ہین

گذرتے ہین سو سو خیال اپنے دلمین
کسیکا جو نقش قدم دیکھتے ہین

جو چاہین لکھین ہم کچھ احوال دلکا
تو ہاتھون کو اپنے قلم دیکھتے ہین

ملے تم ہو میرے رقیبون سے جا کر
ہمین ہین کر سو سو ستم دیکھتے ہین

بہت جھوٹھے وعدے کئے تو نے ہمسے
بھلا ہم تو تیری قسم دیکھتے ہین

تو آوے نہ آوے میان ہمتو ہر شب
تیری راہ تا صبحدم دیکھتے ہین

بتونکی گلی مین شب و روز آصف
تماشا خدائی کا ہم دیکھتے ہین

## غزل نظیر

تفرقہ ہوتا ہے ایسا بھی گل اندام کہین
مے کہین شیشہ کہین ساقی کہین جام کہین

دلکی بیتابی نہین ٹھہرنے دیتی ہے مجھے
دن کہین رات کہین صبح کہین شام کہین

ایکدل دیجئے کس کسکو سبھی مانگتے ہین
بندا اور بالا کہین زلف سیہ فام کہین

نامہ بر نامہ لکھون یا مین زبانی کہدون
خط کے پرزے پہ لکھون قاصد ناکام کہین

دل بھی اور جان کفایت نے سبھی کی ہے نظیر
گل کہین غنچہ کہین بلبل بدنام کہین

## غزل فیض

خط جادہ ہون یا مین نقش پا ہون
غرض افتادگان کا رہنما ہون

جو ناکارہ ہون یا مین کام کا ہون
تمہارا ہون بھلا ہون یا برا ہون

کہون کیا اپنے جینے کی حقیقت
جو یکدن خوش ہون برسون تک خفا ہون

عبث رکھتے ہین مجھپر تہمت مرگ
بہت راتون جگا تھا سو رہا ہون

کہے ہے شخص کوئی عکس کوئی
خداوندا نہین معلوم کیا ہون

نہ پہچانو مجھے گر آپ تو کیا
مگر مین آپ کو پہچانتا ہون

تامل شرط ہے اے اہل معنی
کتاب فقر کا مین مدعا ہون

نہ کر اس چشم کا تو مجھ کو بیمار | ابھی ای فیض مر مر کے جیا ہون ۱

## غزل ہدایت

ہین خط تقدیر سے تحریر سب پیشانیان | پیش آتی ہین وہی جو باتین ہین پیشانیان
غیر نے باتین جو کچھ کین تو نے وہ سب مانیان | اور ہمسے تیری ای لالہ یہہ نافرمانیان
دیکھ صورت کو تیرے آئینہ ساں ہین رہ گیا | چشم بھی حیرت زدہ جون دیدۂ قربانیان
بے نصیبی سے نہ پہونچے منزل مقصود کو | خاک راہ دشت صحرا ہمنے کیا کیا چھانیان
کھینچ سکتا تہی مصوّر یہہ کوئی ناز و ادا | مانی و بہزاد نے بھی تیرے آئین مانیان
گاہ گریان گاہ نالان گاہ خندان گہ خموش | ہم دیوانون کی ہین باتین سب ہی کچھ یونہیان
میرے ہی سر کی قسم تجھکو ہدایت سچ بتا | کس سے سیکھی چشم تیری یہہ گہرافشانیان

## غزل رحمت

سارے جسم مین خوب کہاتی ہے یہہ زبان | ہر ایک کو دوستدار بناتی ہے یہہ زبان
مجلس مین شور شار مچاتی ہے یہہ زبان | باہم کے قطرہ قطرہ بناتی ہے یہہ زبان
پھر جو کوئی نہ قید کرے اس زبان کو | جوتے سر ہزار کھلاتی ہے یہہ زبان
ای یار دل نہ دیجئے کس بیقدر کے تئین | ہر کار بھی بدکار بناتی ہے یہہ زبان
رحمت خدا کی اسپہ یہہ جسنے کہے ہین بیت | حق کی ثنا و صفت بناتی ہے یہہ زبان

## غزل اثا

جون صبا اُڑ جائین اور تیری بہارین لوٹ جائین
تجھکو جو گھورین الہی اُنکے دیدے پھوٹ جائین
اُن سے کیا کوئی برآوے جو ذرا سی بات پر
آگ ہی ہو کر اُٹھین اور اپنے ماتھے کوٹ جائین
در بلا بودن بہ از بیم بلا مشہور ہے

کاش جو ہونی ہو جلدی ہو بلا سے چھوٹ جائین
بزم خوبان مین نہ انشا ایک سے آنکھین لڑا
خاطرین نازک بہت ان کی ہین شاید ٹوٹ جائین

## غزل ناسخ

ہی عجب طرح کی وحشت تیرے دیوانے مین
جی نہ آبادی مین لگتا ہے نہ ویرانے مین

ہون وہ میکش کہ نہ مستی مین کہون راز کبھی
لاکھ قلقل کرے شیشہ مجھے بہکانے مین

افتاب اسمین اگر آوے تو اینچاوے
نور کا دخل نہین میرے سیہ خانے مین

حشر تک جی مین ہے بیہوش رہون اے ساقی
کاش مے بھر دے میرے عمر کے پیمانے مین

نازکی سے ہوا قاتل میری حالت کا شریک
یہان لگا زخم تو وہان درد اٹھا شانے مین

کسطرح طائر دل ہو تیرے چہرے پہ نثار
شمع رو طاقت پرواز ہے پروانے مین

بال توڑے تیری زلفون سے نہ بیدردی مین
جس میرے ہاتھ کے مانند ہو گر شانے مین

عشق مین دل نے پھنسایا تو ہوا غیرونکو رنج
نہین اپنے مین مروت جو ہے بیگانے مین

پارۂ شیشۂ دل نصب ہے ہر روزن مین
کیجئے عیش زمستان میرے کاشانے مین

یہان تو بجلی بھی سنبھل جاتی ہے گرتے گرتے
شمع کے ٹھہرے نہ قدم کیا میرے ویرانے مین

نوش کر شوق سے جی کھول کے صرفہ کیا ہے
خوف بدہضمی کا ناسخ نہین غم کھانے مین

## غزل کمتر شاہ

خریدار سے کب نہان بیچتا ہون
متاع دل اپنا عیان بیچتا ہون

خریدار تم ہو تو کیا چاہتے ہو
مین دل بیچتا ہون نہین جان بیچتا ہون

زلیخا سا ہو گر خریدار یوسف
تو مین سبکا سب کاروان بیچتا ہون

کہا مجھسے قاتل نے سر بیچتا ہے
کہا مین نے ہان مہربان بیچتا ہون

اگر تو میرے چھیڑنیکو ہے کہتا
نہین بیچتا ہون تو ہان بیچتا ہون

بتا نام پر اسکے مین وہان تو کمتر
اب آگے رہا کیا عیان بیچتا ہون

## غزل نظیر

لیتا ہی جان میری تو مین سربند ہون
ای یار مین تو کشتۂ روز الست ہون

یکدم کی زندگی کے لئے مت اٹھا مجھے
ای بیخبر مین نقش زمین کا نشست ہون

تو مست کر شراب سے ای گلبدن نہ مجھے
مین آپ اپنے شیشۂ دل کا شکست ہون

دوری طریق مجھ کو سمجھیو نہ زاہدان
گر تو خدا پرست ہی مین بت پرست ہون

اِن سنگدل بتون کا گلہ کیا کرون نظیر
ظالم مین تیرے چشم گلابی سے مست ہون

## غزل میر تقی

عام حکم شراب کرتا ہون
محتسب کو کباب کرتا ہون

ٹک تو رہ ای بنائے ہستی تو
تجھ کو کیا خراب کرتا ہون

کوئی بجھتی ہی یہہ بھڑک مین عبث
تشنگی پر عتاب کرتا ہون

سر تلک آب تیغ مین ہون غرق
اب تئین آب آب کرتا ہون

جی مین پھرتا ہی میر وہ میرے
جاگتا ہون کہ خواب کرتا ہون

## غزل کنور

پڑی ہی جبسے وہ میری نظر مین
لگی ہی آگ سینے مین جگر مین

نشان ہرگز نپائی بے نشان کی
بہت ڈھونڈھا مین اسکو بحر و بر مین

ٹپکتا ہی جگر خون ہو کے آخر
رہا باقی نہ آنسو چشم تر مین

جھلکتا ہی اسی بیرنگ کا رنگ
بچشم باصرہ لعل و گہر مین

جدائی مین جفا جو سے عزیزو
نہین حالت ہی باقی کچھ کنور مین

## غزل اوباش

باغبان نخل محبت مین ثمر ہی کہ نہین
کوئی اس باغ مین الفت کا شجر ہی کہ نہین

موسے باریک بتاتے ہین کمر اس گل کی
نہین معلوم کہ اس گل کی کمر ہے کہ نہین

بیٹھے کوچے مین مجھے دیکھا تو رک کر بولے
یہان سے اُٹھ جائے اب آپکا گھر ہے کہ نہین

ہجر کی شب نہ گھٹی گھٹ گئی سب عمر میری
یا الٰہی شب ہجران کی سحر ہے کہ نہین

سچ بتا مجھکو صنم تجھکو خدا کی سوگند
وہ تیری مہر کی اگلی سی نظر ہے کہ نہین

بال و پر توڑ کے صیاد لگا یون کہنے
کوئی بتلاؤ کہ اس مرغ کے پر ہے کہ نہین

وہ جو اس طرف سے گذرے تو لگے یون کہنے
میان اوباش کا اس رہ مین گذر ہے کہ نہین

## غزل مفتون

بتان جبکہ زلف دوتا باندھتے ہین
گرہ مین دل مبتلا باندھتے ہین

نہین بنتے بلبل سے اپنے چمن مین
ہم اب آشیانہ جدا باندھتے ہین

مین یہان خون روتا ہون ہاتھون سے انکے
جو پانون پہ اُنکے حنا باندھتے ہین

جفا کھینچینگے پر نہ ہارینگے جی کو
یہہ ہم تم سے شرط وفا باندھتے ہین

گرہ دیکے سر پر جو بالونکا جوڑا
یہہ نازک بدن خوش ادا باندھتے ہین

ہر ایک تار مین اسکے دلہاے عاشق
بہم جمع کر کے ملا باندھتے ہین

میان حال مفتون کا دیکھا نہین کیا
کمر آپ کسکر بھلا باندھتے ہین

## غزل سراج

عید وصل سرو قد سے ہین مرے گھر شادیان
عالم بالا سے آتی ہین مبارکبادیان

کیا تبسم کیا ادا کیا ناز کیا انداز سے
یاد ہین اس شوخ کو کتنی طرز کی استادیان

صاف ہوتون سے نگاہونکے مجھے کرتا ہے قتل
ختم ہین اس ظالم خونریز پر جلادیان

پانون مین زنجیر الفت اور گلے مین طوق غم
کہہ دل وحشی کو میرے کیونکہ ہو آزادیان

کیا چلے دام نگاہ مہربانی سے ترے
صید ہو جاوین یہان صیاد کی صیادیان

گرچہ لیلی اپنی شوخی سے نہین آتی ہے باز
چھوڑتا نہین ابتلک مجنون بھی اپنی وادیان

طاق ۲۷

طاق پر سے لگے گر جاتا ہی آئینہ سراج | یاد آتی ہین مجھے جب انکی طرحین ساد یان

## غزل سوز

میرے دل مین ہی خواہش وصل بتان گو نصیب کسی کو ہوا ہی نہین
کرون کس سے مین حال دل اپنا بیان فردرد کی وہ تو دوا ہی نہین
میرے دل کی طپش کو تو غور کرو میرے واسطے فکر نہ اور کرو
کوئی یار سے ملنے کا طور کرو کہ دوا سے تو ہوتی شفا ہی نہین
کبھو خندہ گل سے یہہ دل نہ کھلا رہے روتے یہہ مردم دیدہ سدا
کرون رہ کے عزیزو مین باغ مین کیا مجھے راست یہانکی ہوا ہی نہین
تیرے کوچے سے گل کہین باغ مین جا تیرا باد صبا نے جو نام لیا
کچھ بھی دیکھا نہ ای بت ہوش ربا کسی گل کا حواس بجا ہی نہین
ایسی اور بھی ہو کوئی تازہ غزل ایسے بحر کا قافیہ سوز بدل
غم ہجر تو کر چکا اپنا خلل بارے وصل کا حال کہا ہی نہین

## غزل

دیوانہ تیرا عاشق زار ہون مین
فدا تجھ پہ مدت سے ای یار ہون مین
فریبون مین کب تیرے آتا ہون ظالم
فریبی جو تو ہی تو عیار ہون مین
جسے تو نے کاٹا موا بے اجل وہ
سمجھا تیری زلف کا مار ہون مین
دہن تیرا گل ہی تو ہی چشم نرگس
تیرے باغ تازہ کا یک خار ہون مین

## غزل مصحفی

بزم سرو د خوبان مین گو مرد نگھیان سنتا ہین . بجین
ساتھ فقیر کی ڈھولک کے اب ڈہم دھمیان رنگین بجین
نالہ کشی سے رات جو گلشن رشک بزم عشرت تھا

منقاریں مرغانِ چمن کی صبح تلک جون بین بجین
شمع رہی شب جبتک جلتی نیند نہ آئی مجھکو ذرا
جھانجھین پروانون کے پرون کی جبکہ سر بالین بجین
بلبے مزاج نازک تیرا نیند اُچٹ گئی اس گل کی
بالیان جو پتون سے اچھلکر رات سر بالین بجین
مین نہ تجھے کہتا تھا زاہد میخانے کی راہ نہ چل
آخر تجھ پر رستے ہی مین لیان اوبیدین بجین
آنے بختری ہو کے ملایک مر جو گیا عاشق تیرا
نوبتین کیا کیا شادی کی مرقد پہ دم تلقین بجین
شب آخر ہونے کا دھڑکا مصحفی تجھسے کیا مین کہون
جان نکل گئی تن سے جب تین پہر پہ تین بجین

## غزل ایمان

اگر نہ اٹکی ہو تیری زلف کی زنجیر مین جان
آہ جاتی رہی یک نالۂ شبگیر مین جان

آنکھوں سے بجھا ہی مگر اسکا پیکان
تازہ پڑتی ہی ترے تیر سے نخچیر مین جان

وہ جو گستاخ ہین کیا بات ہے انکی پیارے
یہان تو جاتی ہی نکل ایک تقصیر مین جان

اسطرف بھی تو کسی روز کمان ابرو چل
نہ رہی صید حرم کی کہین تجھ تیر مین جان

آوے جسدم کہ تو اعجاز مسیحائی پر
بات کہنے مین پڑے قالب تصویر مین جان

شعر ہوتا ہی کب ایمان کسی کے دلچسپ
جب تلک معنی شیرین نہ ہو تحریر مین جان

## غزل شاہ ظفر

کون نگر سے آئے ہم اور کون نگر مین باسے ہین
جانینگے پھر کون نگر کو ہوتے من مین ہراسے ہین

کیسا ملک ہی کیسا رو یا کیسی چال اور کیسی ڈھال
یا ہی من کو اندیشے ہین اور یا ہی جی کو ساسے ہین
دیس نیا ہی بھیس نیا ہی رنگ نیا ہی ڈھنگ نیا
کون انند کرے ہی وہان اور رہتے کون اداسے ہین
کیا کیا پھولون دیکھے ہمنے پہلے اس پھلواری مین
ایجو پہلے اس مین پھلون اور ہی انمین باسے ہین
باو بندھی سب ہی یہان کی وہان کی ہی کچھ اور ہوا
کوو جتاوے یہہ ان کو جو لڑتے لوگ ہواسے ہین
دنیا ہی یک رین بسیرا بہت گئی رہی تھوڑی سی
انسے کہدو سونا جاوین نیند مین جو کہ نداسے ہین
ہی یہہ جنیو بڑا اسی سے تو ہی کفر کے پھندے مین
دنیا کے جو ناتے رشتے لیتے ساتھہ بلاسے ہین

ردیفِ و

## غزل سیادت

یا خدا دام بلا زلف جانانہ نہ ہو — طایر دل کا کبھی خال رخ دانہ نہ ہو
ای دل زار نہ رکھہ عشق گیسوے بتان — پا بزنجیر کہین مثل دیوانہ نہ ہو
صدمہ عشق بتان کہو سناون جو ذرا — قیس و فرہاد سے کم میرا فسانہ نہ ہو
دل صد چاک اگر تیرے گیسو مین پھنسے — تجھہ کو مشاطہ کبھی حاجت شانہ نہ ہو
بادہ نوشون کو دلا کیا ہو جنت مین مزا — حور و غلمان مین اگر دور پیمانہ نہ ہو
بوسہ لب جو لیا ہنسکے وہ کہنے لگا — تجھسا دنیا مین کوئی بیحیا نہ ہو
تیری محفل مین صنم آون اس شرط سے مین — میرے اور تیرے سوا کوئی بیگانہ نہ ہو
خاکساری ہی دلا مال و دولت سے سوا — غم نہ کر تجھہ کو اگر تاج شاہانہ نہ ہو

جب سیادت تیرا دل چشم میگون مین رہے | بندش شعر مین کیون طرز رندانہ نہ ہو

## غزل شاہ ظفر علیہ الرحمہ

عیش و طرب مین کوئی دم تم اور بسر ہو لینے دو
جانے کہان ہو رات ابھی ہے دیکھو سحر ہو لینے دو
ہاتھ ابھی سودائے وفا سے تم نہ اٹھاؤ حضرت دل
ہونا جو کچھ قسمت مین ہے سود و ضرر ہو لینے دو
آخر تو پھر تیغ ستم کے وار ہمین پر ہووین گے
اور کوئی گر ہوتا ہے اب سینہ سپر ہو لینے دو
جب کہ نچوڑون دامن اپنا کتنے ہی دریا جاری ہون
اشکون سے ای آنکھو اسکو اتنا تر ہو لینے دو
جانے کہان ہو بالین سے تم اپنے مریض الفت کے
ٹھہرو کوئی دم یا تو ادھر یا اسکو ادھر ہو لینے دو
اسکے اٹھا کر ظلم ابھی سے تم نہ اٹھاؤ جان سے ہاتھ
اور ستم ہون جو کچھ باقی وہ بھی ظفر ہو لینے دو

## غزل شاہ ظفر

میرے قاصد سے پیام یار جانی سنتو لو | چاک کرنا ہے مجھے خط پہلے زبانی سنتو لو
مین بھی تو دیکھون کہ تمکو کسطرح آتی ہے نیند | ایک ذرا میرے مصیبت کی کہانی سنتو لو
داد میری جانفشانی کی نہین دیتے نہ دو | پر کرون جو کچھ بیان مین جانفشانی سنتو لو
حال دل میرا نہین سنتے تو میری حسب حال | مجھسے کوئی شعر وقت شعرخوانی سنتو لو
مین نہین کہتا کرو تم رحم میرے حال پہ | لیک مین کرتا ہون کیونکر زندگانی سنتو لو
جانتا ہون مین کہ ہو خبرو ن کے تم بھی اے ظفر | پر کہون مین بھی جو کچھ راز نہانی سنتو لو

ایضاً

اے ظفر گرچہ سناتے ہین وہ تمکو گالیان | گالیون مین بھی ہے لیکن مہربانی سنتو لو

## غزل رند

رکھو خدمت مین مجھ سے کام تو لو | بات کرتے نہین سلام تو لو
مے پیو تم سرور ہو مجھ کو | ہاتھ سے میرے ایک جام تو لو
بات تم نے نہین کی غیر سے کل | سر پر اللہ کا کلام تو لو
بندہ ہوتا ہون آپکا بیدام | ہوئے درکار اگر غلام تو لو
ناز و انداز و حسن و خوبی مین | کون ہے تمسا اسکا نام تو لو
آپ فرمائین مین بجا لاؤن | کبھی مجھسے بھی کوئی کام تو لو
منہہ سے آنے لگے گی عطر کی بو | نام گیسوئے مشک فام تو لو
پہلے کر لو رسائی زلف تلک | سلسلے کو جنون کے تھام تو لو
پھر تڑپ لیجیو گرفتارو | دم بھر آرام زیر دام تو لو
مے پیو جو نہین پلاتے ہو | مجھکو دیتے نہین ہو جام تو لو
ناز بردار دوسرا مجھسا | کون عاشق ہے اسکا نام تو لو
رند حاضر ہین شیشہ و ساغر | مے نہ سمجھو اگر حرام تو لو

## غزل رند

ناز بیہودہ کبھی عشوۂ بیجا دیکھو | ہر گھڑی اٹھو نیا کرتے ہین غمزا دیکھو
نظر لطف و عنایت سے تو مین درگذرا | آنکھین دکھلاتے ہین لو اور تماشا دیکھو
جز رخ یار نظر آئے زمانہ اندھیر | پھر نہ کچھ سوجھے جو وہ چاند سا مکھڑا دیکھو
نظر یاس سے دیکھون تو یہہ فرماتے ہین | پھر بری آنکھ سے اسنے مجھے دیکھا دیکھو
کوہ غم مثل پر کاہ اٹھا لیتا ہون | حوصلہ دیکھو ذرا میرا کلیجا دیکھو
بیوفا یار کے کوچین نجاؤ اے رند | اور گھر تاکو کوئی اور محلا دیکھو

## غزل ظفر

آپکے مشتاق صورت ہم نہون تو کون ہو
آئینہ سان محو صورت ہم نہون تو کون ہو

کہتے ہین وہ آئینے مین جلوہ اپنا دیکھ کر
ماہ پیکر مہر طلعت ہم نہون تو کون ہو

ہم ہین عاشق ہم کو آب تیغ ہی آب بقا
تشنۂ جام شہادت ہم نہون تو کون ہو

جب نہو وے آشنا کوئی حقیقت آشنا
فی الحقیقت بے حقیقت ہم نہون تو کون ہو

آکے بالین تک ہمارے جبکہ پھر جاوے وہ یار
واقعی برگشتہ قسمت ہم نہون تو کون ہو

دیکھ کر آہو کو یاد آیا کوئی آہو نگاہ
دشت مین سرگرم وحشت ہم نہون تو کون ہو

ساتھ غیرونکے لگاتے ہین وہ غوطے حوض مین
غرق دریاے خجالت ہم نہون تو کون ہو

ہی گنہگارونکی خاطر اسکی بخشش ای ظفر
مستحق عفو رحمت ہم نہون تو کون ہو

## غزل ظفر

آؤ ای مہربان ادھر آؤ
تم چلے ہو کہان ادھر آؤ

میرے گریہ سے ہے اگر منظور
سیر آب روان ادھر آؤ

بوسے دینے کو جاؤ غیر کے پاس
دینے کو گالیان ادھر آؤ

خانۂ دل کو سمجھو اپنا گھر
ہی یہہ حاضر مکان ادھر آؤ

آگئی جان میری ہونٹون پر
ابتو ای مہربان ادھر آؤ

دیکھو کیا میرے دیدۂ خونبار
آج ہین گلفشان ادھر آؤ

ای ظفر میرے درد دلکی تم
گر سنو داستان ادھر آؤ

## غزل ظفر

کہے جو عدو سچ نہ جانا کرو
برا مانتے ہو تو مانا کرو

سرائے دل و خانۂ چشم مین
تم اپنا کہین تو ٹھکانا کرو

رکھو طاق پر اپنی یہہ دوستی
نہ دشمن مرا ایک زمانا کرو

خبر ہی اب مجھے تم چلے ہو جہان — عبث اب نہ مجھ سے بہانا کرو
کے ہی مجھے دشت مین اب جنون — کہ اب تم یہان خاک چھانا کرو
لگاتے ہو گر اپنا تیر نگاہ — تو دل کو ہمارے نشانا کرو
ظفر گر نہین ہی کوئی نامہ بر — تو آنسو ہی اپنا روانا کرو

## غزل ظفر

جلایا آپ ہم نے ضبط کر کر آہ سوزان کو — جگر کو سینے کو پہلو کو دل کو جسم و جان کو
ہمیشہ کنج تنہائی مین ہم مونس سمجھتے ہین — الم کو یاس کو حسرت کو بیتابی کو حرمان کو
تیرے اندام و روی و قد و زلف و خط سے خجلت — سمن کو ارغوان کو سرو کو سنبل کو ریحان کو
جگہہ کن کن کو دون دل مین تیرے ہاتھون سے القاتل — کٹاری کو چھری کو بانک کو خنجر کو پیکان کو
تیرے دندان و لب نے کر دیا بے قدر عالم مین — گہر کو لعل کو یاقوت کو ہیرے کو مرجان کو
لڑا کر آنکھ اس سے ہم نے دشمن کر لیا اپنا — نگہ کو ناز کو انداز کو ابرو کو مژگان کو
نہین قلقل دعا دیتا ہی شیشہ دمبدم ساقی — سبو کو خم کو مے کو میکدے کو مے پرستان کو
نہ ہو جب تو ہی اے ساقی بھلا پھر کیا کرے کوئی — ہوا کو ابر کو گل کو چمن کو صحن بستان کو
بنایا اے ظفر خالق نے کب انسان سے بہتر — ملک کو دیو کو جن کو پری کو حور و غلمان کو

## غزل ظفر علیہ الرحمہ

کہون کیا رنگ اس گل کا اہا ہا ہا اہو ہو ہو — ہوا رنگ چمن سارا اہا ہا ہا اہو ہو ہو
نمک چھڑکے ہی وہ کس کس مزے لینے لگے زخمونپر — مزے لیتا ہون مین کیا کیا اہا ہا ہا اہو ہو ہو
شرارہ و برق مین کیا فرق سمجھو نہین آہ و نالہ مین — ہی یک شعلہ بھبھوکا سا اہا ہا ہا اہو ہو ہو
بلا گردان ہو ساقی کہ جام عشق سے مجھ کو — دیا گھونٹ اس نے ایک ایسا اہا ہا ہا اہو ہو ہو
میری صورت پرستی حق پرستی کی کہو نہین کیا — کہ اس صورت مین کیا دیکھا اہا ہا ہا اہو ہو ہو
خدا جانے حلاوت کیا ہی آب تیغ قاتل مین — لب ہر زخم ہی گویا اہا ہا ہا اہو ہو ہو

ظفر عالم کہون کیا مین طبیعت کی روانی کا
ہی یک امڈا ہوا دریا اہاہاہا اہو ہو ہو

## غزل آتش

ٹھوکرین مارکے مردونکو جلاتے نہ چلو
رشک سے خاک مین مرنونکو ملاتے نہ چلو

انکے پازیب سے جھنکار کی آتی ہی صدا
فتنۂ حشر کو بدخواب جگاتے نہ چلو

باغ مین آتے ہو ساتھ انکے تو پھر لودو کام
کبک و طاؤس کا جھگڑا ہی چکاتے نہ چلو

برق و شمشیر کی اچھی نہین چالین چلنی
راہ کو کاٹتے جادیکو جلاتے نہ چلو

سایل بوسہ کو منہہ پھیر کے کہتا ہی وہ شوخ
نیک طینت ہو تو بد ذاتی پہ آتے نہ چلو

دو قدم ساتھ جو چلتا ہو نہین گریان اسکے
یہی فرماتے ہین ہنس ہنس کے ہنساتے نہ چلو

گوشمالی دو نہ گلگشت مین گل کو پیارے
طفل غنچہ ہی غریب اسکو ڈراتے نہ چلو

پرمشقت ہی رہ عشق چلے ہو دو گام
کوسون دریا جو پسینے سے بہاتے نہ چلو

منہہ چھپا کر یہہ نکلتا ہی تمھارا اندھیر
رہ نشین عاشقون کو راہ بتاتے نہ چلو

مشق رفتار کرو گرم روی کی نہ سہی
کونسی چال ہی یہہ آگ لگاتے نہ چلو

بھاگ کر عاشق شیدا سے کہان جاؤگے
قدم آہستہ رکھو ٹھوکرین کھاتے نہ چلو

اپنے ہاتھون سے نہ اندھونکا گلا کٹواؤ
یون چلو پانؤن کی آواز سناتے نہ چلو

کوڑے معشوق مین اے عاشقو جاتے ہو تو جاؤ
یہہ شگون خوب نہین خاک اڑاتے نہ چلو

انسے کہدے کوئی آتے ہین جو یہہ لکہ ابر
چشم آتش کیطرح آنسو بہاتے نہ چلو

گرسے پڑتے ہین کوؤن اور گڑھونمین رہگیر
ذقن و ناف کے عالم کو دکھاتے نہ چلو

## غزل جرات

کیون دلا ہم ہوئے پابند غم یار کہ تو
اب اذیت مین بھلا ہم ہین گرفتار کہ تو

ہم تو کہتے تھے نہ عاشق ہو اب اتنا تو نہ بہا
جاکے ہم روتے ہین پہرون پس دیوار کہ تو

ہاتھ کیون عشق بتان سے نہ اٹھایا تونے
کف افسوس اب ہم ملتے ہین سو بار کہ تو

وہی محفل ہے وہی لوگ وہی ہے چرچا
ہم تو کہتے تھے کہ لب سے نہ لگا ساغر عشق
بے جگہہ جی کا پھنسانا تجھے کیا تھا دیکال
وحشت عشق بری ہوتی ہے دیکھا نادان
آتش عشق کو سینے مین عبث بھڑکایا
ہمتو کہتے تھے نہ ہمراہ کسیکے لگ چل
کیجئے تو یہہ مشکل ہے زمین ایجرات

اب بھلا بیٹھے ہین ہم مشکل کہنگار کہ تو
غم و اندوہ سے اب ہم ہوئے سرشار کہ تو
طعن و تشنیع کے اب ہم ہین سزاوار کہ تو
ہم چلے دشت کو اب چھوڑ کے گھر بار کہ تو
اب بھلا کھینچون ہون مین آہ شرربار کہ تو
اب بھلا ہم ہوئے رسوا سر بازار کہ تو
دیکھین ہم اس مین کہین اور بھی اشعار کہ تو

## غزل شہید

سو نہ دو دو ہی دو بوسے پر میان اس ڈھب کے دو
دو ہی دو پر دو اجی دو بھی شتابی سے کہین
ایک ہمنے کب لیا دونون مین دیتے ہون تو دو
اٹھ بو سونگھا ہون نو کر اس بت او باش کا
بوسے اس رخ کے پیا لیا ہم جو سب لینے لگے
لکھے شہیدی اور بھی شعر یہ بہ تبدیل ردیف

ہے مثل مشہور بن مطلب کے سو مطلب کے دو
خال کے دو خط کے دو رخسار کے دو لب کے دو
خواہ دو سیب ذقن کے خواہ دو غبغب کے دو
صبح کے دو شام کے دو روز کے دو شب کے دو
کہکے یون یہہ ایکے دو یہہ جبکے دو یہہ تب کے دو
دلربا کو بھیجتے ہین ریختے اس ڈھب کے دو

## غزل میر تقی

قتل کئے پر غصہ کیا ہے لاش میری اٹھوانے دو
جان سے بھی ہم جاتے رہین ہین تم بھی آؤ جانے دو
جان سلامت لیکر جاوے کعبہ مین تو سلام کرین
ایک جراحت ان ہاتھون کا صید حرم کو کھانے دو
اسکے گلی کی خاک سبھون کے دامن دل کو کھینچے ہے
ایک اگر جی لے بھی گیا تو آتے ہین مرجانے دو

کرتے ہو تم نیچے نظرین یہہ بھی کوئی مروت ہی
برسون سے پھرتے ہین جدا ہم آنکھہ سے آنکھہ ملانے دو
کیا کیا اپنے لوہو پینگے دم مین مرینگے دم مین جئینگے
دل جو بغل مین رہ نہین سکتا اسکو کسی سے لگانے دو
ایکے بہت ہی شور بہاران ہمکو مت زنجیر کرو
ملکے ہوس ٹک ہم بھی نکالین دھومین ہمکو مچانے دو
عرصہ کتنا سارے جہانکا وحشت پر جو آجاوین
پانون تو ہم پھیلاوینگے پر فرصت ہمکو پانے دو
کیا جاتا ہی اس مین ہمارا چپکے ہم تو بیٹھے ہین
دل جو سمجھنا تھا سو سمجھا ناصح کو سمجھانے دو
ضعف بہت ہی میر تمھین کچھہ اسکی گلی مین مت جاؤ
صبر کرو ٹک اور بھی صاحب طاقت جی مین آنے دو
بات بنانا مشکل سا ہی شعر سبھی یہان کہتے ہین
فکر بلند سے یارون کو ایک ایسی غزل کہلانے دو

## غزل سودا

آلودۂ قطرات عرق دیکھہ جبین کو
آتا ہی تو آشوخ کہ مین روک رہا ہون
دیتی ہی نہین چین بدی اپنے گمان کی
ہرگز بجہان رو سیہی اسکو نہوتی
جون دانہ سمجھہ مورد ابر کرم حق
یک گل کا چمن مین شنوا گوش نہین ہی

اختر پڑے جھانکے ہین فلک پر سے زمین کو
مانند حباب اپنے دم باز پسین کو
ساتھہ اسکے مین جاتا ہون کوئی جان کہین کو
لگتا نہ مرے نام سے گر عیب نگین کو
زاہد در میخانہ کے ہر خاک نشین کو
دے مرغ گرہ سینے مین فریاد حزین کو

مطلب

مطلب کی میری بات پہ یکبار بھی سودا ہان نے چھوڑا یا کبھی اُس لب سے نہین کو

## غزل ناسخ

سرسبز سبزہ ہو جو تیرا پایمال ہو ٹھہرے تو جس شجر کے تلے وہ نہال ہو
مُوئے کمر ہی یون بدن یار مین عیان دُرِّ نجف کے جرم مین جسطرح بال ہو
گل کی زبان گنگ ہی تو لنگ پائے سرو کیا عندلیب و کبک مین نہ بول چال ہو
رند و ضرور رقص ہو بزم شراب مین ہاتھ آئے گر نہ بھانڈ تو صوفی کا حال ہو
مُوی کو بعد مرگ بھی آرام ہی محال کسطرح زیر تیغ یہ گنبذ کی ڈھال ہو
دو دو نہ میری آنکھو مین کیونکر ہون پتلیان آٹھون پہر جو تیرا تصوّر مین حال ہو
کیا نیند آئے ہو جو یہی رات بھر خیال گل تکئے کے عوض کوئی مخمل کا گال ہو
گر محتسب کو خون ہمارا ہوا حلال یارب بھلا شراب تو ہم پر حلال ہو

## غزل ہوس

تو نے رعنائی کی قامت جو دکھائی مجھکو روشِ سروِ چمن پھر نہ خوش آئی مجھکو
دل میرا سینے مین جون برق ہی شب سے بیتاب کسنے یاد اسکے تبسم کی دلائی مجھکو
ہاتھ سے آبلہ پائی کے تنگ آیا ہون کوچۂ یار تلک کب ہو رسائی مجھکو
جان گر تن سے جدا ہو تو جدا ہو لیکن جان منظور نہین تیری جدائی مجھکو
باغ ہستی کی دہین سوجھ گئی کیفیت مے گلرنگ جو ساقی نے پلائی مجھکو
نہوئی غم سے کسیطرح رہائی ہیہات وصل کے دن بھی رہا خوفِ جدائی مجھکو
بیٹھکر کیا میرے پہلو سے گیا اُٹھ وہ ہوس فتنہ برپا ہوا آفت نظر آئی مجھکو

## غزل انشا

ضعف آتا ہے دلکو تھام تو لو بولیو مت بھلا سلام تو لو
کون کہتا ہے بولو مت بولو ہاتھ سے میرے ایک جام تو لو

ہم صفیر و چھوٹے گے مت تڑپو — دم ابھی آکے زیر دام تو لو

انہیں باتون نہ لوٹتا ہو تمہین — گالی پھر دیکے میرا نام تو لو

ایک نگہ پر بکے ہے انشا آج — مفت مین مول ایک غلام تو لو

## غزل آصف

گھبسا دلدار ہو اور ناز و خرام ایسا ہو — کیون نہ دل کفر سے منکر ہو جو رام ایسا ہو

لب مسیحا سے کرے بات تو ای مصحف رو — مردہ دل کیون نہ جیے جسکا کلام ایسا ہو

مین ہون صدقے ترے تو گالیان دے اظالم — زندگی ایسی ہو اور اس کا انعام ایسا ہو

زلف مشکین مین پریرو کے نہ دل کیون پھنسے — ایسا صیاد ہو اور ہاتھ مین دام ایسا ہو

آرزو ہے کہ شب وصل میسر ہووے — مین ہون اور یار ہو اور گردش جام ایسا ہو

ملتجی مت ہو سوا ذات علی کے آصف — پھر بھی نجھے چاہیے کیا جس کا امام ایسا ہو

## غزل نیاز

عشق مین تیرے کوہ غم سر پر لیا جو ہو سو ہو — عیش و نشاط زندگی چھوڑ دیا جو ہو سو ہو

عقل کے مدرسے سے ہو عشق کے میکدہ مین آ — جام فنا و بیخودی اب تو پیا جو ہو سو ہو

لاگ کی آگ لگ اٹھی پنبہ طرح سا جل گیا — رخت وجود جان و تن کچھ نہ بچا جو ہو سو ہو

ہجر کی سب مصیبتین عرض کین اسکے روبرو — ناز و ادا سے مسکرا کہنے لگا جو ہو سو ہو

دنیا کے نیک و بد سے کام ہمکو نیاز کچھ نہین — آپ سے جو گذر گیا پھر اسے کیا جو ہو سو ہو

## غزل سوز

مری جان جاتی ہے یارو سنبھالو — کلیجے مین کانٹا گڑا ہے نکالو

نہ بھائی مجھے زندگانی نہ بھائی — مجھے مار ڈالو مجھے مار ڈالو

خدا کے لئے اے امیر ہمنشینو — وہ بانکا جو جاتا ہے اسکو بلالو

اگر وہ نہ آوے تمھارے کہے سے — تو منت کرو گھیری گھیری بلالو

اگرچہ کچھ خفا ہووے گے وہ گالیان دیوے
تو دم کھا رہو کچھ نہ بولو نہ چالو

کہو ایک بندہ تمھارا مرے ہے
اسے جانکنی سے تو جا کر بچا لو

جلون کی بری آہ ہوتی ہے پیارے
تم اس سوز کی اپنے حق مین دعا لو

جو سونگھے اس گل زیبا کے پیرہن کی بو
خوش آوے کب اسے نسرین و نسترن کی بو

دماغ کیون نہ معطر ہو بلبل شیدا
ہر ایک گل سے جو آتی ہے یاسمن کی بو

خط آگیا ترے چہرے پہ اے گل خندان
گئی مزاج سے اب تک نہ بالے پن کی بو

جو بیٹھا آنکے محفل مین وہ میرا گلرو
گئی وہ مست اسی وقت انجمن کی بو

نشانی جب ترے زلفونکی لیگئی ہے صبا
خطا سے جاتی رہی نافۂ ختن کی بو

## غزل نظیر

جدا کسی سے کسیکا غرض حبیب نہو
یہ داغ وہ ہے کہ دشمن کو بھی نصیب نہو

خدا جو ہمکو کرے اس صنم کے کوچے سے
الٰہی راہ مین ایسا کوئی رقیب نہو

علاج کیا کرین حکما تپ جدائی کا
سوائے وصل کے اسکا کوئی طبیب نہو

نظیر اپنا تو معشوق خوبصورت ہے
جو حسن اسمین ہے ایسا کوئی عجیب نہو

## غزل

دیکھ کر اسکے روئے خندان کو
گل نے پرزے کیا گریبان کو

اسکے ہونٹون کے آگے قدر نہین
لعل پھر جاوے گر بدخشان کو

آنکھ تیری شکار افگن ہے
کیون نہ بھاگے ہرن بیابان کو

گرم ہوکر نہ سوئے یار کے ساتھ
آگ لگ جاوے اس زمستان کو

یاد آتی ہے صورت یوسف
کھولکر دیکھتے ہین قرآن کو

## غزل انشا

کوئی اس دام محبت مین گرفتار نہو
کیجیے اقرار کچھہ ایسا کہ پھر انکار نہو
غیر کو صحبت دلدار مین کیون بار نہو
دیکھہ آئینے مین منہہ اپنا خریدار نہو
اسکے ملنے سے گرانی ہی بس آجاتی ہے
کیا خوش آیا یہہ مقطع ہو کل انکا کہنا
سیر تو ایک طرف لاکھہ غنیمت کہ یہان
جام ایسا فی گلفام وہ کسکام بھلا
سطر منصور کی لو ہوسے ہوئی ہے تحریر
نالہ مرغ چمن نے اُسے بیخواب کیا
ہی تو یہہ قصد کہ چھیڑون اسے لیکن پہونکر
کھولے دیتا ہون ترے کان ابھی سے اے گل
آج ہے دھوم اسیران قفس سے آہین
بخت بیدار اگر خواب مین مجھکو یاد
کہہ غزل اور دعا یہہ بھی ای انشا شاہا

ای خدا یہہ تو کسی بندہ پکو آزار نہو
یعنے آپس مین کسی ڈولکی تکرار نہو
یعنے کیا معنی جہان گل ہو وہان خار نہو
ناک چوٹی مین بس اتنے بھی گرفتار نہو
نکہت گل کیطرح سے جو سبکسار نہو
آدمی کیا کہ جسے بوجھہ نہو بھار نہو
سانس لینے مین کوئی شخص گنہگار نہو
آدمی پیکے جسے خوب ہی سرشار نہو
یعنے سردار نہین وہ جو سردار نہو
مجھے ڈر ہے کہ خفا مجھسے وہ دلدار نہو
مین جو چھیڑون تو بھلا مجھسے وہ بیزار نہو
ایسی تقصیر کبھی پھر خبردار نہو
جاکے دیکھو تو کوئی تازہ گرفتار نہو
تو وہ پھر تا بقیامت کبھی بیدار نہو
کوئی اس یوسف مصری کا خریدار نہو

## غزل ذوق

اس بلندی پہ دیا عشق نے پہنچا ہمکو
ہم وہ مجنون ہین کہ دل اپنا ہی صحرا ہمکو
رکھہ مکدر بس اب ای چرخ نہ اتنا ہمکو
ہوویگا کشتی طوفان زدہ تابوت اپنا
اور ہم درد کہان ہونہو ای حضرت دل

کہ فلک آیا نظر خال سے چھوٹا ہمکو
اور جون خیمہ لیلی ہے سویدا ہمکو
ہمنے جانا کہ کیا خاک سے پیدا ہمکو
آگیا اپنے اگر گرد نہین مرنا ہمکو
درد اب تمکو ہمارا ہو تمھارا ہمکو

نخل خرمی کی طرح باغ محبت مین ملا / کثرت زخم سے یک خلعت زیبا ہمکو
پھینک کر شیشۂ دل ہاتھ سے کہتا ہی وہ مست / کیا بنا یا تھا ہتھیلی کا پھپھولا ہمکو
تن سے کیا جان کہ دل اپنے نکلنے پاوے / ہو بشرطے ترے آنیکا بھروسا ہمکو
آچکی ہی سر گرداب فنا کشتی عمر / ہر نفس باد مخالف کا ہی جھوکا ہمکو
ہم گئے جسکی طرف جون گل پائی اُسنے / پاس آنے نہ دیا دور ہی پھینکا ہمکو
رشک تھا اپنے نوشتے مین کہ اس نو خط نے / خط لکھا غیر کو اور بھول کے بھیجا ہمکو
ایکدم عمر طبیعی ہی یہان مثل حباب / فکر امروز ہی نہ ہی غم فردا ہمکو
کیا ستم ہی کہ پئے قطع رہ عشق فلک / ارہ سان دیوے ہی دندان عوض پا ہمکو
دلمین تھے قطرۂ خون چند سو مانند حباب / نہ رہے وہ بھی جب الفت نے نچوڑا ہمکو
ہم تو کہتے تھے کہ ذوق انکی تو زلفونکو نچھیڑ / اب وہ برہم ہی کہ تو تجھکو قلق یا ہمکو

## غزل سودا

بہار باغ ہو مینا ہو جام صہبا ہو / ہوا ہو ابر ہو ساقی ہو اور دنیا ہو
روا ہی کہہ تو بھلا اے سپہر نا انصاف / ریائے زہد چھپے راز عشق رسوا ہو
بھرا ہی اسقدر اے ابر دل ہمارا بھی / کہ ایک لہر مین روئے زمین دریا ہو
جو مہربان ہین سودا کو مغتنم جانین / سپاہی زادونسے ملتا ہی دیکھئے کیا ہو

## غزل وحشت

زخم جدائی دل پہ لگا گہ اس پہلو گہ اُس پہلو
دل بر مین تڑپتا ہائے رہا گہ اس پہلو گہ اُس پہلو
وہ خواب مین ہم آغوش ہوا اور کھلگئی یکبار آنکھ مری
پھر درد جگر یکبار اٹھا گہ اس پہلو گہ اُس پہلو
ہیہات کہان اب ہاتھ لگے وہ رشک پری ہمبر صنم
بالین تھا جسکے ہاتھ مرا گہہ اس پہلو گہ اُس پہلو

تھا خواب عدم مین راحت سے العشق جگایا تو نے مجھے
بے یار تڑپتا ہون مین پڑا گہ اس پہلو گہ اس پہلو
پہلو سے لگا کر پہلو کو مجھ پاس نہ بیٹھا وحشت سے
اے یار یہہ خار رشک چبا گہ اس پہلو گہ اس پہلو

### غزل سوز

تا در کوئے صنم یا تو مجھے پہنچا دو
یا ابھی دلکو میرے پاس اسکے لا دو

رسم و آئین اسیری کی مجھے یاد نہین
تو گرفتار ہون اے ہمقفسو سکھلا دو

سانس لینے دو چھری نیچے شتابی کیا ہے
ذبح تو کرتے ہو ٹک صبر کرو جلا دو

منعچو اور توقع تو نہین تم سے اب
آتش عشق تو دامن سے بھلا بھڑکا دو

درد ہی سوز ہی دنیا مین غریبونکی بساط
شاعری تمکو مبارک رہے اے استادو

### غزل میر تقی

متعقد کاش مجلس مُل ہو
درمیان تو ہو سامنے گل ہو

کر میان متصل رہین باہم
نہ تامل ہو نہ تغافل ہو

اب دھوان یون جگر سے اٹھتا ہے
جیسے پرپیچ کوئی کاکل ہو

نہ تو طالع نہ جذب پھر دل کو
کس بھروسے پہ ٹک تحمل ہو

لگ نہ چل اے نسیم باغ مین
رہ گیا ہون چراغ مہا گل ہو

اُدھر چلا لالہ سان رہا تو کیا
داغ بھی ہو تو کوئی بالکل ہو

طول رکھتا ہے درد دل میرا
لکھنے بیٹھون تو خط ترسل ہو

ہو جو مجھ بادہ کش کے عرس مین نقل
جبکہ قلقل سے شیشے کے قل ہو

دیر رہنے کی جا نہین یہہ چمن
بوئے گل ہو صفیر بلبل ہو

مجھ دوانے کی مت ہلا زنجیر
کہین ایسا نہ ہو کہ پھر غل ہو

منکشف ہو رہا ہے حال میرا
کاش ٹک یار کو تامل ہو

## غزل کنور

تم سبھون کا یار ہو محبوب ہو
ہر طرح اچھا ہو خوش اسلوب ہو

قتل کرتا ہی ہمین بانہ وہ شوخ
دیکھئے کیا اسکے تئین مرغوب ہو

ایک حالت پر نہین رہتا مزاج
شیخ جی تم ہو نہو مجذوب ہو

شکر للہ اسکے پاس اسوقت شیخ
عاشقو نمین تم بھی اک محبوب ہو

جان و دل تو کر چکا تیرا نثار
سر تلک بھی دون اگر مطلوب ہو

کیا برا ہی رسم شہر عشق کا
وصل و دل ایک جا معیوب ہو

ہی کھڑا عاشق تمھارا وہ کنور
گر بلا لیجے اُسے تو خوب ہو

## غزل انشا

چھیڑ نیکا تو مزا تب ہی کہو اور سنو
بات مین تم تو خفا ہوتے ہو لو اور سنو

تم کہوگے جسے کچھہ کیون نہ کہیگا تم سے
چھوڑ دیویگا بھلا دیکھہ تو لو اور سنو

یہی انصاف ہی کچھہ سوچو تو دلمین اپنے
تم تو سو کہہ لو میری ایک نہ سنو اور سنو

ابتو کچھہ اتنے خفا ہوگے کہو ہو مجھہ سے
ہی قسم تم کو میرا نام نہ لو اور سنو

عرض احوال میرا سنکے جھڑک کر بولے
جاو رے واو زبر رو ہو چلو اور سنو

چل کے دو ایک قدم دیکھتے ہو پھر یون کیون
گالیان سن تو چکے چاہتے ہو اور سنو

آپ ہی آپ مجھے چھیڑو رکو پھر آپ ہی
آپ ہی بات مین پھر روٹھہ اٹھو اور سنو

آفرین لین نہ یہی چاہئے شاباش تمھین
دیکھہ روتا مجھے یون ہنسنے لگو اور سنو

بات میری نہین سنتے جو اکیلے مل کے
ایسے ہی ڈھب کی سناؤن کہ سنو اور سنو

شکوہ مند آپ سے انشا ہو سو اسکا کیا دخل
تم نہ مانون تو کہون چل کے چھپو اور سنو

## غزل سودا

بلبلان سب روتی آئے باغبان رو دیجیو
آنسو شبنم ستی حوض و نہر بھر دیجیو

یہہ وصیت کر کے بلبل باغبان سے مر گئی
کہہ گئی مجھہ کو غسل تختۂ چمن پر دیجیو

بعد میرے دفن کے تو قل پڑھا چاہے اگر
کھود کر ہر بیخ گل کو صاف مٹی دیجیو

پھر قدم چالیس ہٹکر آکے تربت پر میری
فاتحہ کی جائے پر تعریف گل کی کیجیو

یاد تھا مدت سے سودا کے تئین یہہ ماجرا
آج کیون ظاہر نہین کچھہ بھید اسکا کیجیو

## غزل مومن خان

اُٹھے وہ شکوہ کرتے ہین اور کس ادا کے ساتھہ
بے طاقتی کے طعنے ہین عذر وجفا کے ساتھہ

بہر عیادت آئے ولیکن قضا کے ساتھہ
دم ہی نکل گیا میرا آواز پا کے ساتھہ

بے پردہ غیر پاس اُسے بیٹھا نہ دیکھتے
اٹھہ جاتے کاش ہم بھی جہان سے حیا کے ساتھہ

وہ لالہ رو گیا ہو جو گلگشت باغ کو
کچھہ رنگ و بوئے گل کے عوض ہے صبا کے ساتھہ

اسکی گلی کہان ہے یہہ کچھہ باغ خلد ہے
کس جائے مجھہ کو چھوڑ گئی موت لا کے ساتھہ

آتی ہے بوئے باغ شب تار ہجر مین
سینہ ہی چاک ہو نہ گیا ہو فنا کے ساتھہ

گلبانگ کسکا مشورۂ قتل ہو گیا
کچھہ آئے بوئے خون وہان کی ہوا کے ساتھہ

تھی وعدے سے پھر آنے کی خوش یہہ خبر تھی
ہے اپنی زندگانی اسی بیوفا کے ساتھہ

اللہ رے گمرہی بت وبتخانہ چھوڑ کر
مومن چلا ہے کعبے کو ایک پارسا کے ساتھہ

## غزل ولی

سن تو دل کیون تو پڑا اس بت عیار کے ہاتھہ
کوئی آتا ہے بھلا ایسے ستمگار کے ہاتھہ

دام مین آنکے صیاد سے بلبل نے کہا
بیچیا مجھہ کو کسی آئینہ رخسار کے ہاتھہ

بوسے ان ہاتھون کے لیتا ہون مین ہر دم ہر آن
کیونکہ مدت رہے ان ہاتھون مین دلدار کے ہاتھہ

جلد پھر اسکو ملا دے یا مجھے دور رکھے
ایسی ہی بات میری حضرت غفار کے ہاتھہ

حشر کا خوف ولی کو تو نہین ہے واللہ
ہے شفاعت تو وہان احمد مختار کے ہاتھہ

## غزل میر تقی

عز و وقار کیا ہی کسی جود نما کے ہاتھ
ہی آبرو و فقیر کی شاہ و لا کے ہاتھ

ٹھلا دیا فلک نے ہمین نقش پا کے رنگ
اٹھنا ہمارا خاک سے ہی ابتدا کے ہاتھ

آنکھو نمین آشنا تھا مگر دیکھا تھا نہین
تو گل کل ایک دیکھا ہی مین نے صبا کے ہاتھ

دیکھہ اسکو مجھہ کو یارون نے حیران ہو کہا
کس ڈھب سے لگ گیا ہی یہہ گوہر گدا کے ہاتھ

دل کی گرہ نہ ناخن تدبیر سے کھلی
عقدہ کھلے گا میر یہہ مشکلکشا کے ہاتھ

## غزل انشا

پرچھائین اپنے چالکی ٹک منھہ کو موڑ دیکھہ
گردن کی یہہ لچک یہہ کمر کی مروڑ دیکھہ

پیکان تیر آہ سے آلودہ زہر سے
باور نہو تجھے تو میرے دلکو توڑ دیکھہ

مین نے کہا کہ عشق کو اب چھوڑتا ہون خیر
بولا کہ سنا دے ہی اچھا چھوڑ دیکھہ

چوکھٹ پہ مین نے اسکے جو پٹکا یہہ سر کہا
دروازہ کھولتا ہون سر اپنا نہ پھوڑ دیکھہ

جوڑی جو اسنے مجھسے تو توڑی رقیب سے
انشا تو اپنے یار کی یہہ توڑ جوڑ دیکھہ

## غزل سودا

کہان وہ نور کا شمس و قمر مین ہی شعلہ
جو حسن یار کا اپنی نظر مین ہی شعلہ

نظر کرو وہ بنا گوش گوشوارون مین
کہ بحر حسن کے ہر ایک گہر مین ہی شعلہ

غضب جو ذرۂ دل اسمین ہو تو کم مت جان
کہ سنگ مین ہی شرر اور شرر مین ہی شعلہ

شرر سے کم نہین آتا ہی گرم قطرۂ اشک
یہہ عاشقون کی مگر چشم تر مین ہی شعلہ

سموم عشق کی تاثیر نے جلا مارا
تیرے بھی ای نفس سرد تر مین ہی شعلہ

سدا تلاش مین یار و اس آتشین رو کے
یہہ رات دن مہ و خور کا سفر مین ہی شعلہ

نہ دے تو نالکی تکلیف ہم صفیر مجھے
کہ نالہ یہان نہین اس مشت پر مین ہی شعلہ

یہہ تکمے کی ہی جھلک یار کے گریبان پر
کہ جیسے مہر کا جیب سحر مین ہی شعلہ

بتان کا عشق بھی سودا ترا ہی شعبدہ باز
کہ دے لگے سوخت کو اسکے ہنر مین ہی شعلہ

## غزل صاحب

گر تجھے قتل ہی منظور چل آ بسم اللہ
تیغ موجود ہی حاضر ہی گلا بسم اللہ

ہم تو حاضر ہین نکرتے ہین تیرا حکم عدول
خون دل تو جو پلاتا ہی پلا بسم اللہ

دیکھئے اب کے ملاقات مجھے کب ہو نصیب
ہجر مین تیرے مراد ل تو چلا بسم اللہ

اسطرح خوب نہین جا نکا دینا بسمل
در ایوان پہ ٹک پڑھ تو بھلا بسم اللہ

گر تفقد ہی تجھے حال پہ صاحب کے سجن
زخم دل کا تو اب اسکے نہ سلا بسم اللہ

## غزل مشتاق

کیا بر مین تڑپتا دل بیتاب ہی واللہ
سیماب ہی سیماب ہی سیماب ہی واللہ

تاب رخ دلدار سے ہمتاب ہو خورشید
کیا تاب ہی کیا تاب ہی کیا تاب ہی واللہ

جو پنجۂ مژگان مین تیرے گوہر آنسو
نایاب ہی نایاب ہی نایاب ہی واللہ

کہتا ہی وہ شمشیر دکھا تشنہ لبون کو
کیا آب ہی کیا آب ہی کیا آب ہی واللہ

مشتاق ہمین کرکے بھلے آئے جفا باپ
آداب ہی آداب ہی آداب ہی واللہ

## غزل رمضان علی

تمکو مبارک ہو یہہ ناز و ادا واہ واہ
سمجھے ہو کیا خوب تم نام خدا واہ واہ

فخر جہان ہو تمھین مقصد جان ہو تمھین
کیون نہ کہین تم کو سب شاہ و گدا واہ واہ

یوسف مصری کہان اور یہہ خوبی کہان
دیکھ تمھین خلق مین شور اٹھا واہ واہ

آئے ہین ہم اسلئے دیکھ کے جاوین تمھین
بندہ نوازش تمھین جو ہو رضا واہ واہ

آکے گلی مین تیرے صبح کو اور شام کو
تیرے گدا کی میان یہہ ہے صدا واہ واہ

کمترین رمضان کہین دیکھکے جلوہ تیرا
سر کو جھکا با ادب صل علی واہ واہ

## غزل جرات

امشب کسی کاکل کی حکایات ہی واللہ / کیا رات ہی کیا رات ہی کیا رات ہی واللہ
دل چھین لیا اسنے دکھا دستِ حنائی / کیا ہات ہی کیا ہات ہی کیا ہات ہی واللہ
عالم ہی جوانی کا جو ابھرا ہوا سینہ / کیا گات ہی کیا گات ہی کیا گات ہی واللہ
دشنام کا پایا جو مزہ اسکے لبون سے / صلوات ہی صلوات ہی صلوات ہی واللہ
جرات کی غزل جسنے سنی اسنے کہا واہ / کیا بات ہی کیا بات ہی کیا بات ہی واللہ

## غزل سودا

غیر پہ نت ہی کرم ہم پہ ستم واہ واہ / دیکھ لیا بس تمھین ہم نے صنم واہ واہ
مہر کرے یا جفا جس مین ہو اسکی رضا / اسکی رضا مین سدا گذرے جو دم واہ واہ
سبز کیا کشت کو برس کے عالم کو تو / ٹک تو ادھر بھی کبھو ابرِ کرم واہ واہ
خانۂ مشرب کی دیکھ تازہ بنا کو میرے / کہتے ہین نت ساکنِ دیر و حرم واہ واہ
کہنے لگے جو کوئی ریختہ سودا کی طرح / اسپہ زمین سے ہو تا لوح و قلم واہ واہ

## غزل مظہر

اس گل کو بھیجنا ہی مجھے خط صبا کے ہاتھ / اسواسطے لکھا ہی چمن مین ہوا کے ہاتھ
برگِ حنا اوپر لکھوا حالِ دل میرا / شاید کبھی تو جا لگے اس دلربا کے ہاتھ
آزاد ہو رہا ہون دو عالم کی قید سے / بینا لگا ہی جب ستی مجھ بینوا کے ہاتھ
ڈرتا ہون ہیرزائی تیری دیکھ ہر سحر / سو رحلے ہاتھ جو پڑی دیکھا صبا کے ہاتھ
مظہر چھپا کے رکھ دلِ نازک اب اسکے تئین / یہہ شیشہ بیچنا ہی کسی ہیرزا کے ہاتھ

## غزل درد

ہر طرح زمانیکے ہاتھون مین ستم دیدہ / گر دل ہو تو آزردہ خاطر ہو تو رنجیدہ
ہم گلشنِ دوران مین از خفتگی طالع / سرسبز تو ہون لیکن جون سبزۂ خوابیدہ
ای شورِ قیامت رہ اودھر ہی مین کہتا ہون / چونکے ہی تو بھی یہان سے کوئی دلِ شوریدہ

اوروں سے تو بنتے ہو نظروں سے ملا نظرین
ادھر کو نگہہ کوئی پھینکے بھی تو دزدیدہ

بدخواہ ہی جو عالم گو ہووے تو ہو لیکن
یارب نہ کسی کے ہون دشمن یہہ دل و دیدہ

کرتا ہی جگہہ دل مین جون ابروے پیوستہ
ای درد یہہ تیرا ہی ہر مصرع چسپیدہ

## غزل میر تقی

نظر آیا تھا صبح دور سے وہ
پھر چھپا خور سا اپنے نور سے وہ

جز برادر عزیز یوسف کو
نہین نکلتا کبھی غرور سے وہ

دیکھین عاشق کا جی بھی ہی کہ نہین
تنگ ہے جان ناصبور سے وہ

کیا تصور مین پھیری ہی صورت
کہ سرکتا نہین حضور سے وہ

خوبی اس خوبی سی بشر مین کہان
خوبتر ہی پری و حور سے وہ

دل لیا جس عمل کا تو نے شوخ
دے گیا جی ہی ایک سرور سے وہ

خوش ہین دیوانگی میر سے سب
کیا جنون کر گیا شعور سے وہ

## غزل انشا

تو مجھسے لگا کہنے کہ چل ہٹ کے پرے بیٹھ
یون مجھسا لگا شان جتانے نہ ارے بیٹھ

کبھو تک تو ڈراتا ہی پھرے ہاتھ مین لے تیغ
غصہ تو کہین جانے دے بس خیر سے بیٹھ

تو دوڑ کے آتا ہی سنے مجھے چھیڑنے شب کو
نادان یہہ بھلا کون ہی سوجھین نہ ارے بیٹھ

کیسا ہی ملا کیون نہ وہ بیٹھا ہی میرے پاس
کہتا ہون یہہ ہی اس سے کہ ٹک اور ورے بیٹھ

انشا ہین ہنس بول میرا جی نہ کڑھا بس
مت ہاتھ کو اسطرح سے تو سر پہ دھرے بیٹھ

## غزل ذوق

تیرے کوچے کو وہ بیمار غم دار الشفا سمجھے
اجل کو جو طبیب اور مرگ کو اپنی دوا سمجھے

نگہ کیا اور مژہ کیا ہم تو دونکو بلا سمجھے
اسے تیر قضا اسکو پر تیر قضا سمجھے

نہیں ان محبت خوب آئین وفا سمجھے
بہا خون کو نہ قاتل ہین اسیکو خونبہا سمجھے

وہی کچھ تلخکام اس زندگانی کا مزا سمجھے
کہ جو زہراب تیغ یار کو آب بقا سمجھے

ہر ایک گردش مین سو انداز ناز فتنہ زا سمجھے
فلک کو ہم کسی کافر کی چشم سرمہ سا سمجھے

ستم کو ہم کرم سمجھے جفا کو ہم وفا سمجھے
اور اسپر بھی نہ سمجھے وہ تو اس بت سے خدا سمجھے

برائی مین ہماری وہ اگر اپنا بھلا سمجھے
برا سمجھے برا سمجھے برا سمجھے برا سمجھے

تجھے اے سنگدل آرام جان دلربا سمجھے
پڑین پتھر سمجھ پر اپنی ہم سمجھے تو کیا سمجھے

وہ ہمسے خاکسارونکو جب اپنا خاکپا سمجھے
ہم اپنی خاکساری اپنے حق مین کیمیا سمجھے

ترے کشتے جو یون خواب عدم سے یکبیک چونکے
مگر شور قیامت کو تری آواز پا سمجھے

نسیم صبح گلشن مین اگرچہ ہو دم عیسے
ترا بیمار غم تجھ بن سموم جانگزا سمجھے

روان ہوتا ہی اس بستانسرا سے کاروان گل
چٹکنے کو صبا غنچے کی آواز درا سمجھے

حساب اصلا نپوچھے مجھسے میرے دلکے زخمونکا
حساب دوستان در دل اگر وہ دلربا سمجھے

اگر دلکو نکالا چیر کر پیکان تو رہنے دو
کہ عاشق اپنے پہلو مین اسیکو دلکی جا سمجھے

کرے آہ رسا میری جو سیر عالم بالا
فلک کو بھی یونہین یک آبلہ سا زیر پا سمجھے

ہنسے ہی زخم دل تدبیر پر جراح کے کہدو
انھین ٹانکے نہ سمجھے خندۂ دندان نما سمجھے

محبت سے ذرا گر موم ہو اس دل شکن کا دل
دل اشکستہ میرا اپنے حق مین مومیا سمجھے

عدو آیا ہی منکر نامہ پر لکھا نصیبونکا
کرینگے لیکے خط کیا مدعی سے مدعا سمجھے

مجھے آتا ہی رشک اس دردی آشام پر ساقی
نہ جو دع ماکدر جانے نہ جو خذ ما صفا سمجھے

نہ آیا خاک بھی رستہ سمجھ مین عمر رفتہ کا
اگر سمجھے تو داغ معصیت کو نقش پا سمجھے

خبر سنتے ہی قاصد سے ہوئے ہم بیخبر بالکل
ترے پیغام کو گویا کہ پیغام قضا سمجھے

نحوست بھی سعادت ہوگئی زلفونمین جو سودیکی
کلیم تیر کجی سر پہ ہم ظل ہما سمجھے

کشادہ کار ہم نے پنجۂ تقدیر کو سونپا
خرد کے ناخنون کو ناخن انگشت پا سمجھے

بلا اس زلف کے مصرع مین ہے مضمون پیچیدہ
اسی سے یہہ کھلے جو معنی ناز و ادا سمجھے

ہوا نے زلف کو چھیڑا اور اپنا دل لرزتا ہے
کوئی جانے تو کیا جانے کوئی سمجھے تو کیا سمجھے

سمجھ ہی مین نہین آتی ہی کوئی بات ذوق اسکے
کہین ایسا نہو ہمسے وہ کافر ادا سمجھے

## غزل مومن خان

کشتۂ حسرتِ دیدار ہین یارب کس کے
نخلِ تابوت مین جو پھول لگے نرگس کے

وہ چلا جان چلی دونون یہانسے کہہ کے
اسکو تھا مون کہ اُسے پانون پڑون کس کس کے

پانون تربت پہ مرے دیکھہ سنبھل کے رکھنا
چور ہی شیشۂ دل سنگِ ستم سے پس کے

مجھکو مارا جو میرے حالِ تغیر نے کہ ہی
کچھہ گمان اور ہی دھڑکے سے دلِ مونس کے

کس پہ پیروئے ستمگر سے ملا دل افسوس
کس پہ دیوانہ ہوا ہوش گئے ہین اِس کے

بخت پروانیسے قربان عدو ہون یعنے
آگ بنجائے ہی وہ گرد پھرون ہون جس کے

نالۂ رشک نہو باعثِ دردِ سرِ مرگ
غیر کے سر پہ لگاتا ہی وہ صندل گھس کے

لذتِ مرگ سے ہجران مین دعا ہی کہ خدا
یہہ مزا ہو نہ نصیبون مین کسی بیکس کے

کیون نہ ہم شمع کے مانند جلین دور کھڑے
جب عدو باعثِ گرمی ہون تیری مجلس کے

یار مومن سے بھی ہین مدعیِ طبع روان
واہ افگار تران ادمعۂ یابس کے

## غزل نصیر

جدھر وہ ماہ لقا صبح جلوہ گر ہو جائے
میرا بھی جون گل خورشید منہہ ادھر ہو جائے

کسیکا تشنۂ خون وہ نگار اگر ہو جائے
تو اسکے آگے حنا ہاتھ باندھکر ہو جائے

تصور اُسکے ہی آنکھون کا روز و شب ہمکو
دل اپنا کیون نہ دو عالم سے بیخبر ہو جائے

شکر لبون کے قدون کا یہہ ہی خیال مجھے
جو دل سے آہ بھی نکلے تو نیشکر ہو جائے

شتاب اسپہ کھلے ماجرائے دل اپنا
سرشکِ چشم اگر تو پیامبر ہو جائے

الٰہی عشق مین جون جو رکھا ہی تیرے قدم
اسی قدم پہ میری زندگی بسر ہو جائے

وہ جامِ مے مین نہ کیون دیکھے عکس رو ساقی
جب آفتاب کے گھر مین عیان قمر ہو جائے

ہمارے سر پہ یہہ پانی چڑھا ہی سو تیرے
رگِ سحاب جو مژگانِ چشم تر ہو جائے

تیرے کرم سے محبت کا آہ سر رشتہ
درست اس سے خدایا یہان اگر ہو جائے

تو سو طرح سے مرا مثل رشتۂ تسبیح
یقین ہے مجھکو کہ دلمین تو نکے گھر ہو جائے

خدا دکھائے کہین روز وصل نصیر
شب فراق شتابی کٹے سحر ہو جائے

## غزل درد

ارض و سما کہان تیری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے یہہ کہ جہان تو سما سکے

وحدت مین تیرے حرف دوئی کا نہ آسکے
آئینہ کیا مجال تجھے منہہ دکھا سکے

مین وہ فتادہ ہون کہ بغیر از فنا مجھے
نقش قدم کی طرح نہ کوئی اٹھا سکے

قاصد نہین یہہ کام تیرا اپنی راہ لے
اسکا پیام دل کے سوا کون لا سکے

غافل خدا کی یاد پہ مت بھول زینہار
اپنے تئین بھلا دے اگر تو بھلا سکے

یا رب یہہ کیسا ظلم ہے ادراک فہم یہان
دوڑے ہزار آپ سے باہر نہ جا سکے

گو بحث کرکے بات بنائی تو کیا حصول
دل سے اٹھا خلاف اگر تو اٹھا سکے

اطفائی نار عشق نہ ہو آب سے کبھی
یہہ آگ وہ نہین جسے پانی بجھا سکے

مست شراب عشق وہ بیخود ہین جسکو حشر
اے درد چاہے لائے بخود پھر نہ لا سکے

## غزل میر تقی

اسیر زلف کرے قیدی کمند کرے
پسند اسکی ہے وہ جسطرح پسند کرے

ہمیشہ چشم ہے نمناک ہاتھ دل پر ہے
خدا کسو کو نہ ہم سا بھی دردمند کرے

بڑون بڑون کو جھکاتے ہے سر بنے اسدم
پکڑ کے تیغ وہ اپنی اگر بلند کرے

بیان دل کے بھی جلنے کو کرئے مجلس مین
اچھلنے کودنے کو ترک گر سپند کرے

نہ مجھکو راہ سے لیجائے مکر دنیا کا
ہزار رنگ یہہ فرتوت گو چھچھند کرے

سوائے اسکے بڑی ڈاڑھی مین ہے کیا اے شیخ
کہ جو کوئی تجھے دیکھے سو ریش خند کرے

دکھاوے آنکھ کبھو زلف پہ کبھو منہہ پہ کبھو
کبھو خرام سے رستے کے رستے بند کرے

اگرچہ سادہ ہے لیکن ربودن دل کو
ہزار پیچ کرے لاکھ لاکھ فند کرے

سخن یہی ہے جو کہتے ہیں شعر میر سحر
زبان خلق کو کسطور کوئی بند کرے

## غزل آتش

بہار آئی مراد چمن خدا نے دی
شگفتہ غنچے ہوئے بوئے گل صبا نے دی

دکھائے روئے مخطط نے یار کے اعجاز
گلیم پوش کو پیغمبری خدا نے دی

گئی ہے دیر سے اب تک نہیں پھری شاید
در قبول کے اوپر دہی دعا نے دی

عزیز داغ محبت کو رکھتے ہو آتش
نشانی اپنی ہے کس لالہ کو قبا نے دی

## غزل ناسخ

نہ فقط چاہ مجھے قامت دلدار کی تھی
مثل منصور زمانیکو ہوس دار کی تھی

ہر خریدار کو تھا مرتبۂ موسائی
آتش طور سے گرمی تیرے بازار کی تھی

جو تیرا تختۂ دیوار نظر آتا تھا
صاف تصویر میرے دیدۂ بیدار کی تھی

تھا مجھے بال ہما ہر پرکاہ دیوار
چھاؤں جسدن میرے سر پر تیرے دیوار کی تھی

آشنا تھا نہ کبھی پائے نگہ کانٹوں سے
رات دن دید مجھے گلشن بیخار کی تھی

جسدنوں گلشن رخسار تیرا تھا بیخار
کون بلبل تھی کہ خواہش جسے گلزار کی تھی

تھا تیری نرگس میگوں سے زمانہ بدمست
سدہ کسی رند کو کب خانۂ خمار کی تھی

چہرہ آتشکدہ ابرو بھی تھی محراب حرم
گردن آگے تیرے خم کافر و دیندار کی تھی

صلحنامہ جو لکھا تیرے خط مشکین نے
نہ رہی جنگ جو کچھ میرے اور اغیار کی تھی

ہو گیا سبزۂ خط اسکو شفا کی بوٹی
اس سوا اور دوا کیا دل بیمار کی تھی

ہے نہ امید رہائی کی دل ناسخ کو
لاکھہ زنجیر تیرے گیسوئے خمدار کی تھی

## غزل قطب

کس شان سے آتی ہے یہہ چالاک بسنتی
اور پہنی ہوئی سرخ ہے پوشاک بسنتی

معلوم

معلوم نہین عشق مین ہی کسکے گرفتار
کیون رکھتی ہی سینے کے تئین چاک بسنتی
ہم ہین ترے مشتاق ذرا آکے لپٹ جا
فرقت مین ترے ہو گئی بس خاک بسنتی
گل پھولے سماتے نہین گلشن مین عزیزو
اور باد صبا جھاڑے ہی خاشاک بسنتی
کیونکر نہ قطب ہووے فدا جان و جگر سے
ہوتا ہی تصدق ترے افلاک بسنتی

## غزل انشا

نگہ ہی اس پری کی سحر جیون ایک آفت ہی
معاذ اللہ دیکھے جو ادھر یہہ کسکی طاقت ہی
چمن ہی جام صہبا ہی گھٹا ہی جائے خلوت ہی
اگر ایسے مین آجاوے تو صاحب وقت فرصت ہی
رگڑنے دو مجھے تلوؤن سے ٹک تو اپنی آنکھین تم
تصدق مین تمھارے جاؤن اس مین مجھ کو راحت ہی
مبادا اکھاڑ کر پنجہ جھپٹ جائے کہین وحشت
برے تیور نظر آتے ہین اس سے مجھ کو دہشت ہی
بھلا کیون کر نہ غش ہون ہم کڑوڑون وضع کی اس مین
لطافت ہی ملاحت ہی نزاکت ہی صباحت ہی
مجھے کیون گالیان دیتے ہو بیجا کرکے ناحق کو
ارے مکتب کے لڑکو تین بھلا یہہ کیا شرارت ہی
بھلا آخونجی صاحب کو آنے دو کہونگا مین
کہ ای حضرت سلامت آپ سنئے یہہ حقیقت ہی
دیا ہی پاؤن شوخی مین یہہ شاگردون نے صاحب کے
جہان چھٹی ملی ان کو تو ایک برپا قیامت ہی

کسی کا منہہ چڑا جانا کسی کو بے سبب کہنا
سدا ہارے آپ مسجد کو یہان ہوتی قباحت ہی
کتابون پر پڑے ہی ذکر یحیی ساتھہ پیتون کے
اگر جھک کر نظر کیجے تو یہان کچھہ طرفہ صحبت ہی
مراتب غوث کا ملتا ہی اجزائے گلستان کو
نہایت شیخ سعدی کی یہان ہوتی فضیحت ہی
وہ آئے ہین کہ نیلا کھیس اوڑھے سامنے سے جو
غرض تم صاحبون کی خوب اب ہوتی ضیافت ہی
نہین تو کچھہ مجھے دیجے کہو سب مل کے آپس مین
مزے سے کھیلو کودو لوٹو پوٹو پھر فراغت ہی
بدل کر قافیہ انشا غزل اب اور کوئی پڑھہ
خدا کے فضل سے تجھہ کو فصاحت ہی بلاغت ہی

## غزل مومن خان

سینہ کوبی سے زمین ساری ہلا کے اٹھے
کیا علم دھوم سے تیرے شہدا کے اٹھے

آج اس بزم مین طوفان اٹھا کے اٹھے
یہان تلک روئے کہ اسکو بھی رلا کے اٹھے

دل سے کیونکر نہ دہوان ساتھہ ہوا کے اٹھے
شعلہ ہائے تپ غم سینہ جلا کے اٹھے

گر نہو دل مین خیال نگہ خواب آلود
درد کیا کیا اثر خفتہ جفا کے اٹھے

شمع کے جور کا محفل مین جو مذکور ہوا
دل چرا بیٹھے تھے جب آنکھہ چرا کے اٹھے

گو کہ ہم صفحۂ ہستی پہ ہین یکحرف غلط
لیک اٹھے بھی تو یک نقش مٹا کے اٹھے

ہو عذاب شب یلدا سے رہائی یارب
زلف منہہ سے کہین اس مہر لقا کے اٹھے

اف رے گرمی محبت کہ ترے سوختہ جان
جس جگہہ بیٹھہ گئے آگ لگا کے اٹھے

مین دکھاتا تمھین تاثیر مگر ہاتھ میرے
ضعف کے ہاتھ سے کب وقتِ دعا کے اٹھے

سوزشِ دل سے ہوا کیا ہی مین پانی پانی
وہ جو پہلو سے پسینے مین نہا کے اُٹھے

جی ہی مانندِ نشانِ کفِ پا بیٹھ گیا
پانون کیا کوچے سے اُس ہوش ربا کے اٹھے

شعرِ مومن کے پڑھے بیٹھکے اُسکے آگے
خوب احوالِ دلِ زار سُنا کے اُٹھے

## غزل سودا

گوہر کو جوہری اور صرّاف زر کو پرکھے
ایسا کوئی نہ دیکھا جو وہ بشر کو پرکھے

وہ شخص بارِ خاطر ہرگز نہ ہو کسی کا
جسکا ندیم ہووے اسکی نظر کو پرکھے

جوہر نہووے جس مین جوہر شناس کب ہی
جو صاحبِ ہنر ہی وہ ہی ہنر کو پرکھے

دُرِّ سخن کے خواہان ہووے یار ہین جہانمین
جن مین نہ جھوٹھے سچے کوئی گہر کو پرکھے

خاطر مین وہ نہ لاوے رکھیا ہے اگر نگینان
جو قطرہائے اشکِ مژگان تر کو پرکھے

سمجھے کہ چشمِ عاشق یاقوت کا ہی معدن
ظالم اگر تو میرے لختِ جگر کو پرکھے

دُرِّ سخن کو اپنے پرکھا لے آدمی سے
ہرگز نہ کہہ تو سودا ہر جانور کو پرکھے

## غزل عارف

اگر مین شوخی سے کہون ہی تیرے سمسر بجلی
تو گرے مجھ پہ تیرے قد کے برابر بجلی

کبھو ہنس ہنسکے وہ باتین جو کیا کرتے ہین
خندہ گو کہتے ہین برسائے ہی گوہر بجلی

تیرا دیدار ہی تسکین دہِ جانِ مضطر
رہوے بیتاب نہ تیرے کانکی کیونکر بجلی

لوٹنے مین فرق ہوا کرتا ہی
ایکدن دیکھ میرا تو دلِ مضطر بجلی

ہووے رونے سے ہوا کیون نہ شرر ریزی آہ
جوشِ بارش مین چمکتی ہی فزونتر بجلی

چین یکدم نہین بیتابی دل سے عارف
کسنے رکھدی ہی میرے سینے کے اندر بجلی

## غزل آتش

تب سے عاشق ہین ہم اے طفلِ پریزاد تیرے
جب سے مکتب مین لگا پڑھنے الف بے تے

یاد آتا ہے وہ حرفونکا اٹھانا مجھکو
جیم کے پیٹ مین ایک نقطہ ہے اور خالی حے

حے کی پر شکل حواصل کی سی آتی ہے نظر
نقطہ اسپہ جو لگا دین تو ہوئی وہ پھر خے

دال کبڑیسے وہ آنا کے میرے قد کی شبیہ
ہے سو یک بانچ ہے بن بیٹھی ہے اور بن نقطے

ذال بھی چھوٹی بہن اسکی ہے جو آن آتو بجی
ایک پرکالہ سا ہے ساتھ ہی گھر مین اسکے

رے بھی خالی ہے وہ رے زے پہ بھی ہے یکنقطہ
کہ مشابہ ہے یہہ تل سے مرے رخسار ستلے

سین خالی ہے بڑی شین پہ ہین نقطے تین
صاد اور ضاد مین بس فرق ہے یکنقطے سے

طوئے بن طرہ ہے اور ظوئے پہ ہے یکنقطہ
عین بعیب ہے اور کان میان غین ہوئے

فے پہ یکنقطہ ہے اور قاف پہ ہین نقطے دو
کاف بھی خالی ہے اور لام بھی خالی ہے

میم بھی یون ہی ہے اور نون کے اندر نقطہ
مغلسا بیگ ہے یہہ واو بھی اور چھوٹی ہے

کیا خلیفہ جی ہی ایسی پہبن سے نکلے
آکے چھیٹی دو ابھی لام الف ہمزہ ہے

گالیان تیری ہی سنتا ہے یہہ انشا ورنہ
کسکی طاقت ہے کوئی جو یہہ اسکو کہیے

## غزل خاکسار

اسکے ملنے کی نہ سوجھی کوئی تدبیر مجھے
آہ دکھلاویگی کیا دیکھئے تقدیر مجھے

دو جہانکو مین کرون اسپہ تصدق پل مین
اسکی دکھلاوے بھلا جو کوئی تصویر مجھے

ایک بوسے کے سوا کچھ نہین مانگا ہمنے
جسکا جی چاہے اگر دیجئے تعذیر مجھے

خاکسارونکو نہین دولت و زر کی خواہش
خاکساری ہے بہت نسخۂ اکسیر مجھے

آج ہے عید ذرا عید منالو پیارے
شرط اسلام کی ہے کیجے بغلگیر مجھے

تب وہ جھنجھلا کے یون بولا بت کافر مجھسے
آج یہان عید مین کیون کرتے ہو دلگیر مجھے

## غزل آتش

چمنستان کی گلی نشو نما پھرتی ہے
رت بدلتی ہے جدہر باد صبا پھرتی ہے

خال مشکین کو ترے کرتے ہین فتنے سجدے
عنبرین گیسوؤنکے گرد بلا پھرتی ہے

خاک چھنوا رہی ہی کوچۂ قاتل کی تلاش
ساتھ ساتھ اپنے خراب اپنی قضا پھرتی ہی

کج نگہ تو نے تو کی ہم سے کجی رکھتے ہین
آنکھ اپنی بھی صنم سوے خدا پھرتی ہی

ملتجی جو تیری درگاہ کے ہین ای محبوب
بہنے تشریف قبول انکی دعا پھرتی ہی

نشۂ مے نے نقاب رخ زیبا اُلٹا
ٹھوکرین کھاتے ان آنکھونکی حیا پھرتی ہی

قتل کس کسکو کرے دیکھئے ہنگام خرام
یہہ قدم سے جو لگی انکے حنا پھرتی ہی

پانون تک یار کے پہنچیگی لٹک کر سر سے
پھیرنے سے کوئی وہ زلف رسا پھرتی ہی

وہ جنون خیز ہی وہ مایۂ سودا ہی زلف
دیکھتی ہی جو پری برہنہ پا پھرتی ہی

اپنے جامے سے ہو نہین بیکس مفلس باہر
رہن ہوتی ہوئی دستار و قبا پھرتی ہی

صبح محشر کے سوا صبح شب ہجر نہین
یہہ بلا وہ ہی نہین آتش جو بلا پھرتی ہی

## غزل میر تقی

ہمنے جانا تھا سخن ہونگے زبان پر کتنے
پر قلم ہاتھ جو آئے لکھے دفتر کتنے

مین نے اس قطعہ صناع سے سر کھینچا ہی
کہ ہر اک کوچے مین جسکے تھے ہنرور کتنے

کشور عشق کو آباد نہ دیکھا ہم نے
ہر گلی کوچہ مین اوجڑ پڑے تھے گھر کتنے

آہ نکلی ہی یہہ کسکی ہوس سیر بہار
آتے ہین باغ مین آوارہ ہوئے پر کتنے

دیکھیو پنجۂ مژگان کی ٹک آتش دستی
ہر سحر خاک مین ملتے ہین دُر تر کتنے

کب تلک یہہ دل صد پارہ نظر مین رکھئے
اسپر آنکھین ہی سیئے رہتے ہین دلبر کتنے

عمر گذری کہ نہین دودۂ آدم سے کوئی
جسطرف دیکھئے عرصے مین ہین اب خر کتنے

تو ہی بیچارہ گدا میر تیرا کیا مذکور
مل گئے خاک مین یہان صاحب افسر کتنے

## غزل ذوق

کب حق پرست زاہد جنت پرست ہی
حورون پہ مر رہا ہی یہہ شہوت پرست ہی

دل صاف ہو تو چاہئے معنی پرست ہو
آئینہ خاک صاف ہی صورت پرست ہی

درویش ہی وہی جو ریاضت مین جست ہو
تارک نہین فقیر بھی راحت پرست ہی

جز زلف سوجھتا نہین ای مردہ دل تجھے
خفاش تو نہین ہی کہ ظلمت پرست ہی

دولت کی رکھہ نہ مار سر گنج سے امید
موذی وہ دیگا کیا کہ جو دولت پرست ہی

عنقا نے گم کیا ہی نشان نام کے لئے
گم گشتہ کون کہتا ہی شہرت پرست ہی

یہہ ذوق می پرست ہی یا ہی صنم پرست
کچھہ ہی بلا سے لیک محبت پرست ہی

## غزل ناسخ

آتش عشق وہ ہی جس مین سمندر جلجائے
یک شرر جائے جو پتھر مین تو پتھر جلجائے

پیرہ پروانہ کیا شمع رخ جانان کو
گر فرشتہ بھی کوئی آوے تو شہپر جلجائے

تن بدن پھونک دیا ہی تپ فرقت نے میرا
کیا عجب ہی جو میرے جسم سے بستر جلجائے

شمع سان شرح تپ غم سے ہی سوزان مکتوب
کیون نہ پروانیکے مانند کبوتر جلجائے

ہو تیرا روئے جہان سوز اگر عکس فکن
ہی یقین خانۂ آئینہ ستمگر جلجائے

شجر طور کے مانند عصائے موسی
دیکھہ کر کاکل دلدار کا اژدر جلجائے

دوست کہتے ہین اسے ساتھہ جو دے آفتین
شمع کے جلنے سے پروانہ نہ کیونکر جلجائے

کھیل سمجھے وہ صنم جان کی آتشبازی
سوز غم سے جو کوئی عاشق مضطر جلجائے

جب نہ تب نالۂ سوزان سے جلا خانۂ دل
نہوا یہہ کہ کسی غیر کا بھی گھر جلجائے

ہی وہ پرکالۂ آتش قد موزون تیرا
دیکھئے اس سے جو تشبیہ صنوبر جلجائے

آتشین چہرہ ہی پر شاہد مضمون ناسخ
کیا عجب گر میرے اشعار کا دفتر جلجائے

## غزل نیاز

دکھلائے داغ دل نے گلستان نئے نئے
وحشت دکھا رہی ہی بیابان نئے نئے

جور بتان سے مجھہ کو الٰہی بچائیو
پیدا ہوئے ہین جان کے خواہان نئے نئے

مین اسطرح جنون تیرے ہاتھون سے تنگ ہون
لاون کہانسے روز گریبان نئے نئے

دیر و حرم مین کوئی نہین تیری راہ پر
کافر نئے نئے ہین مسلمان نئے نئے
کسطرح ہو گذر در جانان پہ ای نیاز
دربان نئے نئے ہین نگہبان نئے نئے

## غزل طور

مین بھی جاؤن اجل سے آپ آجاوین اگر پہلے
یہ پیغام زبانی خط سے کہنا نامہ بر پہلے
شب وصل صنم مین صبح تک ہم نے دعا مانگی
الٰہی آج نکلے مہر تابان سے قمر پہلے
عوض بوسے کے ہم نے گالیان دی تھین کیون صاحب
ذرا انصاف تو کیجے نکالا کسنے شر پہلے
ارے اے بیمروت تجھکو دل دینا نہین لازم
کوئی پیدا تو کر لیوے ہمارا سا جگر پہلے
شب وصل عزیبان ہی تیری گردن پہ خون ہوگا
نہ بول اٹھنا کہین زاہد سے اے مرغ سحر پہلے
عجب سرکار ہی اللہ کی ای طور مین صدقے
ہنر مندون سے پوچھے جاتے ہین یہان بے ہنر پہلے

## غزل علی

جبریل امین جسکی سدا خاک قدم لے
کرتا تھا عجب کحل بصر عرش پہ دم لے
نام اسکا لکھا حق نے ملا نام سے اپنے
نہ پایہ افلاک پہ عزت کا قلم لے
کس شان سے جاوے گی محمدؐ کی سواری
عرصات سے جنت مین سبھی فوج امم لے
فدوی کو تیرے سے آتش دوزخ سے نہ ڈر ہی
گر کشور ہستی سے گیا راہ عدم لے
ثابت کیا معجز نے تیرے فیض کا دعوی
انکار پہ کفار کے اقرار صنم سے لے
ہمسر نہ تیرے حسن کے ہی یوسف کنعان
بیچا ہی جسے مصر مین مالک نے درم لے
آتی ہی عجب فوج ملک عرش برین سے
بس تحفۂ صلوٰۃ سدا سوئے حرم سے لے
ایساقی کوثر ہی تیرا فیض عجب عام
ہی اپنے محبت کی پلا جام کرم سے لے
محبوب خدا اور نہ محمدؐ کے سوا ہی
اس بات کی اب مجھ سے خدا ہی کی قسم لے
کرتے ہین ملک فرش سدا اپنے پر و بال
جس راہ مین چلتی ہی تیری فوج علم لے
محروم نہو جاوے ور فیض نبی سے
کیا فکر مین بیٹھا ہی علی گوشۂ غم لے

## غزل آصف

یہہ اشک چشمون مین اب جم رہے رہے نہ رہے
حباب بحر مین کوئی دم رہے رہے نہ رہے

تو اپنے شیوۂ جور و جفا سے مت گذرے
تیری بلا سے مرا دم رہے رہے نہ رہے

قمر کو ہوتا ہی ہر ماہ مین کمال و زوال
ترے بھی حسن کا عالم رہے رہے نہ رہے

عرق ہی منہہ پہ ترے خوشنما صنم لیکن
ہمیشہ گل پہ یہہ شبنم رہے رہے نہ رہے

شتاب آ کہ تری دید تک میسر ہو
یہہ دم لبون پہ ہی اب جم رہے رہے نہ رہے

جو وصل مین ہو جدائی تو کیا کرے آصف
یہہ اتفاق ہی باہم رہے رہے نہ رہے

## غزل عاقل

تیری الفت مین ہوئے جان کے خواہان کتنے
کشتۂ خون ہین میرے گبر و مسلمان کتنے

ایک امید بھی تجھہ سے نہ بر آئی میری
رہ گئے دلمین میرے حسرت و ارمان کتنے

نہین ملتا ترے ناقے کا پتا ای لیلی
چھان مارے ترے مجنون نے بیابان کتنے

کتنون کو کان کے بالے سے جھکایا تو وہین
زلف پیچان کے پڑے پیچ مین پیچان کتنے

جسنے دیکھا تری تصویر کہا صل علی
پڑھتے صلوۃ ہین آ آ کے مسلمان کتنے

ایک تھا آئینہ وہ جسکے ہین حیران کتنے
پھرتے ہین زلف پریشان کے پریشان کتنے

اٹھکے صحرا سے چلا شہر کی جانب جب مین
لپٹے دامن سے میرے خار مغیلان کتنے

مصحفی رو مین کھنچی جاتی ہی اسکی تصویر
ایک قرآن سے لکھے جاتے ہین قرآن کتنے

کوئی سمجھا نہ ترے شعر کا رتبہ عاقل
یون تو کہنے کو ہین دنیا مین سخندان کتنے

## غزل لطف

داغ ہجران کا نہ جاویگا کبھو دل سے میرے
یہہ نشانی تو ملی ہی مجھے قاتل سے میرے

وصف اس شوخ نگہ کا نہ زبان سے ہو کبھو
حال صیاد کا پوچھو دل بسمل سے میرے

حال کیا پوچھتے ہو ہجر کی بیماری کا
ظاہر آثار تو ہین یار و شمایل سے میرے

شب کو تعویذ پہ اسکے جو گیا دست دراز
بولا چل دور ہو کیا کام حمایل سے میرے

حیف ہر چند کہ مین دامن لیلی پکڑون
ہاتھ تو دور ہمیشہ رہے محمل سے میرے
قتل تو اسنے کیا مجھکو پہ تشہیر نہ کی
انکو تا ہی صاحب قاتل سے میرے
آگ لگ جاوے نہ دنیا مین مجھے ڈر ہے لطیف
آہ سوزان جو نکلتے ہین نہان دل سے میرے

## غزل شہید

کہو اس برق وش سے آج لازم ساتھ جانا ہے
جنازے پر ہمارے ابر رحمت شامیانا ہے
چلونگا سر کے بل شوق شہادت دستگیری مین
جہان تلوار چلتی ہی اسی کوچے مین جانا ہے
لیا جسنے ہمارا نام مارا بے گنہ اُسکو
نشان جسنے بنایا ہی وہ تیرونکا نشانا ہے
جو تم مانو تو سارے چھوڑ دون مژگان کے چلونکو
تمہارے عین وعدے پر ہمین آنکھین بچھانا ہے
گریبان پھاڑکے دست جنون سے ہووے کب فرصت
ابھی تو دامن صحرا کے بھی پرزے اُڑانا ہے
جو بال انکے الجھتے ہین تو دل میرا الجھتا ہے
نہان ہے ورد شانہ مین وہان زلفون مین شانا ہے
مثال نقش پا لاکھون پڑے رہتے ہین سر یکجا
مگر قاتل ترا گنج شہیدی آستانا ہے

## غزل آبرو

تمہارا دل اگر ہم سے پھرا ہی
تو بہتر ہی ہمارا بھی خدا ہی
ہماری کچھ نہین تقصیر لیکن
سبھی تم کو کہین گے بیوفا ہی
ہوئے ہو اس قدر بیزار ہم سے
کہو ہم نے تمہارا کیا کیا ہی
وہ احمق ہی کہا ہی جسنے تم سے
ملو جس سے تمہارا دل ملا ہی
عبث بیدل کرو مت آبرو کو
مسافر ہی شکستہ سی گدا ہی

## غزل بخشش

نا تیرے عشق نے مجھ زرزری کی
مین کیا کرون نصیب نے کچھ یاوری کی
دلبر سمجھ کے دلکو دیا انکے ہاتھ مین
دل لے گیا میرا میری کچھ دلبری نہ کی
ای رشک مشتری تیری خوبی کے سامنے
خورشید نے بھی ذرہ سی کچھ ہمسری نہ کی

نزدیک تھا کہ پہنچے سکندر لب حیات
اے خضر وہان تلک بھلا کیون رہبری نکی

بخشش کے پاس گوہر دل تھا بساط مین
قیمت کچھ اسکی تونے تو ایکو ہری نکی

## غزل حاتم

کرون قربان جی کو اسگھڑی اسوقت اس پلکے
کہ جسدن جسگھڑی دلدار آوے گھر سیتی چلکے

جہان نکے خوبصورت دیکھ تجھ مورتکو مجلس مین
رہے خاموش حیرت سے گویا پتلے مین سب گلکے

نہ آوے کیونکہ مجھ کو خواب راحت بستر غم پر
تصور تیرے نقش پا کے گل تکئے مین مخمل کے

یہی ہے طور ہم سیتی بدزیب گلرو یاد رکھنا تم
کہ یکدن شوق سے آ آ رہو جاوینگے ہم گلکے

فدا ہونیکو آیا ایک جی سکے اب چل کے
لبو نکے پان کے مسی کے منہ کے تل کے کاجل کے

سجن حاتم کا جی ہر آن پر قربان جاتا ہے
تمھاری چال کے سج کے اکڑ کے زلف کے بل کے

## غزل غنا

تصدق و صدم ہوتا ہے جی میرا استمگر کے
ادا کے سج کے دھج کے اور آنکھو نکے جوہر کے

پڑے مارے ہوئے ہر سو گلی مین اس جفا جو کے
بھوون کی چشم پتلی کے پلک کی نوک خنجر کے

خبر لا شوخکی جلدی کبوتر مین تیرے صدقے
زبانکی چونچ کے سر کے لبون کے بال کے پر کے

ہوئے بیٹھے ہین سارے الصنم تجھ شوخکے اوپر
ختن کے چین کے ایران کے سندبند بندر کے

غنا اتنا نہ کر شور و فغان لرزا پڑا تن مین
سما کے شمس کے مہ کے زمین کے بحر کے بر کے

## غزل حسرت

خاک بازی طفلگی مین گھر بنے اور ٹوٹ جائے
اشک آ مژگان پہ جون گوہر بنے اور ٹوٹ جائے

یار تیری دوستی مجھسے نہ ٹوٹے اسطرح
جسطرح سے فکر کچھ دیر بنے اور ٹوٹ جائے

جب نہا کر بال وہ اپنے نچوڑے طشت مین
آتے آتے طشت تک گوہر بنے اور ٹوٹ جائے

اب تصور یار کا آنکھون سے یون پھر بنائے
چشم افیونی سے جون اژدر بنے اور ٹوٹ جائے

کب تجھے پروا ہے حسرت غیر ذات بوتراب
لعل و گوہر کا اگر افسر بنے اور ٹوٹ جائے

## غزل مستان

عرق رخسار رنگین سے جو دریا مین ٹپک نکلے
یہانتک شور دریا ہو کہ ماہی پر نمک نکلے

اگر یوسف کیطرح وہ گرم بازاری کرے ظاہر
خریداری کو آدم اور جن حور و ملک نکلے

مجھے کیون قطرہ قطرہ دیکے ترساتا ہی ساقی
یہانتک بھر پیالہ تا مئے گلگون چھلک نکلے

ید رنگین حنائی شوخ کا دیکھے تو پھر جو مین
شفق ڈوبی ہوئی لے سر سے تا پانون تلک نکلے

مثال خار رہ ہون حیف یہہ کیا زندگانی ہی
الگ ہون مین جسکے دامن سے تو وہ دامن جھٹک نکلے

پڑے رخسار پر وہ زلف ملتی یون نظر آئی
کہ جون بانبی سے لہرائی ہوئی ناگن سٹک نکلے

تمھاری بزم مین حاصل ہی سبکو عیش رات و دن
ہمین جو غیر تھے سو تیری آنکھون مین کھٹک نکلے

پڑے جو عکس تیری چین جبین کا آب دریا مین
تو ہر ایک موج اسکی سر کو پتھر سے پٹک نکلے

تبسم دیکھ کر اس غنچہ لب کا صحن گلشن مین
ہر ایک جا تختہ گل جوش مین اکڑ چٹک نکلے

مباف موئے زرین کی جھلک پہنچے جو گردون پر
تو بجلی پیرہن سے مضطرب ہو کر چمک نکلے

بس اب خاموش ہو مستان تیرا مضمون ہی ایسا
کوئی سنکر کہین ناحق تیرے ناحق نہ تک نکلے

## غزل آتش

خوشا وہ دل ہو کہ جس دل مین آرزو تیری
خوشا دماغ جسے تازہ رکھے بو تیری

یقین ہی اٹھیگی جان اپنی آکے گردن مین
سنا ہی جا ہی قریب رگ گلو تیری

وہ گل ہون مین کہ تیرا رنگ جس سے ظاہر ہی
وہ غنچہ ہون کہ بغل مین ہی جسکے بو تیری

پھرے ہین مشرق و مغرب سے تا جنوب و شمال
تلاش کی ہی صنم ہم نے چارسو تیری

شب فراق مین یکدم نہین قرار آیا
خدا گواہ ہی شاہد ہی آرزو تیری

دماغ اپنا بھی ای گلبدن معطر ہی
صبا ہی کے نہین حصے مین آئی بو تیری

پڑھا ہی ہم نے بھی قرآن قسم ہی قرآنکی
جواب ہی نہین رکھتی ہی گفتگو تیری

میری طرف سے صبا کہیو میرے یوسف سے
نکل چلی ہی بہت پیرہن سے بو تیری

فرشتے بھی تجھے کہتے ہین بت شتہ شاعر
یقین ہوا ملک الموت مین ہی خو تیری

یہہ گردش فلک پیر سے ہوا ثابت
قوی ضعیف کو کرنی ہی جستجو تیری

شراب شرم و حیا و حجاب کھو دے گی
دکھاویگا ہمین کیفیتین سبو تیری

رہا نہ شبہہ ہمین اسکے حلقہ ہونے سے
یہہ عقدہ ناف نے کھولا کمر ہی مو تیری

ہوا جو دست رس اسکا بھی ہائے قاتل تک
نہ بھولائیگا شوخی میرا لہو تیری

شب فراق مین ای روز وصل تا دم صبح
چراغ ہاتھہ مین ہی اور جستجو تیری

جو ابر گریہ کناں ہی تو برق خندہ زناں
کسی مین خو ہی ہماری کسی مین خو تیری

یہہ چاک جیب کے حق مین دعائے مجنون ہی
نہو وہ دن کہ درستی کرے رفو تیری

کسی طرف سے تو نکلیگا آخر ای شہ حسن
فقیر دیکھتے ہین راہ کو بکو تیری

چمن مین صبح کو جاکر نہ منہہ دکھانا تھا
برنگ آئینہ حیران ہی آبجو تیری

زمانے مین کوئی تجھسا نہین ہی سیف زبان
رہیگی معرکہ مین آتش آبرو تیری

## غزل ولی

دیکھہ دستار بسنتی ساقی سرشار کی
کھل گئی ہین آج آنکھین نرگس بیمار کی

بات رہجاوے گی قاصد وقت رہنے کا نہین
دل تڑپتا ہی شتابی لا خبر دلدار کی

بات کہنے کا کبھی جو وقت پاتا ہی غریب
بھول سب جاتا ہی وہ کچھہ دیکھہ صورت یار کی

معرکہ مین عشق کے ہر بوالہوس کا کام کیا
دیکھہ کیا حالت ہوئی منصور سے سردار کی

ای ولی اس بیوفا کی مہربانی پر نہ بھول
دلکا دشمن ہی مگر کرتا ہی باتین پیار کی

## غزل ذوق

ہون یہہ لاغر جھک گئے قامت ایک خس کے بوجھہ سے
جون کبادہ ملتا ہی پائے مگس کے بوجھہ سے

یہہ اسیری مین گران خاطر ہون مین جاتا ہی ٹوٹ
آہنی قلاب بھی میرے قفس کے بوجھہ سے

زندہ تو دوبے ہی اور تیرے ہی مردہ آب مین
بوجھہ شاید جسم کا ہی کم نفس کے بوجھہ سے

مت لگا دیعشق دے لگے آبلے پرسش غم — ٹوٹ جاویگا یہہ گنبد اس کلس کے بوجھ سے
باندہ دے ناقے کی گردن مین دل نالان قیس — بوجھ کم ہی اس کا ای لیلی جرس کے بوجھ سے
نکلے دنیا سے کہان احمق اٹھا کر بار حرص — رہ گیا یہہ تو گدہا دلدل مین پھنس کے بوجھ سے
کیا ہوا دل نے لیا گر ایک کوہ غم اُٹھا — یہہ نہین ای ذوق دبتا ایسے خس کے بوجھ سے

## غزل موج

ڈرتا ہون جدا تجھسے میرا یار نہو جائے — یہہ زندگی میری کہین دشوار نہو جائے
دفنائیو ہرگز نہ مری لاش کو یارو — جبتک کہ جنازے پہ میرا یار نہو جائے
جلدی سے پلا ساقی مجھے وصل کی دارو — رخصت کہین دنیا سے یہہ بیمار نہو جائے
ساقی تو اسے جان کے مت کیجیو بیہوش — ایسا تو نشہ پی کہین سرشار نہو جائے
ڈرتا ہون تیری شوخ شرارت سے پریرو — ایسا نہ کہین تو سر بازار نہو جائے
ای موج تجھے خوف نہین کیا دل وحشی — الفت مین کسی بت کے گرفتار نہو جائے

## غزل دایم

عاشق کی یاد کیون نہ کرے دلبری پری — باتین تمھاری بھولین ہین جادوگری پری
سرسبز ہو نہ سبز پری تیرے سامنے — پوشاک سبز پہنکے بیٹھی ہری پری
جل جاوے غم کی آنچ سے آتش پری کا دل — جب دیکھے تیرے بر مین لباس زری پری
دیوانے ہین تو رہتے ہین تجھسے پرے ہین ہم — آ ہین دلون سے اتنی نہ کر زرگری پری
شیشے کے بیچ جب کہ اُتار ینگے ہم تجھے — پرواز گی رہیگی تیری سب دہری پری
حور عدن کو چھوڑ کے دایم تیرے سوا — دیوانہ بن کے وہان بھی پکارا پری پری

## غزل دلبر

مرتا ہون تیرے عشق مین سرشار خبر لے — ٹک میرے دل زار کی ای یار خبر لے
ای باد تو ہی جا کے ذرا شوخ سے کہنا — مرتا ہی کوئی جا پس دیوار خبر لے

اللہ ہی بچاوے مجھے اس آتشِ غم سے          یا تو ہی مہر کھا کے میرے یار خبر لے
کیون یاد بھلایا ہے میرے دلکو تو یکبار          مرتا ہے ترا طالبِ دیدار خبر لے
کوچے میں ترے آنیکی طاقت نہیں یار          مرتا ہے پڑا بر سرِ بازار خبر لے
یہہ حال ہے میرا دیکھکے کہتے ہیں طبیبان          بچتا ہے کہیں عشق کا بیمار خبر لے
اے نازنین جو ناز اٹھاوے ترے دلبر          پوچھینگے سبھی کوچہ و بازار خبر لے

## غزل سراج

خبرِ تحیرِ عشق سُن نہ جنون رہا نہ پری رہی          نہ تو تو رہا نہ تو میں رہا جو رہی سو بیخبری رہی
شہِ بیخودی نے عطا کیا مجھے اب لباس برہنگی          نہ خرد کی بخیہ گری رہی نہ جنون کی پردہ دری رہی
چلی سمتِ غیب سے یک ہوا کہ چمن سرور کا جل گیا          مگر ایک شاخ نہالِ غم جسے دل کہیں سو ہری رہی
نظرِ تغافلِ یار کا گلہ کس زبان سے بیان کرون          کہ شرابِ صد قدح آرزو خمِ دل میں تھی سو بھری رہی
وہ عجب گھڑی تھی کہ جس گھڑی لیا درس نسخۂ عشق کا          کہ کتاب عقل کی طاق میں جو دھری تھی وہیں دھری رہی
تری جوشِ حیرتِ حسن کا اثر اس قدر سے یہان ہوا          نہ تو آئینہ میں جلا رہی نہ پری میں جلوہ گری رہی
کیا خاک آتشِ عشق نے دلِ بے نوائے سراج کو          نہ حذر رہا نہ خطر رہا مگر ایک بیخطری رہی

## غزل قلندر

بے نصیبی پہ اپنی دل اپنے عبث روتا ہے          جو لکھا کاتبِ قدرت کا وہی ہوتا ہے
سفرِ ملکِ عدم تجھکو ہے آخر درپیش          خوابِ غفلت سے تو بیدار ہو کیا سوتا ہے
نہیں ممکن کہ مغیلان سے ہووے پیدا          پھل بھی کھاتا ہے وہی جو کوئی کچھ بوتا ہے
کرلے کچھ کام غنیمت ہیں یہہ ایامِ حیات          بازی و لعب میں کیون عمر کو تو کھوتا ہے
غم کی بخشش سے قلندر تو نہ کر دل کو تنگ          عشق کا دامِ بلا ایسا ہی کچھ ہوتا ہے

## غزل سودا

جون غنچہ تو چمن میں نہ بندِ قبا کو کھولے          پھر گل سے اے پیارے بلبل کچھو نہ بولے

آو بگا وہ چمن مین تڑکے ہی میکشی کو / شبنم سے منہہ و بلبل پیالے گلو کے دھوئے
باغ جہان مین آکر کچھہ ہم نے پھل نہ پایا / یکدل ملا کہ جس مین ہین سیکڑون ملوئے
ایسا ہی جاؤن جاؤن کرتے ہو تو سدہارو / اس دل پہ کل جو ہوئی سو آج ہی وہ ہوئے
کم بولنا ادا ہے ہرچند پر نہ اتنا / منہہ جائین چشم عاشق تو بھی وہ لب کھوئے
چشم پر آب ہو نمین جون آئینہ حبابی / رک رک کے پڑ گئے ہین چھاتی مین سب پھوئے
کون ایسا اب کہے یہہ سودا گلی مین اسکے / لا کچھہ کو لے چلین ہم دل کھولکر کے روئے

## غزل عشرت

شب فراق مین دل پر قلق ابھی سے ہے / سحر ہی دور ہے میرا رنگ فق ابھی سے ہے
ابھی لکھا نہین مین حال دل کا یا قاصد / ہوائے شوق مین اڑتا ورق ابھی سے ہے
ہنوز دفن ہوا ہے نہین تیرا بسمل / کہ زلزلے مین زمین کا طبق ابھی سے ہے
ارادہ سیر کا کرتا ہے جب کہ وہ گلرو / یہہ ناز کی کہ جبین پر عرق ابھی سے ہے
کسی نے شام سے آنیکو کیا کہا عشرت / یہہ منہہ پہ آپ کے پھولی شفق ابھی سے ہے

## غزل حیدری

باغ محفل مین ترے کل تو عجب دھوم رہی / راہ پائی نہ کہین باد صبا گھوم رہی
موتیا اور چنبیلی گل نسرین و گلاب / کیتکی مست ہو ڈالی پہ سدا جھوم رہی
پان تو قتل ہوئے یار کے لب سے مل کر / بے کلی تھی سو حنا بر کف پا چوم رہی
قافیہ ٹھیک نہ تھا کیا کرے پر حیدری خاک / عقل پنبے کی طرح اپنے تئین توم رہی

## غزل قدرت

ہمصفیران چمن ہمسے چمن چھوٹے ہے / کاش ایسا م غریبان کہ وطن چھوٹے ہے
غمزۂ شوخ سے دل دیکے مین ایسا بھاگا / جیسے صیاد کے ہاتھون سے ہرن چھوٹے ہے
ابتلک تیرے شہیدون کے بن ہر مو سے / لاکھہ فوارۂ خون زیر کفن چھوٹے ہے

شب ہجران کی مصیبت مین لکھون کیا قدرت — تن جان سے ہو جدا جان سے تن چھوٹے ہے

## غزل بلہار

دلکو پالا تھا بہت ہم نے خبرداری سے — ناز برداری سے غمخواری سے ہشیاری سے

حسن صاحب کی شرافت پہ نظر کر بیٹھے — جان کے بوجھ کے پہچان کے ہشیاری سے

ہم سے باطن مین خفا غیرونپہ ظاہر مین جفا — یہہ تو امید نہ تھی شرط وفاداری سے

سادگی پر وہ ستمگار کے دھوکا پایا — اپنا ایمان لرزتا ہے یہہ عیاری سے

شکر حق صبر کی دولت کہ شب ہجر کے دن — وصل حاصل ہوا طالع کی مددگاری سے

ناز و خط زلف ادا چشم و مژہ اور ابرو — سب کے سب دشمن قاتل ہین میری یاری سے

سو رہین آج لپٹ اپنے صنم سے بلہار — نیند آتی ہے شب ہجر کی بیداری سے

## غزل شادان

معشوق کے آنیکی شتابی خبر آوے — اللہ کرے دلکی یہہ امید بر آوے

خورشید خجل ہو کے چھپے ابر کے اندر — محفل مین اگر آج وہ رشک قمر آوے

کرتا ہے نثار اسپہ فلک خوشۂ پروین — کانون مین کرن پھول پہنکر اگر آوے

اسکام کا وہ نخل ہے جسمے پھول نہ پھل ہو — ہر شاخ وہی خوب کہ ح [illegible] آوے

آتا نہین دلدار نظر کس سے کہون مین — ہین منتظر آنکھین کہ کوئی [illegible] نظر آوے

شادان تو خوشی اپنے سے کہہ مطلع ثانی — معشوق جو آغوش مین یہ [illegible] وے

## غزل جرات

اے آئینہ مانگ اسنے جو یکبار نکالی — ظلمات سے کیا راہ نمودار [illegible]

وہ کشتۂ الفت کہ دم نزع مین جسنے — منہہ سے نہ شکایت کبھو ای [illegible]

سو آج تیرے کوچے کے باشندون نے ظالم — لاش اسکی بظاہر سر بازار [illegible]

نظارہ کا گر شوق نتھا اسکو تو اسنے — کیون بام پہ کھڑکی سر بازار [illegible]

ہمسایہ کھانے لگے سب اپنے گھر و نکو
مین دل سے جو ایک آہ شرر بار نکالی

## غزل رضا

جب شکرلب نے لب اپنے سے سنائی گالی
مجھے میٹھی لگی خوش ہو کے مین کھائی گالی

کیا حلاوت تھی تیری گالی مین اللہ اللہ
قند مصری سے مگر تھی یہہ بنائی گالی

چھیڑ کر تیرے تئین آپ سے ہم کھاتے ہین
عاشقون کو تو یہہ ہے دودہ ملائی گالی

ترش رو ہو کے شکرلب جو مجھے دیتا ہے
وصف رکھتی ہے کھٹاسی مین مٹھائی گالی

ہے رضا تیری زبان یہہ تو ہنٹ شیر و شکر
یہہ نئی طرح کی اب تو نے بنائی گالی

## غزل شاہ ظفر علیہ الرحمہ

جلوہ جو اسنے دکھایا میرا جی جانتا ہے
پھر خدا ہی نظر آیا میرا جی جانتا ہے

اٹھ گئی میری زبان سے تو جہان کی لذت
جو مزہ عشق مین پایا میرا جی جانتا ہے

مین خطاوار ہون خط کیونکہ لکھون ایصاحب
جیسا لوگون نے سکھایا میرا جی جانتا ہے

کون کہتا ہے ترے عشق سے انجان رہا
جیتے جی تو نے جلایا میرا جی جانتا ہے

ای ظفر اس گل خندان کی محبت تجھہ کو
دمبدم اسنے ستایا میرا جی جانتا ہے

## غزل بیدار

کون ہے بازار خوبی مین ترے ہمسنگ ہے
حسن کے میزان مین تیرے مہر و مہ پاسنگ ہے

سرمگین آنکھونکا تیرے جو کوئی بیمار ہے
ایک میل اسکے تئین رکھنا قدم فرسنگ ہے

مین جو دیوانہ ہوا سرخیل ارباب جنون
ہاتھہ مین پتھر لئے ہر طفل میرے سنگ ہے

جائے تکیہ عاشقونکا خانمان بر وقت خواب
زیر سر کوچہ مین تیرے خشت ہے یا سنگ ہے

سخت نزاری ہے مجھے ظالم تیری سنگین دلی
آہ مثل آسیا کے سنگ او پر سنگ ہے

وہ سدا گڑگڑ کرے ہے آسیا پھر پھر مدام
مشت گندم کے لئے چھاتی پہ میرے سنگ ہے

اس جواہرپوش کے دیکھا ہون مین یاقوت لب
اسکی رنگینی کے آگے لعل بھی یک سنگ ہے

## غزل نصیر دہلوی

دل کہین میرا گرفتار رہا چاہتا ہی
پھر مجھے عشق کا آزار رہا چاہتا ہی

دیکھ لینے دو مجھے اور بھی یارو اسکو
نہ اب روزن دیوار رہا چاہتا ہی

باتین کرتا ہی رکاوٹ کی خدا خیر کرے
یارو ہمین ستم یار رہا چاہتا ہی

روز گل کھاتا ہون فرقت سے تیری سینے پر
سینہ اب تختۂ گلزار رہا چاہتا ہی

رات سب وصل کی خفگی مین کٹی ہائے نصیر
دن جدائی کا نمودار رہا چاہتا ہی

## غزل قدرت اللہ

کسکی نیرنگی کی یہہ برق دل مایوس ہی
جو شرر دل سے اٹھا سو جلوۂ طاؤس ہی

حسن کو اپنے ہوادارون سے کاوش ہے مدام
ہر طپش یہان شمع کی برقِ دل فانوس ہی

ایک ہی پردے کے گر سمجھو تو یہہ سب ہین الاپ
گر صدائے بانگ ہی یا نغمۂ ناقوس ہی

کل ہوس اسطرح سے ترغیب دیتی تھی مجھے
خوب ملک روس ہی کیا سرزمین طوس ہی

گر میسر ہو تو کیا عشرت سے کیجے زندگی
اسطرف آواز طبل اودھر صدائے کوس ہی

صبح سے تا شام چلتا ہوئے گلگونکا دور
شب ہوئی تو ماہ رویون سے کنار و بوس ہی

سنتے ہی عبرت یہہ بولی یک تماشا مین تجھے
چل دکھاؤن تو جو قید آز کا محبوس ہی

لے گئی یکبارگی گور غریبان کیطرف
جس جگہہ جان تمنا سو طرح مایوس ہی

مرقدین دو تین بتلا کے لگی کہنے مجھے
یہہ سکندر ہی یہہ دارا ہی یہہ کیکاؤس ہی

پوچھہ تو ان سے کہ جاہ و حشمت دنیا سے آج
کچھہ بھی انکے ساتھ غیر از حسرت و افسوس ہی

کل تو قدرت پائے خم رکھتے تھے بتسبیح ریا
آج رہن جام مے مین خرقۂ سالوس ہی

## غزل ہولاسی

دل ہوا پائے بزنجیر خدا خیر کرے
دام ہی زلف گرہ گیر خدا خیر کرے

کسکی آمد ہی صبا آج جو گلشن کی طرف
کہتی ہی بلبل دلگیر خدا خیر کرے

سرخ پوشاک پہن بیٹھے ہو جا تخت اوپر
کسکی ہی قتل کی تدبیر خدا خیر کرے

شب بسمل مجھے بستر پہ تڑپتے دیکھا
ہنسکے بولا مہ تنویر خدا خیر کرے

کل عیادت کو جو آیا تو یون کہنے ہین رقیب
ہوئی ہو لائی کی توقیر خدا خیر کرے

## غزل فدوی

آہ ہو بھی خجل ہووے مصور ذرا دم لے
تصویر لکھی جاتی ہی نرگس کا قلم لے

دیکھا نہین تو احمد مختار کا لشکر
جبرئیل بھی جس فوج مین چلتا ہی علم لے

گرمی سے عرق ہو گئے چلتے ہوئے بہہ اشک
اس سایۂ مژگان تلے ٹک بیٹھکے دم لے

ہم دلکو گنوا بیٹھے تصور مین اسی کے
اور پھر بھی تعقل سے چلے راہ عدم لے

اسبات کی پرسش کے لئے شیخ ہوئے تم
کعبے کو چلے نام خدا نام صنم لے

یہہ بارگہ شیر خدا جائے ادب ہی
مجنون کو صدا پہنچی ہی تو اسے رقم لے

ناحق کی یہہ تہمت ہے مجھے غیر کی صاحب
گر تیرے سوا غیر کو چاہون تو قسم لے

راتون کے تئین چونک پڑے نیند مین رستم
گر خواب مین دیکھے اسداللہ کے حملے

فدوی تو عبث اپنا گریبان ہی پکڑے
لیتا ہی تو دامان علی مستحکم لے

## غزل فراق

چمن کوچۂ جانان سے صدا آتی ہی
تازہ کرتی ہوئی جو باد صبا آتی ہی

کون بھرتا ہی دم سرد جو راتونکو مدام
ٹھنڈی ٹھنڈی تیرے کوچے کی ہوا آتی ہی

کسکی مین دست حنائی کا ہون زخمی یارب
جو ہر ایک زخم سے پھر بوئے حنا آتی ہی

التجا یار کی رکھتا ہی سر شام سے دل
رات کیا آتی ہی یک سر پہ بلا آتی ہی

چھوڑ جاتا ہی جو وہ مجھکو اکیلا گھر مین
در و دیوار سے رونیکی صدا آتی ہی

دوش سے تا بکمر اور کمر سے تا پا
جو نہین بل کھاتی ہوئی زلف دوتا آتی ہی

جی مین آتا ہی مسیحا سے مین پوچھون جاکر
مرض عشق کی کچھہ تمکو دوا آتی ہی

صبح کس طرح سے ہو گی شب تاریک فراق | نہ تو نیند آتی ہے مجھ کو نہ قضا آتی ہے

## غزل وحشت

نگاہ یار ہمسے آج بے تقصیر پھر تی ہے | کسی کی کچھ نہین چلتی ہے جب تقدیر پھرتی ہے
کبھی تو کھینچ لاویگی اسے گور غریبان تک | کہ مدت سے ہماری خاک دامنگیر پھرتی ہے
تیری تلوار کا منہہ ہمسے پھر جاوے تو پھر جاوے | ہماری آنکھہ قاتل کب نہ شمشیر پھرتی ہے
مین اس لیلی کا دیوانہ ہون غافل جو ہے صحرا مین | بغل مین اپنے مجنون کی لئے تصویر پھرتی ہے
مقام عشق مین شاہ و گدا کا ایک رتبہ ہے | زلیخا ہر گلی کوچمین بے توقیر پھرتی ہے
تیرا دیوانہ جب سے اُٹھہ گیا صحرا سے وحشت سے | بگولے کی طرح سے ڈھونڈھتی زنجیر پھرتی ہے

## غزل جرات

درد و غم عشق نے مارا مجھے | اب نہین دم لینے کا یارا مجھے
بات مین کس سے کرون امہربان | دھیان تو رہتا ہے تمھارا مجھے
ڈوب گیا پھر نہ دہ پایا ہے یار | بحر محبت کا کنارا مجھے
چونک پڑا سنتے ہی آواز یار | مین یہی سمجھا کہ پکارا مجھے
ہجر کی شب دیکھئے اب کیا دکھاوے | دن تو گیا روتے ہی سارا مجھے
اف نہ کرون نام کا جرات ہو نہین | چیرسے اگر عشق کا آرا مجھے

## غزل آتش

گیسوئے مشکین رخ محبوب تک آنے لگے | چشمۂ خورشید مین بھی سانپ لہرانے لگے
آفتاب حسن کو مہتاب مینا دیکھہ کر | خانۂ خورشید مین ہم اشک ٹپکانے لگے
دے دیا سرمہ جرس کو کاروان شب نے آہ | جون بگولہ ہمرہان جنگل مین بھٹکانے لگے
عشق بھی سبقت کرے ہے تیغ خوب یار کو | جو کہ جوہر تھے نہان سب صاف دکھلانے لگے

## غزل شاہ ظفر علیہ الرحمہ

مرغ دل مت رو یہان آنسو بہانا منع ہی
اس قفس کے قیدیونکا آب و دانا منع ہی

تیری ہی دیوار سے اب ہمنے سر پٹکا کیا
روزن دیوار تک آنکھین ملانا منع ہی

قتل کرکے مجھکو اب سنگین دلونتے یون کہا
قتل ہونا چاہا ولیکن تڑپھڑانا منع ہی

تڑپھنا مت دیکھنا خنجر تلے ای صید دل
عشق کے مقتل مین دست و پا ہلانا منع ہی

ای ظفر ہمکو ہمیشہ چاہیئے عشرت مدام
اب ہمین چالیسدن مہندی لگانا منع ہی

## غزل

وہ صنم حال میرا کیا جانے
ہو نمین کس فکر مین خدا جانے

اسکے ملنے کی مجھکو تہمت ہے
وہ کہان مین کہان خدا جانے

ہم تو روتے ہین ہنستے ہین اغیار
قدر بلبل کی زاغ کیا جانے

ہونٹ چاٹا کرے وہ ساری عمر
لب شیرین کا جو مزا جانے

سنکے احوال میرا کہنے لگا
ایسا جھگڑا میری بلا جانے

ایسے سفاک سے ڈرو یارو
خون عاشق کا جو خنا جانے

بخدا بت کسیکے دوست نہین
انکو دشمن ہی جان کا جانے

## غزل نظیر

ہم تو عاشق ہین تیرے ناز اٹھانیوالے
تم سے کم دیکھے ہین محبوب ستانے والے

بند کر قید محبت مین خبر میری نہ لی
دام مین چھٹکے پھنسے دام چھڑانے والے

کل شب وصل مین کیا جلد کٹی تھین گھڑیان
آج کیا مر گئے گھڑیال بجانے والے

کل جو رستے مین ملاقات ہوئی تو یہہ کہا
کہان جاتے ہو طرحدار جلانے والے

گذری مدت کہ میرے ساتھ لپٹنے نہین آئے
کیا ہوئے یارو گلے ہمکو لگانے والے

یون تو اوقات گذرتی ہی مزیدار ہمین
نہ ملے چین مزیدار کھانے والے

اب کے ملنا ہو نظیر یار سے کہنا جاکے
کیا بھلا ہم نہ رہین یارو بلانے والے

## غزل بادشاہ

کسی مست کے آنے کی آرزو ہی
کہ ساقی لئے ساغرِ مشک بو ہی

سمایا ہی جب سے تو آنکھو نمین میرے
جدھر دیکھتا ہون ادھر تو ہی تو ہی

جتاؤن مین کیا اپنا حال پریشان
عیان زلف دلدار کی مو بمو ہی

چلو قبر فرہاد پر فاتحہ کو
مگر آب شیرین سے لازم وضو ہی

نکل جاوے جی تیرے قدمونکے اوپر
یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہی

گلستان مین جاکے ہر ایک گل کو دیکھا
نہ تیری سی رنگت نہ تیری سی بو ہی

ستایا ہی ناحق ہمین تو نے ظالم
یہہ انصاف اللہ کے روبرو ہی

کیا چاک وحشت نے ایسا گریبان
نہ سینے کے قابل نہ جائے رفو ہی

شفق بن کے گردون پہ ہوتا ہی ظاہر
یہہ کس کشتۂ بیگنہ کا لہو ہی

عبث مجھکو ہنس ہنسکے دیتے ہو گالی
زبان کو سنبھالو یہہ کیا گفتگو ہی

اگر ایکے باری شب وصل بولا
چھری اور مرغ سحر کا گلو ہی

رہے سایۂ پنجتن بادشاہ پر
خداوند عالم نگہبان تو ہی

## غزل غریب

کسقدر مین جو کرون یار برائی تیری
عقل حیران ہی میری دیکھ صفائی تیری

آفرین کیئے میان تیرے مصور کے تئین
جسنے اس خوبی سے تصویر بنائی تیری

کیا کہون کس سے کہون کون کریگا آسان
سخت مشکل ہی مرے حق مین جدائی تیری

یہہ جدائی جو جہان بیچ نہو تی پیارا
کیا خدا خالی کبھی رہتی یہہ خدائی تیری

روز محشر کے خدا پوچھیگا سختی سے مجھے
تو مین ایدوست دلاؤنگا دہائی تیری

یا محمد ﷺ تیرا در چھوڑ کہان جاوے غریب
بادشاہی سے تو بہتر ہی گدائی تیری

## غزل

مجھ کو چاہِ ذقن دکھاتا ہے / میرا یوسف کوئے جھنکاتا ہے
دیکھئے کس کی پیاس بجھتی ہے / خنجر آبدار لاتا ہے
ساتھ پینا شراب لیلی کے / ساقیا مجھ کو یاد آتا ہے
ترش رو ہو کے منہہ پھراتا ہے / زہر قاتل مجھے پلاتا ہے
شب کو وہ ماہرو نہاتا ہے / چاند غیرت سے ڈوبجاتا ہے
دل میرا ہی مثال شیشے کے / کسلئے خاک مین ملاتا ہے
شمع محفل کا مجھ کو سمجھا ہے / شاید اسواسطے جلاتا ہے
دید بازی کی چشم نہین رکھتے / لن ترانی کسے سناتا ہے
نہین ملتے تو خوش رہو پیارے / بندہ بھی تمسے ہاتھ اٹھاتا ہے

## غزل فیض

کردئے باغ کے در بند باغبانون نے / آخرش کھولدئے آکے مہربانون نے
تاب آئی نہ مجھے بھر کے نظر دیکھے سے / کردئے مات پریزادون پہ انسانون نے
دنکو چین نہ مجھے راتکو آتی ہی نیند / تجھ پہ گل کھائے پری تمسے نوجوانون نے
طعنہ سب دیتے ہین اب مونس و غمخوار میرے / فیض کیا پائے میان شمع سے پروانون نے

## غزل طور

بزم مین رونے لگے یار کے سمجھانے سے / راز دل چھپ نہ سکا اشکونکے بھر لانے سے
دل بیتاب شب تار مین کیا کیا الجھا / یہہ ہین وہ زلف کہ سلجھے ہین کبھو شانے سے
ہاتھ گردن مین نہ ڈالو نکلو تم ہو وہی / جو خفا ہو گئے تھے غیرونکے بہکانے سے
محتسب جاوے الٰہی کہین میخانے سے / دلکو شیشے سے ملون آنکھونکو پیمانے سے
او مسیحا تیرے جانیسے مین مرجاتا ہون / جان آجاتی ہے تنمین تیرے آجانیسے

## غزل سمجھو

بنکے گل تیر اور کمان تونے
میری خاطر کیا نشان تونے

کس سے لڑتا ہی جو کواکب سے
زرہ پہنا ہی آسمان تونے

بال سا کر دیا مجھے گھٹتے
او میان تونے او میان تونے

دل مین جان مین کبد مین سے الفت
آگ دی ہی کہان کہان تونے

چشم پوشی مین ای تصور یار
کیا دکھایا ہمین سمان تونے

خال کیواسطے ندی ای قیس
سگ لیلی کو استخوان تونے

ہائے مجھکو ای حرارت عشق
کر دیا مثل زعفران تونے

## غزل سودا

گل پھینکے ہی اوروں کے طرف بلکہ ثمر بھی
ای خانہ برانداز چمن کچھ تو ادھر بھی

کیا ضد ہی خدا جانے ہی مجھ ساتھہ وگرنہ
کافی ہی تسلی کو میرے ایک نظر بھی

ای ابر قسم ہی تجھے رونے کی ہماری
تجھہ چشم سے ٹپکا ہی کبھو لخت جگر بھی

ای نالہ صد افسوس جوان مرنے پہ میرے
پایا نہ تنک دیکھنے مین روئے اثر بھی

کس ہستی موہوم پہ نازان ہی تو ای یار
کچھہ اپنی شب و روز کی ہی تجھہ کو خبر بھی

تنہا ترے ماتم مین نہین شام سیہ پوش
رہتا ہی سدا چاک گریبان سحر بھی

سودا تیری فریاد سے آنکھون مین کٹی رات
آئی ہی سحر ہونے کو ظالم کہین مر بھی

## غزل درد

ای چشم میرے موتیون کا ہار نہ ٹوٹے
سب اشک مسلسل رہین اور تار نہ ٹوٹے

ہم پائے برہنہ چلے صحرا کو نکل کر
ہر چوب پکاری کہ میرا خار نہ ٹوٹے

صیاد سے بلبل نے کہا روکے قفس مین
مین موئی بلا سے پہ یہہ گلزار نہ ٹوٹے

کل رات صراحی نے دلی میخانہ مین ہچکی
کہنے لگی پیالے سستی خمار نہ ٹوٹے

دل درد کی باتین نہ کرو ہم ستی جانی
یہہ رشتۂ نازک ہی میان تار نہ ٹوٹے

## غزل مصحفی

لاف خوبی تیرے عارض پہ جو گلشن مارے / آتشیں رخ پہ صبا طیش سے دامن مارے

کیا غضب ہے جو تو غرفے مین کھلے بال پھرے / اور نظارہ تیرا دیدہ روزن مارے

ہی یہہ خوش حال انھونکا جو تیرے کوچے مین / خاک تنڈے پہ ملے بیٹھے ہین آسن مارے

دشمن و دوست کو الفت نے تیرے ایک کیا / ہاتھ پر ہاتھ نہ کیون شیخ و برہمن مارے

ہم تیرے واسطے ای غیرت لیلی ابتک / قیس کیطرح پڑے پھرتے ہین بن بن مارے

وہ جو آنکھین ہین تیری رہزن خوبی کافر / قافلہ لوٹ لئے سیکڑون رہزن مارے

ضبط سے مصحفی اب کام میرا درگذرا / کبتلک غم مین کسی کے کوئی تن من مارے

## غزل نور

موا جاتا ہون تیرے ہجر کے مارے آرے / میرے جانی میرے دلبر میرے پیارے آرے

ارّہ سر پر جو چلا میرے و لیکن مین تو / شوق مین تیرے کہے جاؤنگا آرے آرے

مدتین ہو چکین پھرتے ہوئے اغیار و نکے / ایک دن رات کو مہمان ہمارے آرے

یاد کرکے وہ تیرا چاند سا مکھڑا ہمیہر / بیٹھا گنتا ہون فلک کے ستارے آرے

نور بیتاب ہے ازبسکہ جدائی سے تیرے / رشک خورشید میرے ماہ کے پیارے آرے

## غزل

کسکو دکھلاؤن آبلے دل کے / زخم تازے ہوئے ہین چھل چھل کے

اس کی نیرنگی پر فدا ہو مین / گل بنائے ہین جسنے اس گل کے

زلف ناگن نے آپ کی صاحب / دل لیا ہی ہمارا مل مل کے

تجھ سوا باغ کا یہہ کیا احوال / پھول کملا گئے ہین کھل کھل کے

اس خطا اپنی کی کرین توبہ / رنج کھینچے ہین تم سے مل مل کے

## غزل عاجز

عرق جب اس پری کے چہرۂ پرنور سے ٹپکے | خجل ہو گل سے شبنم جون لہو ناسور سے ٹپکے
میری آنکھون سے خونی اشک یون گرتے ہین پلکون پر | لہو سولی کے اوپر جون سر منصور سے ٹپکے
اگر کیفی سخن میرا نہال تاک کو پہنچے | صراحی شاخ بنجاوے شراب انگور سے ٹپکے
اگر اس زلف مشک آمیز سے چینی بین بال آوے | عجب نہین عطر و عنبر کاسۂ فغفور سے ٹپکے
کرون فریاد رو رو یار کو جب یاد کر عاجز | دم اسرافیل کا لوہو ہو بانگ صور سے ٹپکے

## غزل عاقل

اس رنگیلے نے جو ہاتھونکو لگائی مہندی | کون سے باغ کی سچ کہو منگائی مہندی
اشک گلگون سے ہوا تھا تر و تازہ وہ درخت | جسکی ڈالی سے سجن تمنے تڑائی مہندی
رشک عناب کیا دست حنائی کے تئین | پور پور اپنے پہ جسوقت رچائی مہندی
اڑ گیا دیکھتے ہی رنگ شفق کا ناگاہ | ایک ذرہ جو ہتیلی کی دکھائی مہندی
ہاتھ مین سرخی نہ سمجھے کوئی عاقل اسکے | کسی عشاق کا دل مٹھی مین لائی مہندی

## غزل

جوہر سے کب آلودہ ہی شمشیر کسو کی | پر قتل کے محضر پہ ہی تحریر کسو کی
بے رحم ہزارون کو کیا قتل جو تونے | ثابت نہ ہوئی ایک بھی تقصیر کسو کی
کل مین نے چمن مین جو لب غنچہ کو دیکھا | آنکھونکے تلے پھر گئی تصویر کسو کی
آتا ہی جو اس بیڑی کے جھنکار کا عالم | پر قید مین تھی ہل گئی زنجیر کسو کی
حاصل تجھے کیا ہی میرے سمجھانیسے اسکے | کب مانتا ہی وہ بت بے پیر کسو کی
دامان نسیم سحری وقت فشان ہی | شاید یہہ کھلی زلف گرہ گیر کسو کی

## غزل نظیر

تاب اسکے دیکھنے کے نہ لائے چلے گئے | کیا کیا پری جوان تھے آئے چلے گئے
دارا رہا نہ جم نہ سکندر رہا بادشاہ | تخت زمین پہ سیکڑون آئے چلے گئے

آدم رہا نہ کوئی پیمبر رہا نہین
وہ بھی اسی زمین مین سمائے چلے گئے

عالم تھا یہہ زلیخا کا یوسف کی چاہ مین
رقعے ہزار بیاہ کے آئے چلے گئے

دیکھا نظیر مین نے چمن مین جو آپ کو
مہندی بھرے جو ہاتھ دکھائے چلے گئے

## غزل

درد مندون سے نپوچھو کہ کدھر بیٹھ گئے
تیری مجلس مین غنیمت ہے جدھر بیٹھ گئے

ہے غرض یدکا بیان کام تکلف سے نہین
خواہ ادھر بیٹھ گئے خواہ ادھر بیٹھ گئے

مفت اٹھنے کے نہین یار کے کوچے سے فقیر
ایک بوسے کیلئے باندھکے اڑ بیٹھ گئے

پیرو مرشد کی قسم ہے کہ وہی لینگے وہی
جب کہ بستر پہ جم آ کھول کمر بیٹھ گئے

کر گیا کام جو معشوق ستم تیر وہ جھکا
سیکڑون مرغ ہوا باندھکے پر بیٹھ گئے

## غزل

مرتے دم ای بیوفا دیکھا تجھے
یک نظر دیکھا تو کیا دیکھا تجھے

ای پری رو مین دیوانہ کیون نہون
بال کھولے بارہا دیکھا تجھے

گریۂ بلبل پہ اسنے ہنس دیا
جسنے ای گلگون قبا دیکھا تجھے

مارے غیرت کے نہ نکلے آفتاب
بام پر ماہ لقا دیکھا تجھے

دید مین ہرچند ہے نقصان جان
فایدہ اتنا ہوا دیکھا تجھے

بوئے گلشن بھی نہ لائی تا قفس
بس ہوا ہوا ای صبا دیکھا تجھے

## غزل رضی

فندق پہ تیرے دیکھئے کس شان کی سرخی
پہنچے نہ جسے پنجۂ مرجان کی سرخی

تعریف دہن کی کرون یا لب کی نزاکت
مسی کی ادا ہے کہون یا پان کی سرخی

الماس نظر آتے ہین یاقوت کے مانند
پڑتی ہے کرن پھول پہ جب کان کی سرخی

قاتل مجھے ڈر ہے کوئی پہچان نہ لیوے
دھو ڈال ذرا گوشۂ دامان کی سرخی

گردن پہ تیرے خون ہی فرہاد کا شیرین — دیتی ہی گواہی یہہ گریبان کی سرخی
سنئے یہہ غزل مجھ ستی اب تازہ رضی کی — دکھلاؤن تمھین صاف گلستان کی سرخی

## غزل

قاصدا لادے خبر یار کے آجانے کی — جان جاتی ہی چلی ہجر مین دیوانے کی
آپ آوے نہ کبھی خط نہ کتابت بھیجے — سیکڑون راہ دکھائے مجھے ترسانے کی
چشم گریان ہی سدا سینہ بھی بریان ہی مدام — آرزو جی مین ہی بس جی سے گذر جانے کی
تو ملے غیرون سے مین آنکھون سے اپنے دیکھون — حیف صد حیف کہ بس جائے ہی مر جانے کی
ای صبا بہر خدا کچھ مجھے تدبیر بتا — یا اُسے لا کے ملا یا مجھے لیجانے کی
گریہ زاری پہ میرے رحم نہین آنیکا — جبتلک چشم میری خون ہین برسانے کی

## غزل

اسقدر ہم پہ ناتوانی ہی — موئے سر تک بھی سر گرانی ہی
میرے زخمون پہ مت رکھو مرہم — میرے قاتل کی یہہ نشانی ہی
تلوے چھد چھد کے ہوگئے غربال — ہم نے صحرا کی خاک چھانی ہی
حال دل پوچھہ لو طبیبون سے — کیون میرا رنگ زعفرانی ہی
چاہئے زخم دل ہرے ہو جاین — یہی پوشاک اُسنے دہانی ہی

## غزل سودا

ساون کے بادلونکی طرحسے بھرے ہوئے — یہہ وہ نین ہین جنسے کہ جنگل ہرے ہوئے
ایدل یہہ کسسے بگڑی کہ آتی ہی فوج اشک — لخت جگر کی نعش کو آگے دہرے ہوئے
پلکھین تیری کہان نہ صف آرا ہوئین کہ وہان — افواج قاہرہ کے زبر ہم پرے ہوئے
آنکھونکو تیرے کیونکہ مین باندہون کہ یہہ غزال — جاتے ہین میرے دلکی زراعت چرے ہوئے
اوندیکے جمدہرون سے یہہ بھرتے مین بلکہ گر — لڑکے مجھہ آنسوؤنکے پیٹ منگرے ہوئے

انصاف کسکو سونپئے اپنا بجز خدا
منصف جو ہووے لٹتے ہین سو تجھ سے در بہو

نزدیک اپنے رہنے سے منکر ہمین تو منع
ہم لاکھ کوس جب تیرے ڈیسے پرے ہوئے

مجلس مین چھونکرونکی جو مجرے سے شیخ جی
آئے تو پھر خدا نے کہا مسخرے ہوئے

سودا نکل نہ گھر سے کہ اب تجھ کو ڈھونڈھتے
لڑکے پھرے ہین تیھرن سے جھولی بھرے ہوئے

## غزل تابان

عشق کیا شی ہی کسی کامل سے پوچھا چاہئے
کسطرح جاتا ہی دل بیدل سے پوچھا چاہئے

کیا تڑپھنے مین مزا ہی قتل ہو پیارے ہاتھ
اسکی لذت کو کسی بسمل سے پوچھا چاہئے

جسنے اسکا زخم کھایا ہی اسے معلوم ہی
تیغ ابرو کی صفت گھایل سے پوچھا چاہئے

یار کے ملنے کی ہمکو کوئی طرح آتی نہین
طرح ملنے کی کسی واصل سے پوچھا چاہئے

آہ و نالے کی حقیقت دیکھتا ہون ہجر مین
کیا گذرتی ہوگی تابان دل سے پوچھا چاہئے

## غزل افسون

صدقے مین تیرے زلف کے اور تار تار کے
دستار گل انار قبا بوٹہ دار سے کے

بلبل نے وقت قید کے رو رو کے یون کہا
صیاد واسطے میرے پروردگار کے

بیچوگے تو سہی ذرا اتنا کیجیو
دیکھو تو ہاتھون ہاتھ کسی نو بہار کے

یہہ ہی وطن ہمارا ہی تم پوچھتے ہو کیا
ہم رہنے والے ہین اسی باغ و بہار کے

افسون تو شاد رہیو زمانہ کریگا کیا
ہم ہین غلام اس شہ دلدل سوار کے

## غزل معین الدین

راضی ہین ہم اسی مین جو کچھہ دلربا کرے
چاہے جفا و جور کرے یا وفا کرے

دل سا رفیق جسکا جدا ہو گیا ہو یار
وہ اپنی بیکسی کو نہ رووے تو کیا کرے

جسنے ہمارے دوست کو ہمسے جدا کیا
وہ بھی مراد اپنی نہ پائے خدا کرے

کہتا معین الدین ہے تمھین میرے دوستان
آسان سبھونکی مشکلین مشکل کشا کرے

## غزل نگین

تھے تو تم پردہ نشین خانہ نشین کیون نہوئے
تھا تو پردیکا مکان ڈھلکے نگین کیون نہوئے

وہ جو چلتا ہی زمین پر یہی آتی ہے ہوس
ہائے افسوس کہ ہم فرش زمین کیون نہوئے

قبر عاشق پہ چلا وہ تو لگا یون کہنے
ہائے ہم آ چکے دن زیر زمین کیون نہوئے

آہ جس شخص پہ تم لطف و کرم کرتے تھے
حسرت آتی ہے کہ وہ شخص ہمین کیون نہوئے

جب سے دیکھا تھا ترا نام نگین کے اوپر
خون ہوتا ہے یہہ دل ہم وہ نگین کیون نہوئے

## غزل دلبر

چاک دامن کئے جانان ترے دیوانون نے
قید خانے کئے آباد پریشانون نے

نیم بسمل یہ تڑپتے مجھے دیکھ آ قاتل
شور عالم مین کیا ہے ترے بیجانون نے

بلبہ اس کاکل مشکین کے شب تار مین آ
دل ڈسے زلف پریشان کے پریشانون نے

فخر ان خاک کے تیلونکا نہو کیونکہ بھلا
ڈھونڈھا ہی عالم بالا مین بھی انسانون نے

میرے دلدار پہ دلبر شب معراجکی رات
غش کئے حور و پری قدسی و غلمانون نے

## غزل

مین وہ نہین ہون کہ تجھسے بت دل میرا پھر جائے
پھرو نہ مین تجھسے تو مجھسے میرا خدا پھر جائے

یقین ہے کہ جدہر کو وہ دلربا پھر جائے
مثال قبلہ نما دل وہین میرا پھر جائے

الٰہی وہ نہ پھرے جسکے غم مین مرتا ہون
بلا سے حلق پہ گو خنجر جفا پھر جائے

پھرے زمانہ پھرے آسمان ہوا پھر جائے
بتون سے ہم نہ پھرین ہم سے گر خدا پھر جائے

بکھیر دیوے جو بالونکو اپنے مکھڑے پر
تو کیا عجب ہے کہ آئی ہوئی گھٹا پھر جائے

## غزل

دیوانہ کیا بزم مین شب آکے کسی نے
بیہوش کیا چہرے کو دکھلا کے کسی نے

دیکھا جو مین نے دست کلائی نکل آئی
دین گالیان لاکھون مجھے جھنجھلا کے کسی نے

کچھ دست درازی کا کیا قصد تو ہی ہے — جھٹکا ہے میرے ہاتھ کو شرما کے کسی نے
رکھا ہاتھ میرے سینے پہ گلدستۂ نرگس — مارا مجھے دیدار سے ترسا کے کسی نے
سمجھا مجھے دیوانہ سا اس شوخ نے یکبار — دل چھین لیا مفت مین بہلا کے کسی نے

## غزل نیاز

صنم ہی گلبدن ہے مہ جبین ہے — بھلا کہیے وہ کیا کیا کچھ نہین ہے
وہ سب جا ہے وہ کس جاگہ نہین ہے — غرض اسکو جہان دیکھو وہین ہے
گیا اودھر کو پھر ادھر نہ آیا — عجب کوچے کی تیری سرزمین ہے
میرے اشکونکا اور نالونکا شاید — زمین و آسمان عرش برین ہے
نہو جسکے مقابل حور و غلمان — صنم نام خدا وہ نازنین ہے

## غزل خلیق

مرغان قفس کرتے ہین سب نغمہ سرائی — کیا فصل بہاری کی چمن سے خبر آئی
عاشق کو تو نرگس نے کہین آنکھ دکھائی — کر چاک گریبان نسیم سحر آئی
اس یار کے ملنے کی جو امید مجھے تھی — کیا راہ گئی بھول قضا تو کدھر آئی
جس گھر مین بہم رہتے تھے مدت سے ہم اور یار — خالی وہ مکان دیکھ میری چشم بھر آئی
بیمار کی لے جلد خبر اپنی مسیحا — کیا فایدہ جو اس سے اجل کام کر آئی
گلشن مین کسی شخص کا یک ڈھیر ہی بلبل — منقار مین لیجا کے وہان پھول دھر آئی
ایسا بھی کہین رسوا ہوا ہوگا جہان مین — آفت جو خلیق جگر افگار پہ آئی

## غزل ذوق

سر بوقت ذبح اپنا اسکے زیر پائے ہے — یہہ نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جائے ہے
رخصت ای زندان جنون زنجیر در کھڑکائے ہے — مژدہ خار دشت پھر تلوا میرا کھجلائے ہے
ہان مدد طاقت گئی ہی ضعف سے سینے مین دم — دیکھیے لب تک خدا کیونکر مجھے پہنچائے ہے

واہ وا شور محبت خوب ہی چھڑکا نمک
استخوان میرے ہما کس مزے سے کھائے ہی

بسکہ گرم سوز دروں بھن جائینگے دل اور جگر
زخم جوش گریہ چھاتی پھر ابھی بھر آئے ہی

بلبے استغنا کہ وہ آتے ہی آتے رہ گئے
اف رے بیتابی یہاں تو دم ہی اکھڑا جائے ہی

ذوق کو بس نزع میں بھی ہیگا تیرا انتظار
جانب در دیکھ لے ہی جبکہ ہوش آجائے ہی

## غزل ناسخ

پھر بہار آئی چمن میں زخم گل آلے ہوئے
پھر میرے داغ جنون آتش کے پرکالے ہوئے

پائے نازک جب رکھا اسنے ہماری قبر پر
پارہائے سنگ مرمر روئی کے گالے ہوئے

سبحہ گردانی ہوئی اعمال شب میں اسقدر
دانتون کے مانند ہاتھو نمین میرے چھالے ہوئے

ای پری پیکر اگر نرگس تیرا بیمار رہی
باغ مین لالے بھی اپنی زیست کے لالے ہوئے

کسطرح چھوڑون یکایک اسکی زلفوں کا خیال
ایک مدت سے یہہ کالے ناگ ہین پالے ہوئے

جب شب تاریک مین ہم کوئے جاناں کو چلے
آگے آگے جائے مشعل آتشی نالے ہوئے

واہ کیا تاثیر ہی اس روئے آتشناک کی
شعلۂ جوالہ اسکے کان کے بالے ہوئے

یاد جب آیا چمن مین وہ نہالِ باغِ حسن
یک قلم لبریز اشکون سے میرے تھالے ہوئے

وہ پری پیکر کہا کرتا ہی اکثر فخر سے
ابتو ناسخ بھی ہمارے چاہنے والے ہوئے

## غزل رمز

ہمین منظور آج انکو بلانا ہی
بلا کر داغ دل اپنا دکھانا ہی

ہجوم داغ دل کیا پوچھتے ہو میرے سینے مین
خزانا ہی خزانا ہی خزانا ہی خزانا ہی

جگر میرا تیری تیرِ نگہہ کا ایک مدت سے
نشانا ہی نشانا ہی نشانا ہی نشانا ہی

کہون کیا اس پری سے وہ مجھے کہنے نہین دیتا
دوانا ہی دوانا ہی دوانا ہی دوانا ہی

ہنسو کیونکر نہ غیرون سے کہ منظور آپ کو میرا
رولانا ہی رلانا ہی رلانا ہی رلانا ہی

شہادت سے ہمارے ابتک زبان تیغ قاتل کی
فسانا ہی فسانا ہی فسانا ہی فسانا ہی

نہ بھڑکے دلمین رمز آگ اور کیون آنسو بجھاتی ہو — کہ شیوہ وہان رقیبونکا لگانا اور بجھانا ہی

## غزل حکیم

خفا ہمسے وہ سیمبر ہو گیا ہی — تو خون غم سے دل اور جگر ہو گیا ہی
ملے ہی جو رک رک کے وہ مجھسے شاید — میری آہ کا کم اثر ہو گیا ہی
کرے ہی جو بلبل تو گلناز بیا — خزان سے کہین بے خبر ہو گیا ہی
ذرا لے خبر وہ مسیحا کہ تیرا — مریض اب چراغ سحر ہو گیا ہی
کہے کون تیرا پیام آشتی سے — حکیم اس سے سبکو خطر ہو گیا ہی

## غزل فانی

عشق ہی دام بلا زلف پریشان مددے — راہ بھولا ہی یہہ دل خضر بیابان مددے
ہجر مین یار کے پھرتا ہی مجھے کوہ و بدشت — پا برہنہ ہی میرا خار مغیلان مددے
تیغ ابرو نے تیرے مجھکو کیا ہی گھایل — نیم بسمل نہ رہون خنجر مژگان مددے
سرخ چہرہ پہ چبا پان جو آیا قاتل — خون کرنے کو میرے خاک شہیدان مددے
جوش دیوانے کی ہی مجھپہ سراپا فانی — ہاتھ کہنے مین نہین چاک گریبان مددے

## غزل علی

ہم دلسے ہوئے احمد مختار کے بردے — لیتے ہین اب اقبال سکندر کو بھی زردے
تعریف لکھی جاوے کب اس نور خدا کی — یوسف سے کئی اسکے ہین خرگاہ مین بردے
آیا ہون تیرے در پہ ای محبوب خدا کے — مشکل میری حل پھر خدا آپ ہی کردے
تو شافع امت ہی مین ہون عاصی جہان مین — امید تیرے سے ہی ہی ہر کار و مردے
ہم دلسے ہین مشتاق در ختم رسالت — پروا نہین جنت کی ہی زاہد کو خبر دے
ہی کون سوا تیرے شفاعت سے جہانکو — آزاد کرے خط امان روز حشر دے
بس فیض تیرا عام ہی ای ساقی کوثر — ایک جام محبت کا تیرے عاصی کو بھر دے
چہتا ہی اگر افزا اقبال علی تو — سر اپنا محبت سے اسی خاک پہ دھر دے

## غزل راسخ

نگران تھو یہہ جانب رخ دلفریب پری رہی
میری چشم مند تے مند تے تک تیری محو جلوہ گری رہی

پس مرگ جسم نزار کا تھو خشک ہو گیا سب ولے
وہی خون رہا دل خونشدہ وہی چشم کی تہ تری رہی

تھین گل کی جس نے بنایا تو کہا ان نے مجھ کو صبا ہو تو
وہان تم تو پردہ نشین رہے مجھے آہ دربدری رہی

میرے پاس جنس ہنر تو تھی دلے تو وہ باش تھی میری وہان
کہ متاع بیش بہا سدا جہان جنس بے ہنری رہی

نہین ہوش والو نپہ کچھ حسد مجھے رشک ہی تو انھو نپہ ہی
جنہین تیرے جلوے کے سامنے میری طرح بیخبری رہی

یہہ جواب ہے آخر عاشقی کبھی ہوش ہو کبھی رفتگی
نہ وہ گریۂ دل شب رہا نہ وہ زاری سحری رہی

جگر اور دل سبھی ٹکھتے تھے شلے ہو سکا نکوئی طرف
ہدف اسکے ناوک ظلم کی یہہ میری ہی بیجگری رہی

مجھے سونپ کر غم ہجر وسے ہوئے یون جدا کہ پھر ملے
میرے دل مین تا دم واپسین وہ امانت انکی دھری رہی

نہ تھی چشم راسخ خستہ دل کبھو خالی اشک سے دوستان
شب و روز جام پر آب کی روش آنسوونسے بھری رہی

## غزل جوہر

کھلینگے شکوون کے جب کہ دفتر ادھر ہمارے ادھر تمھارے
تو کیا کیا گذرے گی آہ دلبر ادھر ہمارے ادھر تمھارے

لڑو نہ ہمسے اے میرے دلبر یہہ بات جانیدو مانو کہنا
نہین تو مذکور ہونگے گھر گھر ادھر ہمارے ادھر تمھارے

ہمارے دل پر ہی داغ حسرت تمھارے منہہ پر ہی داغ چیچک
یہہ دونون چمکینگے مثل اختر ادھر ہمارے ادھر تمھارے

تمھین اب اپنی قسم ہی جانان ملو تو ایسا ملو کہ جس مین
غم جدائی نہ آوے دلبر ادھر ہمارے ادھر تمھارے

ملون مین کیونکر ہوا ہون حیران اگرچہ دونو طرف ہی خواہش
پھرین ہین جاسوس یہان تو گھر گھر ادھر ہمارے ادھر تمھارے

ستم کا کیا تم جواب دوگے بھلا پوچھیگا تمکو خالق
ہووینگے منصف بروز محشر ادھر ہمارے ادھر تمہارے
شراب ہی یہہ سمجھ کے پینا خراب کرتا ہی اسکو عالم
کہین نشے مین کھلین نہ جوہر ادھر ہمارے ادھر تمہارے

## غزل شرر

کیا نکلے سخن عاشق دلگیر کے منہہ سے — کوئی بات سنا ہوگا نہ تصویر کے منہہ سے
کسکی نگہ چشم نے مارا ہی طمانچہ — بہتا ہی لہو خنجر و شمشیر کے منہہ سے
یوسف کو کیا قید جو زندان مین خوش ہو — آتی ہی صدا کان مین زنجیر کے منہہ سے
طفلی کا ترے حسن کا مین وصف کرون کیا — ہین منہہ سے جوانون کے ہر ایک پیر کے منہہ سے
دیتا ہی دعا تجھکو ثنا خوان یہہ شرر جب — آمین کی صدا نکلے ہی تاثیر کے منہہ سے

## غزل تاثیر

زلف سیہ فام گلوگیر ہی — وحشی دل کے لئے زنجیر ہی
دام تری زلف کا مین چھوڑکر — جاؤن کہان کونسی جاگیر ہی
مونس جان ہوس دل بیتاب کا — حال مرا صورت تصویر ہی
مرنیسے ڈرتا نہین جینے سے آہ — عشق عجب کیا تری تاثیر ہی

## قصیدہ فقیہ

حق نے بخشا ہی نبی کو دو جہان کی سروری — رمز معنی مین خدائی ظاہری پیغمبری
باعث ذات مقدس کا نہوتا گر عروج — خلعت پیغمبری کی کوئی نہ پاتا افسری
اوج گردون پر قمر ان کا غلام در خدا — پھٹ گیا یک آن مین کرتے اشارہ سرسری
تاکی گرمی نہووے اس مبارک جسم پر — خوف سے خورشید خاور کے ہی تمکین تھرتھری
پیشتر دنیا مین آنیکے شجاع داب سے — سرنگون تھے خاک ذلت مین بتان آزری

کل جماعت انبیا سے نور ذات پاک نے — منزل صغریٰ سے تا کبریٰ تلک کی رہبری
ابتدائے حضرت آدمؑ سے اپنے وقت تک — تھا ہویدا نور احمدؐ جون فلک پر مشتری
بعد اسکے نوحؑ کے طوفان مین آکر کی مدد — بخشدی حفظ و امان کی اسکتین کشتی گری
اور موسیٰؑ سے بصد اشفاق کوہ طور پہ — پنبہ سان جلکر رہے جب اسپہ کی جلوہ گری
غارت فرعون و بلعم قتل عوج بن عنق — غرق قارونان و قبطیان و سحر سامری
حضرت داؤدؑ کے ہاتھون سلے ٹوٹا سخت کفر — قصۂ طالوت اور جالوت کو کر یاوری
ابن مریم حضرت عیسیٰؑ کے تئین پنہان مین — چرخ گردون پر بٹھا کردی مقام برتری
نیم شب دولت سرا مین امہانی کے رسولؐ — خواب مین بستر پہ آسودہ ہوئے تھے یک گھڑی
باسوار و قدسی براق زین و حلہ پوش — کر ادب ناموس اکبر نے وہان دی حاضری
چوما انگشت مبارک اپنے لب سے ہو سعید — اور منگا کر رو برو معراج کی خلعت دھری
ہو سوار اسوقت پھر جا پہنچے اقصا کو ترت — کی امامت آپنے نبیون نے کی پیچھے صف کھڑی
طی منازل کر گئے ہین منتہی تک پاکدات — قدسیون نے کی زیارت پہنکر کسوت ہری
رہ گئے اپنے مکان پر حضرت روح الامین — نور سے پھر آکے انکی گود رفرف نے بھری
لیگیا اعلیٰ مکان پر جسجگہہ کوئی نہ تھا — نور رب العالمین دیکھے بچشم انوری
اٹھ گیا پردہ حجاب خاص کا حاصل مرا — عاقبت و اللہ اعلم کیونکہ ہو پردہ دری
اس نشانی پر کہے ہین قطب عالم معتبر ایک — خود خدائی میکنی خود میکنی پیغمبری
گلشن اسلام کو اس روز سے آئی بہار — اور درخت کفر کو پہنچی ہوائے پت جھڑی
صبحدم مسجد مین آ اصحابؓ پر ظاہر کیا — لیکے ادنیٰ سے و اعلیٰ تک تمام عسکری
حضرت صدیقؓ نے سنکر کہا صدق رسول — مصطفیٰؐ کے تھے مقرر وہ صحابؓ اکبری
دویم فاروق عادل دیدہ دار شرع تھے — گلشن اسلام پر جس ذات سے صیقل گری
جامع القرآن ذی النورین عثمان باحیا — ریش انور انکی تھی خون شہادت سے بھری

لیکن

شیرِ ربّ العالمین جانِ رسول بوتراب
حضرتِ خاتونِ محشر اور دو نورِ حسین

کفر کو توڑا علم کر ذوالفقارِ حیدری
جنکے تئین پہنچا الٰہی سے خطاب صابری

نعت پیغمبر مین رہتا ہے فقیہ دولت عظیم
از مناقب سرور کی بہتر ہین شاعری

## مستزاد شاہ ظفر علیہ الرحمہ

مین ہون عاشق مجھے غم کھانیسے انکار نہین ... ... ... ... ... کہ ہی غم میری غذا
تو ہی معشوق تجھے غم سے سروکار نہین ... ... ... ... ... کھائے غم تیری بلا
دل و دین تیرے حوالے کئے کرتے ہی طلب ... ... ... ... ... اور جو کچھ کہا سب
پھر جو بیزار ہی تو مجھسے بتا اس کا سبب ... ... ... ... ... میری تقصیر ہی کیا
بھیجے خط سیکڑون لکھ کر تمھین ہشیاری سے ... ... ... ... ... بڑی دشواری سے
تمنے بھیجا نہ جواب ایک بھی عیاری سے ... ... ... ... ... یہہ ہی قسمت کا لکھا
طلبِ بوسہ پہ کیون اتنا برا مانتے ہو ... ... ... ... ... ہمین پہچانتے ہو
دیکھو ہم ہین وہی جانباز جنھین جانتے ہو ... ... ... ... ... کرتے ہین جان فدا
ہی حیاتِ ابدی گر ہو شہادت حاصل ... ... ... ... ... تیرے ہاتھون قاتل
تیری آبِ دمِ شمشیر کو تیرا بسمل ... ... ... ... ... سمجھے ہی آبِ بقا
کیا کہون تیرے مین انداز و ادا کا عالم ... ... ... ... ... ہی ستم ہائے ستم
دیکھ کر ہوش رہین کیا کہ نکل جائے ہی دم ... ... ... ... ... اے بت ہوش ربا
نہ تو تقریر سے ہو کام نہ تحریر سے ہو ... ... ... ... ... اور نہ تدبیر سے ہو
ہم تو کہتے ہین ظفر جو کہ ہو تقدیر سے ہو ... ... ... ... ... ہی یہی بات بجا

## مستزاد معرز

مین نے ابتک تو تیرا عشق نبھایا ہا ہا ... ... ... ... ... کھا کے سو طرح کا غم
وے افسوس مجھے تو نے نچایا ہا ا ہا ... ... ... ... ... بانیِ ظلم و ستم
خود بخود شب کو یکایک مین کہون کیا تجھسے ... ... ... ... ... تیرے بن گذرا جو کچھ
دلِ پُر درد یہہ پہلو مین کرا ہا ا ہا ... ... ... ... ... یاد کر تجھہ کو صنم
کاٹے رس کھاٹے کہ تم روس رہے ہو نیتم ... ... ... ... ... آو کر یاکرو جی
جات ہی جان میری منتی کرا ہا آ ہا ... ... ... ... ... پاپ ہو جیسے ہی دہرم
سانو کھایل کتی تقصیر کری ھٹی پٹیندشی ... ... ... ... ... مینڈی تو جان لبنیدی
چھندری جاندا تیری ترچھی تو نگا ہا ا ہا ... ... ... ... ... کچھہ نہین تیرے کرم
اثنا گوا یم نامیدا ایند کو نو سیستو ... ... ... ... ... ایدی ایمان نیالم
نر موکھٹ کتی نی ملا تر کونڈ ہی یا گا ا ہا ... ... ... ... ... سوسی نو مینڈی کنم
ہیوٹی ہیوٹی وری ہین سسم لشل ویٹ ہیر ... ... ... ... ... کس گو مائٹے ییر
اینڈ گو اینی ویریو فارا ہا ہا ا ہا ... ... ... ... ... مائے ہوس ایورٹیڈ یم
ایسی کاٹے جوک ذہالی سانگ سکیا ماس پاسن ... ... ... ... ... پیو ملا انا جی آن
جان و دھن دو گو دے فازا ہا ہا ہا ا ہا ... ... ... ... ... یاز و زا نکا ظلم
زاردی زار دی زور خودی زور تو ئی ... ... ... ... ... ویچہ وے و اخل دل
ویچہ معشوق د شایستہ ادا ہا ا ہا ... ... ... ... ... کچھہ نہین بیش نہ کم
وقت مستی چو کشیدیم ترا در بر خویش ... ... ... ... ... ہیچو امید وصال
دیدہ ام از تو صنم حسن ادا ہا ا ہا ... ... ... ... ... کشتہ ناز تو ام
صرفت العمر فی الہجر لقا یا صنمی ... ... ... ... ... ثم باللہ کمن
فاہا ثم اہا ثم اہا ہا ہا ... ... ... ... ... لیس فی مثل صنم
حیف صد حیف ہی افسوس صد افسوس افسوس ... ... ... ... ... آیا پیغام اجل

چھٹ گیا زخم جگر سے میرے ہاہا ہا ............ اب نکل جاویگا دم
ہین یہہ معز ز تیرے سب شعر مسلسل موزون ............ شک نہین اسمین ذرا
یہہ غزل جسنے سنی اس نے سراہا ہا ............ تازہ تر تازہ رقم

## مستزاد ہمایون

جا پھنسا طایر دل میرا بصد شوق پری ............ تیری کاکل مین صنم
تو نہ آزار کسی ڈھب کا اسے دے نہ ذری ............ لطف کر اور کرم
ہجر کے جور کی اب تاب نہین ہی مجھہ مین ............ سچ یہہ کہتا ہون بھلا
دلبری بہر خدا ابتو ذری کر تو میری ............ جا من کر نہ ستم
تیری مسّی کی دھڑی پان کی سرخی نے میان ............ قتل کر ڈالا مجھے
دیکھہ تو خنجر مژگان نے کیا کیا کیا بری ............ آرہا ہونٹو نپہ دم
ای زلیخا مین تیری چاہ پہ برباد ہوا ............ یہہ گلہ کس سے کرون
مثل سیماب کے بیتاب ہون فرقت مین تیری ............ مجھہ کو یوسف کی قسم
دل و دین دونون ڈبے دولت ایمان بھی ساتھہ ............ اس ہمایون نے تیرے
دلبری اسپہ کبھی تو نے نہ ذری اسکی کری ............ یہہ ہی سینے پہ الم

## مستزاد اکبر

اس عشق نے یار و مجھے دنیا سے اٹھایا ............ دیوانہ بنا کے
زلفون مین پریرو کے گرفتار پھرایا ............ پھر شانہ بنا کے
پھر شوق کے شیشے مین شراب عشق کی اپنی ............ بھر بھر کے پلایا
پھر میرا تماشا ساری عالم کو دکھایا ............ مستانہ بنا کے
یہہ دختر رز لگتی ہی ہر ایک کے منہہ سے ............ افسوس لیاقی

کیا نام رہا تیرا یہہ کیا تو نے ملایا ........ میخانہ بنا کے
بیدل کیا دلبر نے عبث لیکے میرا دل ........ کس مکر و ہنر سے
پھر اپنی لگا کان کے بالے مین جھکایا ........ دردانہ بنا کے
نزدیک رقیبون کے صنم رات کو بیٹھا ........ مجلس کیا روشن
پھر اپنے شمع رو کے اوپر مجھ کو جلایا ........ پروانہ بنا کے
غیرون کو بلا کر وہ لگا پاس بٹھانے ........ مدت کے گویا دوست
ہم دوست یگانے کے تئین دور بٹھایا ........ بیگانہ بنا کے
اکبر کی یہی عرض ہی اب حق سے شب و روز ........ کر اپنا تو طالب
دنیا مین اگر رکھتا ہی تو رکھہ لے خدایا ........ مردانہ بنا کے

## مستزاد موج

اس کاکل ریحان معنبر کا تیرے یار ........ ہمسے نہ کبھی بل گیا
خوشبو سیتی بالون کے معطر ہوا گھر بار ........ جون غنچہ چمن کھل گیا
ہیگا دل رنجور تیری زلف مین جانا ........ مت کیجیو شانہ
بس گر ہی پڑیگا نہین سنبھلیگا وہ بیمار ........ گر بال کہین ہل گیا
نعرہ کرون جسوقت اگر کوہ کو پاؤن ........ اسجا سے ہلاؤن
بس دیکھ کے نازک بدنی حسن کے سردار ........ وہ آپ ستی ٹل گیا
یہہ زندگی لائی تھی عدم سے ہمین اسجا ........ یہان آ کے جو دیکھا
سب قافلے کے قافلے ہین اودھر ہی کو تیار ........ بس دیکھکے جی جل گیا
دو پر مجھے آ دیکھ کے دھر قبضہ اوپر ہاتھ ........ کہنے یہہ لگا بات
گر خون مین لوٹیگا تیرے حسن کا سردار ........ گر ہاتھ کبھی چل گیا
یک عرض ہی جو موج کی اب شیر خدا سے ........ کہتا ہون بکا سے

حل کیجیو مشکل کو میرے حیدرِ کرار ........ تجھ نام کے مین بک گیا

## مستزاد سراج

تجھ زلف کی یہہ باس گئی جب سے ختن مین ........ ای نافۂ آہو ........ ہی مشک خطا سے
ہر غنچۂ دل تنگ ہوا پھول چمن مین ........ ای شوخ سمن بو ........ تجھ مکھ کی ہوا سے
ہر خار سی ہی اسکی پلک تجھ کف پا کو ........ ہی تجھ مین تراکت ........ از بسکہ سراپا
جو وقت رکھے پانون تو بلبل کے نین مین ........ ای دلبر گلرو ........ اس ناز و ادا سے
اعراب خط و خال نقط چشم ہی مطلق ........ مصحف ہی ترا منہہ ........ ای آیت خوبی
ہی سورۂ اخلاص کی خواہش ترے من مین ........ بسم اللہ ہی ابرو ........ ہی بدر رسا سے
ایک روز کہا مین کہ ستم نین ہی مناسب ........ عشاق کے اوپر ........ سن بات ہماری
بیتاب ہین تجھ غم سے مو بعد کفن مین ........ کر رحم انکو شتاب ........ بولا کہ بلا سے
سوگند مرے حال پریشان کی موہن ........ با تو نہ کہو تمنن ........ کیون زلف لیتی
جمعیت دل بند ہی ہر ایک شکن مین ........ کھولو تم گیسو ........ اب مہر و وفا سے
یکبار تلطف سے پلایا شربتِ دیدار ........ ای شوخ شفا دے ........ بیمار ہون غم کا
ہی مجھ کو برہ درد جگر مین نہ بدن مین ........ حاجت نہین دارو ........ کیا کام دوا سے
رکھ شوق آپس دل مین ترے شعر کو سننے ........ ہر آن سراج اب ........ آتے ہین پری رو
تو دیکھ میری طبع کو ہر ایک سخن مین ........ کرتا ہون نمین جادو ........ کیا طبع رسا سے

## مستزاد انشا

لینے جو بلائین لگے ہم آپ کی چٹ چٹ ........ تو بول اٹھے جھٹ پٹ
چل جا ارے واہ زبر زور ہو پرے ہٹ ........ ہی سب یہہ بناوٹ
ان آنکھون کو مین حلقۂ زنجیر کرونگا ........ ایسا ہی بلا ہون

چھوڑون نہ کہین آپ کے دروازے کی چوکھٹ ... ... ... ... جبتک نہ کھلین پٹ
مرجاؤن مین لہو چھانڈ نہ گونگا ہو وہ کیون کر ... ... ... ... جو شخص کہ دے تکھے
سرخی تیری آنکھون کی اور ابرو کی کجاوٹ ... ... ... ... سرمے کی گھلاوٹ
کیا پھبتی ہے اب نام خدا وا چھڑے اہا ... ... ... ... ہونٹون پہ تمھارے
یک بوسے کے صدقے سے دھوان دھار نلاہٹ ... ... ... ... مسی کی اداہٹ
اے واے رے بالیدگی اور چنپئی رنگت ... ... ... ... یہہ گات یہہ سج دھج
اور جامۂ شبنم کی وہ چولی کی پھباوٹ ... ... ... ... بازو کی کلاوٹ
مت چھیڑو مجھے دیکھو ابھی کہنے لگون گی ... ... ... ... اچھا کیا تم نے
چولی میری ٹکڑے ہوئی دامن بھی گیا پھٹ ... ... ... ... لگ جاوے گی پھر رٹ
اے عشق ادھر آؤ مہاراجون کے راجا ... ... ... ... ڈنڈوت ہے تمکو
گر بیٹھے ہو تم لاکھون کروڑون سکے ہے سرچٹ ... ... ... ... یک آن مین جھٹ پٹ
وہ سیج پڑی پھولون کی مخمل کی وہ تکئے ... ... ... ... کمخواب کی توشک
پردے وہ تمامی کے وہ سونیکا چھپرکھٹ ... ... ... ... اور اسکی سجاوٹ
پھرتا ہے سما آنکھون مین ابتک وہی نقشا ... ... ... ... ہے ظلم ارے کیون
باہم جو لپٹ سونیمین آجائے رکاوٹ ... ... ... ... وہ پیار کی کروٹ

## مستزاد حسین

سوتا ہے گلے لگ کے جب وہ یار پلنگ پر ... ... ... ... کیا ناز و ادا سے
آتی ہے لپٹ پھولون کی مہکار پلنگ پر ... ... ... ... اس بند قبا سے
ہے سرخ جو پوشاک تو اس گورے بدن پر ... ... ... ... سجتی ہے سجاوٹ
رکھتا ہے عجب طرح کا گلزار پلنگ پر ... ... ... ... آنچل کی جلا سے
ساقی تیرے صدقے تو ذرا جام کو بھر دے ... ... ... ... جو شوق خدا ہو

جو ساتھ سوؤن یار کے ستار پلنگ پر ............ سرمست نشہ سے
ہی آرزو دل کی جو وہ آغوش مین آوے ............ خواہش ہی میری یہہ
سو جائے تو ہو جاؤن مین بلہار پلنگ پر ............ منت یہہ خدا سے
رنگینی تیرے شعر کی سن سن کے حسین اب ............ مشتاق ہوا دل
تو خوش رہے اور پاس ہو دلدار پلنگ پر ............ ہر روز رضا سے

## مستزاد معلم

یہہ عرض اور سنو یا شہ زمین و زمن ............ مجھسے عاجز کی بھلا
رکھو آفات بلایون ستی مجھ کو بہ امن ............ بہر شر کرب و بلا
دین و دنیا مین میری شرم و حیا رکھیو ............ اور عزت دیجو
اور مکافات عمل سے مجھے رکھنا احسن ............ ایشہ روز جزا
الغرض میری جو ہر بات مین آسانی ہو ............ اور نہ حیرانی ہو
کھولدو کلمہ شہادت ستی میرا یہہ دہن ............ تم میرے ہو رہنما
قبر کے بیچ مین آوینگے جو منکر و نکیر ............ نہ کرین مجھ کو ذلیل
گرزان کی سے بچا لیجیو میری جان و تن ............ یا امام الانبیا
جب کہ ہو جاوے سوال اور جواب ............ نہ کرین مجھ پہ عذاب
فضل رب کے سبتی ہو میری گور چمن ............ یا محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم
جب کہ ہو روز حشر کیونکہ گران وقت ہی وہ ............ اور بہت سخت ہی وہ
یا نبی لیجیو مجھے بہر حسین اور حسن ............ اسکی آفت سے بچا
تمھارے آل کے صدقے یہہ معلم ہے غلام ............ ہی غلامان غلام
حشر مین پاس بلا لیجیو با تخت عدن ............ کیا کہون اسکے سوا

## مستزاد سراج

صبح ملک بر فلک عالم بالا ~~~~ قد دیکھ سجن کا
تسبیح کرین سلمہ اللہ تعالے ~~~~ من کا لئے من کا
تجھ چہرۂ زرتار کے تارون کی جھلک کی ~~~~ آنکھو نین (نہین) تاب
شاید کہ نمودار ہوا جگ مین اجالا ~~~~ سورج کی کرن کا
ای سرو سہی داغ جدائی کی خبر لے ~~~~ دیکھ عزم تماشا
پھولا ہی عجائب یہ ہزارا گل لالہ ~~~~ مجھ دسے لگے چمن کا
تجھ ابروے خونریز کے شمشیر کی اوجھڑ ~~~~ ہی جسکے جگر پر
کتنے ہین اُسے جگ کے جوان مرد جوالا ~~~~ تجھ عشق کے رن کا
بر جاہی اگر ہوش نسے بیہوش ہوا ہون ~~~~ ای ساقی گلرو
مجلس مین محبت کے ہوا نشہ دوبالا ~~~~ تجھ جام نین کا
نسبت سے تیرے حسن کے ہوئی پھول کی پنکھڑی ~~~~ تو سب مین ہزارا
تجھ پگ کی نزاکت آنکھین کس جھاڑ کا پالا ~~~~ ہی پات سمن کا
دیدار کی سمرن ہی مجھ آنکھون مین سراج آج ~~~~ بس کیون نہ پھراوین
انگلیون سے پلک کے لے ہاتھ مین مالا ~~~~ آنسو کے رتن کا

## مخمس در مدح حضرت سید المرسلین و خاتم النبیین احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ و صحبہ و سلم از شہیدی

بیان اس روئے روشن کے ہو کیا انوار سجد کا ۔۔۔ ہی شمع لم یزل کا پرتو جلوہ محمد کا
سراپا نور تھا اسواسطے سایہ نہ تھا قد کا ۔۔۔ طلوع روشنی جی سے نشان ہو نشہ کی آمد کا
ظہور حق کی حجت ہی جہان مین نور احمد کا

اسی کے فیض سے کل دفتر عالم ہوا پیدا ۔۔۔ اسی کے نور کا پرتو عقول عشرہ مین دیکھا
نہین جز مبدۂ فیاض کوئی ماسبق اسکا ۔۔۔ دبستان ازل مین وہ معلم عقل کل کا تھا

نہ تھا نام و نشان جس روز اس لوح زبرجد کا

چمن بند قضا نقاش اسکی بزم رنگین مین
ہر ایک عرشی ہے حاضر باش اسکی بزم رنگین مین
قدر یک بندگی ہمناش اسکی بزم رنگین مین
چمن پیرائے کن فراش اسکی بزم رنگین مین
بہار آفرینش ایک بوٹہ اسکی مسند کا

بنی جان تھرتھرائے خوف سے شیطان بھی گھبرایا
تہ و بالا ہوئے کعبہ مین اکثر لات اور عزی
ہوا ساری جہان کے کافرون مین تہلکہ برپا
عجم مین زلزلہ نوشیروان کے قصر مین آیا
عرب مین شور اٹھا جبکہ اسکی آمد آمد کا

محمد مصطفی باعث ہوئے ایجاد عالم کے
بڑھے اسکے سبب سے نوح و اسماعیل کے درجے
تمامی انبیا کو اسکی خلقت سے ملے رتبے
شرف حاصل ہوا آدم و ابراہیم کو اس سے
نہ تھا فخر دو عالم فخر تھا اپنے اب و جد کا

بہانا اسکے آنیکا نزول وحی قرآن تھا
غلامون کیطرح آٹھون پہر دونون پہ قربان تھا
فرشتہ تھا مگر ظاہر مین بیٹھا شکل انسان تھا
شب و روز اسکے صاحبزادونکا گہوارہ جنبان تھا
عجب ڈھب یاد تھا روح الامین کو بھی خوشامد کا

نہ تھا بو بلبل و گل پر ہوا صیاد و گلچین کو
بنایا جسم اطہر دو جہان کے زیب و تزئین کو
رکھا آباد و شادان گلشن دنیا کو اور دین کو
وہ اس عالم مین رونق بخش تھا حورونکی تسکین کو
گیا جنت مین طوبی بنکے سایہ اس سہی قد کا

در مقصود لیکر حق سے شاہ بحر و بر آیا
جو اسکی ہمت عالی کا دریا موج پر آیا
عجب دریا دلی سے جاکے بیخوف و خطر آیا
شب معراج چڑھکر عرش سے دم مین وہ پھر آیا
بیان اس قلزم معنی کی کیا ہو جذر اور مد کا

نہ جانو فرق یک نقطے کا احمد کو احد سمجھو
وہ خود مفتاح ہے مفتاح کی کیا اسکو حاجت ہو
سراپا مظہر حق ظاہر و باطن مین ہے وہ تو
کشود عقدہ باطن مین کافی نام حق اسکو

کھلا کرتا ہے سب بے ہجی ہمیشہ قفل ابجد کا

جہان پرواز کرنے سے پرِ جبریل جلتا ہو ۔ بھلا ایسے محل مین دخل پھر شیطان کا کیا ہو
وہین مارا پڑے گو سو طرح کا بھیس بدلا ہو ۔ اگر افعی نبکنے نکلے تو ادھر ابلیس اندھا ہو

ملا ہی قصر اخضر روح کو اسکے زمرد کا

خدا کا ذکر ہی مین بخشش امت کے لیا سایل ۔ معانی تو ادھر کی پر تلفظ مین ادھر مایل
ادھر مشغول تھا حق سے ادھر تھا وعظ مین شاغل ۔ ادھر اللہ سے واصل ادھر مخلوق کا شاغل

خواص اس برزخِ کبرا مین تھا حرف مشدد کا

مثلث کو مربع کسطرح لکھتا کوئی یارو ۔ احد مین میم اگرچہ چار ارکان ہو گئے دیکھو
نہ ممکن تھا کسی ترکیب سے مفرد مرکب ہو ۔ گذر وحدت سے کثرت مین نہو تا ذاتِ مطلق کو

نہ بنتا صفر گر نقش احد پر میم احمدؐ کا

سمجھ کر گوشۂ ایمان دامن تیرا پکڑا ہی ۔ مجھے کونین مین تیرے سوا اب آسرا کیا ہی
میرا دونون جہان مین تو ہی بس ملجا و ماوی ہی ۔ بھروسا ہر کسیکو یک جھار عاقبت کا ہی

تجھے نام مبارک کا ہی ذوالقرنین کو سد کا

مکان لامکان سے ہی بہ برتر کچھ تیرا ایوان ۔ ہی ادنی فرش پاانداز تیرا عرش عالیشان
ستارے ہین تیرے پاپوش کے مہر و مہ تابان ۔ تیرے پاپوش کی ہفتم فلک پر منزل کیون ا

تیرے سجدے سے ہشتم آسمان پر فرق فرقد کا

ہمین دونون جہان مین رحمت و غصے کا ڈر کیا ہو ۔ تجھے بھیجا خدا نے رحمۃ للعالمین اب تو
تیرے انعام بے پایان کا کیا ہو شکر ایسکو تیجو ۔ خدا ان مانگے کیا کیا نعمتین دیتا ہی بندونکو

تیرا دستِ دعا ضامن ہی جب کل کی مقصد کا

جو عاشق ہین وصال حق سے وہ ہو وینگے فرحتمین ۔ جو عابد ہین وہ حورانِ جنان سے ہونگے خلوتمین
زہے قسمت کہ سب ہو وینگے کیا کیا ناز و نعمت مکن ۔ بنینگے جبکہ ہری عشرت کے سامان بزم جنت مین

سکھلے کا سز ۲۰

کھلیگا حال امت پر ترے انعام بیحد کا

شفیع المذنبین جب یاد فرماوینگے امت کو — خوشی کے مارے ہم سب بھول جاوینگے معصیت کو
جو روتے ہونگے ہنستے کھیلتے جاوینگے جنت کو — لب گوہر فشان وا ہونگے جب عرض شفاعت کو

تماشا گاہ محشر مین نکلینگے نیک منہہ بد کا

تیری محراب ابرو کا ہی طاق کعبہ شیدائی — تیرے خال سیہ کا سنگ اسود بھی ہی سودائی
ہی دلمین اسکے داغ حسرت شوق جبین سائی — رہا کعبہ مین تیرے روضہ کے دیر پہنچا پائی

اسی اندوہ سے ہی رنگ تیرہ سنگ اسود کا

وعید کبریائی ہی کہ صادق ہو قیامت مین — یہودی اور نصرانی رہین تیری عداوت مین
محبونکو تیرے اقرار ہو تیری نبوت مین — عدو کو حشر تک انکار ہو تیری رسالت مین

محل باقی رہے اللہ کے قول مؤکد کا

تیری خاطر سے خالق نے کئے ہین خلق انس و جان — ہوا معمور تیرے نور سے یہہ عالم امکان
کیا پیدا نہ پیدا ہو کبھی ایسا کوئی انسان — ہوا تجھسا نہ ہو سکتا ہی میرا ہی یہی ایمان

نہ مانون مسئلہ ہرگز کسی زندیق و مرتد کا

عجب کیا لال کر دیوے زبان ترکی و تازی — کہ شعر آبدار اپنا ہی رشک تیغ فولادی
کٹے اس تیغ ہندی سے نہ کیون سیف صفاہانی — تیری تعریف سے میری زبانمین آئی ہی تیزی

صفاہان تک مسخر ہوگا اس تیغ مہند کا

یہان یکحرف موزون گر کوئی انصاف سے دیکھے — فصاحت اور بلاغت مین ہے بہتر سو کتابون سے
ردی ہو جائینگے صد ہا بیاضین سیکڑون نسخے — بکینگے مثل تقویم کہن دیوان ہزارون کے

ہوا عالم مین شہرہ میرے اشعار مجدد کا

بیان شوق زیارت مین ہی ہر دم مدح او [illegible] — میرا ہادی ہی رہبر ہی علی ابن ابیطالب رضہ
جناب آسمان رفعت پہ پہنچونگا یہہ ہی غالب — ہوئی ہی ہمت عالی میری معراجکی طالب

میسر ہو طواف ایکاش مجھ کو تیری مرقد کا

کبھو یہہ مردم دیدہ سوادِ شہر بھی دیکھین
کبھی اس روضۂ اقدس کے وہ قبے نظر آوین
کبھی درگاہ مین تیرے کرون جاروب مین پلکین
کبھی نزدیک جاکر آستانے پر ملون آنکھین
کبھی مین دور بیٹھون اور کرون نظارہ گنبد کا

تیرے کوچے مین جاکر کیا بھلا فردوس یاد آوے
کہ بہتر سدرہ و طوبیٰ سے دیوارونکے ہین سایے
مجھے خلد برین کی عیش و عشرت سہل ہووے جیسے
فراغ دل سے گر وہان زندگی کا کوئی دم گذرے
حسد ہو خضر و عیسیٰ کو میرے عیش مخلد کا

الٰہی پہنچون یثرب مین یہی مقصود ہی میرا
اگر مر جاؤن مین جاکر یہان تو اسے بہتر کیا
وہان کے دشت مین ہو جاؤن مین طعمہ درندونکا
مدینے کی زمین کے گر نہ لایق ہو مرا لاشا
کسی صحرا مین وہانکے مین خورش ہون دام اور دد کا

خرابی آشیان عنصری کی جب میرے آوے
کبوتر نیکے روح پاک تیرے روضے مین پہنچے
جو ہو آزاد مرغ جان تو پائے شوق سے اڑکے
تمنا ہی درختون پر تیرے روضے کے جا بیٹھے
قفس جسوقت ٹوٹے طایر روح مقید کا

نداق اس مسئلہ کی ہی خبر ثابت روایت سے
کہ خالق نے درود افضل کیا ہی ہر عبادت سے
یہ ہین صل علیٰ فرما کے بس لبہائے رحمت سے
خدا منہہ چوم لیتا ہی شہید کی کس محبت سے
زبان پر میرے جسدم نام آتا ہی محمد صلعم کا

## مخمس میان جرات در نعت حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

تمام امت بھی اور مداح تھا ہارون بھائی کا
اور ایک عالم کرے تھا وصف عیسیٰ کی دوائی کا
نبی موصوف گذرا ہی ہر ایک لوح خدائی کا
محمد ہی نبی ممدوح ذاتِ کبریائی کا
کرے بندہ گر اسکی مدح دعویٰ ہی خدائی کا

اسی کے نور سے جاتی رہی ہے کفر کی ظلمت
اسی کے شان مین نازل ہوئی شمس الضحی آیت
اسی کی حق نے کی کونین مین بدر الدجی خلقت
سپہر معرفت تھا ہی وہ مہر انور ہیت
کہ جس کا دین روشن آئینہ ہے حق نمائی کا

اسی کی ذات ہے کون و مکانکی باعث خلقت
اسی کی شان مین لولاک نازل ہے بہر صورت
جب ایسی ذات باکات ہووے پھر تو بیدا قت
منور کیون نہ اسکے نور سے ہو خانۂ طاعت
کہ روشن کرنیوالا ہے وہ شمع پارسائی کا

مقرر جو کئے ہین اسنے اپنی شرع کے رستے
بغیر از اسکے کوئی منزل مقصود کو پہنچے
نہین ممکن فرشتہ ہووے وہ اور کیا ولی ہووے
بلند اسکا وہ ایوان مراتب ہے کہ بن اسکے
نہین ہے ساکنان عرش کو پایہ رسائی کا

اگرچہ لاکھ پیغمبر اسیکا آفریدہ ہے
موافق مرتبے اپنے کے ہر ایک حق رسیدہ ہے
محمد مصطفی لیکن باوصاف حمیدہ ہے
گروہ انبیا مین وہ ہی حقکا برگزیدہ ہے
سوا اسکے لقب کسکو ملا ہے مصطفائی کا

سلیمان و سکندر اور کسری کیقباد و جم
در خانہ مین اسکے بار کب پاتے ہین یہ ہر دم
فرشتہ بھی جہان ششدر رہے ہرگز نمارد دم
رکھے ہے منزلت آستان سرور عالم
کہ فخر سلطنت ہے مرتبہ وہانکی گدائی کا

کیا کلمہ نے اسکے نفی اور اثبات سے محرم
وہی روز قیامت کو بنیگا شافع عالم
نصیحت تجھ کو کرتا ہون رہے جبتک کہ دم مین دم
اسی کے عشق مین پابند الفت ہو تو لا ہر دم
کہ ہوویگا وہی روز جزا موجب رہائی کا

فرشتہ اور بشر سے ہے خطا نسبت جو اسکو دو
نہین خیر البشر ہے بلکہ فخر انبیا وہ تو
بھلا بے میم احمد اور عرب بے عین ہووے جو
سراپا نور حق نام خدا کہئے نہ کیون اسکو
کہ جس کا نقش پا ہو جبہہ سا سارے خدائی کا

فرشتے اور بشر کی حق نے کی ہی آپ سے خلقت
محمد مصطفےٰ اخلاق کی یک خاص ہی خلقت

دے خالق نے کی ہر جنس کی کونین میں کثرت
دلیل اسکے ہی یکتائی کی یہہ لاریب اجوا[ت]

کہ تھا سایہ نہ اس محبوب ذاتِ کبریائی کا

## مخمس معروف
## بر غزل حضرت امیر خسرو دہلوی علیہ الرحمہ

عشوے سے ظاہر سربسر ہی جلوۂ حور و پری
غمزے مین تیرے مو بمو پنہان ہی فن جادوگری
جتنی کہ خوبی چاہیئے ہی تیری صورت مین بھری
ای چہرۂ زیبا تو رشک بتان آذری

نقاش قدرت نے تجھے جسدم بنایا سربسر
جتنے کہ اگلے نقش تھے بیروپ سب آئے نظر
سارا مرقع دہر کا ہرچند دیکھا غور کر
ہرگز نیامد در نظر نقش ز رویت خوب تر

مشق خرام ناز سے تو جلوہ کرتا ہی جہان
جون سایہ رہتے ہین پر عشاق بے تاب و توان
چاہین کہ اٹھین خاک سے سو ہم مین یہہ طاقت کہان
ای راحت و آرام جان با قد چون سرو روان

هر چند وصفت میکنم در حسن زان بالاتری
شمسی ام یا قمر حوری ندانم یا پری
زانسو مرو دامن کشان کآرام جان من بری

رہتی تھی عاشق سے تجھے کسقدر بیگانگی
مانند نور و سایہ کے کچھ اور آمیزش نہ تھی
پر انتہائے عشق مین دیکھا تو یہہ صورت ہوئی
من تن شدم تو جان شدی من تو شدم تو من شدی

مانا کہ مانی آج ہی تیرا قلم حسن آفرین
کھینچے ہین تو نے عمر بھر نقش بتان نازنین
گو رنگ لاوے لاکھ تو پر ہم سے تیرے قایل نہین
صورتگر زیبائے چین و صورت آئینہ بین

در پر جو اپنے دیکھ کر مجھ کو وہ شوخ بیحیا
ہو کر غضب کہنے لگا تو کون اٹھ یہان سے جا
معروف مین نے رو دیا اور رو کے یہہ مقطع پڑھا
خسرو غریبست و گدا افتادہ در شہر شما

تا کس نگوید بعد ازین من دیگرم تو دیگری
یا صورتی کش پیچ چین یا ترک کش صورتگری
باشد کہ از بہر خدا سوئے غریبان بنگری

## مخمس معروف
## غزل خواجہ حافظ علیہ الرحمہ

نپوچھہ مجھسے غم و درد و صد بلاے فراق
ازل سے مجھکو بنایا ہی آشناے فراق
لکھا ہہین مری تقدیر مین سواے فراق
مباد کس چو من خستہ مبتلاے فراق
گر نزاد مرا مادر از براے فراق

غم فراق سے از بسکہ ہون سدا بیدم
ہر ایکدم ہی میرا میرے حق مین تیغ دو دم
طرف فلک کے یہہ کہتا ہون دیکھکر ہر دم
کجا روم چکنم حال دل کرا گویم
بآب دیدہ دہم باز خونبہاے فراق

بھرا ہی بسکہ دل و جان مین تیرے ہجر کا غم
بنا ہی چشمۂ خون جگر یہہ دیدۂ نم
جو بس چلے تو بتقریب انتقام الم
فراق را بفراق تو مبتلا سازم
چنانکہ خون بچکانم ز دیدہاے فراق

کئے ہین ہجر نے از بسکہ مجھپہ جور و ستم
تو بن رہا ہی یہہ غصے سے اب میرا عالم
کہ دل ہی دلمین یہہ سوچا کرو ہون نہین شرم
اگر بدست من افتد فراق را بکشم
کہ عمر من ہمہ بگذشت در بلاے فراق

تمام عمر رہا دوستو مین اوس سے جدا
اور اسپہ کہتے ہو قسمت کا تو نہ کر شکوا
ذرا مجھے کہو بات از براے خدا
من از کجا و فراق از کجا و غم ز کجا
کہ داد من بستاند دہد سزاے فراق

اسیر بند بلا ہین یہہ ناتوان شب و روز
سبب یہہ ہی کہ وہ آنکھونسے ہی نہان شب و روز
سنا کئے ہین جو معروف کی فغان شب و روز
ازین سبب من و حافظ جو بیدلان شب و روز
چو بلبل سحری میزنم نواے فراق

## مخمس
## خواجہ حیدر علی
## آتش

بھڑک کے عشق کی سارے بدن مین آگ لگی
یہہ شعلہ آہ کا نکلا دہن مین آگ لگی
تری تو آتش رخ سے چمن مین آگ لگی
میرے تو جان و جگر او رمن مین آگ لگی
مدد کو پہنچو صنم اب کفن مین آگ لگی

یہہ کیا خفا تھی چمن سے منگائی شیرین نے
اور اسکی خلق مین شہرت اڑائی شیرین نے
ادھر تو ہاتھون مین مہندی لگائی شیرین نے
مگر یہہ سیر عجایب دکھائی شیرین نے
پھرا سطرف کو دل کوہکن مین آگ لگی

کیا علاج اطبا نے نارسائی سے
نہ آخرش ہوئی صحت کسی دوائی سے
یہہ رنگ جسم کا ہی تیری آشنائی سے
جلے ہی لاش میری آتش جدائی سے
یہہ رو رو کہتی تھی بلبل کہ وطن مین آگ لگی

وطن

ہذا
مخمس معروف بر غزل
محمد ابراہیم ذوق

تمہاری چپ سے میری چپ زبان ہا بولو تو
لبونکو دیکھکے حیران جہان ہی بولو تو
میرے تو دلمین کچھہ اور ہی گمان ہی بولو تو
یہہ مسی ہونٹونپہ ہی یا دہوان ہی بولو تو
یہہ سرخی پانکی ہی یا دہن مین آگ لگی

بھرے تھے قمقمے ہر ایک گل کی جھولیمین
گلون نے گھیر لیا تھا اسی ٹھٹھولیمین
چھڑکتی جاتی تھی ہنس ہنس کے رنگ جولیمین
گلال زلف مین اسکے پڑا جو ہولی مین
تو لالہ بولا کہ مشک ختن مین آگ لگی

اگرچہ ہوتے ہین گلرخ ہزار غصے مین
پر اسطرحکی ندیکھی بہار غصے مین
یہہ وصف تجھہ ہی مین دیکھا نگار غصے مین
ہوا جو سرخ تیرا یار چہرہ غصے مین
تو بلبلون نے بھی جانا چمن مین آگ لگی

ہوا اثر کشش دل کا دلمین تب اسکے
تو خود بخود وہ لگا دوڑ کر گلے میرے
یہہ سیر جسنے ندیکھی ہو آنکر دیکھے
طلب جو بوسہ کیا مین نے اسنے بھبھو کیسے
زبان تو شمع بنی اور دہن مین آگ لگی

ملا ہی نام خدا مجھہ کو ایک صنم ایسا
کہ جسکے دیکھنے سے ہوتے ہین سیکڑون شیدا
مین بھولی باتون کا اسکے بیان کرون کیا کیا
شفق کو دیکھکے کہتا ہی نوجوان میرا
عجب تماشا ہی چرخ کہن مین آگ لگی

جو کوئی عاشق بت سفاک پر ہو جائے ہے
خنجر بیداد سے آخر شہادت پائے ہے
لیکن ایسی موت کب ہر ایک کے ہاتھہ آئے ہے
سر بوقت ذبح اپنا اسکے زیر پائے ہے
یہہ نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جائے ہے

مین پڑا ہون قید مین اور موسم گل آئے ہے
شوق کو موج صبا بے تابیان سکھلائے ہے
سخت تنگ آیا ہون بیٹھے بیٹھے جی گھبرائے ہے
رخصت اے زندان جنون زنجیر در کھڑکائے ہے
قطرہ خار دشت پھر تلوا مرا سہلائے ہے

ضعف سے مشکل ہی اب مغز کا نکلا بھی ہونا بہم
زور اگر چلتا تو مرجاتے کہین جلدی سے ہم
ناتوان ہین کسطرح طی کر سکین راہ عدم
ہان مدد طاقت کیے ہی ضعف سے سینے میں دم
دیکھئے تب تک خدا کیونکر مجھے پہنچائے ہے

مرتے مرتے بھر چکا ہون زخم مین کتنا نمک
کیا عجب کر خاک سے بھی میر پیدا ہو نمک
لذت بیداد قاتل مین بھی ہی کیسا نمک
واہ وا شور محبت خوب ہی چھڑکا نمک
استخوان میرے ہما کر منت سے کہائے ہے

ہر نفس جھڑتے ہین آہِ گرم سے میرے شرر
خونِ دل ہر دم بہاتی ہی رگِ مژگان تر
کون ہے اسوقت مین میرا جو لے میری خبر
بس گرمِ سوزِ درون بھن جائینگے دل اور جگر
زخم جوش گریہ پھر چھاتی میری بھر آئے

بسکہ دردِ حسرتِ دیدار تھا بے قرار
کھو دیا بیچارہ نے ہستی کے رنگکا اعتبار
کشمکش مین مرگ کے بیخود پڑا معروف آر
نزع مین بھی ذوق کو تیرا ہی بس ہی انتظار
جانب ر دیکھتا ہی جگہ ہوش آجائے

## مخمس مرزا محمد سلطان فتح الملک شاہ بہادر المتخلص بہ رمز

پرتو پڑے جو اسکے رخ پر حجاب کا
پیدا ہو رنگ سنگ مین لعل خوش آبکا
پھر دیکھین تو یہہ جلوہ ہی اس رخ کی تابکا
جب پردہ رخ سے دور کرے وہ نقابکا
جلوہ ہر ایک ذرہ مین ہو آفتاب کا

شب بزم می تھی اور تھے سب جمع آشنا
ایک رندِ می پرست نے مذکور یون کیا
یعنی عجیب نقل ہی اور طرفہ ماجرا
کل شیخ جنکے مجتہد عصر سا قیا
دکھلا کے باغ سبز عذاب و ثواب کا

دینے لگا وہ رنج تفکر مجھے بہ طنز
یعنی جتایا اپنا تفاخر مجھے بہ طنز
جب دیکھا خوب محو تحیر مجھے بہ طنز
کہنے لگا زراہ تبختر مجھے بہ طنز
معلوم ہوگا حشر مین پینا شراب کا

جب اسطرح سے پند و نصیحت وہ کر چکے
مین بیٹھا چپکا سنتا رہا وہ کہے گئے
جانا یہہ مین نے یون تو یہہ چپکے نہو وینگے
مین نے کہا کہ ہم بھی ہین ہان خوب جانتے
پر کیا کرین کہ ہی ابھی عالم شباب کا

جو کچھ کہ آپ کہتے ہین سب سچ ہی یون ہی یون
لیکن تمھارا زہد ہی یہہ مکر اور فسون
دعوی جو آپ کرتے ہین باطل و جنون
گستاخی ہو معاف تو یک عرض مین کرون
مجھکو اگر نہ کیجیے معذور عتاب کا

جو طعن یکسو نہ کرو تم بجا درست
ایسا ظاہر آپنے اپنا کیا درست
پر یہہ صلاح زہد کا دعوی ہی نا درست
تقوی ہمارے آگے ہو جب آپکا درست
اور تب یقین ہو آپکے اس احتساب کا

جب نکہ روز ابر ہوا اور بہار بادہ کش
پیاسے پکارین ہاتھ سے ساقی کے العطش
اسدن یہہ جلسہ سب ہو تو ہو جاؤ تم بھی غش
می اور کنج باغ ہو ساقی ہو ماہ وش
مدہوش کرنے یا تو نہ تمکو لگا کے منہ
اور سو نہ وہان محل کوئی باعث حجاب کا

پھر دیکھین بیٹھتے ہو کدھر تم چھپا کے منہہ
اور جب زروئے ہنسنے کا بنا کے منہہ
کھینچے ہنسی سے اسکو وہ منہہ سے ملا کے منہہ

یکمشت ناز حور شمایل پری لقا
مستی مین جسکو پاس نہو کچھہ بھی شرم کا
از روئے لطف بوسہ کرے یون تمھین عطا
گردن مین ہاتھہ ڈالکے وہ شوخ بیحیا

پھر دیکھین کیونکہ بنتی ہی بن دین و دل دئے
جب وہ حریف ہاتھہ مین ہو جام مے لئے
گر تمنے مے کے پینے مین کچھہ عذر بھی کئے
منت سے یون کہے کہ ہمارا لہو پیئے

جسوقت اسطرح سروسامان عیش ہو
اور مے پلانیوالا بھی ایسا ہو خوبرو
اور پھر بضد وہ ہوکے کرے ایسی گفتگو
اسوقت ہم سلام کرین قبلہ آپ کو

اور یون تو مین بھی جانتا ہون بادہ کو حرام
اور انکو بھی بادہ سے انکار ہے مدام
پر اعتقاد ہو گا اسیوقت لا کلام
اور امتحان بغیر تو ہے آپکا غلام

کرتے ہین ہو مومنون کیلئے مومنان پاک
کیا کیا دعائین دل سے بوقت امید پاک

ہان اے مز تو بھی کہدے بصد آہ دردناک
یارب غم حسین مین اختر ہو جسکی خاک

مخمس
[illegible]

ہی دادخواہ تجھسے وفا اور وفا سے ہم
راضی ہی تیری خو سے جفا اور جفا سے ہم
کیا لگ چلے ہی تجھسے ہوا اور ہوا سے ہم
کیا لگ تجھسے لے ہی صبا اور صبا سے ہم

کرتی ہی ہمکو بے سر راہ عشق مین
ہی کسکو جان و تن کی خبر راہ عشق مین
لیئے گئے ہین سر سے گذر راہ عشق مین
دینا ہی ایک کام یہ سر راہ عشق مین

رہتے ہین روز رات کو روتے سحر تلک
ہچکی سی ایک لگتی ہی شام و سحر تلک
پائی نہ پھر دعا کی رسائی اثر تلک
پہنچی نہ ایکبار اجابت کے در تلک

لازم ہی دوستون کو رہین دل سے عمر بھر
احسانمند خوبی خلاق یک دگر
ہین ہم بھی فیض گلشن ہستی سے بہرہ ور
دامان بھر کے لیتے ہین نکہت سے ہر سحر
گل سے چمن چمن سے ہوا اور ہوا سے ہم

دلمین بھرین ہین بسکہ محبت کی شوخیان
ہر غنچۂ گل کا اپنے گمان مین ہی گلستان
نیرنگ کارخانۂ دل کیا کرون بیان
ہر ایک تازہ رنگ سے ہی خون بدل یہان
خون تیرے ہاتھ سے ہی حنا او حنا سے ہم

راہ طلب مین کسکو میسر ہی باز گشت
یہان ہر قدم ہی صورت خورشید تیغ و طشت
دیوانگان شوق کی مت پوچھ سرگذشت
سرگرم جستجو ہین تیرے بسکہ دشت دشت
منت پذیر ہم سے ہین پا اور پا سے ہم

یون اب کوئی بڑھاوے کسو سے ہزار ربط
پر بے مناسبت کا سنو استوار ربط
ہوتا ہی اپنی جنس سے بے اختیار ربط
آشفتہ سے رکھے ہی سیہ روزگار ربط
شانہ و موی تو سے بلا اور بلا سے ہم

احیا کا گرچہ معجزہ آرائے ہی مسیح
لیکن مریض عشق سے شرمائے ہی مسیح
ممنون کا درد دیکھکے فرمائے ہی مسیح
معروف درد عشق کو کب پائے ہی مسیح
عاجز ہی اس مرض سے دوا اور دوا سے ہم

## مخمس معروف برغزل نواب اسد اللہ خان بہادر المتخلص بہ اسد

شرح درد دل افگار کہون یا نہ کہون
ہی مجھے رخصت گفتار کہون یا نہ کہون
کچھ تو کہہ ای بت عیار کہون یا نہ کہون
اپنا احوال دل زار کہون یا نہ کہون
ہی جہان مانع اظہار کہون یا نہ کہو

آپ سے دل وحشت زدہ کب ہی باہر
نشۂ بھی ہین نہین اندازے سے باہر
حرف بیجا نہین آتا مرے لب سے باہر
نہین کر سکتا مین تقریر ادب سے باہر
مین بھی ہون محرم اسرار کہون یا نہ کہون

باب پنجم کے گلستان کی حکایت سمجھو
مرثیے کی اسے یا کوئی روایت سمجھو
خیر جو سمجھو سو سمجھو یہ نہایت سمجھو
شکوہ سمجھو اسے یا کوئی شکایت سمجھو
اپنی ہستی سے ہون بیزار کہون یا نہ کہون

دیکھ کر بیکسی عاشق ٹوٹے یاری دل
ٹکڑے ہوتا ہی جگر دیکھ کے لاچاری دل
اپنے دلمین ہی بس احوال عزاداری دل
ہی سویدا بھی سیہ پوش عزاداری دل
جب پانون کوی غمخوار کہون یا نہ کہون

کوئی کرتا ہی گلہ بھی جو کسو اپنے کا
لوگ باور نہین کرتے ہین بھر اسکو اصلا
ہی یہہ مشکل کہ نہین اور سے مجھہ کو شکوہ
دل لگے ہاتھونسے کہ ہی دشمن جانی اپنا
[illegible]

پہلے تو عاشق غمگین کی زبان ہی غماز
اشک بیتابی و فریاد و فغان ہی غماز
یعنی ہر پردہ مین یک ڈھب کا نہان ہی غماز
مین تو دیوانہ ہون اور ایک جہان ہی غماز
[illegible]

ہی سخن وا شد دلکی مجھے معروف مدد
ہون بزندان سخن صورت قفل ابجد
دلمین باتین ہین بھری جبکہ زبان از جا رد
آپ سے وہ میرا احوال نپوچھے تو اسد
[illegible]

نالہائے بے اثر سب بے فایدہ
زاری شام و سحر سب بے فایدہ
ایسے کیون جی کا ضرر سب بے فایدہ
گریہ ام ای سیمبر بے فایدہ
[illegible]

نی تو نقش مدعا کی ہی نشست
نی صف غم کو ہی ملتی ہی شکست
خوب دیکھا او دل الفت پرست
نالہ مین سر بسر بے حاصل است
[illegible]

رد کرے جو ایک بوسیکا سوال
وہ کرے کیا خاک عاشق کو نہال
کب بر آتی ہی تمنائے وصال
ای صنم ای سرو بستان جمال
[illegible]

نزع کی حالت مین کیا ہوتا اگر
دیکھہ جاتا آکے مجھہ کو یک نظر
وائے حسرت ای بت بیداد گر
جان بلب دارم نمی داری خبر
[illegible]

ہر گھڑی تو جو یہہ کرتا ہی بیان
دل لگا مت اسمین ہی جی کا زیان
تو کوئی قاضی ہی مجھہ کو کیا میان
ناصحا من دائم و عشق بتان
[illegible]

کہتے ہین معروف ہی کو کیا زبون
میر کو بھی کہتے ہین مرد فنون
کرتے ہین سودا تلک ثابت جنون
قدر شعر احسان کہ میداند کنون
[illegible]

تمت

## مخمس رمز
## برغزل محمد ابراہیم
## صاحب ذوق

جوش مین طوفان لانا کوئی ہمسے سیکھ جائے
اضطراب دل دکھانا کوئی ہمسے سیکھ جائے
خاک مین گوہر ملانا کوئی ہمسے سیکھ جائے
ابر تر آنسو بہانا کوئی ہمسے سیکھ جائے
برق مضطر تلملانا کوئی ہمسے سیکھ جائے

تھا یقین ہمکو کہ بس ہوتے ہین کوئی دنکو قتل
کونسا مشکل ہی کرنا عاشق پرغم کو قتل
کر چکا ہی تو اسی انداز سے عالم کو قتل
ہمنے پہلے ہی کہا تھا تو کریگا ہم کو قتل
تیوریکا تاڑ جانا کوئی ہمسے سیکھ جائے

یہہ تو ظاہر ہی کہ دشمن کو ہی بیشک مجھسے بیر
دیکھئے کیا ہو و بیٹھے دیکھتے ہین ہم بھی سیر
یار ہو اسکے ہی کہنے مین تو ہی یہہ بھی بخیر
جو سکھایا اپنی قسمت نے وگرنہ اسکو غیر
کیا سکھائیگا سکھانا کوئی ہمسے سیکھ جائے

کیا ہی پچھتاتے ہین اپنے دیکھ کر دلکا یہہ حال
سچ کہا ہی قدر نعمت ہوتی ہی بعد از زوال
سینہ کاوی سے حقیقت مین ہوا نقصان کمال
تیر و پیکان دلمین تھے جتنے دئے ہین سب نکال
اپنے ہاتھون گھر لٹانا کوئی ہمسے سیکھ جائے

شور الفت کا بیان احوال مین کسسے کرون
آہ پھر ہونے لگا تازہ ہر ایک زخم درون
کیا خوشی کا ذکر یہان ہے عشق کا ہی یہہ فسون
دیکھکر قاتل کو پھرتا ہے خراش دلمین خون
سچ تو یون ہے مسکرانا کوئی ہمسے سیکھ جائے

خوب ہے گر تو نجائے ایسے جانے سے وہان
یعنی کچھ حاصل نہین ہی سر کٹانے سے وہان
ہی سوا ظلم و ستم سارے زمانے سے وہان
کہدو قاصد سے کہ جاوے کچھ بتانے سے وہان
گر نہین آتا بہانا کوئی ہمسے سیکھ جائے

ایسے غم مین گر جئے ہی کام تیرے ہمدم کا
حال لکھنا کیونکہ انکو رنگ روئے زرد کا
قصہ ہم سنوادے انکو اپنی آہ سرد کا
خط مین لکھوا کر انھین بھیجا تو مطلع درد کا
درد دل اپنا جتانا کوئی ہمسے سیکھ جائے

کردیا گردنکو اسکے سامنے خم آپ سے
اسطرح دلبستہ دے ہی کوئی سرکو آپ سے
خوش ہوا ہی چاہے وہ آشوب عالم آپ سے
تیغ تو اوچھی پڑی تھی گر پڑے ہم آپ سے
دلکو قاتل کے بڑھانا کوئی ہمسے سیکھ جائے

کاہیکو کچھ منہہ سے کہتا جاتا مین یہہ گلہ
اسطرحکا نکتہ چین وہ ہو گیا ہی کینہ ور
باتون باتون مین کیا کیون جانکا ہے یہہ ضرر
جب کہا مرتا ہون وہ بولے کو میرا سر کاٹ کر
جھوٹ کو سچ کر دکھانا کوئی ہمسے سیکھ جائے

گو یہ کھینچی ظاہرا اس دشمن عالم نے تیغ
ہاتھ میں دی پر خیال ابروئے پرخم نے تیغ
آپ اپنے پر لگائی عاشق پرغم نے تیغ
وہان ہلی ہی ابرو وہان گردن پہ پہنچی تیغ

انکو جب پاتے ہیں تو اپنے کو کب پاتے ہیں ہم
ساتھ اپنے شوق کے ہمدم اڑے جاتے ہیں ہم
شوق کی نیرنگی سازی انکو دکھلاتے ہیں ہم
جسکے آمد انکی از خود رفتہ ہو جاتے ہیں ہم

گو سیہ کاری سے ہے اے رمز حال دل تباہ
پھر ملی ہے لیکن اسکے دلمین گھر کرنیکی راہ
رہنمائی راہ الفت ہو گئی اپنی گناہ
کیا ہوا از ذوق مین جون مردمک روئے سیاہ

مخمس شاہ ظفر علیہ الرحمۃ
بر غزل رمز

تمھاری وضع سے صاحب عیان کیا تھا ہوا کیا ہے
ہمین تم سے محبت کا گمان کیا تھا ہوا کیا ہے
تمھارا قول ہے ہم سے میری جان کیا تھا ہوا کیا ہے
کیا وہ آپنے ہمسے بیان کیا تھا ہوا کیا ہے

محبت تو ہی پہلے تو کی مہر و وفا تو نے
ستم ہمپر جو کرتا ہے وہ کیا دیکھی خطا تو نے
ہمارا لیکے دل ہمپر آخر کی دغا تو نے
یہ جانا تھا کریگا تو وفا پر کی جفا تو نے

ہمیشہ سے تیرا جان حزین یہ ہی مقولہ تھا
کہ اس قالب مین بن اسکے نہین رہنے کی مین اصلا
وہ پہنچا اپنے گھر اور تو نہین کرتی ہے واویلا
تجھے تھا ساتھ جانا وہ گیا تو رہ گئی تنہا

جو عہدہ قاصد نکالے وہ مہر پر قلم باندھے
کہ خط کو ہاتھ مین لیکر ہتھیلی پر وہ سر رکھے
ہوا کیا اور خیال افسوس ہے دلمین کیا کیا ہے
تمنا تھی جواب خط کی قاصد کے ہو ہمرہ رہے

زمانہ دوستدار رنج ہو یا دشمن شادی
فلک کے ظلم سے خاموش کوئی ہو کہ فریادی
اسے کیا کام جسکو قید دنیا سے ہے آزادی
ملا تھا خاک مین کون اور اب ہے کسکی بربادی

سراسیمہ یہ اب کیا دیکھتا ہی چار سو اے دل
نہ یارائے خموشی اور نہ تاب گفتگو اے دل
ہمین معلوم ہے احوال تیرا مو بمو اے دل
گیا وہ مو کمر فکر کمر مین گم ہوا تو اے دل

پشیمان ہو وے دنیا میں جو کوئی چاہ کر اُس کو
نصیبوں سے ملیں گر اسکے شاہ نکتہ ور اُس کو
سنائیں حسب حال ای مرزا اپنا شعر گر اُس کو
اگر سم جانتے ایسا نہ دیتے دل ظفر اُس کو

[illegible]

## مخمس معروف بر غزل حافظ عبد الرحمن خان المتخلص احسان

بنی ہی چشمہ خون چشم اشکبار دریغ
بچا نہ قطرۂ خون جگر فگار دریغ
ہزار حسرت و صد حیف و صد ہزار دریغ
ہوا ہی زرد میرا غم سے جسم زار دریغ

[illegible]

ملا جو تجھ سے سر راہ میں بیابان گرد
تو دیکھ دیکھ میرا حال زار چہرۂ زرد
ہنسا بزیر لب ایک بھر کے ناز سے دم سرد
کڑھا ہی دیکھکے مجھ کو تو اسطرح بیدرد

[illegible]

بچھے ہیں پھول گلستان کے ہر نشیمن میں
ہر ایک جا پہ ہیں مرغان باغ شیون میں
بھرے ہیں لخت دل زار گل کے دامن میں
گذر ہوا تھا یہہ کس رشک گل کا گلشن میں

[illegible]

نہیں ہی کوئی میرا یار و آشنا فی الحال
ہر ایک تیرا جو چھلا ہی یادگار وصال
اسی کو سینے پہ دھرتا ہوں جو کہ کر لال
جو گل ہیں کھائے لکھوں کسطرح تجھے احوال

[illegible]

کرم سے تو نے جو مقتل میں جلوہ فرمایا
بسکہ مجھکو تمنائے مرگ میں پایا
تو سکو قتل کیا اور مجھکو ترسایا
گلوئے تشنہ پہ میرے تجھے نہ رحم آیا

[illegible]

نہ آہ ممکن ہے یہہ معروف بیسر و سامان
نہ پاس شرم و حیا ہی نہ ضبط آہ و فغان
نہ باز رونے سے ہوتی ہیں دیدۂ گریان
نہ دلکو تاب ہی فرقت میں کیا کروں احسان

[illegible]

## مخمس میرزا رفیع السودا بر مصرع یقین

اس شوخ سے اس دل کے لگ جانیکو کیا کہیے
ناحق کی اذیت سے دکھ پانیکو کیا کہیے
احوال میرا یہاں لگ پہنچانیکو کیا کہیے
یوں مفت میں اس جی کے پھنس جانیکو کیا کہیے

[illegible]

اس دل سے مین کہتا تھا وہ کچھہ کو لبھاتا ہے
کیون اس لب شیرین کی باتون پہ تو جاتا ہے
گو زہر ہوا میٹھا لیکن کوئی کھاتا ہے
یون پند ودانش سے کوئی کہنے آتا ہے
کیا کام کیا دلنے دیوانیکو کیا کیٔے

نہ زر کہ اسے دیجے نہ زور کی ہے طاقت
نہ عجز سے کچھہ حاصل نہ کام آوے منت
کس طرح سے کاٹو نمین کٹتی نہین یہہ زحمت
کیا فکر کرون یارو لاحول ولا قوت
کیا کام کیا دلنے دیوانیکو کیا کیٔے

اس جینے سے بہتر ہی اب موت پہ دل دہرئیے
جل بجھئے کہین جا کر یا ڈوب کہین مرئیے
کس طور پیٹین اتنیٖن کس طرح سے دن بھرئیے
کچھہ بن نہین آتی ہے حیران ہین کیا کرئیے
کیا کام کیا دلنے دیوانیکو کیا کیٔے

مصرع کو یقین تیرے سودا نے سنا تھا کل
روتا ہے وہ تب یون سے برسے ہی گویا بادل
ہی رعد نمط نالان بجلی کیطرح بیکل
پھر پھر کے وہ پڑھتا ہے ہاتھونکے تئین مل مل
کیا کام کیا دلنے دیوانیکو کیا کیٔے

## مخمس میان عشرت

غم فراق مین سینہ تو شق ابھی سے ہے
سفید چہرہ برنگ فلق ابھی سے ہے
جو جاؤن جاؤن کا تجھکو سبق ابھی سے ہے
شب فراق مین دلپر قلق ابھی سے ہے
سحر ہی سے دو رمرا رنگ فق ابھی سے ہے

دماغ دوستو میرے جو کج کلاہ کا ہے
نہ حور کا نہ پری کا نہ بادشاہ کا ہے
ہراس دلمین سمایا جو اسکی راہ کا ہے
چلا نہین یہ ارادہ جو سیر ماہ کا ہے
یہ نازکی کہ جبین پر عرق ابھی سے ہے

روان ہو جیسے کہ نیسان کا قطرہ سمت صدف
کمان سے جون ہو گریزندہ تیر سوئے ہدف
کہ جیسے پرچہ کاغذ پہ ہووے خالی کف
مین لکھہ چکا ہی نہین حال دلکا اسکی طرف
ہوائے شوق مین اڑتا ورق ابھی سے ہے

نگاہ تیری نے جسکے تئین کیا گھایل
وہ آج مر گیا ظالم اٹھا کے صدمۂ دل
خدا کیواسطے چل دیکھہ تو ارے قاتل
ہنوز دفن ہوا ہی نہین ترا بسمل
کہ زلزلہ مین زمین کا طبق ابھی سے ہے

ہوئے ہم اسکے جو مایل تو دکھہ سہا عشرت
ہماری آنکھونسے دنرات خون بہا عشرت
صبح سے شام تلک جوش خون رہا عشرت
کسی نے شام کے آنے کو کیا کہا عشرت
کہ پھولی آپ کے منھہ پر شفق ابھی سے ہے

مخمس ارشاد

## مخمس ارشاد

اس گردش افلاک سے حق اپ ہی سنبھالے
دنیا کی محبت سے میرے دلکو نکالے
یہہ قوم دغا باز جفا جوئے رزالے
کرتے ہین ہر ایک بات مین کیا حیلے حوالے
سچ ہی کہ خدا کچھ کسی سے کام ندے

افسوس عجب طرحکا آیا ہی زمانہ
جو دل سے یگانہ تھا ہوا ہی وہ بیگانہ
جاتا ہون ہر ایک کام کو مین خانہ بخانہ
کوئی مجھ کو نہ پوچھے کہ یہہ ہی کون فلانہ
سچ ہی کہ خدا کچھ کسی سے کام ندے

جتنے ہین اسے ہووے جو زردار تونگر
مفلس کو نہ پوچھین وہ اگر ہووے برادر
آثار محبت کا نہین روئے زمین پر
کیا غیر زمانہ ہی یہہ اللہ اکبر
سچ ہی کہ خدا کچھ کسی سے کام ندے

اکھڑ گئے ہین بزرگون نے مقرر سو کیا ہے
کس سے نہ لگے دل تو بہت خوب بھلا ہے
دنیا مین ذرا چشم مروت نہ حیا ہے
جو تجھ کو ملا اپنے غرض کا ہی ملا ہے
سچ ہی کہ خدا کچھ کسی سے کام ندے

اسوقت توقع نہین مادر و پدر سے
احمق ہی جو امید رکھے اپنی پسر سے
یہہ مصرع عجب کسنے لکھا خون جگر سے
لائق ہی جو ہم اسکو لکھین آب گہر سے
سچ ہی کہ خدا کچھ کسی سے کام ندے

ارشاد تو غافل ہی پہ یک خوف خدا کر
جو دوست نظر آوے دل و جان فدا کر
مقدور سے اپنے نہ گذر کام روا کر
کوئی طعنہ نمارے تجھے یہہ مصرع سنا کر
سچ ہی کہ خدا کچھ کسی سے کام ندے

## مخمس دیگر

سودائے یار سے ہی نپٹ بیقرار دل
مدت سے یک نگاہ کا ہی انتظار دل
شوق وصال یار ہوا خار خار دل
کیا کہئے کسقدر ہی سدا اضطرار دل
چاہ ذقن مین پھنس کے ہے اب تشنہ دل کہ طرح سے خراب ہے اب کار و بار دل

آشفتگی دلکو نپٹ اور پیچ و تاب
آزردگی و خستگی رہتی ہی بیحساب
بہ طرح روز و شب ہلے سے آہ و اضطراب
ہی قید زلف یار دل خستہ کو عذاب

چاہت نے ای کنور مجھے بیخانمان کیا — بار الم سے پشت دوتا جون کمان کیا
یہ طرح اس جہان مین مجھے خستہ جان کیا — لے لے کے دلکو قیدی زلف بتان کیا

تڑپے ہی سینے مین مرے بے اختیار دل

## مثلث از عالیشان فصاحت بیان حکیم محمد مومن خان سلمہ الرحمان

لذّت فزاست در دل شبہا گریستن — نوش در خورست حسرت تو با گریستن

پنہان ملول بودن و پیدا گریستن

مت بیحجاب رو تو نہ یون جھانک چارسو — ای دیدہ شرم دار کہ مقتول عشق کو

رسوانگاہ کردن و رسوا گریستن

منظور ہی کچھ اور کہ اشک آنکھ سے چلے — من کیستم کہ گریہ بحالم کند ولے

می زیبدت بہ نرگس شہلا گریستن

ہین خونفشانیان عبث ای چشم اشکبار — گر کام دل بہ گریہ میسر شدے وصال

صد سال می توان بہ تمنا گریستن

حیران ہون دیکھہ ربط گل و شبنم ای نگار — بے درد را بہ صحبت ارباب دل چہ کار

خندیدن آشنا نہ بود با گریستن

بے صرفہ ہاے روتے ہین کن مدتون سے خون — عمرم مگر بہ پاے ہوس صرف شد کنون

عمرم تبازہ بایدم و وا گریستن

ای شیخ سیر بندہ و خلد برین پرست پرست — گاہی بیاد سرو قد گریہ ہم خوش است

تا کی بہ شوق سدرہ و طوبی گریستن

لاکھون تباہ حال ہین مین اشکبار ایک — ہر کس کہ ہست گریہ بحالش رواست لیک

نتوان بعالم تن تنہا گریستن

مومن

مومن یہہ کہدے جا کے کہ ہی گرچہ دل اشتیاق
عرفی زگریہ دست نداری کہ در فراق

دردت ز دل نمی برد الا گریستن

## مسدس فدوی

سنیو ذرا یہہ گفتگو شب کو بروئے آبجو
تھی مشعل مہرو بردہم سے تھے ویا تھا خوبرو
صبح دمیدہ شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
بیٹھے تھے محو سو بسو ملکے صنم تئیں بدو
لیکن ہوئے وہ سب لغو آخر شب نے من نہ او
روئے سحر سیہ شود یار بدین بہانہ رفت

ہمنے کئے تھے واہ واہ اسکو مسرے عجب عجب
سینہ بسینہ لب بہ لب یونہین کٹی تمام شب
صبح دمیدہ شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
بزم شراب و راگ و رنگ اور بغل مین غنچہ لب
عین خوشی مین کیا ہوا دیکھیو یارو یہہ غضب
روئے سحر سیہ شود یار بدین بہانہ رفت

یار نے کی تھی روشنی صحن چمن مین ہر طرف
آب رواں و میکشی بانگ نی و صدائے دف
صبح دمیدہ شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
نہر کنارے لب کے وار یار سے جنکے چراغ صف بصف
کیا یہہ سمان بندھا جو تھا مفت گیا میرے کف
روئے سحر سیہ شود یار بدین بہانہ رفت

شام سے لیکے تا سحر جشن رہا ہمارے گھر
تنگ گرفتمش ببر دست بزلف و دو بکمر
صبح دمیدہ شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
ہم تھے نشہ مین بیخبر آیا کہین سے سیمبر
شوق تو دل مین بیشتر وقت گیا ہے گذر
روئے سحر سیہ شود یار بدین بہانہ رفت

لذت عیش زندگی تھا ٹھہ تھا یہہ سحر تلک
سوئے تھے ہم پلنگ اوپر ملکے صنم سے بسر سرک
صبح دمیدہ شب گذشت ماہ شبینہ خانہ رفت
بزم و شراب و راگ و رنگ بادہ کباب اور گزک
نیند سے آنکھ کھل گئی دیکھوں ہوں کیا کہ یکبیک
روئے سحر سیہ شود یار بدین بہانہ رفت

شب کو وہ شوخ دلربا صبر کی لے گیا متاع
فدوی نے اسکے یکذرا پایا نہین کچھ انتہا
اسکے ہی عشق مین افترا اسکے سخن مین اختراع
با تو نمین شب گذر گئی اور پکارے الوداع

صبح دمیده شب گذشت ماه شبینه خانه رفت
روی سحر سیه شود یار بدین بهانه رفت

# مثمن از کلام عالیمقام حکیم محمد مومن خان سلمه المنان

ای چاره گر آ چک که دم چاره گری ہے
کیون پہلے ہی درمان مین اثر بے اثری ہے
ہو جاؤ نہین جانبر تو تیری نام وری ہے
گر ہے مریضون کی دوا ہووے تو جانین

مین جان سے قربان ہون تجھے بیخبری ہے
اپنے سے تو کر دیکھ عجب نسخه وری ہے
یون دعوی بے صرفه تو بیہوده سری ہے
بیمار محبت کو شفا ہووے تو جانین

ہر چند که درمان ہی نہین عشق بُتان کا
مرنا قلق ہجر مین بچنا ہے یہان کا
وه حال نہین ہے دل بیتاب و توان کا
تاثیر دوا اب تیری کر جائے تو کر جائے

زخم دل مجروح پہ لگتا نہین ٹانکا
پر شکر ہوا سہل علاج اپنی تو جانکا
تھمتا نظر آتا ہے لہو زخم نہان کا
ہر چند که ناسور ہے بھر جائے تو بھر جائے

یعنی که دل اس دشمن جانی سے پھرا اب
بیطاقتی جان نہین آزار قضا اب
وه عشق کی خاطر ہے نہ وه پاس وفا اب
کچھ کام نہین پیچ و خم زلف دوتا سے

که تھا مرض الموت پہ ممکن ہے شفا اب
سینے سے میرے ہاتھ جدا ہونے لگا اب
وه فتنے کی الفت ہے نہ وه شوق لقا اب
کھایا کرے بل سیکڑون اب میری بلا سے

ایک عمر تلک زیست سے بیزار رہا مین
معشوق کے پرہیز سے بیمار رہا مین
کیا کیا نہ مصیبت مین گرفتار رہا مین
آخر طپش اس آتش خاموش مین آئی

سر مشق غم و وقف صد آزار رہا مین
بیجرم سزا انکے سزاوار رہا مین
افسرده دل گرمی اغیار رہا مین
جان گرمی غیرت سے غضب جوش مین آئی

کل گھر مین وه بیٹھے تھے سراسیمه و حیران
غصے کے سبب چھپ نه سکی رنجش پنہان
اس حال کے دیکھے سے ہوا حال پریشان
سمجھا مین که یون بھی تو ہے مایوسی و حرمان

انصاف کرو صبر کرے کب تلک انسان
ناچار کہا طعن سے مین نے کہ مری جان
کس سوچ مین بیٹھے ہو ذرا سر تو اٹھاؤ
گو دل نہین ملتا ہے پر آنکھین تو ملاؤ

دیکھو تو ادھر کو کہ کبھی یار تھے ہم بھی
غیرون کی طرح محرمِ اسرار تھے ہم بھی
منظور نظر صورتِ اغیار تھے ہم بھی
اس چشمِ عنایت کے سزاوار تھے ہم بھی
یون شربتِ دیدار سم آمیز نہین تھا
کچھ نرگس بیمار کو پرہیز نہین تھا

کہئے تو یہہ کیا بات ہے قربان تمھارے
کچھ طور نظر آتے ہین بدلے ہوئے سارے
ہے ناز نہ ایما نہ ادا ہے نہ اشارے
اب کس لئے دیتے نہین تم گھر مین سہارے
آئے کبھو برسون مین تو آتے ہی سدھارے
بیٹھے بھی اگر پاس تو چپ شرم کے مارے
پھر کس لئے گھونگٹ رخِ روشن پہ لیا ہے
پھر کیون نئے سر سے وہ پہلی سی حیا ہے

وہ ہی تو ہون مین ہمدم و دمساز تمھارا
مد نظر چشم نظر باز تمھارا
وہ جسکے سوا صرف سب انداز تمھارا
یک عمر تلک جسپہ رہا ناز تمھارا
وہ محرمِ ہر غمزہ و غماز تمھارا
پوشیدہ نہ تھا جس سے کوئی راز تمھارا
حسن آئینۂ دیدۂ دیدار طلب تھا
سر حلقۂ عشاق وفادار لقب تھا

وہ مہر وہ الفت وہ محبت ہی نہین ہے
یا طبع مین الطاف تھے یا برسر کین ہے
بیہودہ سدا ابروئے خمدار مین چین ہے
بیوجہ شب و روز شکن زیب جبین ہے
آتی ہے یہان بس چلے جانیکی کہین ہے
اب ہوش کہان آپ کہین دھیان کہین ہے
فرق آہ پڑا طرز ملاقات مین کیسا
غصہ ہی چلا آتا ہے ہر بات مین کیسا

وہ پیچ و خمِ طرۂ طرار کہان ہے
وہ کشمکش کاکل خمدار کہان ہے
وہ نازکیِ نرگسِ خمدار کہان ہے
وہ تازگیِ رونقِ رخسار کہان ہے
وہ بوئے تنِ رشکِ سمن زار کہان ہے
وہ رنگ رخِ غیرتِ گلنار کہان ہے
گلگونہ سے چہرے پہ کدورت نہین ہے اب
بد لیگئے کچھ تم تو وہ صورت نہین ہے اب

ہی طبع مین ہر روز فزون رنج فزائی
یہہ تندخوئی تو نہین کچھ گرم ادائی
ہر ایک سے ہر بات پہ ہوتی ہی لڑائی
کسواسطے بیوجہ غضبناک ہوئے ہو
تم گھر مین کہان آئے کہ گویا غضب آیا
کچھ خیر تو ہی ایسا کہان کا غضب آیا
سمجھو تو ذرا بات کہ بیجا غضب آیا
بیوجہ عداوت کا سزاوار تو مین ہون
ہر ایک سے بگڑ کر میرے دم پر نہ بناؤ
کیون ہاتھ سے جاتے ہو تم اتنا بھی نہ آؤ
دل سرد ہوا تمسے میرا جی نہ جلاؤ
کبتک جلے کوئی یہ طپش تا بجا ملجائے
افسوس میرے غم نے نہ کی تجھسے سرایت
آئی وہی درپیش جو تھی عشق کی غایت
بھولے لیے جو ملجاتے ہو یہہ بھی ہی عنایت
ہی رنج بجا بات یہہ بھائی میرے جی کو
مین ہی تو رہا ہون کہین تمکو خوش و خرم
میری ہی نظر سے ہی عیان نیند کا عالم
انگڑائیان لیتا ہون پڑا مین ہی تو پیہم
میری ہی تو آنکھونمین غضب نیند بھری ہی
مین ہی تو کہین انکو بیدار رہا ہون

اپنے مین سمائی نہین کیا دلمین سمائی
اس شعلہ مزاجی نے میری جان جلائی
کیون خصلت مذموم پسند آپ کو آئی
کچھ شرم مین تھا عیب کہ بیباک ہوئے ہو
کوئی ہو جہان سامنے آیا غضب آیا
پھر لڑکے چلے جاتے ہو یہہ کیا غضب آیا
گھر والے کہان جائین یہہ کیسا غضب آیا
اور ونپہ ہی کیون ظلم گنہگار تو مین ہون
دن رات جہان رہتے ہو اب بھی وہین جاؤ
جو تمکو ستایا کرین تم انکو ستاؤ
اس گرمی الفت کو بس آگ لگاؤ
ٹھنڈا ہو کلیجا جو کہین سوزش دل جائے
بیفائدہ ہی آئی نظر حرف و حکایت
بیجا ہین گلے تیرے بیہودہ شکایت
یعنی ہون سبب پوچھکے شرمندہ نہایت
سچ کہتے ہو دل مین نے دیا اور کسی کو
مین نے ہی تو کی بادہ کشی غیر سے باہم
آئی ہی جبائی پہ جبائی مجھے ہر دم
میری ہی تو گردن مین پڑا جائے ہی کچھ خم
میری ہی جبین ہی جو یہہ گھٹنے پہ دھری ہی
مین ہی تو ہم آغوش طلبگار رہا ہون

مین ہی تو مئے وصل سے سرشار رہا ہون
ملک ہوس تازہ خریدار رہا ہون
بدمستیان میری ہی تو آنکھون سے عیان ہین

کوئی نہ کہے یہہ کہ سکھایا ہی کسی نے
بے جرم یہہ طوفان اٹھایا ہی کسی نے
یہہ جھوٹھ نہین سچ ہی جتایا ہی کسی نے
تاہون نہ ایسا کوئی نادان نہین ہی

کیون لوگ لگے آپ پہ بہتان لگانے
مین نے تمھین جانا کوئی جانے کہ نجانے
کچھ خیر ہی مجھ سے بھی لگے باتین بنانے
گر کہئے تو ایک ایک کا مین نام بتادون

یہہ بات تو ہی آپکی گفتار سے ظاہر
اقرار ہی صاف آپکے انکار سے ظاہر
عالم ہی خزان کا گل رخسار سے ظاہر
کیا شکل بگاڑی ہی بس اب منہہ نہ بناؤ

کیا قہر ہی کیونکر نہ اٹھے درد جگر مین
یک آن کبھی مجھ سے نہ ملو آٹھ پہر مین
سنتا ہون شب و روز تمھین بزم دگر مین
ہر روز تو ای مہر درخشان ہی کہین اور

ہی وقت اگر دلمین سمجھ جاؤ تو بہتر
بیباکی بے صرفہ سے شرماؤ تو بہتر

مین ہی تو کف غیر سے میخوار رہا ہون
لذت دہ او باش ہوسگار رہا ہون
میرے ہی تو ہونٹون پہ یہہ دانتونکے نشان ہین

تجھ کو میری جانب سے لگایا ہی کسی نے
ایسا مجھے دیوانہ بنایا ہی کسی نے
کیا کیا نہین آنکھون سے دکھایا ہی کسی نے
تم غیر سے ملتے ہو یہہ طوفان نہین ہی

یہہ بات تم اس سے کہو جو بات کو مانے
سب عذر ہین بیفائدہ بیہودہ بہانے
معلوم ہین سارے مجھے جتنے ہین ٹھکانے
یہہ پردۂ ناموس کہ ہی چاک اٹھادون

یہہ حال ہوئے آپ کی رفتار سے ظاہر
ہی مستی شب نرگس میخوار سے ظاہر
بدطوری دوشینہ ہی اطوار سے ظاہر
آئینہ دکھا دیجے تو صورت نہ دکھاؤ

میری تو بغل خالی اور آپ اور کی بر مین
گھر چھوڑ کے اپنا رہو یون اور کے گھر مین
کیون کر نہو تاریک جہان میری نظر مین
ہر رات تو اے شمع شبستان ہی کہین اور

اندیشۂ انجام سے بچتاؤ تو بہتر
جو دلمین ٹھہر گئی نہین ٹھہراؤ تو بہتر

اغیار کے ملنے کی قسم کھاؤ تو بہتر
پھر ورنہ میری طرح سے پچتاؤگے دیکھو

کچھ تم ہی تو دلبر نہین ای یار جہان مین
باقی ہین ابھی دے لکے طلبگار جہان مین
نکلینگے بہت آپکے اغیار جہان مین
معشوق مجھے گر ملین عشاق بہت ہین

کیا ایسی ہی مجھ پہ کہ پامال وفا ہون
تم چھوڑ دو یون اور مین پابند حیا ہون
یہہ چاہیئے مجھکو بھی کہ اب اور کو چاہون
ہر دم جو سوئے عاشق مضطر نگران ہے

یون دل شکنِ عاشقِ جانباز نہ ہووے
ہر ناکس و کس محرم ہمراز نہ ہووے
یارِ فلک تفرقہ انداز نہو وے
کیا ذکر ہنسے بولے وہ بیطور کسی سے

لازم ہی کہ ضد سے تیرے ہر بزم مین جاؤن
ہر ایک کو افسانۂ دلچسپ سناؤن
اس شعلہ زبانی سے مین کیا کیا نہ جلاؤن
مشہور ہے اور تجھے بدنام کرون مین

غیرون کو ملاقات سے تیرے حذر آوے
یون غیر کی بن آئے تو کیا کیا نہ بناوے
تو بیٹھ رہے شرم سے اور وہ نہ بلاوے

اب بھی جو ان اطوار سے باز آؤ تو بہتر
اپنے کئے کی تم بھی سزا پاؤگے دیکھو

تمسے بھی زیادہ ہین طرحدار جہان مین
اس جنس کی ہی گرمیِ بازار جہان مین
میرے بھی ہزارون ہین خریدار جہان مین
یہہ یاد رہے میر بھی مشتاق بہت ہین

تم اتنے بگڑ جاؤ مین اسپر بھی بنا ہون
تمسے نہون آزردہ گو جیسے خفا ہون
ایسے کسی معشوقۂ دلجو پہ فدا ہون
فکرِ ستم اسکے دلِ نازک پہ گران ہو

جون دورِ زمان حادثہ پرداز نہووے
ان بوالہوسون سے کبھی دمساز نہووے
بیصرفہ اداؤن سے کوئی ناز نہووے
کچھ بات ہی وہ بات کرے اور کسی سے

دیکھے کہ نہ دیکھے کوئی احوال دکھاؤن
یہہ تیری جفا اُس کی وفا سب کو جتاؤن
شاعر ہی تو ہون شکوہ شکایت پہ جو آؤن
ناکام تجھے اور اسے خودکام کرون مین

ہر کوئی بہانے سے میرا قصہ سناوے
طعنے تجھے دیدیکے جو دم ناک مین لاوے
پروا نہ کرے کچھ بھی تو جاوے کہ نہ جاوے

ہرگز سبب ترکِ ملاقات نہ پوچھے
لگ جائے تجھے چپ پہ کوئی بات نہ پوچھے

یا نالہ ہو لب پر کہ خداوند دو عالم
ہم بھی کبھی رہتے تھے جہان مین خوش و خرم

کس جرم کی تعزیر مین یون خوار ہوئے ہم
جلنے کے ہوئے تھے خوشی اتنا ہی ہوا غم

وہ عیش جو یاد آئین تو کیا کیا نہو ماتم
دل مین کہے سو حسرت و افسوس سے ہر دم

جلتا ہو نمین تو انجمن افروز کہان ہی
دل داغ ہی تو ای میرے دلسوز کہان ہی

ہو ان حرکاتون سے ندامت تجھے کیا کیا
رہ رہ کے خیال آوے کہ مین نے یہہ کیا کیا

قسمت ہی بری ہو تو کرے کوئی بھلا کیا
الزام دون کیونکر اُسے مین اسکی خطا کیا

ہر وقت ہو افسوس کہ ہی ہی یہہ کیا کیا
عاشق نہ رہا کوئی تو معشوق رہا کیا

ہر ایک سے کہے کچھ مجھے تدبیر بتادو
اس وحشی رم خوردہ کی تسخیر دکھادو

ہر ایک بہانے سے مجھے جلوہ دکھا جائے
ہر آن نئی آن سے وہ روبرو آجائے

ہر لحظہ میرے سامنے سے منہ کے چلا جائے
ہر وقت شرارت سے نئی آگ لگا جائے

ہر شوخ اشارت سے میرے دلکو لٹا جائے
یہہ شعر سدا میرے سنانے کو پڑھا جائے

کیا کیجے ہمین ناز اٹھانا نہین آتا
روٹھے کو منانے پہ منانا نہین آتا

پھر دل نہ ٹلے بات کو گو بات کو ٹالون
پھر جان نہ سنبھلے میری ہر چند سنبھالون

ناچار ہو پھر آپ سے مین تجھکو منالون
بیتاب ہو بس دوڑ کے چھاتی سے لگالون

پھر دل کے نئے سر سے سب ارمان نکالون
تجھکو بھی مین اپنا سا وفادار بنالون

ہی نام جو پھر تابع فرمان کرون مین
مومن ہون تو تجھکو بھی مسلمان کرون مین

## واسوخت میان یحیی امان عرف قلندر بخش المتخلص بہ جرأت

یارب اندوہِ جدائی سے تو مرنا بہتر
گذرے غم جی سے تو بس جیسے گذرنا بہتر

بحرِ الفت مین قدم کا نہین دھرنا بہتر
ہی کنارا ہی اب اس حال سے کرنا بہتر

رفتہ رفتہ ہوئے اب لجۂ آفت مین غریق
قیس و فرہاد سے اس بحر مین لاکھون تیراک
آشنا مثل صدف ہو کوئی مجھسا کیا خاک
تجھسے جون موج روان جسکا پڑا انجھیڑا
دلکو ہر چند مین سمجھایا کہ او خانہ خراب
جی لگا کر کسی بیرحم سے مت ہو بیتاب
کوئی ڈھنگا جو یہہ مہمان نظر آتا ہی
جس ستمگر نے کیا آہ یہہ حالِ دلِ زار
اور کہون صاف کہ اس سن تو لے او ظلم شعار
محوِ نظارہ تیرا تا کہ یہہ دل تھا میرا
آئینۂ دیدۂ حیران سے دکھایا تجھکو
دلکی بیتابی نے کیا کیا وہ سمجھایا تجھکو
آنکھ ہر ایک سے ورنہ تیری شرماتی تھی
تجھ مین یہہ خوبیٔ گفتار کہان تھی توبہ
طبع عالم کی طلبگار کہان تھی توبہ
اپنے ہی چاہنے سے تو یہہ نمودار ہوا
آشنا آنکھ نہ غمزے سے ذرا تھی واللہ
تھا نہ یہہ ناز و کرشمہ نہ یہہ شوخی کی نگاہ
بیوفا ایسے بھی ہوتے ہین جہان مین محبوب
جامہ زیبی سے کہان زیبِ بدن تھا یہہ لباس
گفتگو غیر محل تھی تیری چتون تھی اداس

موج زن دل مین رہا جسکے یہہ دریا عمیق
بہ گئے آہ خدا جانے کہان جون خاشاک
حاصلِ ربط یہی ہی کہ جگر ہووے چاک
نہ ملا پر نہ ملا اسکا کہین تھل بیڑا
جان اس ہستیٔ موہوم کو تو نقش بر آب
اب جو دیکھا ہی تو دم آنکھون مین مانند حباب
ایک دریا میری آنکھون سے بہا جاتا ہی
جی مین آتا ہی کہ رو کش ہون مین اسے ایکبار
واقف اس راز سے ہین ایک سے لے تا بہ ہزار
تازگی پر گلِ رخسار کب ایسا تھا تیرا
جس سے آگاہ نہ تھا تو وہ جتایا تجھکو
اپنی وحشت نے پریزاد بنایا تجھکو
کل کی ہی بات تجھے بات نکر آتی تھی
ایسی اٹکھیلی کی رفتار کہان تھی توبہ
اس قدر گرمیٔ بازار کہان تھی توبہ
کہ تیرے حسن کا ہر ایک طلبگار ہوا
دلبری کے نہ کچھ انداز سے تھا تو آگاہ
مین تو حیران ہون تجھے دیکھکے سبحان اللہ
اپنی اس خوبی پہ مغرور ہوا تو کیا خوب
آتی مخمل سے بدن مین تھی یہہ کب گل کی باس
پاس ان سبکا ہوا بیٹھنے سے اپنے پاس

اب جو کچھ اور بنا تو تو ہمین سمجھا غیر
گر یہی بات تیرے جی مین سمائی تو خیر

مل نمل پاس میرے بیٹھ نہ بیٹھ آکے نہ آ
میرے ملنے سے اٹھا ہاتھ انھین پاس بٹھا
تجھ کو بہکایا جنھون نے انھین گھر اپنے بلا
پر یہہ تو دیکھیو کیا اس کا مزا دیکھے گا

ایسے محبوب سے دل اپنا لگاؤن مین بھی
کہ جو کچھ تو نے دکھایا سو دکھاؤن مین بھی

چشم پوشی نے تیرے اب تو سجایا ہے یہی
چار سو دھوم خوبان جہان مین جس کی
کہ لگاؤن کسی اب ایسے ہی محبوب سے جی
ناز بیجا سے جو آزردہ کرے دل نہ کبھی

قد قیامت ہو رخ آفت ہو بلا زلف سیاہ
چتونون مین یہہ شرارت ہو کہ اللہ اللہ

سر سے لے پانون تلک کوئی نہ ہو ایسی جا
ہووے یک حسن کی تصویر کھینچی سراپا
حسن و خوبی کی ہمسر نہ کہین جس کو برا
جائے دل جیسے کہ نقاش ازل کا بھی کھینچا

جب کہ ہنس بولنے لگے وہ مجھ سے مقابل ہووے
سو جگر دل مین تو کچھ اپنے کئے کو رووے

بال بکھرے ہوئے پر دیکھے جو اس کا مکھڑا
اور نظر آئے جو اس ماہ جبین کا ماتھا
جی بکھرنے لگے ہو حال پریشان تیرا
عقل و دین کھو کے تو سر دے وہین سجدے مین جھکا

تیغ ابرو کی جو دریافت کرے برائی
پڑے تو ایسا ہی مارا کہ نہ مانگے پانی

چشم جادو بھری تجھکو وہ اگر آئین نظر
اور رخسار بھرے ایسے ہی ہون رشک قمر
شکل نرگس نہ رہے آنکھون مین کچھ نور بصر
چاند سے دیکھ جنھین سانس تو ٹھنڈی بھر بھر

تیرے اور سامنے اسکے جو کوئی یہہ لائے
ہووے رو پوش تو ایسا کہ کبھی منہ نہ دکھائے

کان وہ کان ملاحت ہون کہ دیکھے تو اگر
رنگ رو ہو یہہ بھبھوکا سا کہ دیکھے تو اگر
صورت گل نہ سنے کچھ نہ رہے اپنی خبر
سب کے منہ آئے تیرا جون گل پژمردہ نظر

ہو چھبن بالے کی ایسی ہی کہ جو دیکھے تو
غم خدا جانے لگے کیا تیرے بالے جی کو

بینی ایسی ہو کہ دیکھے تو یہہ ہو حال تیرا
تسپہ نتھنون کی پھڑک سے یہہ ہو حالت برپا
لوگ کیا جانئے لا لا کے سونگھا دین کیا کیا
کہ بخود آئے ہے سے بھی جائے نہ دلکا دھڑکا

اسکی بو باس مین یون اور وہ بد سونگھے میرا ۔۔۔ تجھکو دکھلاؤن مین اور ناک مین دم لاؤن تیرا

غبغب اور چاہ ذقن اسکی نظر تجھکو جو آئے ۔۔۔ غوطے تو بحر تفکر مین پڑا لاکھون کھائے
گردن ایسی کہ صفائی کوئی کیا اسکی پائے ۔۔۔ دیکھکر جسکی صفا صبح کی بھی پو پھٹ جائے
حق تو یہہ ہے گلا تجھکو دکھا دیوے ۔۔۔ خون ناحق کوئی گردن پہ جو اپنے لیوے

دیکھ گال اسکے تجھے کہنے لگے اہل نظر ۔۔۔ دیکھنا کیا ہے کہ یکسان ہین یہہ دونون اجرم
سو شش حسن سے خورشید بھی رکھ لیوے سر ۔۔۔ ماہ کا دیکھتے ہی رشک سے پھٹ جائے جگر
بوسے دیدے مجھے تجھکو وہ پامال کرے ۔۔۔ مارے غیرت کے طمانچون سے تو منہہ لال کرے

ساعد و بازو بھی ایسے ہون وہ نازک تا دست ۔۔۔ شاخ گل جھومین سدا جسکی ہوا مین جون مست
ہو ہر انگشت نگارین کا یہہ عالم تا دست ۔۔۔ جوش سے پنجۂ مرجان ہو جسے دیکھکے پست
سیر تب ہو کہ جو گلشن مین وہ دست گلرو ۔۔۔ ہاتھ مین اپنے ہو اور ہاتھ تلے پچھتاؤ

سخت اور ابھری ہوئی ایسی ہون کافرپستان ۔۔۔ نگلین جسکی شکل ہم ہون دو انار صفہان
ہو ترنج چمن حسن بھی ان پر حیران ۔۔۔ دیکھکر دست بدل ہون جنھین خوبان جہان
پھیر کر ہاتھ مزے انکے جو بندہ لوٹے ۔۔۔ مارے حسرت کے تو بیٹھا ہوا چھاتی کوٹے

شکم ایک میدہ کی لوئی سا ہے ایسا شفاف ۔۔۔ لوح سیمین کوئی جسطور بنا لاوے صاف
دیکھے غور سے اسکو جو بچشم انصاف ۔۔۔ صورت چشم بنے دیکھنے کو اسکی ناف
گورا گورا وہ شکم دیکھے جو مہتاب سا تو ۔۔۔ پیٹ پکڑے ہوئے پھرتا پھرے بیتاب سا تو

وہ کمر جس سے کہ وابستہ رہے تار نفس ۔۔۔ ہون سرین گول بھری رانین ہون ایسی ہی کہ بس
دیدۂ حسن کو بھی دید کی ہو جنکے ہوس ۔۔۔ ساق پا ہون یہہ بلورین جو انھین کیجیے مس
بیٹھکر دست محبت سے دباؤن کیا کیا ۔۔۔ تجھکو دکھلاکے مین جون شمع جلاؤن کیا کیا

پانون وہ پانون ہون اسکے کہ جب انکو پاؤن ۔۔۔ کبھی سہلاؤن کف پا کبھی آنکھون سے لگاؤن
اور جو ہاتھون مین اٹھاؤن تو عجب لطف اٹھاؤن ۔۔۔ پھیر وہ لطف اٹھانا تجھے بتلا کے دکھاؤن

حسرت وصل دکھا دے مجھے ان ایسے کرشمے
جنکے ہی نام سے تو آنکے پاؤں اٹکے پر ہے

گفتگو ایسی کہ ہر بات پہ اس کے اعجاز
گرمی عشوہ و انداز و ادا ہو اور ناز
گدگدی دیکھے سے دل میں ہو بدن ہو یہ گداز
ہوئے یک حسن کی تصویر کھنچی خوش انداز
گا کے وہ مستی حسن سے مدہوش کرے
اپنے کھٹ راگ کو تو صاف فراموش کرے

ایسے ہو گرم سخن تجھ کو جلاؤں ظالم
ظلم جو تو نے دکھایا ہے دکھاؤں ظالم
اپنا دل شاد کروں تجھ کو کڑاؤں ظالم
چاہئے اب تجھے ایسا ہی بھلاؤں ظالم
کہ میری یاد میں دن رات تو فریاد کرے
ایسی یاد اپنی دلاؤں کہ بہت یاد کرے

سارے عالم سے تیرے واسطے منہ موڑا ہے
رشتہ ربط ہر ایک شخص سے میں توڑا ہے
تجھ سوا اور کسی سے نہ کچھ جوڑا ہے
تو نے ناحق کا نکالا جو یہ نک توڑا ہے
کیا کہوں دل نے میرے کوفت اٹھائی کیسی
ہے تیری تفرقہ اندازی کی ایسی تیسی

تو نے سمجھا کہ پڑا مجھسے ہی اس شخص کو کام
جملہ خوبان جہاں جنکے میں مشتاق مدام
حوریان خلد سے کرتے ہیں جسے جھکے سلام
بیوفائی کے اس آغاز کا بد ہے انجام
ظاہرا یوں ہیں یقیں صبر دل شیدا ہو
چاہئے چاہنے والا نہ کوئی پیدا ہو

دل سے سب محو گئے تو نے جو تھے قول و قرار
بھولے ای عہد شکن تجھ کو وہ کل دار و مدار
سر غم و درد جدائی میں ہوں گوزار و نزار
تیری نظروں میں نہیں گرچہ میرا عز و وقار
نہ رکھوں پر نہ رکھوں تجھسے محبت میں بھی
تو ہی مغرور تو ہوں نام کو جرأت میں بھی

## واسوخت خواجہ حیدر علی المتخلص بہ آتش

آگے یک یار نہ تھا یار تیرے یار تھے ہم
ہمدم و ہم سخن و مونس و غمخوار تھے ہم
لطف و اشفاق و عنایت کے سزاوار تھے ہم
مدعی اب جو ہیں مجبور تھے مختار تھے ہم
چیں جبیں پر تھی رنجش کی نہ یہ باتیں تھیں
مہربانی تھی شب و روز ملاقاتیں تھیں

| | |
|---|---|
| انس تھا ہمسے تمھین ہم تھے تمھارے مایل | عشق تھا حسن خداداد سے ہمکو کامل |
| غم و اندوہ و جدائی سے نہ واقف تھا دل | باغ عالم مین مرادین تھین ہماری حاصل |
| سرو قد قمری بیصبر و تحمل ہم تھے | گل تمھارا رخ گلرنگ تھا بلبل ہم تھے |
| گوش زد یار تیرے نام نہ تھا غیرون کا | لانے پاتا کوئی پیغام نہ تھا غیرون کا |
| خلوت و بزم مین کچھ کام نہ تھا غیرون کا | گرد حلقہ سحر و شام نہ تھا غیرون کا |
| دامنِ پاک سے تیرے گرد تجسس آگاہ نتھی | گوچہ گردون کو طبیعت مین تیرے راہ نتھی |
| دلبری اپنی رہی تھی تجھے منظور ایدوست | ایکدم آنکھون سے ہم ہوتے نتھے دور ایدوست |
| دشمن اطرح سے پھرتے تھے مغرور ایدوست | جو خدا چاہے کرے بندہ ہے مجبور ایدوست |
| پاس سوتے ہین وہ جو دور پڑے رہتے تھے | بیٹھتے ہین وہ برابر جو کھڑے رہتے تھے |
| گفتگو چھیڑ کے کرتے ہو سخن سازون سے | پھرون سرگوشے رہا کرتی ہے غمازون سے |
| حال دل کا ہے بیان تفرقہ اندازون سے | صحبت اب آن رہی ہے خلل اندازون سے |
| فرق آیا حرکاتون مین خدا خیر کرے | تر نکلنے لگے باتون مین خدا خیر کرے |
| جو کڑی کہتے تھے ہم تمپہ اُسے سہتے تھے | سخت سست کہتے تھے تو سنکر اسے چپ رہتے تھے |
| رونے لگتے تھے نہ یون پھوٹ نہ یون بہتے تھے | اس مروت پہ تمھارے بھی ہم کہتے تھے |
| اسپہ قربان رہینگے اسے چاہینگے ہم | منہہ سے نکلا ہے جو کچھ اسکو نباہینگے ہم |
| کوئی آسکتا نتھا اپنے سوا صحبت مین | دوسرے کو نہ رسائی تھی تیری خدمت مین |
| مختصر قصہ ہمین ہم تھے ہر ایک حالت مین | انجمن مین ہمین ہوتے تھے ہمین خلوت مین |
| مصحف رخ کو سمجھتا نہ تھا ایمان کوئی | خال ہندو کا نہ عاشق تھا مسلمان کوئی |
| کیسی تدبیر تمھاری ہے یہہ کیسی تجویز | نہ رہی آپ کو ہرگز کس و ناکس کی تمیز |
| چیز اب ان کو سمجھنے لگے جو تھے ناچیز | ہمسے دیکھا نہین جاتا ہے ذلیلون کو عزیز |
| ان سے نیکی کرو ممنون جو بد افعال نہون | لوٹین وہ دولت دیدار جو کچھ مال نہون |

عیش باغ آپ کبھی سیر کو جو جاتے تھے — خار ہوتا تھا جو نیند یکو نہ وہاں پاتے تھے
غنچہ ساں میری جدائی سے تنگ آتے تھے — بھیجکر یک صبا ڈھونڈھکے بلواتے تھے
ہر روش پر مجھے تم ساتھ لئے پھرتے تھے — ہاتھ میں اپنے میرا ہاتھ لئے پھرتے تھے

شاذ تھا رنج میری جان کدورت نادر — حال پر اپنے توجہ تھی تمھاری ظاہر
کبھی خدمت میں جو ہوتے تھے چند سے حاضر — منتیں مانتے پھرتے تھے ہماری خاطر
روشنی مسجدوں میں جا کے کیا کرتے تھے — چلے درگاہوں میں دن رات بندھا کرتے تھے

روز و شب وہ جو رہا کرتے تھے صحبت نہ رہی — ہمنشینی کی جو خدمت تھی وہ خدمت نہ رہی
قصہ کوتاہ ہو وہ مہر و محبت نہ رہی — منہہ دکھانیکو ہمارے کوئی صحبت نہ رہی
التماس اتنا تو رکھتے ہیں تیری ذات سے ہم — پھر گیا تو مگر اپنی نہ پھرے بات سے ہم

اٹھ گیا مہر و محبت کا زمانے سے رواج — بیٹھے بیٹھے اس الجھ پڑنیکا کیا کیجے علاج
یوں تو معشوقوں کا ہوتا ہی تلوّن کا مزاج — پر نہ اتنا بھی کہ کل تھی سو طبیعت نہیں آج
یا ہمیں ساتھ رہا کرتے تھے اندر باہر — یا ہمیں ہیں کہ ہمیں حکم ہے باہر باہر

یہی طرزیں ہیں جو صاحب کے یہی ہیں انداز — ہم نے بھی عہد کیا دل سے بس اے بندہ نواز
نہ کریں گھر کیطرف تیرے کبھی روئے نیاز — اس طرف کعبہ بھی ہووے تو کریں ترک نماز
وہاں نکل جائیں جہاں تک نہ پتا ملتا ہو — نہ ملیں ملنے سے تیرے جو خدا ملتا ہو

جان جان دل کا جلانا نہ تمھیں آتا تھا — بگڑی صورت کا بنانا نہ تمھیں آتا تھا
خندہ زن ہو کے رلانا نہ تمھیں آتا تھا — منہہ دکھلا کے چھپانا نہ تمھیں آتا تھا
گرہ ابرو میں نہ تھی کاکل پیچاں کیطرح — زلفوں کا رخ نہ پھرا رہتا تھا مژگاں کی طرح

خود فروشی کے مقید تھے نہ خودکامی کے — پختہ کامی کے چلن چلتے نہ تھے خامی کے
ہونٹھ سلواتے تھے دم بازو نکے پیغامی کے — ننگ آتا تھا تمھیں نام سے بدنامی کے
پری و حور سے بھی حسن میں مغرور تھے تم — پاس تمکو نہ کسیکا تھا بہت دور تھے تم

سرمہ پیتے تھے تو آنکھونکو چراتے تھے تم
پان کھاتے تھے تو منہہ کو نہ کھاتے تھے تم
مہندی ملتے تھے تو ہاتھونکو چھپاتے تھے تم
پانون خلخال جھنکر نہ ہلاتے تھے تم
قتل سے عاشق صادق کے وفا مانع تھی
خون ناحق سے تمھین شرم و حیا مانع تھی

جو خوشی خاطر نازک کی نہین اسکا غم
کھائے ترک محبت کی جو کھاتے ہو قسم
رہ نہین سکنے کے بشغل یہی کہتے ہین ہم
ڈھونڈھ لینگے کوئی زیبا صنم عیسی دم
عشق بازی کا نہ بھولینگے مزا یاد رہے
دل لگا لینگے فرنگی محل آباد رہے

یہہ غلط فہمی ہے ہمسا کوئی محبوب نہین
کیا کوئی اور زمانہین خوش اسلوب نہین
راست بازونسے یہہ ابرو کی کجی خوب نہین
نہ سہی دوستی صاحب کو جو مطلوب نہین
تمکو غیرون کی مدارات مبارک ہووے
ہمکو جس سے ہے ملاقات مبارک ہووے

ایسا شاہد ہے اب اللہ سے ہمکو مقصود
آشنائی جسے مقبول ہو رنجش مردود
سامنے اپنے تجھے کچھ نہ وہ سمجھے موجود
رخ گلرنگ جو دکھلائے تو بھیجے تو درود
نرگسی چشم کا حیرت سے تماشائی ہو
سنبلی زلف کی بو سونگھہ تماشائی ہو

خون کرے دلکو تمھارے رگ جان دہ کمر
حلقۂ ناف کے تنگی سے رہو تنگ اکثر
ہاتھ ملتے پھرو پڑجائے جو پانو پہ نظر
چھلے ہاتھ آئین تو گل کھایا کرو چھاتی پر
لعل لب دیکھے تو سر پیٹے بہت تنگ سے تو
ہونٹ چبایا کرے نام دہن تنگ سے تو

خوبی گوش کرے اپنا تمھین حلقہ بگوش
پھرو ن ہی رکھے وہ گردنکی صراحی مدہوش
دیکھہ کر آئینہ سان سینہ ہو حیرت سے خموش
حسن مین اسکے غرض ہو نہ سکے دوش بدوش
نقش دیر تیرے نقش درد زندان رہے
خار خار آٹھ پہر کاوش مژگان سے رہے

منفرا سکا ہو وہ الزام تجھے جو جو دے
عرق شرم سے رخسار جبین دھو دھو دے
خندہ زن ہو کے حقیقت کو تیرے کھو کھو دے
آگے اس گل کے تو شبنم کیطرح رو رو دے
طعن و تشنیع وہی مہر لقا تجھہ کو کرے
صورت ماہ تو انگشت نما تجھہ کو کرے

طنز آمیز کلامات سے آگاہ کرون | چھیڑ کر باتین بتاؤن اسے تجھسے سمجھون
اسکی زلفون کی طرح کان تک اسکے پہنچون | جو فرشتے نے نہ چھوئے ہو سو اسکے چھوؤن
دل جلاوے وہ تیرا تجھ سے جگر جل نہ سکے | تجھ سے جل نکلے وہ تو اسے نکل ہی نسکے

راہ پر لاؤن اسے راہ بتاؤن تجھ کو | لب پہ لب اس سے رہون منہہ نہ لگاؤن تجھکو
تنگ آغوش مین یون اور دکھاؤن تجھ کو | جسطرح تو نے جلایا ہی جلاؤن تجھ کو
شادمان خاطر نازک ہو تجھے غم ہووے | میرے گھر عید ترے گھر مین محرم ہووے

گفتگو اتنے لئے تھی یہہ شکایت انگیز | یاری غیر سے تا آپ کرو تم پرہیز
نقص بیجا کے لئے میرے لکھو دست آویز | متوجہ ہو ادھر کو نگہ لطف آمیز
پھر پری ہو وہی تم اور وہی دیوانہ ہم | پھر وہی شمع ہو تم اور وہی پروانہ ہم

غیر معشوق کا نکلا ہی زبان سے جو نام | چھیڑنے کے لئے صاحب کے فقط تھا یہہ کلام
حرف حق کہیکے یہہ واسوخت کو کرتا ہی تمام | مت برا مانیو اس بات کا آتش ہی غلام
دوستی غیر سے واللہ جو منظور بھی ہو | آنکھ ہرگز نہ کبھو دیکھین اگر حور بھی ہو

## واسوخت شیخ ولی محمد اکبرآبادی المتخلص بہ نظیر

مجھے اے دوست تیرا ہجر اب ایسا ستاتا ہی | کہ دشمن بھی میرے اب حال پر آنسو بہاتا ہی
یہہ بیخوابی یہہ بیتابی یہہ بیچینی دکھاتا ہی | نہ گھر مین دل میرا لگتا نہ صحرا مجھکو بھاتا ہی
اگر کچھ منہہ سے کہتا ہون مزا الفت کا جاتا ہی | وگر چپکا مین رہتا ہون کلیجہ منہہ کو آتا ہی
مرا دردیست اندر دل اگر گویم زبان سوزد | وگر دم در کشم ترسم کہ مغز استخوان سوزد

جو مین ایسا جانتی کہ پیت کئے دکھ ہو
نگر ڈھنڈھورا پھیرتی کہ پیت کرے نا کوئے

نہ تھا معلوم الفت مین کہ غم کھانا بھی ہوتا ہی | جگر کی بیکلی اور دل کا گھبرانا بھی ہوتا ہی

سسکنا آہ کرنا اشک بھر لانا بھی ہوتا ہے
کئے پر اپنے آخر کو یہہ غم کھانا بھی ہوتا ہے

تڑپھنا لوٹنا بیتاب ہو جانا بھی ہوتا ہے
کفِ افسوس کو مل مل کے تکنا بھی ہوتا ہے

اگر دانستم از روز ازل داغ جدائی را
نمیکردم بدل روشن چراغ آشنائی را

کوک کرون تو جگ ہنسے اور چپکو لاگے گھاو
ایسے کٹھن سینے کو کیہ بد کرون اپاؤ

صبح سے شام تک صحرا مین پھرتا دلکو مین مارے
لہو بہر آہ دلپر داغ جون آتش کے انگارے
جو اسکی ہے یہی مرضی تو ہم لاچار بن مارے

لگا کے شام سے تا صبح گنتا رات کے تارے
جسے دل چاہتا ہے اسکو پروا کچھ نہین بارے
مگر اسکے تصور مین یہی کہتے ہین یہان آرے

زحال من چگویم چون زمن داری خبر یارا
دلِ سوختۂ من ای خوبان شما در دل اثر یانہ

آہ دئی کیسی ہی ان چاہت کے سنگ
دیپک کے بھاوین نہین جل جل مرے پتنگ

غضب ہے ایک تو دل تنگ ہوا اور جی بھی گھبراوے
نہ ہووین دل کے کیون ٹکڑے نہ جی کسطرح گھبراوے
لگی ہو آگ دل مین پھر وہ بجھنے کسطرح پاوے

لش او پر ہر گھڑی اس دلربا کی شکل یاد آوے
درو دیوار سے کیونکر نہ سر اپنے کو ٹکراوے
مگر جسنے لگائی ہو وہی آکر بجھا جاوے

چو در دل آتش ہجران فتد او را کہ بنشاند
مگر آنکس کہ آتش زد ہمون آید بنشاند

ہردے اندر دون لگے تو دھوان پرگھٹ ہوئے
جا تن لاگے سو جانے دو جا جانے نا کوئے

کبھی ہو کر گریبان چاک صحرا کو نکلتا ہون
لگی ہے آگ دلمین شمع سا جلکر پگلتا ہون
بدن مین دیکھ کر شعلے بھڑکتے ہاتھ ملتا ہون

کبھی گھبرا کے پھر گھر کیطرف لاچار چلتا ہون
دھوان اٹھتا ہے آہونکا بر رنگ موم گلتا ہون
بھبھوکے تنمین اٹھتے ہین سنی کیطرح جلتا ہون

ز تابِ آتشِ دوری کہ بیسوزد دل و جانرا
نمودہ نبض من بر آبلہ دست طبیبانرا

بر۵ ۳۶۰

برہ کی آگ تن مین لگی جلن لگو سب گات
ناری چھوٹے بید کے پڑے پھپھولے ہات

کہاں لگ کھاؤن اس غم کو کہ اب کھایا نہین جاتا
قدم رکھتا ہون جس جا پر تو سرکا یا نہین جاتا
جو چاہون بھاگ جاؤن بھاگ بھی جایا نہین جاتا
مکان یار دور و من ندارم طاقت و رد دل

دل بیتاب کو ہاتھوں سے سمجھایا نہین جاتا
جہاں پر بیٹھتا ہون وہان سے اُٹھ آیا نہین جاتا
اور آہو دشت مین رستہ کہین پایا نہین جاتا
عجب در مشکل افتادم چہ سان طی سازم این منزل

کیا کرون کس سے کہون آپ کو پیادہ دوڑ
اڑ نہ سکون گر گر پڑون رہون تھوڑ کے تھوڑ

ادھر دل مجھسے کہتا ہی کہ چل تو یار کے ڈیرے
جو کہنا دل کا سنتا ہون تو وہ رہتا ہی گھر میرے
نہ دل مانے نہ تن ملنے ہر ایک اپنی طرف پھیرے
دلم دلدار میجوید تنم آرام میخواہد

ادھر تن مجھ کو کہتا ہی کہ تو دکھ مجھ کو مت دے ری
اگر تن کی سنون باتین تو پھر دکھ دے وہ بہتیرے
کرون کیا مین نظیر ایسی جو مشکل آ کر گھیرے
عجائب کشمکش دارم کہ جانم مفت میکاہد

دل چاہے دلدار کو تن چاہے آرام
دبدھا مین دو ہو گئے مایہ ملی نہ رام

## ترجیع بند حکیم مومن خان سلمہ الرحمان

جائے عبرت ہی میرا حال پریشان یارو
دل لگا کر ہوا مین سخت پشیمان یارو

آس توڑے سے ہی یہ مایوسی و حرمان یارو
ہائے افسوس نہ نکلا کوئی ارمان یارو

جی کی جی مین ہی رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہ ہونے پائی

دل نہ دیتے اگر اسکو تو نہوتے بدنام

کیا خبر تھی کہ اس آغاز کا یہہ ہی انجام

رنج بھی ہوتے ہین الفت مین پہ بعد از آرام
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
جذبۂ شوق اسے کھینچکے لایا نہ کبھو
ماجرائے الم و درد سنایا نہ کبھو
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایکدم صحبت دلدار میسر نہ ہوئی
عشرت و عیش سے فرصت اسے دم بھر نہوئی
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
ایکدم صحبت اعدا سے کنارا نہ ہوا
غرض ہمکو قلق و رنج کا یارا نہ ہوا
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
کیا سیہ روز ہین یارب میرے آرام و شکیب
میرے گھر آنے کی ہرگز بھی نہ پائی تقریب
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
تیرہ روزی کی رہی جلوہ فزائی ہی ہی
کیا کہون اپنی نصیبونکی برائی ہی ہی
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
کھو دیا مفت مین دل مین نے کہ دکھ ہی پایا
پر وہ پرفن نہ ملا یو نہین مجھے ترسایا
جی کی جی ہی مین رہی بات نہونے پائی
یہان نہ آیا وہ عیادت کو بھی یکبار افسوس

کبھی دنیا مین نہوگا کوئی ہمسا ناکام
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی
اثر اس نالۂ دلکش مین بھی پایا نہ کبھو
سخن شوق غرض لب تلک آیا نہ کبھو
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی
نظر لطف و عنایت کبھی ہم پر نہ ہوئی
اپنے ملنے کی کوئی جائے مقرر نہ ہوئی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی
یہہ مقرب ہوئے کچھ پاس ہمارا نہ ہوا
ہائے اس بزم تک یکبار گذارا نہ ہوا
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی
کہ رہے جلوہ گہ یار سدا بزم رقیب
ایک دن بھی نہوئی ہائے شب وصل نصیب
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی
نہوئی صبح کبھی شام جدائی ہی ہی
طالع بد کی یہہ خوبی نظر آئی ہی ہی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی
قلق ہجر نے کیا کیا نہ مجھے گھبرایا
نہ وہان مجھکو بلایا نہ یہان آپ آیا
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی
مرتے مرتے نہ گئی حسرت دیدار افسوس

کرسکا

کرسکا ولولۂ شوق نہ اظہار افسوس
نہوئے نزع تلک وا لب گفتار افسوس

جی کی جی مین ہی رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

ہوا عشق مین اس شوخ کے آرام کبھی
نہ دئے دست نگارین سے مجھے جام کبھی

لب شیرین سے سنا ایک نہ دشنام کبھی
نہ ملے لذت عارض سے ہوس کام کبھی

جی کی جی مین ہی رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

مین بھی حاضر تھا ہوئے جب طرف کعبہ روان
حضرت مومن تقوی روشن شیخ زمان

بے ادب ہنستے تھے کیا لوگ تھے بیہودہ گمان
پڑھکے یہہ درد سے مطلع جو ہوئے اشک فشان

جی کی جی مین ہی رہی بات نہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہونے پائی

## ترکیب افصح الفصحا اشعر الشعرا سخنور عالی مقام محمد تقی نام

عمر گذری ہوچکا آسودگی کا روزگار
رنج و محنت کے تئین آرام سے ننگ و عار

معرکہ ہی یکطرف دونون ہوئے ہین سامنے
زخم دل کی وہ ہنسی وہ گریۂ بے اختیار

مجہلہ ہی کٹ رہے ہین یکطرف کتنے جو یہہ
صبر سے بیطاقتی دل اور درد بیشمار

عاشقی جب کی تھی مین نے تب تھین ہر خواریان
کیا کہون کیا کچھ دکھاتا ہے مجھے اب ہجر یار

سینہ دیکھو چاک منہہ ناخن سے سب نوچا ہوا
آنکھین دیکھو ڈوبی خون مین جی کو دیکھو بیقرار

ایکہ گفتی عشق را درمان بہ ہجران کردہ اند
کاش میگفتی کہ ہجران را چہ درمان کردہ اند

یک کنارے دو تو جو ملینگے زمین کی زیریان
خاک پر بسمل پڑے ہین کیسے کیسے شیریان

دو قدم پر ہی یہہ ہنگامہ ترے کوچے کے بیچ
آشنائی کچھ نہین لگتی کہ تجھہ کو دیریان

منہہ پہ کھانیوالے تلوارونکے بھوکھے موتکے
سیکڑون یکجا ہین وے جینے سے جو سیریان

دھڑ نہین سر ہی پڑا ہی سر نہین تو دھڑ ہی ہی
ہین زیارت کردنی صد کشتۂ شمشیریان

غمزدے بیچا نمان بیوارثی بیکس غریب
زخمونکے دامن لے منہہ پر ہو رہے ہین ڈھیریان

گو تو ہم آلی پئے طوف شہیدان دور نیست
لے لپیٹ یک آنمین وحشت سے یہہ سارا جہان
تیرہ گر عالم کو رہ سرمایۂ گرد و غبار
ملن نے بجشاطی کیا کرنا زمین کا ترے تئین
لیکن اتنا ہی بر آشفتہ نہ ہو جانا کبھی
سو خدا ناکردہ ہم کہتے نہین اس راہ سے
یک قدم ای گرد باد امن صحرا بسست
گرچہ ہجران مین ترے جاتا تھا جی میرا چلا
وصل خاطر خواہ تو معلوم تھا میرے تئین
گاہ باشد رحم کو بھی رحم فرماوے وہ شوخ
ایکساعت پاس بیٹھے درد دل میرا سنے
سو تو اب یہہ ہو چکا ہی کا شکے ملتا نہ تو
آمدی و حسرت وصل رز دلم برداشتی
ہین خرابے آج جتنے کل یہہ تھے لوگونکے گھر
طاق کسری تو سنا ہوگا کہ کیسا تھا محل
گھر کا صاحب تو اڑانا کرکے یکسان خاک سے
خط باطل سے لکھا ہی صفحۂ کون و مکان
کیسے کیسے خانوادے خاکمین یہان مل گئے
ہر کجا افتادہ بینی خشت در ویرانۂ
کم بہت سننے مین آتا ہی کوئی رنجور ہی
روشنی آنکھون کی ہی منظور ساری خلق کو

گریہ می آید درا ینجا راہ چندان دور نیست
خاک اڑا ہر ایک دم مین کاروان در کاروان
چشم ما روشن تو ہو آوازۂ کون و مکان
کھینچنا سر کا مبارک ہو تجھے تا آسمان
پیشرو رکھتے ہین سارے خاطر واماندگان
کوئی دم و قفہ کرے یا دیر ہووے تجھکو یہان
در قفا ماندہ ست مشت خاک ما تنہا بایست
پر یہہ تھا دل مین کہ شاید دیوے تو داد وفا
اس دلکو لگ رہی تھی جبتلک تھا مین جدا
دیکھ مجھ ناکام کو یکدم کرے ترک جفا
کرکے غمخواری کہے یہہ تیرے تئین کیا ہو گیا
ایسے آجانیکا تیرے کون یہان مشتاق تھا
حسرت بود از وصال آن ہمن نگذاشتی
مت بنائے خانہ مین منعم رہا کر اسقدر
اب کہین اس طاق کا کسری کے پیدا ہی اثر
اینٹ مارے اینٹ سے یہہ کچھ ہوا اس گھر اوپر
کیون دماغ اتنا جلاتا بیخبر تو ہی کدھر
جائے عبرت ہے یہہ معمورہ جہان کا بیخبر
ہست فرد دفتر احوال صاحب خانۂ
یا کسی مجروح کا زخم جگر ناسور ہی
قوت دل کا جدہر دیکھو ادہر مذکور ہی

ہم سے کتنے بھی تھے یہہ دو آتش کے پرکالے کبھی
ایک نے مارا چھڑک کر جیسے ہمکو آب داغ
ہمکو حیرانی ہی اسمین جسکو سنتے ہین اُسے
باشک گرم و آہ آتشین بدیدیم وبس
دل نہین مجھ کو ملا یہہ کوئی جی کا ہی وبال
خود بخود جاتا ہی کہتا آرزو کیا ہی اِسے
یاد مین میری ہوا ہو کچھ سبب تو ہی بجا
نہ کسو کے گیسو و کاکل کا وابستہ ہون مین
کیا کرون ایذا ہی ہمو جب غرض تجھسے بیان
نیستم عاشق بظاہر لیک میکاہد دلم

اُنسے ہم ایذا جو کھینچی ہی کسے مقدور ہی
ایک نے جیسا جلایا اب تلک مشہور ہی
ان ہی دو نون آفتون کی پر درش منظور ہی
بہرہ کز چشم دل دیدیم این دیدیم وبس
گفتنی ہو تو کہون آئے میر مین کچھ اسکا حال
چاہتا ہی سیم و زر یا کوئی دلبر خوش جمال
عشقبازی مفلسی آزردگی رنج و ملال
نہ کسی کے چاند سے مکھڑیکا مجھکو ہی بال
غم نہین درد جدائی ہی نہ اندوہ وصال
عمر بگذشت و نمیدانم چہ میخواہد دلم

## مثنوی در صفت حور از حضرت مولانا رؤف احمد صاحب نور اللہ مرقدہ المتخلص رأفت

وہ سب تھین گل اندام اور مہ جبین — پری جنکو دیکھ اپنی کوٹے جبین
مین ان مین سے لکھتا ہون حال ایک کا — قیاس اسپہ کر سب کو تو رافتا
وہ اسکا تبسم وہ اسکی ادا — وہ اسکا تکلم وہ انداز پا
وہ غمزہ وہ عشوہ وہ ناز و غرور — وہ آن و کرشمہ و حسن اور غرور
وہ چھب وہ اکڑ وہ چلن اور وہ سج — ہر ایک بات مین جان لینے کی دھج
وہ ماتھے کا خط تھا کہ تھا داغ ماہ — وہ تھی مانگ یا کہکشان کی تھی راہ
غضب اسمین موتی پروئے ہوئے — ستارے تھے نور اُن سے کھوئے ہوئے
وہ چوٹی چھٹی تا کمر یک بلا — نہ لینے کو جان تھی مگر یک بلا
پڑا اسمین موباف زرین تھا یون — ستارہ ہو دنبالہ دار ایک جون

نہ چوٹی تھی بل ایک کوڑا تھا وہ — کہ چمکائے تھا حسن کے رخش کو
وہ زلفین جو بالائے رخسار تھین — وہ کافر بلائین نمودار تھین
جو جاتے نکھر رخ پہ بال اسکے آہ — تو تھا زیر ابر ایک درخشندہ ماہ
وہ عالم کسیکو جو پڑتا نظر — تو سو غم سے دل اسکا جاتا بکھر
وہ بالونمین سر کے پروئے گہر — ستارے نمودار جون چرخ پر
وہ آنکھین کہ آہو پہ جادو چلائین — نہ آہو پہ جادو یہ جادو چلائین
وہ نرگس کے گل تھے گلزار حسن — زبس جلوہ گر جیسے انوار حسن
وہ چشمک اشارے حیاؤنکے ساتھ — نگاہونمین دل چاہتا جنکی بات
وہ آنکھین جو ظاہر دو بادام تھین — وہ باطن مین الفت کے دو جام تھین
خماری وہ آنکھونکا عالم عجب — نگاہین وہ کیفی غضب پر غضب
وہ ابرو کمان اور قشقہ تیر وار — کرے مرغ جان کو نہ کیونکر شکار
وہ عارض کہ جو مطلع حسن تھے — ان آنکھون نے دو صاد انپر کئے
وہ بینی کہ آوے نہ ادراک مین — دم یک خلق کا جس سے ہو ناک مین
دہن ذرہ اور یاسمین دندان گہر — ہو ششدر جہان عقل اہل ہنر
وہ دانتون پہ کافر مسی کی دھڑی — ادا ہٹ گہر پر طلسم یک پری
خطونکا عجب عالم ایک آہ تھا — نمودار اللہ اللہ تھا
لب لعل وہ رشک یاقوت تھے — پئے جان عشاق یاقوت تھے
وہ پانون کا لاکھہ وہ رنگ مسی — شفق تھی نمود اور سیہ رات بھی
وہ شیرین تھے لب جنکے آگے نبات — خجل اسقدر ہو کہ آوے نبات
تکلم غضب اور تبسم بلا — وہ باتین تفہم مین پھر آئین کہاں
وہ چاہ زنخدان کہ ہو سبکو چاہ — وہ غبغب درخشان کہ جون مہر و ماہ

وہ گردن کا موتی صراحی کی شکل
چھٹے جسکے نظارے سے شرب و اکل

وہ سرخی سفیدی باین آب و تاب
کہ جون ظرف بلور مین ہو شہاب

وہ بازو وہ ساعد نزاکت بھرے
وہ ہاتھونکا عالم کہ جی خوش کرے

حنا سے وہ ہاتھون مین رنگت رچی
کہ مرجان کے پنجے کی جو رشک تھی

وہ ہاتھ ایسے پیارے کہ جو آئین ہاتھ
تو کیا چومئے بس محبت کے ساتھ

کف پا وہ گلبرگ سے نرم تر
نزاکت کا عالم ہر انگشت پر

وہ قامت قیامت وہ گفتار پھر
وہ چھب یک بلا اور وہ رفتار پھر

وہ رفتار ہو کبک جس سے خجل
وہ گفتار جو بات مین لیوے دل

بدن ایسا نازک کہ ہو لال لال
اگر مس کا ہو اسکے دلمین خیال

سراپا کا عالم کہون اسکے کیا
سراپا تھا نقشہ وہ تصویر کا

ہو حیرت زدہ بلکہ تصویر بھی
ہو بے معنی مانی کی تحریر بھی

## مثنوی خاتمہ از نتایج افکار مولانا رؤف احمد صاحب قدس اللہ سرہ المتخلص بہ رأفت

الٰہی بحق رسول انام
محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام

باٰل و باصحاب ختم رسل
مجھے دے مرادین میری جزو کل

دعا میری کر میرے مولا قبول
بفضل رسول اور طفیل بتول

بصدق ابو بکر شاہ ولی
کہ بعد از نبی سب کے ہین پیشوا

بعدل عمر جو ہین کرار جنگ
ہوا شرع کا انسے ظاہر رنگ

بحلم غنی یعنی عثمان امام
کہ کان حیا تھے سراپا تمام

بعلم علی ولی شاہ دین
امام جہان وارث مرسلین

بجود حسن اور بکرم حسین
مجھے دو جہان مین دے امن اور چین

مجھے دین و دنیا مین عزت سے رکھ
شرابِ محبت پلا دے مجھے
الٰہی مین تیلا گناہون کا ہون
کوئی دم کوئی پل کوئی لحظہ آہ
جو اقسام ہین جرم و عصیان کے
کبیرون صغیرون مین ہون مین پھنسا
خطا اور عمد مین گرفتار ہون
گنہ بخش سب میرے میرے کریم
گنہ باطنی میرے اور ظاہری
کرم سے تو کر عفو مولے میرے
تو مالک ہے غفار ہے اور حکیم
گناہون پہ میرے نفرما نظر
پلا دے مئ عشق کا اپنے جام
جیون اور مرون اور اٹھون عشق مین
جہان مین ہے جبتک میری زندگی
کرون اور سفر جب مین یہان سے تو ہو
تیرے جلوہ کو دیکھ کر جان دون
رہون گور مین بھی دیوانہ تیرا
اٹھون تو تیرے ہی ہیا مین پھر اٹھون مین
مین رافت ہون بندہ تیرا ایخدا
کرایمان اسلام پر خاتمہ

یہان اور وہان عیش عشرت سے رکھ
تو مستانہ اپنا بنا دے مجھے
بہت تجھ سے شرمندہ ہون کیا کہون
نہین میرا کٹتا بغیر از گناہ
وہ سب درمیان ہین میری جان کے
چھپے اور ظاہر گنہ مین بھرا
غرض ہر طرح سے گنہگار ہون
کبیرے صغیرے جدید اور قدیم
خطا اولی اور جرم آخری
وہ کر حق مین جو ہووے لائق میرے
تو رب ہے کریم اے رؤف الرحیم
تفضل سے اپنے تو سب محو کر
بحقِ محمد صلعم علیہ السلام
بہر حال تیرے رہون عشق مین
رہون تیرا بھر تا دم بندگی
شہودِ تجلئ حق روح کو
مرون تو تیرے فضل سے یون مرون
نہ موقوف ہو منہ دکھانا تیرا
غرض عشق ہی مین جیون اور مرون
میرا اور سب اہل اسلام کا
طفیل نبیؐ و بنی فاطمہؓ

الٰہی ہزارون درود اور سلام ۔۔۔ پیمبر پہ نازل تو فرما مدام
پھر آل اور اصحاب پر آپ کے ۔۔۔ پھر ازواج و احباب پر آپ کے

## رباعیّات

گئے عرش سے بھی نبی گذر بلغ العلیٰ بکمالہ ۔۔۔ کیا دو جہان کو جلوہ گر کشف الدجیٰ بجمالہ
وہ خلیق تر وہ کریم تر حسنت جمیع خصالہ ۔۔۔ وہ شہ رسل وہ مہر بشر صلوا علیہ و آلہ

حضرت چلے معراجکو بلغ العلیٰ بکمالہ ۔۔۔ سارا جگت روشن ہوا کشف الدجیٰ بجمالہ
انکے خصایل نیک تھے حسنت جمیع خصالہ ۔۔۔ حور و ملک سب یون کہے صلوا علیہ و آلہ

میر

معراجکی شب عرش پہ کیا دھوم مچی تھی ۔۔۔ حضرت پہ خدائی تو سبھی جھوم رہی تھی
لولاک لما حق نے کہا شان مین جنکے ۔۔۔ تقدیر بھی ہاتھ اپنے کتین چوم رہی تھی

اللہ کیا جگر تھا جفا مین حسینؓ کا ۔۔۔ جی ہی گیا نہ دان رضا مین حسینؓ کا
اس تشنہ لب کا عرش سے برتر ہی مرتبہ ۔۔۔ خون تھا سبیل راہ خدا مین حسینؓ کا

ذوق

لبون پر جان عبث ہی منتظر وہ شوخ کب آیا ۔۔۔ اگرچہ لم کو بھی آیا تو ہم جانینگے اب آیا
تامل کیجیو ذوق طپیدن دیکھئے کیا ہو ۔۔۔ کہ اتنک ذبح کرنیکا نہین قاتل کو ڈھب آیا

جرات

جستجو مین دل لگے بھلا ہنسکے جی کھونا پڑا ۔۔۔ وہ ہنسی کی بات تھی سو اسکا اب رونا پڑا
نقد دل اپنا لگا یون جرات اسکے مفت ہاتھ ۔۔۔ راہ چلتے جسطرح پاوے کوئی سونا پڑا

صاف کرتا رہا کل مجھپہ وہ تلوار کے ہاتھ ۔۔۔ آہ پکڑے نہ کسی نے میرے خونخوار کے ہاتھ
لوگ مانع ہوئے تو کہنے لگا کون ہو تم ۔۔۔ شوق سے باندہینگے ہم اپنے گنہگار کے ہاتھ

درد

گرچہ بیزار بھی ہی پر اُسے کچھ پیار بھی ہی ۔۔۔ ساتھ انکار کے پردہ مین کچھ اقرار بھی ہی
دل بھلا ایسے کو ایدرد نہ دیجے کیونکر ۔۔۔ ایک تو یار بھی ہی تسپہ طرحدار بھی ہی

چمن کے تخت پر جسدم شہ گل کا تجمل تھا ۔۔۔ ہزارون بلبلونکا شور تھا اور فوج تھی غل تھا

خزان کے دن جو دیکھا کچھ نہ تھا جز خار گلشن مین
بتاتا باغبان رو رو یہان غنچہ یہان گل تھا

قسمت کی اپنی خوبی سے حاتم بھی شوم ہو
اس واژگون نصیب کی تعریف کیا لکھون

تخم ہی جو بوؤن تو پیدا زقوم ہو
جسکو ہما سمجھکے مین پالون تو وہ بوم ہو

مین زخم میرے کاری اس سینے سے کیا ہوگا
اس کم نگہی سے کب بجھتی ہی عطش دلکی

اب مرنا ہی بہتر ہی اس جینے سے کیا ہوگا
ساقی مجھے اتنی ہی مے پینے سے کیا ہوگا

جان کو دل زلف دوتا مانگے ہی
اسکے پنجے سے ملا کر پنجہ

مانگ کیا جانے کیا مانگے ہی
خون بہا اپنا حنا مانگے ہی

ہاتھ اٹھاوے میرے مدفن پہ جو تکبیر کے ہاتھ
کھینچکر نقشے مین مانی بت بے پیر کے ہاتھ

چوم لون اس لب رعنا کے کفن چیر کے ہاتھ
چومتا تھا کبھی اپنے کبھی تصویر کے ہاتھ

صنم کے ہاتھ کی ״ پہنچی
جو ״ پہنچی ہو تو لکھ بھیجو

اگر ״ پہنچی کہ نہ ״ پہنچی
میرے پہنچے مین ہی ״ پہنچی

عبث مین صبح تلک اس کا انتظار کیا
کہان رہی تیری غیرت بھلا بتا تو سہی

قرار کرکے مجھے اس نے بیقرار کیا
تیرے شکار کو جب اور نے شکار کیا

تھا مین نماز مین کہ ساقی آیا
مین اسکو اشارے سے کہا تائب ہون

ساغر مے میرے مقابل لایا
بولا شتاب پی پیا سو پایا

برسات کی جھڑی ہو سبزہ ہوا اور جو ہو
یک گوشۂ عافیت ہو اور دست در گلو ہو

مطرب ہو اور مے ہو ساقی ہو اور لب جو ہو
کافر ہو پھر کسیکو جو غیر آرزو ہو

آہ رے آہ کیا کیا ہم نے
پھنس گئے دام مین تیرے آکر

ایسے نادان کو دل دیا ہم نے
ہو خوشی خون دل پیا ہم نے

ای درد بہت کیا پر دیکھا ہم نے
جب چشم نہ تھی تو دیکھتے تھے سب کچھ

دیکھا تو عجب طرح کا دیکھا ہم نے
جب چشم کھلی تو کچھ نہ دیکھا ہم نے

آج گلشن مین کیا مزه ہیگا
مینہہ برستا ہی گل کھلا ہیگا

باغ مین بو کباب آتی ہی
کسی عاشق کا دل جلا ہیگا

ای ستمگر زیر دستون پر ستمگاری نکر
ظلم سے اقلیم کی ہرچند سرداری نکر

توڑ مسجد پھاڑ مصحف کر زنا اور پی شراب
جو تو کرتا ہی سو کر پر مردم آزاری نکر

لعنت جو کوئی زنکا سخن گوش کرے
ہمدم ہو اسی ساتھہ نمک نوش کرے

صد سال کی الفت کو یکساعت مین وہ
دیگر کے تلے پڑ کے فراموش کرے

کبھو ناشاد کبھو شاد ہوئے آخر ہیچ
گو تعلق سیتی برباد ہوئے آخر ہیچ

مرتبہ علم مین حاصل کیا شیطان کی طرح
گو فرشتونکے بھی استاد ہوئے آخر ہیچ

ایوان عدالت مین تمہارے یا شاہ
کیا ظلم کو ہی دخل عیاذا باللہ

شیشے کا جو وہان طاق رہتے ہی پانون
پتھر سے نکلتی ہی صدا بسم اللہ

موت سے ہی کچھہ علاج درد فرقت ہو تو ہو
غسل میت سے ہمارا غسل صحت ہو تو ہو

کہتے ہین شور قیامت جسکو وہ اے چشم یار
تیرے مستونکی صفیر خواب غفلت ہو تو ہو

ذوق

مومن نہین زنار سے میرے آگاہ
اس رشتہ کو ہی سبحۂ اسلام مین راہ

اس بت کا برہمن ہون کہ سب صوفی و شیخ
کہتے ہین جسے دیکھکے اللہ اللہ

مومن

جو ای قاصد وہ پوچھے میر بھی ایدھر کو چلتا تھا
تو کہیو جب چلا ہون مین تب اسکا جی نکلتا تھا

کمال افسوس بیتابی سے تھا کل قتل مین میرے
تڑپھتا تھا ادھر مین یار اودھر ہاتھہ ملتا تھا

میر

چوری ہی چوری میرے لگجاؤ گلے آکے کہین
ورنہ دل برسے نکلجا دیگا گھبرا کے کہین

ضبط وحشت ہی تجھے ای دل دیوانہ ضرور
اتنا آنا بھی نہ وہ چھوڑ دے جھنجھلا کے کہین

جرات

ماہ رو چہرہ پہ تیرے جب سے خط آنے لگا
تب سے قاصد کو میری باتو نسے بہلانے لگا

جبتلک تھا صاف قاصد کو جواب صاف تھا
ابتو خط آنے لگا شاید کہ خط آنے لگا

ہی کون جسنے عہد کو اپنے وفا کیا
کہئے جو اسنے حمد کو اسکے ادا کیا

فیاض کچھ زبان شمع کی جو ہوئی نمود
گلگیر نے دھن کو وہین آنے وا کیا

غم تو دنیا مین سبھی ہین عشق کا غم اور ہی
ہی اسی عالم مین لاکن اسکا عالم اور ہی

پہ نہین ہونیکا جراحون سے یہہ زخم جگر
اس کا ٹانکا اس کا دھاگا اس کا مرہم اور ہی

کبھو کبھو تو کرم کی نگاہ کرتے ہو
غرض کہ دلمین میری جان راہ کرتے ہو

ادہر تو عاشق بسمل تمہارے تڑپے ہین
ادھر کھڑے ہوئے تم واہ واہ کرتے ہو

اگرچہ تھے یہ تخم الفت کا ای ستمگر ہم اپنا بوتے
تو تھا یقینا کہ اسکے سائیکے نیچے یکدم کبھی تو ہوتے

جو تیری خاطر گلی گلی ہم کرین ہین نالے پھرین ہین روتے
خراب و خستہ ذلیل و رسوانہ تمسے ملتے نہ ایسے ہوتے

## مقطعات

**میر تقی**

کل پاؤن ایک کاسۂ سر پر جو آگیا
یکسر وہ استخوان شکستہ سے چور تھا

کہنے لگا کہ دیکھکے چل راہ بے خبر
مین بھی کبھو کسو کا سر پر غرور تھا

تھا وہ تو رشک حور بہشتی ہمین مین میر
سمجھے نہ ہم تو فہم کا اپنے قصور تھا

**طپش**

جب طپش کو نملی بوسے سے تجھ لب کے خبر
تب فقیرونکی طرح شعر یہہ پڑھتا ہی چلا

بے نوا ہم ہین نہین زور کسی پر ہمارے
دیوے اسکا بھی بھلا اور نہ دے اسکا بھی بھلا

**میر تقی**

بلبلین پائیز مین کہتی تھین ہوتا کاشکے
یک مژہ رنگ قراری اس چمن کا آشنا

ہی گل و لالہ کہان سنبل سمن ہم نسترن
خاک سے یکسان ہوئے ہین ہائے کیا کیا آشنا

**میر**

اشک تر قطرۂ خون لخت جگر پارۂ دل
ایک سے ایک عدد آنکھ سے بہتر نکلا

گنج کاوی جو کی سینے کی غم ہجران نے
اس دفینے مین سے اقسام جواہر نکلا

ہم نے جانا تھا لکھیگا تو کوئی حرف اے میر
پر ترا نامہ تو یک شوق کا دفتر نکلا

**سودا**

شور سنکر ہمنواؤن کا ابلتا ہی یہہ دل
رخصت یک نالہ ای صیاد جاتی ہی بہار

اب خدا حافظ ہی سودا اکا مجھے آتا ہی رحم
ایک تو تھا ہی دوانہ تسپہ آتی ہی بہار

بجھو

مین سمجھاؤن بات مانے گر تو اے پردہ نشین — ہے بدلنا ہی اگر منظور اپنا گھر تجھے
جائے نظّارہ بھی ہے گوشہ بھی ہے پردہ بھی ہے — آ میری آنکھون مین رہ یہہ عین ہے بہتر تجھے

عارف

جب سے سرکار عشق مین عارف — ہم ملازم ہوئے یہہ بندی ہے
کہ خوشی کا نہ لیجو نام کبھو — غم سے ہی تجھ کو بہرہ مندی ہے
کیونکہ شادی کو پھر پھٹکنے دون — نوکری ہے کہ بھائی بندی ہے

عارف

غیرون سے خوش رہے ہے تو رہوے وہ سیمتن — عارف بُری ہے آہ دل بیقرار کی
آہن دلی کا اسکے چکھا دیوینگے مزہ — سو دن سنار کی ہے تو یکدن لہار کی

عارف

سب سے بیغرض رہو تم عارف — گو کہ دم دوستی کا بھرتے ہین
یہہ وہ ہین لوگ کھاتے ہین جسمین — اسی ہانڈی مین چھید کرتے ہین

میر

مشکل ہے عمر کاٹنی تلوار کے تلے — سر مین خیال گو کہ رکھین یار عشق کا
ان رستمون کے دعوی کو دیکھا ہے ہوتے قطع — پورا جہان لگا ہے کوئی وار عشق کا

نکہت

کہکشان مانگ سے ہلال بھوین — مہر طلعت ہے ماہ سیما ہے
لب مسیحا ہے لب پہ رنگ مسی — سایۂ قامتِ مسیحا ہے

عارف

اس میہمان سرا مین عارف قیام کبتک — غفلت پہ آپ اپنے ہم دنگ رہ گئے ہین
پتھر وزن ہے اپنا میزان زندگی مین — دھڑیان تو تل گئی ہین پاسنگ رہ گئے ہین

## رباعیات عیدین

سلیمی

عید رجب میمون و خجستہ مر ترا — آمد اندر بطن مادر مظہر نور خدا
از بنای مولدش صد معجزہ بشگفت او — گشت گلشن گلخن و پر نور شد دہر و سرا

ایضاً

عید رجب مین سرورِ کونین — صلب سے آگئے شکم مین چین
ہے حدیثِ نبیؐ عرب بے عین — ہے یہہ مولود سید الثقلین

سلیمی

لیلة القدر نے کیا ہی ظہور — ہی برستا سبھو پہ حق کا نور
بطفیل رسول اکرم کے — ای خدا دے سبھونکو جنت و حور

ایضاً

لیلة القدر کی ہی یارو جہانمین نت دھوم — آسمانون سے زمین پر ہی فرشتونکا ہجوم
سورۃ القدر سے ہے شان مین جسکے مرقوم — جسکے ہرحرف کی ہی آیت لازم ملزوم

ایضاً

دن ہی عید اور رات ہی شب برات — نیکیونمین گذارو تم اوقات
صوم صلوٰۃ اور نوافل مین — رہو مشغول تاکہ ہووے نجات

ایضاً

شب برات آئی ہی مسلمانو — بدعتون سے بچو میری مانو
نیکیون مین رہو سدا شامل — ورنہین تو تمھاری تم جانو

ایضاً

آئی ہی شب برات جہان پر بہار ہے — بازار اور کوچہ گو یا گلعذار ہے
چھٹنے لگے انار و مہتاب و پھلجھڑی — دیکھون مین ہرطرف تو پٹاخون کی مار ہے

ایضاً

عید رمضان آمدہ بشریٰ لکم یا مومنین — گفت در جنات رضوان فادخلوها خالدین
مایدہ صوم و صلوٰۃ آمد بصد ایم ازکریم — افطروا یا صایمین واللہ خیر الرازقین

ایضاً

عید رمضان رسید خورم و شاد — برہمہ مومنان مبارک باد
ای پدر مہربان بدہ عیدی — تا بیابم ز علم گنج مراد

جلوہ فرمایون ہلال عید ہی اب ہوبہو — عشوۂ ابرو دکھاوے جون کوئی خورشید رو
اف رے ماہ نو تیری شوخی کہ بام چرخ سے — خاکیونکے ساتھ اشارے سے کرے ہے گفتگو

عید قربان آمدہ قربان کنیم — جان فدائے حضرت رحمان کنیم
حاجیان اندر طواف کعبہ اند — ما باستادان خود احسان کنیم

عید قربان در رسید اندر جہان باعز و شان — جان و دل قربان کنید اندر رہ حق دوستان
خوش خمار رند عاشقان اندر شراب شوق شوخ — ذبح نفس امارہ کردہ شو بزمرہ عارفان

تمت

# رباعیات دعوت محفل محبانہ

**احمد**

محفل مین شاہدین کے سعادت کرو حصول
بعد از عشا کے لائے تشریف دستو
جس بزم گہ مین رحمت حق ہوئے ہی حصول
لطف و کرم سے کیجئے دعوت میری قبول

**نیاز علی**

محبو دوستو از راہ شفقت
کرم فرماؤ بندے کے مکان پر
قبولو دل سے اس مخلص کی دعوت
جمعہ کی شب کو بعد از ہشت ساعت

**سلیمی**

دوستونکے انجمن کے نونہال
لطف سے محفل منوّر کیجئے
گلبن وا خلاص کے ثمر کمال
مخلصون کو اپنا د کھلا کر جمال

**گوہر سلیمی**

گلستان خوبی کے سرو روان
شب جمعہ کی ہشت ساعت کو یار
نہال چمن دوستی کے نشان
رہو شاغل عیش و بزم جوان

**سلیمی**

محبت چا چمن سے نخل پر بار
شب آدینہ چا راتی سے صاحب
سخن چا شاخ سے بلبل گہر بار
قدم رنجہ کرا ای رشک گلزار

رفیقان ورکرون شفقت ذرا یا
جمعہ راتی چی ٹک تکلیف گھیون
عبث بیٹھو نہ کو اپنیا گھر ا یا
منوّر فدوی چی مجلس کرا یا

## ابیات

**وقت** — حمد ہی اسکو جسنے دکھا کر لمعہ اپنی قدرت کا — عرش پہ لا چمکایا قدم لمحے مین ہمارے حضرت کا

**اشفاق** — حوصلہ اسکی تجلی مین کسے تقریر کا — جون زبان شمع نکلی منہہ کھلا گلگیر کا

**وفا** — جب سے جہانمین پاک قدم آیا ہی ہمارے حضرت کا — سر پہ گنہگارونکے ہوا ہی سایہ خدا کی رحمت کا

**وفا** — شراب عشق شہ دین پیا کرو یارو — مئی حلال ہی یہہ بادہ حرام نہین

چمن مین کون سا وہ رونق گلزار آیا ہی — کہ پابوسی کو ہر ایک شاخ گل نے سر جھکایا ہی

**نصیر**

بینی پہ قشقہ یہ ٹیکا ٹیکے پہ موتی ہے نم کا
نخل یہ شاخ اور شاخ پہ گل ہے گل پہ قطرہ شبنم کا

**ناسخ**

جو ٹیکا صندل کا ہے جبین پر تو پاس ابرو کے خال بھی ہے
سپہر خوبی پہ بدر بھی ہے سہیل بھی ہے ہلال بھی ہے

لام نستعلیق کا ہے اُس بت خوشخط کی زلف
ہم تو کافر ہون اگر تابع نہون اس لام کے

لگا ہے تیر دلبر آہ کس کافر کی مژگان کا
نشان سوفار کا معلوم ہوتا ہے نہ پیکان کا

عنایت سبز رنگ اس اپنے کشتے پر زری رکھنا
کہ بعد از دفن مدفن پہ کوئی تیتی ہری رکھنا

**آتش**

سرو نے دعویٰ ترے قد سے کیا کیا پھل ملا
گلشن ہستی مین آخر بے ثمر پیدا ہوا

اللہ رے شوق اپنی جبین کو خبر نہین
اُس بت کے آستانہ کا پتھر رگڑ گیا

مین کس کس شعلہ رو کو سینۂ صد چاک دکھلاؤن
رکھا تھا ایکدل سو جل گیا کیا خاک دکھلاؤن

غفلت مین فرق اپنی تجھ بن کبھو نہ آیا
ہم آپ مین نہ آئے جبتک کہ تو نہ آیا

ہم کوئے مغان مین تھے ماہ رمضان آیا
صد شکر کہ مستی مین جانا نہ کہان آیا

ایسا بلند آہ کا اپنے دھوان ہوا
چرخ کہن کے نیچے نیا آسمان ہوا

**موسی**

یہ میری آہ کا کیا دھوان ہے
کہ نیچے آسمان کے آسمان ہے

کیا ہنسی آتی ہے مجھ کو حضرت انسان پر
فعل بد تو اِن سے ہون لعنت کرین شیطان پر

اپنی تو وہ صورت ہے کہ جون بلبل تصویر
پرواز کی طاقت نہین اور پاس چمن ہے

**ابرو**

کیون چھپا ظلمت مین گر اس لب سے شرمندہ نہ تھا
جان کچھ پائی مگر ہے چشمۂ حیوان کے بیچ

مانگ اس کافر کی کالی رات تھی ظلمات کی
خضر کو بھی ہو مسافت ایکدن دو رات کی

**حجام**

روز رخسار کے لیتا ہے مزے خوبون کے
بہتر اس شغل سے حجام ہنر کیا ہوگا

**دلاک**

نہ بال منہ پہ ہے اسکے نہ رونگٹا بھی ہے
بنائین ایسے کا ہم خط تو پھر مزا بھی ہے

جو پاس غیر کے ہے تیغ و تبر ای دلاک
تو اپنے پاس نہنّی و اُسترا بھی ہے

سنگدل کو سنگ لیکر سنگدل کے گھر گئے
رنگ تھا اسکا زمرد جسکے سنگ مرمر گئے

**حاتم**

رات دن جاری ہے عالم مین میرا فیض سخن
گو کہ ہون محتاج پر حاتم ہون ہندوستان کے بیچ

(ولی)
ترک لڑائی رقیب فرعونی
آہ میری عصائے موسیٰ ہے

دل سے جگ مین رہیگی روشنائی
اگر خوبی طلب ہے تو دیا کر

وہ منہہ زلفون سے ڈھانپے ہین تو ہم آنسو بہاتے ہین
وہ دن کو رات کہتے ہین تو ہم تارے دکھاتے ہین

(مصحفی)
مصحفی رخ سے جو وہ زلف اٹھا دیتا ہے
کھول واللیل کو والشمس دکھا دیتا ہے

(آتش)
یہہ کس رشک مسیحا کا مکان ہے
زمین جسکی چہارم آسمان ہے

جستجو کرنی ہر ایک امر مین نادانی ہے
جو کہ پیشانی پہ پیشانی ہے پیش آنی ہے

یہہ دنیا شیشۂ ساعت کی ہے ریت
گھٹی جاتی ہے ہر دم جیتے جیتے

دریا امنڈ کے موج سے آیا تھا ہٹ گیا
موتی لگا تھا ہاتھ نصیبا الٹ گیا

دیکھ دریا کی طرف دلکو لہر آتی ہے
کشتی یہہ عمر کی افسوس بہی جاتی ہے

نہ تو دریا نہ سمندر نہ تیرا پاٹ سے لگے
کشتی یہہ عمر کی اب دیکھئے کس گھاٹ لگے

رہی زلف حلقہ زن خط دلبر کے آس پاس
یا اژدہا ہے فوج سکندر کے آس پاس

صنم کے واسطے بے آبرو ہوئے تو ہوئے
طلا تو ہاتھ لگا زرد رو ہوئے تو ہوئے

(مظہر)
خدا کے واسطے اسکو نہ ٹوکو
یہی یک شہر مین قاتل رہا ہے

شجر سوختۂ شمع سے گر گل نکلے
کیا عجب بیضۂ فانوس سے بلبل نکلے

عارض یار پہ کیا زلفِ دراز آئی ہے
شام یہان صبح کی پڑھنے کو نماز آئی ہے

اٹھکے دالان سے پردے مین جو وہ حور چھپی
میری آغوش مین چھپنا تھا بہت دور چھپی

چشم ہی قہر بلا زلف قیامت قامت
اسلئے لوگ تمھین آفتِ جان کہتے ہین

کر دیا اسکے حسن حیرت افزا نے یہہ تنگ
بزم مین تصویر گویا میرے جا تھی مین تھا

(رنگین)
ہر صبح وہ ڈھونڈھے ہے کوئی تازہ خریدار
صورت میری ہر روز بدل جائے تو اچھا

(صبا)
دیکھون تو لے ہی جان ملک الموت کسطرح
تم وقت مرگ پاس سے اٹھنا ذرا نہین

(محکم)
جبتک میرے بالین پہ وہ دلدار نہ آوے
کہدو ملک الموت خبردار نہ آوے

شیفتہ

ہی خراشِ ناخنِ غم مین بھی کیا بالیدگی
جو ہلال غرہ تھا سو ماہِ کامل ہو گیا

مرکر بھی ہمارا دل بیتاب نہ ٹھہرا
کشتہ بھی ہوا تو بھی یہہ سیماب نہ ٹھہرا

ممنون

چرخ سے کہدو کہ کشتی تھم سکے تو تھام لو
آج ہی طوفان سرشک چشم دریا بار کا

سنے کیونکر کہ ہی سب کار الٹا
ہم الٹے بات الٹی یار الٹا

چشم پوشی تیرے مذہب مین ہی کیا عین ثواب
ہم سے یون پرہیز تجھہ کو اور ہم بیمار مین

پھیلائے کیا کوئی میرے پروردگار ہاتھ
بندیکا ایک ہاتھ ہی تیرے ہزار ہاتھ

آتش

آئے بھی لوگ بیٹھے بھی اٹھہ بھی کھڑے ہوئے
مین جا ہی ڈھونڈھتا تری محفل مین رہ گیا

سخن آہستہ کر کہ ہی شب وصل
چارپائی بھی کان رکھتی ہی

چہرہ کچھہ اندنون غم پنہان سے زرد ہی
ظاہر مین کچھہ مرض نہین پر دل مین درد ہی

مت ملو لیکن کرم فرما رہو
خوش رہو جیتے رہو جسجا رہو

مرگئے سو حق ہوئے اور جیتے مارین حق کا دم
حق تعالی آپہی حق ہی حق ہونیکا کیا ہی غم

آزردہ

ایسی جو سردی پڑی ہر یک ستارا جم گیا
کاسہ چرخ برین سارا کا سارا جم گیا

آبخورے برف کے انشا کو بھیجے آپنے
اسکا یہہ مطلب ہے لو نقشہ تمھارا جم گیا

این غزلہا بعد از طبع کتاب دستیاب شدہ اند

## غزل تراب

آدم کو ملک کہتے تھے کیا خاک بنیگا
سمجھے نہ کہ سر تا قدم ادراک بنیگا

تھی خاک سمجھہ اُنکی کسینے یہہ نہ سمجھا
آدم دمِ حق سے نفس پاک بنیگا

ہوویگا کوئی دم مین یہہ مسجود ملایک
ہی خاک نشین حاکمِ افلاک بنیگا

اولاد سے ہوویگا اسکے وہ پیمبر صلعم
جو صل علی صاحب لولاک بنیگا

رہ شاد تراب اپنی حقیقت کو سمجھہ کر
صورت کے لئے کاہیکو غمناک بنیگا

## غزل علی

جب نور نبی عرش کے ایوان پہ چمکا
کرسی نے لیا چوم غبار اسکے قدم کا

جب نام محمدؐ کا لکھا عرش بریں پر
پُر نور ہوا تارک اقبال قلم کا

سایہ نہ ترے جسم کا دیکھا ہی کسی نے
تا حشر میں ہو جاوے چھتر فرق امم کا

پر نور ہوئے ایسے عجب دیدۂ افلاک
کیا کحل جواہر ہی غبار اسکے قدم کا

معمور تیری ذات سے ہی کشور ہستی
جاری ہی عجب فیض ترے خوان نعم کا

پائی ہی تیری ذات سے موسیٰ نے کرامت
کیا طور تجلی سے ترے نور کے چمکا

آدر پہ ترے جسنے رکھا فرق ارادت
ہووے نہ طلبگار کبھو افسر جم کا

رکھہ حق نے ترے سر پہ عجب افسر لولاک
سالار کیا تجھہ کو عرب اور عجم کا

یہہ عرض علی کی ہی تیری خاک قدم سے
محتاج نہ کر مجھہ کو کسی اور کے دم کا

## غزل قلمی

گرچہ ہی قند و شہد و نبات و شکر لذیذ
ہر چیز سے حدیث پیمبر ہی پُر لذیذ

وہ پیاری پیاری باتیں خدا کو ادھر لذیذ
ارشاد ایک ایک جہان کو ادھر لذیذ

دلکو ہی ذکر نعت نبیؐ سے مزا حصول
جان کو ہی فکر مدحت خیر البشر لذیذ

احمدؐ کہے سے ہوتا ہی شیرین دہان خلق
نام نبیؐ ہی نام خدا کسقدر لذیذ

پُر ذائقہ ہی میوؤں سے ساری جہانکے
شہر مدینہ کا ہی جو رطب و ثمر لذیذ

عین مریض کو ہی شفا اس قدم کی خاک
ہو مردمان چشم کو کحل البصر لذیذ

ہر مجرم و اثیم کو بخشائینگے وہی
ہی گوش عاصیونکو بہت یہہ خبر لذیذ

شیرین ہی اسم حق نمکین نام مصطفےؐ
یہہ ایک پر لذیذ تو وہ ایک تر لذیذ

کوثر سے وہ پلاوینگے امت کو آب سرد
جنت کے نخل سے وہ کھلاوین ثمر لذیذ

صلوا علی النبي و علی اسل بیتہ
ورد اپنا یہہ عجیب ہی وقت سحر لذیذ

مطلع ایک اور پڑھکے لکھون مقطع غزل
وہ خوشگوار دلکو ہی آٹھون پہر لذیذ

حمد خدا و نعت نبی صلعم بگیں گر لذیذ
اصحاب و آل کی ہی ثنا نیز لذیذ

تجھہ کو انکے صدقے سے علمی بہشت مین
نعمت ملیگی ایک سے ایک خوبتر لذیذ

## غزل ملک الشعرا خاقانی ہند محمد ابراہیم ذوق صاحب

ای جوان بخت مبارک تجھے سر پر سہرا
آج ہی یُمن سعادت کا تیرے سر سہرا

آج وہ دن ہے کہ لائے دُرِ انجم سے فلک
کشتیِ زر مین مہِ نو کے لگا کر سہرا

تابشِ حُسن سے مانند شعاعِ خورشید
رُخِ پُر نور پہ ہے تیرے منور سہرا

وہ کہے صلِّ علیٰ یہہ کہے سبحان اللّٰہ
دیکھین مکھڑے پہ تیرے گر مہ و اختر سہرا

تا بنی اور بنے مین رہے اخلاص بہم
گوندھے سورۂ اخلاص کو پڑھکر سہرا

دھوم ہی گلشنِ آفاق مین اس سہرے کی
گائین مرغانِ نوا سنج نہ کیونکر سہرا

روئے فرخ پہ جو ہین تیرے برستے انوار
تارِ بارش سے بنا ایک سراسر سہرا

ایک کو ایک پہ تزئین ہی دمِ آرایش
سر پہ دستار ہی دستار کے اوپر سہرا

اِک گُہر بھی نہین صد کان گہر مین چھوڑا
تیرا بنوایا ہی لے لیکے جو گوہر سہرا

پھرے خوشبو سے ہی اترائی ہوئی بادِ بہار
اللّٰہ اللّٰہ رے پھولونکا معطر سہرا

سر پہ طرہ ہی مزین تو گلے مین بدھی
کنگنا ہاتھہ مین زیبا ہی تو سر پر سہرا

رونمائی مین تجھے دے مہ و خورشید فلک
کھولدے منہہ کو جو تو منہہ سے اٹھاکر سہرا

کثرتِ تارِ نظر سے ہی تماشا یونکے
دمِ نظارہ تیرے روئے نکو پر سہرا

دُرِ خوش آب مضامین سے بنا کر لایا
واسطے تیرے تیرا ذوقِ ثناگر سہرا

جسکو دعویٰ ہو سخن کا یہہ سنادے اُسکو
دیکھہ اسطرح سے کہتے ہین سخنور سہرا

## غزل میرزا اسد اللّٰہ خانصاحب غالب

خوش ہو ای بخت کہ ہی آج تیرے سر سہرا
باندھہ شہزادہ جوان بخت کے سر پر سہرا

کیا ہی اس چاند سے مکھڑے پہ بھلا لگتا ہی
ہی تیرے حسن دل افروز کا زیور سہرا

سر پہ سہرا تجھے پھبتا ہی بڑے طرفہ کلاہ / مجھے ڈر ہی کہ نہ چھینے ترا لمبر سہرا
ناؤ بھر کر ہی پروئے گئے ہونگے موتی / ورنہ کیون لائے ہین کشتی مین لگا کر سہرا
سات دریا کے کئے ہونگے فراہم موتی / تب بنا ہوگا اس انداز کا گز بھر سہرا
رخ پہ دولہہ کے جو گرمی سے پسینا ٹپکا / ہی رگ ابر گہربار سراسر سہرا
یہہ بھی ایک بے ادبی تھی کہ قبا سے بڑھ کر / رہ گیا اُن کے جو دامن کے برابر سہرا
جی مین اترائین نہ موتی کہ ہمین ہین اک چیز / چاہئے پھولونکا بھی ایک مقرّر سہرا
جبکہ اپنے مین سماوین نہ خوشی کے مارے / گوندھے پھولونکا بھلا پھر کوئی کیونکر سہرا
رخ روشن کی دمک گوہر غلطان کی چمک / کیون نہ دکھلائے فروغ مہ و اختر سہرا
تار ریشم کا نہین ہی یہہ رگ ابر بہار / لائیگا تاب گرانباری گوہر سہرا
ہم سخن فہم ہین غالب کے طرفدار نہین / دیکھین اس سہرے سے کہدے کوئی بہتر سہرا

## غزل اور اک

خوشنما پھول سے منہہ پر نہ ہو کیونکر سہرا / لایا گلزار سے گلچین ہی بنا کر سہرا
سر ترے قدمونپہ کہتا ہی جھکا کر سہرا / میرے نوشاہ کے کیونکر نہ رہے سر سہرا
چہرہ دولہہ کا ہی خورشید فلک سے روشن / رہگیا خطِ شعاعی وہین بنکر سہرا
تارے قربان کرے چرخ سے خوش ہوکے ابھی / دیکھے گر تیرا خورشید منور سہرا
پڑھین کسطرح براتی نہ خوشی ہوکے درود / سارے مجلس کو کرے دم مین معطر سہرا
واسطے دولہہ کے دنیا مین مبارک ہووے / ہووے دُلہن کے لئے خلق مین زیور سہرا
حسن کیون دولہہ دُلہن کا نہو مشہور جہان / بھیجا ہی نور کی کشتی مین لگا کر سہرا
تجھسا دولہہ نہین گلزار جہان مین دیکھا / تیغ ابرو کے لئے تیرے ہی جوہر سہرا
آبرو اسسے عروسی کو نہ کسطرح سے ملے / لایا ہی حسن کے دریا سے یہہ گوہر سہرا
چار بیتونپہ تو ادراک نہین مجھہ کو غرور / ایک ایک دم مین مین کہتا ہون جو بہتر سہرا

## غزل مونس

بہار آئی ہے بھر دے بادۂ گلگوں سے پیمانہ
رہے لاکھون برس ساقی تیرا آباد میخانہ

اسی رشک پری پر جان دینا ہو نہیں دیوانہ
ادا جسکی ہے بانکی ترچھی چتون چال مستانہ

نہیں کیونکر ہمارا اس پری پیکر سے یارانہ
وہ بے پروا مین سودائی وہ سنگین دل مین دیوانہ

ہمیں آنا ملے کیونکر تیری محفل میں جانانہ
میری صورت فقیرانی تیرا دربار شاہانہ

گذر یارب گلستان میں ہوا ہے کس شرابی کا
کہ شاخین جھومتی ہین نالۂ بلبل ہے مستانہ

بتا ای شمع بزم حسن یہہ کیسی ہے دلسوزی
تجھے پروانہ ہوا اور جان دے جل جلکے پروانہ

غزال دشت بولے دیکھہ کر مجنون کی میت کو
یہہ وحشی مرگیا بس ہوچکا آباد ویرانہ

چلو بس چلکے لیٹو رات کم ہے بن چکین نہ نقین
ہشاد و آئینہ زانو سے رکھدو ہاتھ سے شانہ

ہمارے اور تمھارے عشق کا شہرہ ہے شہرون مین
کوئی سنتا نہین اب لیلی و مجنون کا افسانہ

یہہ کیا باعث ہے بے موجب الجھ پڑتا ہون کانٹون سے
دل صد چاک میرا گیسو جانان کا ہے شانہ

یہہ دنیا چند روزہ ہے غنیمت ہے غنیمت ہے
کوئی دم مین نہ ساقی ہے نہ شیشہ ہے نہ پیمانہ

بتاؤن حال کیا تمسے میں اپنے دین ایمان کا
فقیر مست ہون مونس میرا مذہب ہے رندانہ

## غزل گویا

خم ابرو دکھا دیا کس نے
کعبۂ دل گرا دیا کس نے

ای فلک ہم تو بیٹھے نیت سے تھے
اٹھتے اٹھتے رلا دیا کس نے

آئینے مین دکھا کے تیری شکل
تجھکو حیران بنا دیا کس نے

اک قلم حرف دوستی بھولا
ہائے اسکو پڑھا دیا کس نے

مین گیا اسکے گھر تو کہنے لگا
گھر ہمارا بتا دیا کس نے

مانگتے ہی گناہگار ہوئے
اس سے بوسہ لیا دیا کس نے

کل تلک دوست تھا وہ گویا کا
آج دشمن بنا دیا کس نے

## غزل وفا

عاشقِ زار کیا کسنے کیا یار کیا — دلِ بیمار کیا کس نے کیا یار کیا

کب سے سوتا تھا پڑا خوابِ عدم مین بیہوش — مجھکو بیدار کیا کس نے کیا یار کیا

باغ عالم مین تجھے تنگ برنگِ غنچہ — ای دلِ زار کیا کس نے کیا یار کیا

کسنے موسٰی کو کیا مستِ مئی ارنی سے — محوِ دیدار کیا کس نے کیا یار کیا

کون تھا یوسفِ مصری کا خریدار وہان — گرم بازار کیا کس نے کیا یار کیا

تجھکو دیوانہ بنا عشقِ گلِ گلشن مین — بلبلِ زار کیا کس نے کیا یار کیا

دلِ پروانۂ جانباز جلانے کو وفا — شمعِ رخسار کیا کس نے کیا یار کیا

## غزل موزون

جبسے کہ میرے بر مین دل آرام نہین ہے — واللہ کہ یکدم مجھے آرام نہین ہے

شب صبح کی پڑھنے کو نماز آئی ہی شاید — رخسار پہ وُہ زلفِ سیہ فام نہین ہے

یون نبض میری دیکھکے کہتا ہی مسیحا — ہی زلف کا سودا اسے سرسام نہین ہے

لاچار ہو یک روز نکل جاویگی یہہ جان — اس عشق کا جز مرگ کچھہ انجام نہین ہے

لکھا ہی مقدر کا سو پیش آتا ہی موزون — تقدیر سوا غیر پہ الزام نہین ہے

## غزل رنگین تیس حرفی

اگر آفت بھبھوکا بل پری ٹپکا قبا خاصی — بر تحفہ ٹھمک ٹھوکر تنا ثابت حیا خاصی

جبین جادو چھلاوا چہل حیا حیرت خجستہ خو — دہوان دندان ڈکا ذاتی رسیلا رخ صفا خاصی

زنخ زیبا ستم سینہ شرر شوخی صفا صورت — ضرورت ضد طرح طوفان ظفر ظاہر جفا خاصی

عجب عشوہ غضب غمزہ فسون فندق قیامت قد — کمر کافر گلہ گلگون لچک لاکھون ادا خاصی

مڑی مژگان نگہ ناوک وفا وہ کچھہ ہنسی ہی ہی — یمین یاقوت لب پر صدقے اور رنگین جفا خاصی

## غزل گوہربار

ہم نے ... ملی کیا ادا ... ب یہہ
عاشقوں کو ... لی جاتی ہے یہہ

شب وصلِ صنم دولا ہی یہہ
بوسے ہونٹوں کے لے مزا ہی یہہ

زلف مین کیون نہ دل رہے بیدار
لیلۃ القدر سے سوا ہی یہہ

کیا ہی نام خدا ہی میرا صنم
بت جسے کہتے ہین خدا ہی یہہ

در پہ نالان جو ہون تو کہتا ہی
پوچھو کیا چیز بیچتا ہی یہہ

قد جانان نہین قیامت ہی
زلفِ جانان نہین بلا ہی یہہ

ہو شہادت نصیب گویا کو
فدوی شاہ کربلا ہی یہہ

## غزل فرحت

خوب ہی نام ہی روشن میرا دیوانون مین
آشنا ہو گئے ہین غول بیابانون مین

اے جنون بار کی طاقت نہین دیوانون مین
تار کوئی نہ رہے باقی نہ گریبانون مین

مے کشی مین جو تصور تھا کسی آنکھون کا
گل نرگس نظر آئے مجھے پیمانون مین

کوچۂ یار مین گر باد صبا آ نکلے
پھر کبھی پانون نہ رکھے وہ بیابانون مین

فیض ممسک سے کسی کو نہین دنیا مین ذرا
گنج کس کام کا وہ جو کہ ہی ویرانون مین

ہون دد بدست مری ایک نظر سے ساقی
اڑ کہڑانے لگین شیشے ابھی میخانون مین

وصل کی شب کسی مسجد مین مؤذن جو نہو
دین اذان رات سے ناقوس صنم خانون مین

ہین دل و جان و جگر کھانے کی خاطر حاضر
رنج و غم ہجر کی شب ہین مرے مہمانون مین

گھر مین ہر ایک پریرو کے گذر ہوتا ہی
اپنو رہتا ہون مین دیوانہ پرستانون مین

الفت اہل دول ہی نہ سزاوار غریب
ہیچ رشتے کو رہا صحبت دردانون مین

چشم خونخوار کی گردش ہی میان مژگان
کیون پھرا کرتے ہین یہہ شیر نیستانون مین

آمد حضرت مہدی ہو اگر اے فرحت
ہو عجب نام خدا عید مسلمانون مین

## غزل گویا

روز دکھلاتا ہے طوفان دیدۂ تر سیکڑوں ایک پل میں ڈوب جاتے ہیں یہاں گھر سیکڑوں
فرقت ساقی میں کھائے داغ دل پر سیکڑوں میکشوں ہی ایک مینا اور ساغر سیکڑوں
واہ رے دیوانگی اک طوق ہی تھا یا ہمیں گرچہ وہ رشک پری پہنے ہی زیور سیکڑوں
حال جوں وحشت کہہ دیتا ہوں منہ پر صاف صاف ہوں وہ آئینہ کہ جس سے ہیں مکدر سیکڑوں
خط تجھے بھیجے نہیں ہمنے بھلا تو کس لئے تیری دیواروں پہ بیٹھے ہیں کبوتر سیکڑوں
یار کا چلنا نہیں تلوار کے چلنے سے کم گر پڑے ہیں کٹ کٹ گئے سر ہر قدم پر سیکڑوں
آئے وہ عیسیٰ اگر تو ریگ ماہی کی طرح تربتوں سے استخوان دوڑیں نکل کر سیکڑوں
نقش جب لکھوا کے ہمنے اس پرے کے عشق میں خامۂ عامل کو بھی جھنکوائیں ہیں گھر سیکڑوں
بندۂ ساقی کوثر ہوں میں گویا وقت نزع لائینگی بھر بھر کے حوریں جام کوثر سیکڑوں

## غزل ضامن

میں نہیں یار ہے وہ جلوہ آرا مجھ میں نقش فی الفکر ہے جسنے سنوارا مجھ میں
ہے کہاں دار کہاں ہے وہ حسینی حلاج آپ ہی آپ انا الحق ہے پکارا مجھ میں
شمس اسرار حقیقت کا ہوا جب سے طلوع چھپ گیا ہستی موہوم کا تارا مجھ میں
ظاہراً قطرہ ہوں معنی میں ہوں دریا قلزم بحر عرفان کا ہے گم گشتہ کنارا مجھ میں
راز میں آنکھ کھلی آپ کو دیکھا جامع عرش سے فرش تلک جملہ ہے سارا مجھ میں
منزل اپنی ہے انا الحق ہے وظیفہ اپنا میں ہی پیارے میں نمودار ہوں پیارا مجھ میں
آپکو ڈھونڈھا تو پھر آپکو دیکھا ہم سے نحن اقرب کا وہ کرتا ہے اشارا مجھ میں
منزل عشق میں لازم ہے رضا و تسلیم ذکر یا مجھ میں ہے اور پھرتا ہے آرا مجھ میں
ملک دل آپکا ضامن نے لیا ایستۂ عشق آپ کا گھر ہے میاں رہئے خدارا مجھ میں

## غزل ترقی

دنیا کے جو مزے ہیں ہرگز وہ کم نہونگے چرچے یہی رہینگے افسوس ہم نہونگے

آغاز عشق ہی مین شکوہ بتون کا ایدل
تنگ صبر کر ابھی تو کیا کیا ستم نہونگے

جلدی سے یارو مجھکو پیوند خاک کردو
سنتا ہون مرگئے پر رنج و الم نہونگے

احوال پر ہمارے رو و نہ ملکے باہم
اب کیا کہین ہم اور وہ یارو بہم نہونگے

دشوار ہی پلک سے لگنا پلک عزیزو
آنکھو نپہ میرے جبتک اسکے قدم نہونگے

مضمون شوق اسکا ہرگز نہ ختم ہوگا
دس بیس بند کاغذ جبتک رقم نہونگے

دم دیکے تم تو سب کو محفل سے اٹھ چلے ہو
کوئی دم کو عاشقونکے سینے مین دم نہونگے

بلبل کے درد دل کا ممکن نہین مداوا
گلچین کے ہاتھ دونون جبتک قلم نہونگے

سنتے مین بعد اپنے ہی دخل غیر کا بھی
تم سے علیحدہ اب ہم ایکدم نہ ہونگے

سنبل کو کچھ نہین ہی زلفون سے اسکے نسبت
جب چاہو دیکھ لو تم یہہ پیچ و خم نہونگے

یاران رفتگان پر کیون روئے ای ترقی
کیا ہم روانہ سوئے ملک عدم نہونگے

## غزل صادق شاہ

کام نہ جنت سے ہی ناحور نا انہار سے
حسن جانان پر فدا ہون کام ہی دیدار سے

چل نکل زاہد یہان سے ہم تو کافر ہوچکے
لے تیرا دستار و جبہ کام ہی زنار سے

آگے مت اب چھیڑ پیارے کہہ اٹھونگا مین خدا
نا تو ڈرتا سنگ سے ہون مین نا رسن دار سے

بس میان دفتر پڑھو کافی اب ایک حرف ہی
نام ہی کا پھیر ہی کچھ نور سے اور نار سے

خیر صادق شہ خبر پائی نہ ہوسکتے مین سب
کسکی سنتا ہی لگا یا دلکو جب دلدار سے

## غزل احمد

نام خدا وہ شوخ ہی مانند حور کے
ٹپکے ہین اسکے چہرے سے اب قطرے نور کے

اللہ رے نازکی وہ پریوش کو دیکھئے
آتے ہین شاہدان ادا دور دور کے

گر یک کلام وہ لب اعجاز سے کرے
دیوے جلا وہ آنمین مردے قبور کے

گر ایک لمحہ اس سے بغلگیر ہو کوئی
کھل جائین اسپہ باب ہی عیش و سرور کے

اجرات ہی کسکی تا کرے اس شوخ کا خیال
اڑ جائین ہوش اسکے ہی فخر و غرور سے

کیجے ہمارے حال پہ ٹک مہر کی نظر
واللہ ہم تو دسے ہین عاشق حضور کے

احمد تو اسکے عشق مین ہو محو سربسر
کھل جائین تا کہ تجھپہ بھی عالم ظہور کے

## غزل وفا

رخِ پر نور پر کاکل کہان ہے
چراغِ مہر کا شاید دھوان ہے

سیہ زلفون مین اسکا رخ کہان ہے
یہہ بجلی کالے بادل مین نہان ہے

دو روزہ عمر پر مت پھول نادان
بہار امروز ہے فردا خزان ہے

قیامِ ہستیِ موہوم ہے ہیچ
سکندر کیقباد و جم کہان ہے

جو بحرِ حسن کی فرقت مین رویا
میری آنکھون سے ایک دریا روان ہے

لبِ بام آ ذرا اے ماہِ کامل
تیرا مشتاق ہر پیر و جوان ہے

تمنا ہے کہ دیکھون تیرا دیدار
مگر چشمِ حقیقت بین کہان ہے

دلا ہے سخت مشکل منزلِ عشق
یہہ رہ مین پہلے ہی نقصانِ جان ہے

تنِ خاکی کو مٹی مین ملانا
یہی زاہد تمنائے عاشقان ہے

جو دیکھے تو مسیحا کار کے دم
مرے سینے مین وہ زخمِ نہان ہے

نہ پہنچے جانِ جانان تک صد افسوس
ہماری جان اب تن سے روان ہے

مرے حامی جنابِ پنجتن ہین
عذابِ قبر سے مجھکو امان ہے

نشہ مین حبِّ دنیا کے ہون مدہوش
تمیز اچھے برے کی اب کہان ہے

نہ رمزِ من عرف سے ہو جو آگاہ
بھلا وہ عارف باللہ کہان ہے

غریقِ لجۂ عصیان ہون یارب
تیری بخشش کا دریا بیکران ہے

گدا ہون اس شہِ عالی نسب کا
کہ جو مسند نشینِ لامکان ہے

محمدؐ پر سدا صلوٰۃ پڑھیو
وفا جبتک ترے منہ مین زبان ہے

## غزل شیدا

دیکھ دل زلفون کو مت جا سوے گردن پیچھے
چوٹی پیچھے ہی پڑی جیسی وہ ناگن پیچھے

یہہ زلیخا نے کیا عشق مین یوسف سے سلوک
بھیجا زندان مین اُسے پھاڑ کے دامن پیچھے

فرقتِ رشکِ چمن سے جو مین مرجاؤن تو پھر
مجھہ کو دفنائیو دفنائیو گلشن پیچھے

فصل گل مین رکھا صیاد نے در قید قفس
پھر نکالا تو نکالا مجھے پھاگن پیچھے

پہلے مجنون کی طرح عشق مین شیدا تو بھٹک
پھر تیرا کوے بتان ہوویگا مسکن پیچھے

## غزل دلکش

یار کے ہاتھہ سے مشاطہ نے لایا بیڑا
طاقت و ہوش کے رخصت کا یہہ آیا بیڑا

دل پہ سو معنیِ رنگین گذرتے ہین آج
کہ عوض بوسے کے انعام مین پایا بیڑا

زلف و رخسار تو ہین آفت جان پر میرے
خون کا اس لبِ خندان نے اٹھایا بیڑا

جان سپاری نہ کرین کیونکہ اب اس ذوق سے ہم
بسکہ چترائی سے کافر نے بنایا بیڑا

خون بہا اپنا کیا مین تو گنہگار ہون
پاندان سے تیرے کل مین نے چرایا بیڑا

سرخرو مجھہ کو کیا اُسنے بھی ہمچشمون مین
کہ میرے ہاتھہ کا کافر نے نہ کھایا بیڑا

کیون نہ اس رشک سے دلخون کیا کافر نے
غیر کے ہاتھہ سے کل مجھہ کو دلایا بیڑا

## غزل موسی

دم دیا کسنے پھر لیا کس نے
یہہ کیا کس نے وہ کیا کس نے

شانہ اُس زلف مین کیا کس نے
دام حیرت بنا دیا کس نے

سب ہلانے کا یک بہانا تھا
ای مسیحا جلا دیا کس نے

اُس گلی کا بنا کے مجھہ کو غبار
خاک مین پھر ملا دیا کس نے

گہرا کاجل لگا کے آنکھون مین
سوتا فتنہ جگا دیا کس نے

ہی خفا وہ خلاف عادت آج
سبق اولٹا پڑھا دیا کس نے

تجھکو کیہ لن ترانی ای موسیٰ — طور سا پھر جلادیا کس نے

## غزل ولی

لامکان پر بنا احمد جو بنا بیٹھلایا — تب ملایک نے وہین صلوا علیہ گایا

حور و غلمان ترا نیسے وہ نغمہ بولے — قاب قوسین کا نوشہ تو ہی سبکو بھایا

تھے براتی دہان آدم سے لگا تا عیسیٰ — اور جبریل امین گوندہ کے سہرا لایا

حق نے لولاک لما خلقت احمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا — اُنسے سوا کو نسے مرسل نے یہہ رتبہ پایا

مغفرت تیری ولی سہل نہ لاریب ہو کیون — نام احمد کا جو لب پر ترے ہر دم آیا

## غزل موسیٰ

غم کا کسکو غم کہ ہین فخر جہان بالائے سر — مشکلین حل کیون نہون ہین مہربان بالائے سر

مانگ ہوتی سے بھری جب تم نے جان بالائے سر — ہو گئی قربان جان کہکشان بالائے سر

مشک سے کافور پیدا ہو تعجب کیا ہے جو — نقرئی تعویذ رکھتے ہین بتان بالائے سر

بار ہجر یار ہے وہ میرے دلبر ہمدمو — بوجھ سے دب جاؤ گرلے آسمان بالائے سر

اوڑھنی اسنے جو اوڑھی سر پہ گلشن لوٹ کی — طرفہ تر آیا نظر ایک گلستان بالائے سر

تیر نظارہ جو پھینکا یار نے میری طرف — نکلی دل کو چھید کر نوک سنان بالائے سر

فرقت جانان مین روئے جسجگہہ ہم دوستو — آہ و نالے نے اٹھایا وہ مکان بالائے سر

جوش سے جسدم کہون یا حیدر کرار تو — اگر پڑے ہووے اگر کوہ گران بالائے سر

قامت احمد کا موسیٰ اسلئے سایہ نتھا — ابر رحمت تھا ہمیشہ سائبان بالائے سر

## غزل ثابت

مین اپنے سب مطالب سید ابرار کو سونپا — متاع دین و دنیا احمد مختار کو سونپا

خدا عالم ہے اسپر شک جو رکھتا ہو کافر ہو — حشر کا معاملہ مین حیدر کرار کو سونپا

حوالے کردیا ناموس مین خاتون جنت کے — مین اپنا خاندان بھی فاطمہ اطہار کو سونپا

میرے اس کام کے مالک ہین جو جا مین سو کر دیوین — علی مشکلکشا کے دونون برخوردار کو سونپا

مہرے پر اتو اڑی بے کسی اور بے بسی جو ہیا
شہید کربلا کے نعاد ہیسار کو سونپا

اسیر جو آشنا ثابت ہین مولا اُنکا ضامن ہیا
سر دشمن کو اسد اللہ کی تلوار کو سونپا

## غزل عالم

وہ یکدن دیکھے بیشک جہان روز جزا ہوگا
گنہگارون کی بخشش کو وہان فضل خدا ہوگا

صراط المستقیم اوپر وسیلہ ہی پیمبرؐ کا
شفاعت کو قیامت مین محمدؐ مصطفےؐ ہوگا

یہی ہی جام کوثر کا مجھے دینگے بلطف سے
کہ جسدن ساقیِ کوثر علی مشکل کشا ہوگا

آوینگے خون کا دعوی وہ جب خیر النسا آ کر
حسن بخشش کو امت کے شہید کربلا ہوگا

تقیؓ ہی اور نقیؓ ہی اور محمدؓ عسکری ہادی
قتل کرینگو کفار وینگے مہدیؓ ہدا ہوگا

ہین باقرؓ جعفرؓ و کاظمؓ ہمیشہ رہنما سب کے
سبھونکی پیشوائی کو علیؓ موسی رضا ہوگا

تزلزل حشر کے دن بیطرح ہو ویگا سن ڈر کر
کرو سامان آخر کا مدد سب کا خدا ہوگا

عرض اب یہہ جناب کبریائی مین ہی عالم کی
کہ جاوے درد عالم کا غزل کا یہہ صلا ہوگا

## غزل

آج پھر اس کوچۂ جانان مین جانا چاہیے
یکدفعہ قسمت کو اپنی آزمانا چاہیے

سب بہار آخر ہوئی باقی رہا جوش جنون
دھجیان دامان صحرا کی اڑانا چاہیے

آوینگے او باغبان گلشن مین در وقت سحر
آب شبنم سے گلونکا منہہ دھلانا چاہیے

مین کہا عاشق ہون تیرا اُس پری نے یون کہا
تو ہی دیوانہ سخن تیرا ہنسانا چاہیے

کس طرح پہنون بھلا تجھے گہنا اُتار ای نازنین
وصل کی شب کو فقط پھولون کا گہنا چاہیے

## غزل موسی

گلشن مین صبح قامت موزون یار کے
شمشاد صدقے ہوتے تھے جانکو نثار کے

آنکھونکی یاد آئی جب اس مست ناز کے
نشئے ہرن ہوئے دل پر انتظار کے

نیجوڈی

خوبان دہر حسن فزون یاد زیر چرخ — دیتے ہین یہہ دعا تجھے دامن پسار کے
خاکی مجھے تو آتشی اُس کو بنا دیا — کیا کیا ہین کھیل صنعت پروردگار کے
کیونکر پری و حور میرے دل پسند ہو — بھائے ہوئے ہین دل کو تو انداز یار کے
کیونکر نہ فخر و عز و شرف ہو ہمین نصیب — ہم ہین غلام دل سے صحابؓ کبار کے
دیکھا ہے اسکا قہر و کرم چشم غور سے — موسیٰ نے جلوے دیکھ لئے نور و نار کے

## غزل وحشت

اا اکدن دلبر پہ پہ پیار ا ہمنکا ا ا — نہ نہ نکلا تھا گھر سے کہ کہ عزم چمن کا
فر فر فارسی غزلین جہ جہ جاتا تھا کہنے — لالالالہ جو کرتا سہ سہ سرو ہ ہ چمن کا
شہ شہ شبنمی جامہ چہ چہ چیت قطع سے — بہ بہ بر مین کھبا تھا ہہ ہہ ہمرنگ سمن کا
جہ جہ جوہر اکدم تھا تھا چیز عجب کچھ — وہ وہ وصف کہون کیا غہ غہ غنچہ دہن کا
کہہ کہہ کھنچی تھی جمدہر د دست مین جو نی — مہ مہ مارے وحشت خہ خہ ضرب کٹھن کا

## ریختی جان صاحب لکھنوی

چھوٹی خانم کی مجھے دے گیا بھائی انگیا — منجھلی کیا پہنون بری وہ تو نہ بھائی انگیا
چھوٹا کپڑا بھی بڑی لطف کی یہ چیز ہے یہہ — سارے جوڑے مین تو بندی کو خوش آئی انگیا
حسن جاتا رہے پر چھاتیونکا روپ دکھا — صدقے اس عقل کے جسنے یہہ بنائی انگیا
تیری چھاتی تھی میری سوت کا کپڑا پہنا — سارے گنبد کی کریگی یہہ صفائی انگیا
کس سے ملوانے گئی تھی اری او ملکے تھی — باندی بیہوش کہان کھولے تو آئی انگیا
کیون نہ جامے مین باہر ہون بھلا مغلانی — دھڑی دو بار مگر ٹھیک نہ آئی انگیا
دمبدم ٹوٹتے ہین اس سے ستارے جھڑتے — بی بی مہتاب بنی گویا ہوائی انگیا
کوڑھ آن چھاتیونسے ٹپکے اسے جو پہنے — مین تو کوسونگی میری جسنے چرائی انگیا
اب بھلا بانسین کیا پہنین جو یہہ پہنائین — اپنی جروؤنکو موئے کنجڑے قصائی انگیا

جانصاحب کوئی کیا آج بلا یا محرم — عطر فتنے کا ملا خوب لسانی انگیا

## ریختی انشا

چھبتی ہی یہہ تو نگوڑی ہے مجھے بھاری انگیا — کوئی سادی سی مرے واسطے لا ری انگیا

گو کھرو لہر بنت دانک ستارے کیا چیز — اس سے ہو جاتی ہی کمبخت گنواری انگیا

بی بی مغلانی جو سی لائی تھی آئی نہ پسند — بیگما جی نے وہ سرانے سے ماری انگیا

دنگا مستی اجی اب کس سے ہوئی تھی یہہ کہو — پھٹ گئی آپ کی جو ساری کی ساری انگیا

تھی عجب کوئی سگھڑ جسنے یہہ کاڑھی بوٹی — واچھڑی ننگی اک پھولون کی کیاری انگیا

ہاتھ انشا کا کہین چھو جو گیا تو بولین — تیرا مقدور کہ تو چھیڑے ہماری انگیا

## غزل وفا

آپ کیا چال چلا کرتے ہین — فتنۂ حشر بپا کرتے ہین

زلف دکھلا کے پریوش اپنی — مجھکو محبوس بلا کرتے ہین

شمع رو لو جو لگی ہی تیری — مثل پروانہ جلاتے ہین

زلف و رخکو نہین ہم بھولین گے — روز و شب یاد کیا کرتے ہین

ہم ترے نام کو ای جان جہان — صفحۂ دل پہ لکھا کرتے ہین

عاشق شمع رخان ہو نہ دلا — داغ پر داغ دیا کرتے ہین

قیس و فرہاد کی خو ہی ہم مین — کوہ و صحرا مین پھرا کرتے ہین

دیکھہ کر سیف زبانی میری — معترض دل مین کٹا کرتے ہین

ای وفا جو کہ وفادار نہین — وہ بھلا کس سے وفا کرتے ہین

## ریختی رنگین

مین وہ تو اوڑھنے کی نہین کل کی اوڑھنی — باجی مجھے منگا دے جھلا جھل کی اوڑھنی

برسات جسکو کہتے ہین جی جس بہار مین — سر پر ہوا کے ہوتی ہی بادل کی اوڑھنی

گرمی کے مارے ناک میں آئی ہی میرے جان
تہ کرکے رکھہ پٹارین میں انچل کی اوڑھنی

آئی لچک کمر میں میرے لوگو دوڑ یو
گھٹنے تلک تو سر سے میرے ڈھلکی اوڑھنی

بھاری پینٹ منگادے کہ رنگین لگاؤ مین
نین ٹھہرتی ہی سر پہ میرے ہلکی اوڑھنی

## غزل ماہ لقا

اجل کے سامنے رستم گیا سو پھر نہ پھرا
ہماری چشم سے جو نم گیا سو پھر نہ پھرا

لڑا ئی کرتی ہین چہرے پہ دونون زلفین سیاہ
جو گلعذار کا موسم گیا سو پھر نہ پھرا

بھروسا مت کرے عالم پہ اپنی ہستی کا
یہ جسکی ہستی کا عالم گیا سو پھر نہ پھرا

عجب وہ منزل مسکن ہی مجھہ کو حیرت ہی
جہان سے جو کوئی ہمدم گیا سو پھر نہ پھرا

اداس ہوکے صنم صبحکو گیا افسوس
بہار رونق شبنم گیا سو پھر نہ پھرا

اُسے نہ شیخ سے مطلب نہ برہمن سے کام
جو راہ عشق مین آدم گیا سو پھر نہ پھرا

غرور سی مت کرے تو حسن پر اے ماہ لقا
عدم کی سیر کو آدم گیا سو پھر نہ پھرا

## ٹھمریاں شاہ تراب کی

ایکے ہور پچکا رنگ نے پوچھو ❋ دہوم مچی ہی ہندرابن مان
ہاتھہ لئے پچکاری چہرت ہی ❋ عبیر گلال بھر داون مان
رنگ سو بھیج گئی ست دیرتی ❋ بچلت پاؤن چلت کنجن مان
موکا کہان ڈھونڈ نے ❋

سام ہماری چتر کھلاری ❋ کھیل رہا ہوری گلیین مان
کیسے سکھی گو ونکسے مندر سو ❋ ٹھاروے ڈھیٹھ لنگر انگن مان
انگ نہارت تاک کے مارت ❋ داگ لگادت جسے بسن مان
❋ مین تو جیسی ہون ترا من ہلکے مان

ولہ

دیکھہ سکھی کیون رنگ بدلنے ✣ یہ لنگروا ڈھیٹھہ ڈھی
جھکوا مانگت رار کرت ہے ✣ کس کو سنی پیچھے دودہ دھی
گھر گھر دو گھونگٹ کھولت ✣ کب لگ واکی واند سہی
ہاتھہ پرت نا کاہو کا سو وا پر ✣

مدہ کی گگریا سیس دھرے ہے ✣ کون جتن وا سو بانچ رہے
مارت ہے پچکاری تک تک ✣ برج مان رنگ کی ندی بہی
مورے تو ناحک پاچھے پرو ہے ✣ لاج کی بات نجات کہی
✣ جاکے تراب نے بانہہ کہے

ولہ

رم جھم برسن لاگو مہروا ✣ او ر شور مچاون لاگے
کا سو کہت پیتک ہے سندیا ✣ پیو گھر آون لاگے

ہمرے پیو تونت گھر سی ہیں ہیز | **شہان** | جب سے تراب کے داون لاگے

دیو بنے کو مہار کب دی ؛ نیکو سلونا پایا بنرا
آنکھہ اٹھا کے دیکھت ناہین ؛ لاج بھرا شرمایا بنرا
سرا ج سارنگی گھا کے گاری ؛ رس بھری ہین سوکن ریایا بنرا
دیکھہ تراب دعا سو تیری ؛

چال سہانی سہانی چلت ہے ؛ بنری کا من بھایا بنرا
کیون نہ کہین سسرار کے سارے ؛ ہے شرمیلا لجایا بنرا
کچھہ توہی نے کیا ہے ٹونا ؛ بن دیکھے جو لبھایا
کیسا بھلا بن آیا بنرا ؛

**نواب آصف الدولہ بہادر**

ساقیا مے سے چھکا دے کہ بہکتے جاوین
برق کی طرح جدھر جاوین چمکتے جاوین
جہان مین جہانتک جگہہ پائے
عمارت بناتے چلے جائے

**دولہن بیگم**

ایسے کمظرف نہین ہم جو بہکتے جاوین
مثل گل جاوین جدہر جاوین مہکتے جاوین
مت کرو فکر عمارت کی کوئی زیر فلک
خانۂ دل جو گرا ہوا سے تعمیر کرو

**جنیا بیگم**

روٹھنے کا عبث بہانا تھا
مدعا تمکو یہان تک آنا تھا
ڈبڈبائی آنکھ آنسو تھم رہے
کاسۂ نرگس مین جون شبنم رہے

**جانی**

دل جس سے لگا یا وہ ہوا دشمن جانی
کچھہ دل کا لگانا ہی نہین راس نہین ہے

**کنا بیگم**

یا الٰہی یہہ کسی کا کام پڑا
دل تڑپھتا ہے صبح و شام پڑا
آیا نہ کبھی خواب مین بھی وصل میسر
کیا جانیے کس ساعت بد آنکھہ لگی تھی
جسطرح لگی دلکو میرے چاہ کسو کی
اسطرح نہ لگیو میرے اللہ کسو کی
جی تک بھی اگر چاہو تو وسواس نہین ہے
کچھہ اور جو ڈھونڈھو تو میرے پاس نہین ہے
یار پردیس مین ہے اور عیش سے مایوسی ہے
نقش پا تک بھی میسر در پے جاسوسی ہے
شمع کی طرح کون رو جانے
جسکے دلکو لگی ہو سو جانے

**زینت**

شب مہتاب مین تا صبح زینت
خیال ماہرو ہے اور ہم ہین

| | | |
|---|---|---|
| کھولے ہین اُسنے پیرہن یوسفی کے بند | صاحب | تہ کر رکھو نسیم سے کہدو قبائے گل |
| کیون نہ مین قربان ہون جب وہ کہے نازنے | نزاکت | ہمکو جفا کا ہے شوق اہل وفا کون ہے |
| بے منصفی اوراے بُتِ بیداد گر ایسی | | چاہت تیری غیرونکو بھی ہوگی مگر ایسی |
| ہم بزمیِ دشمن کو چھپانا ہی تھا قاصد | | کہتا ہے کسی سے کوئی نادان خبر ایسی |
| دل ہمین دو چار دن گر اپنا تم دو مستعار | دلبر | اسکو سکھلاوین وفا ایسی کہ ہووے بیقرار |
| دلبر نے مجھے اسواسطے کہتی ہے یہہ سب خلق | | تا مجھکو تو دلبر ہی سمجھ کر کبھی آوے |
| ہے چوکھٹ آپ کی اور سر ہمارا | | قیامت تک یہین ٹکرائینگے ہم |
| قسمت مین ہماری نہوا ہائے صد افسوس | | یکروز لیٹ کر شب مہتاب مین سونا |
| اپنے آنے کی جو سناتے ہو | | شیخی ناحق یہہ تم جتاتے ہو |
| ایسیہ قسمین جو تم یہہ کھاتے ہو | | مدعا یہہ کہ دل بڑھاتے ہو |
| حال جانبازی کا مین کس سے کہون | جانان | جس سے کہتی ہون وہ ہی ہنستا ہے |
| جان و دل بیچتے ہین ہم اپنا | | ایک بوسے مین لے سکتا ہے |
| ماہ کا ہیدہ ہوا جاتا ہے ابرو دیکھ کر | ماہ | دیکھ لو بن کر کے نکلا آج وہ شکل ہلال |
| زیارتِ روضۂ نبیؐ کا جو رکھتی ہین انتظار آنکھین | | برنگ نرگس کھلین ہین حسرت مین اپنی لیل و نہار آنکھین |
| تم سروِ باغِ دین ہو ہما نیکفال ہو | وفا | سایہ تمھارا جسپہ پڑے وہ نہال ہو |

## مناجات

| | |
|---|---|
| الٰہی بحق رسول انام صلی اللہ علیہ وسلم | محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام |
| باٰل و باصحاب ختم رسل | مجھے دے مرادین میری جزو کل |
| مجھے دین و دنیا مین عزت سے رکھ | یہان اور وہان عیش و عشرت سے رکھ |
| شراب محبت پلا دے مجھے | تو مستانہ اپنا بنا دے مجھے |
| کر ایمان اسلام پہ خاتمہ | طفیل نبیؐ و بنی فاطمہ |
| الٰہی ہزارون درود اور سلام | پیمبرؐ پہ نازل تو فرما مدام |

مظہر کا ہوا جو قاتل ایک مرتد شوم
اور اسکی شہادت کی خبر ہوئی جو عموم
تاریخ وفات اسکی کہی از روئے درد
سودا نے کہ ہائے جان جانان مظلوم
۱۱۹۱

**سودا**

آہ مرزا رفیع دنیا سے ؛ جا کے جنت مین جب مقیم ہوا
درد فرقت سے اسکے مثل قلم ؛ اہل معنی کا دل دو نیم ہوا
گل سے تا خار اس چمن مین جو تہا ؛ خاک بر سر وہ جون نسیم ہوا
سال تاریخ کی تھی مجھ کو تلاش ؛ کیونکہ رنج حادثہ عظیم ہوا

**میان مٹھو**

ہمین پہ سر خرد نے از سر پاس ؛ یہہ کہا اب سخن یتیم ہوا
۱۱۹۵

میان مٹھو جو ذاکر حق تھے ؛ رات دن نام حق رٹا کرتے
گریہ ہوتے نے جو آد ابا ؛ مضطرب ہوکے اور گھبرا کے
کچھ نہ بولے سوائے ٹے ٹے ٹے
۱۲۳۳

جو پنجرہ مین ذاکر سر کلیا

از مولانا فخر الدین صاحب فریدی مرحوم

الہی خانۂ انگریز گر جا

الماس علیخان

آج اختہ بند ہا طویلے مین
۱۲۳۲

تاریخ از نتایج افکار عالیمقدار سخن سنج کلام شناس بلبل شاخسار حدیقۃ الاطباء در آبدار بحر
الانجاب کشاف دقایق خفی و جلی جناب غلام علی صاحب مہری سکنہ بمبئی

کیون نہ رنگین ہووے ہی باغ از بہار نظم
طرفہ کھلا ہی ابر فلک شعلہ زار نظم

مجموعۂ طلسم ہی رنگین بیاض شعر
محسود گل ہی ہر ورقِ زر نگار نظم

موسی سے انتخاب ہے گلدستۂ بہار
ہر بیت شاہ بیت ہی آئینہ دار نظم

ہر ایک غزل ہی رشکِ غزالِ سوادِ چین
مرغوب بلبلِ چمنِ جوئبار نظم

دکھلاوے ہی نقاب اٹھا رخ سے ہر گھڑی
ہر لفظ حسن شاہد سیمین عذار نظم

اشعار آبدار و مضامین نئے نئے
پیہم روان ہین قافلہ سان از دیار نظم

گویا نظیرِ عقدِ ثریا ہین زیرِ چرخ
در سلکِ انتخاب در شاہوار نظم

سرگرم اس سے محفلِ عشاق ہی سدا
مسنون کی بزم مین ہی دوبالا خمار نظم

نکلے ہی اک طرفہ مزامیر سے صدا
سر باندھا اس کا اہل طرب نے بتار نظم

سودا نظیر و جرات و انشا کی ہر غزل
ہی زیب بخش کشور دار الوقار نظم

شہباز

شہباز فکر اہل ولا سر باوج ہے   کیون مرغ دل نہو دستے اسدم شکار نظم

از بہر سال بلبل طبع علی نے اب   باندھا آشیان باوج سر شاخسار نظم

چاہا رقم ہو بر ورق گل بنوک کلک   آئی ہے غیب سے یہہ ندا لالہ زار نظم

۱۲۶۴

این مادۂ تاریخ را جناب غلام علی صاحب منظوم فرمودہ اند

زہے شورش فزائے بزم ابرار   ہے بہر عندلیبان نو چمن زار

یہہ طرفہ مجمع اشعار عشاق   کہ جس مین چیدہ چیدہ گل ہین بیخار

کرے ہے محفل عاشق کو سرگرم   نئے انداز سے دکھلا رخ یار

ہوا ہے طبع دیوان جلوہ آرا   بتان چین رہین ہو نقش دیوار

بہار گلشن اشعار کو دیکھ   رہے ہے شرمگین ہو حسن گلزار

نوادر بوستان عشق ہے یہہ   طرب افزا بچشم ہر خریدار

الٰہی یہہ بیاض شعر رنگین   ہو نت نور سواد چشم اخیار

کوئی تاریخ موسیٰ سے رقم ہو   رہے تا یادگار از عاشق زار

کہا ہے اسطرح پیر خرد نے   کہ لاثانی ہوا ہے جنگ اشعار

۱۲۶۴

ایضاً

ہوا ہے جب یہہ طبع دیوان تمام   کہ درج اسمین ہر ایک سے ہے رنگین کلام

ہوئی چاہ موسیٰ کو تاریخ کی   رقم طرفہ تر یادگار دوام

یہہ دی ہاتف غیب نے تب ندا   کہ ہے یہہ گلستان خوبی مدام

۱۲۶۴

ایضاً

مجمع الاشعار نسخہ ہے عجیب   چاہئے تاریخ اسکی ہو ملا

مین نے پوچھا تو خرد نے مجھ سے یون   طرفہ تر اشعار آمادہ کہا

۱۲۶۴

این چند مادۂ تاریخات بندۂ درگاہ کریم محمد حسین ابن محمد سلیم فراہم آوردہ اگرچہ قابل اشتہار نیست اما بپاس

خاطر عزیز باتمیز مولف کتاب محمد ابراهیم صاحب موسی بر ورق علیحده ثبت نموده است التماس بخدمت سخن دران
عالیمقدار چنانست که نظر بر سهو و خطا نه نمایند العفو عند کرام الناس ماً مول ۴

| | | |
|---|---|---|
| اس چمن کی رقم ہو گیا تاریخ | | بہر تاریخ ہی بنا تاریخ |
| زہے مجموعۂ از شعر دل آرا | | مرتب شد ز موسی آشکارا ۱۲۶۴ |
| بسالش سے فی البدیہ یہہ گفت ہاتف | | جزاک اللہ فی الدارین خیرا ۱۲۶۴ |
| بردا این شعله زار عالم عشق | | نور از مهر و تابش از مریخ |
| طرفه بشگفت شعر رنگینش | | گفت منظوم باگل تاریخ ۱۲۶۴ |
| شد چو مرتب چمن نو بهار | | یعنی کتاب شعرائے کبار |
| تازه تر از برگ درختان سبز | | نور فزائے نظر هوشیار |
| طرفه سروشی بجواب خرد | | گفت بگو معرفت کردگار ۱۲۶۴ |
| ز آفات این گلشن بے خزان | ایضا | نگهدار یا خالق عاشقان ۱۲۶۴ |
| طرفه ہوا مرتب گلشن سخنوروں کا | ایضا | بے قدر جسکے آگے مجمع ہی ساحروں کا |
| ہاتف سے گوش زد ہی تاریخ تسمیہ آج | | کیا بے بہا ہوا ہی تحفہ یہہ شاعروں کا ۱۲۶۴ |
| غیب سے ہاتف نے یہہ مژدہ دیا | ایضا | باغ اردو بے بہا اب یہہ ہوا ۱۲۶۴ |
| کہا پیر خرد نے فی الحقیقت | ایضا | بجا ہی آج گلدستہ طریقت ۱۲۶۴ |
| شعر نہین بلکہ بگوش جہان | ایضا | عقد ثریا ہین یہہ او ریختہ |
| لکھا یہہ سال بھی منظوم نے | | کہہ غزل و راگ گل ریختہ ۱۲۶۴ |
| مجموعہ یہہ ہوا ہی مملوء شعر استاد | ایضا | کہہ سال ناز معشوق بازار عشق آباد ۱۲۶۴ |
| دیکھہ مجموعہ کہا ہاتف نے اب | ایضا | چھاپے ہین اشعار رنگا رنگ سب ۱۲۶۴ |
| دیکھہ اشعار اوستادوں کے | ایضا | دوستون نے کہا ہی موسی سے |
| چیدہ چیدہ باہتمام اس سال | | خوب اشعار آپنے چھاپے ۱۲۶۴ |

ملتان

واصلان حق کا بر حق جو کہ عاشق حق کے ہین عالیجناب
بحرِ عرفان سخن ہے موج زن انکا پر از دُرِّ صواب
نو بہار بوستان کا غنچہ اشعار لاثانی شتاب
بن گیا گلدستۂ رضوان جنت کا عجائب انتخاب
مرحبا صد آفرین شاباش ہاتف سے جو آیا یہہ خطاب
یا حسین آج ہووے ابراہیم موسیٰ کو مبارک یہہ کتاب
۱۲۶۴

## این مادہ تاریخ راجناب غلام علی صاحب مہری سالک

### نظم منتظم کردند

طرفہ مطبوع گلشن شعرا — شورشش افزائے طبع اہل صفا
ہیگا لبریز عشق مولے سے — مثل خم خانۂ طرب افزا
ہے وہی عشق جسکو اہل فن — کہتے ہین نقل ساغر صہبا
کوئی نسبت دے اسکو مجنون سے — کرے ہے گرم ناقۂ لیلی
پر حقیقت مین ہے یہہ حسن ازل — لمعۂ وجہہ ربّہ الاعلی
جو کہ واقف نہو ز عشق مجاز — کب حقیقت مین ہووے عقدہ کشا
مصحفِ عشق کی تلاوت ہو — حاصل از نسخۂ الف با تا
لیک ہر ذرّہ ہے بچشم بصیر — شجرِ طور وادی موسیٰ
عندلیبان گلشن اشعار — نہین یہان طرفہ طرفہ نغمہ سرا
چاہا مظلوم نے کوئی تاریخ — کرے تائید حجت و معنی
آتی ہے بام غیب سے یہہ ندا — نزد بابِ تعشق مولا
۱۲۶۴

### ایضاً

طرفہ چھپا ہے گلشنِ نازکتری شعر — ہو باغ باغ جس سے دلِ مشتری شعر ۱۲۶۴
ہے فکر سال لاحق ہر جوہری شعر — مظلوم فی البدیہہ یہہ کہہ دفتری شعر

هاتف ز بهر سال در آمد ار شگفت
تاریخ ختم کرد و تمت کتاب گفت
۱۲۶۴۰ ۱۲۶۴

## تمت بالخیر

بعون عنایات چمن پیرای گلشن روزگار و صانع دفتر اوراق لیل و نہار
یہ نسخہ دلپذیر مرغوب طبع ہر صغیر و کبیر المسمی بہ چمن بے نظیر بباعث عدم طبع نایاب تھا
سو جناب قاضی ابراہیم بن قاضی نور محمد صاحب پلبندری نے بشراکت جناب
نور الدین بن جیون خان کے اور تصحیح جناب مولانا مولوی
نور محمد صاحب و طالب علی صاحب کے معرفت
بمبئی کے مطبع حیدری میں
مطبوع فرمایا

تاریخ ۱۴ ربیع الثانی

سنہ ۱۲۸۴ ہجری نبوی

راقم خاکسار ذرہ بے مقدار شیخ عبد القادر وفا ولد شیخ محی الدین عفی عنہ
نوشتہ بماند سیہ بر سفید نویسندہ را نیست فردا امید